
وہی اوّل وہی آخر، وہی ظاہر، وہی باطن ★ وہی قرآں، وہی فرقان، وہی یٰسین، وہی طٰہٰ

# سب سے پہلے کون؟




مؤلف

ابوالناصر

حافظ امانت علی سعیدی

ایڈیٹر: سہ ماہی مجلہ نوید سحر لاہور



ناشر

ادارہ نوید سحر لاہور

وہی اول وہی آخر وہی ظاہر وہی باطن
وہی قرآں وہی فرقان وہی یسین وہی طٰہٰ

# سب سے پہلے کون؟

ابوالناصر حافظ امانت علی سعیدی
ایڈیٹر سہ ماہی مجلّہ نوید سحر لاہور

ادارہ نوید سحر، لاہور

سلسلہ اشاعت نمبر 12



| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | سب سے پہلے کون؟ |
| ترتیب | : | حافظ امانت علی سعیدی |
| زیر سرپرستی | : | سردار محمد اکرم بٹر سعیدی |
| سن اشاعت | : | جنوری 2017 |
| صفحات | : | 304 |
| تعداد | : | 1100 |
| قیمت | : | 350 روپے |
| ناشر | : | ادارہ نوید سحر م |

﴿ملنے کے پتے﴾

# ادارہ نوید سحر لاہور

24 عمر بلاک شالیمار ٹاؤن کاہنہ نو لاہور

0300-8090476 -- 0324-4375208

☆ مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ لاہور ☆ ضیاء القرآن گنج بخش روڈ لاہور

☆ ادارہ صراط مستقیم مسلم کتابوی ☆ مکتبہ قادریہ ☆ دار العلم

☆ کتب خانہ امام احمد رضا دربار مارکیٹ لاہور ☆ نظامیہ کتاب گھر اردو بازار، لاہور

# انتساب

حضور سیّد عالم، فخر نبی آدم، نور مجسم، نبی مکرم، شفیع معظم، رسول محتشم،

سرکار ابد قرار، مدنی تاجدار، محبوب پروردگار سید ابرار، آقائے نامدار

جناب احمد مختار ﷺ کے نام

جن کے صدقے اللہ رب العزت نے اس کائنات کو وجود عطا فرمایا

اور آپ کو سب سے پہلے پیدا فرما کہ اس جہان رنگ و بو کو بسایا

وہی اول وہی آخر وہی ظاہر وہی باطن، وہی قرآں وہی فرقاں وہی یسٰں وہی طٰہٰ

گر قبول افتد عز و شرف

گدائے کوچہ مصطفٰے ﷺ

ابو الناصر حافظ امانت علی سعیدی

# فہرست مضامین


| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| ☆ خیالوں کی کہکشاں | 15 |
| ☆ اپنی بات | 18 |
| **باب اوّل: اوّلیات امام الانبیاء ﷺ** | 19 |
| ☆ حضور ﷺ سب سے پہلے | 21 |
| ☆ حضور ﷺ مرتبہ نبوت میں بھی اوّل ہیں | 21 |
| ☆ حضور ﷺ کے بارے میں پہلی پیشن گوئی | 22 |
| ☆ حضور ﷺ کا پہلا کلام | 22 |
| ☆ حضور ﷺ کی پہلی دائی | 23 |
| ☆ حضور ﷺ کا پہلا شق صدر | 23 |
| ☆ حضور ﷺ کا پہلا سفر شام | 25 |
| ☆ حضور ﷺ کا پہلا تاریخی فیصلہ | 29 |
| ☆ میلاد النبی ﷺ کا پہلا جلوس | 31 |
| ☆ محفل میلاد کا پہلا منکر | 32 |
| ☆ میلاد پر پہلا رسالہ | 32 |
| ☆ حضور نبی کریم ﷺ کی پہلی بیوی | 33 |
| ☆ نزول پہلی وحی | 34 |
| ☆ پہلی وحی کا نزول | 35 |
| ☆ پہلا ہدیہ | 36 |

| | |
|---|---|
| ☆ پہلی بڑی مصیبت | 36 |
| ☆ مسجد نبوی میں پہلا منبر | 37 |
| ☆ پہلا منبر بنانے کا مشورہ | 37 |
| ☆ عیسائیوں سے پہلا مباہلہ | 38 |
| ☆ عہد رسالت میں فتنہ خوارج کا آغاز | 41 |
| ☆ دور علوی میں خوارج کا تحریکی آغاز | 42 |
| **باب دوم: انبیاء اکرام علیہم السلام** | 45 |
| ☆ پہلے انسان کی تخلیق | 47 |
| ☆ پہلی عورت کی تخلیق | 49 |
| ☆ حضرت آدم علیہ السلام کا پہلا لباس | 49 |
| ☆ گندم کی پہلی کاشت | 50 |
| ☆ پہلی جنتی لاٹھی | 50 |
| ☆ پہلی توبہ کیسے قبول ہوئی؟ | 53 |
| ☆ پہلا قاتل و مقتول | 54 |
| ☆ پہلا مردہ دفن ہونے والا کوا | 58 |
| ☆ پہلا روزہ | 58 |
| ☆ پہلا روزہ کس نے رکھا؟ | 59 |
| ☆ پہلی بات | 59 |
| ☆ پہلی صنعت! | 60 |
| ☆ پہلا خلائی مسافر | 60 |
| ☆ پہلا محافظ کتا | 61 |
| ☆ بچھڑے کی پہلی پوجا | 61 |

| | |
|---|---|
| ☆ بنی اسرائیل کا پہلا سجدہ | 64 |
| ☆ دیدار الٰہی کا پہلا تمنائی | 65 |
| ☆ بنی اسرائیل کو پہلا حکم ربانی | 65 |
| ☆ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مدین کی طرف پہلا سفر | 67 |
| ☆ حضرت یوسف علیہ اسلام کا پہلا خواب | 68 |
| ☆ بھائیوں کا یوسف علیہ اسلام کی طرف پہلا سفر | 73 |
| ☆ پہلا بابرکت کرتہ | 78 |
| ☆ حضرت یوسف علیہ السلام کی پہلی قبر | 82 |
| ☆ پہلی قیمتی گائے | 82 |
| ☆ پہلا دوڑنے والا پتھر | 85 |
| ☆ پہلا آسمانی کھانا | 87 |
| ☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پہلی گفتگو | 88 |
| ☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا غار سے پہلی مرتبہ باہر تشریف لانا | 89 |
| ☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پہلے بیٹے کی ولادت | 92 |
| ☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پہلی ہجرت | 93 |
| ☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام پہلی بار حرم کعبہ میں | 94 |
| ☆ چشمہ زم زم پر پہلی آمد | 96 |
| ☆ حج کے لیے پہلی ندائے خلیل علیہ السلام | 97 |
| ☆ پہلا جنتی پتھر | 98 |
| ☆ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی پہلی شادی | 99 |
| ☆ اوّلیات حضرت ابراہیم علیہ السلام | 100 |
| ☆ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا پہلا کلام | 101 |
| ☆ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا پہلا معجزہ | 102 |
| ☆ پہلا میاں دمنانے والا حکمران | 104 |

☆ ساری دنیا کا پہلا حکمران 104
☆ پہلی عورت کی بادشاہی 106
☆ پہلے نازل ہونے والی آسمانی کتب وصحائف 108
☆ دنیا میں پہلی جنت 109
☆ چشمہ اب حیات پر پہلی رسائی 111
☆ دنیا میں مجوسیت کی ابتداء 111
باب سوم: ادوار انبیاء اکرام علیہ السلام 113
☆ پہلا خلیفہ 115
☆ پہلا منکر خدا 118
☆ طوفان نوح کے بعد پہلا درخت 119
☆ پہلی کشتی 121
☆ پہلا مقدس پہاڑ 123
☆ پہلا جنتی شخص 125
☆ دھات کو پگھلانے والی پہلی شخصیت 126
☆ پہلا خوش الحان قاری 127
☆ دنیا میں آنے والی پہلی چیزیں 128
☆ پہلے پانچ مشہور اور پرانے بت 129
☆ طوفان نوح کے بعد پہلی بستی 130
☆ مٹی کی پہلی مٹھی 131
☆ پہلا سجدہ 132
☆ سجدے کا پہلا منکر 133

| | |
|---|---|
| ☆ دین حق کی پہلی دعوت | 133 |
| ☆ نسل انسانی کا پہلا حج | 134 |
| ☆ سب سے پہلے پانی | 134 |
| ☆ نماز میں رکوع اور سجدے کی حکمت | 135 |
| ☆ نماز فجر پہلے کس نے پڑھی؟ | 136 |
| ☆ نماز ظہر پہلے کس نے پڑھی؟ | 137 |
| ☆ نماز عصر پہلے کس نے پڑھی؟ | 137 |
| ☆ نماز مغرب پہلے کس نے پڑھی | 137 |
| ☆ نماز عشاء پہلے کس نے پڑھی؟ | 137 |
| ☆ پہلا رمضان المبارک | 138 |
| ☆ پہلے بت کی پوجا | 139 |
| ☆ ابلیس پہلی بار کب رویا؟ | 140 |
| ☆ پہلا آسمانی کھانا ''من وسلویٰ'' | 141 |
| ☆ بنی اسرائیل پر پہلا عذاب | 142 |
| ☆ پہلا طوفان | 142 |
| ☆ پہلے بچے کی گواہی | 143 |
| ☆ ذوالقرنین کا پہلا سفر | 145 |
| ☆ پانی اُبالنے والا پہلا تندور | 147 |
| ☆ پہلا کافر بادشاہ | 149 |
| ☆ حضرت لقمان حکیم رحمۃ اللہ علیہ | 150 |
| ☆ حکمت کیا ہے؟ | 152 |
| ☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے پہلے آگ میں کون؟ | 153 |

| | |
|---|---|
| ☆ آتش نمرودی کے بعد پہلی مومنہ | 155 |
| ☆ پہلا خضاب کس نے کیا | 157 |
| ☆ پہلی حکمران عورت کا تخت | 157 |
| ☆ پہلی مرتبہ کانوں کو چھیدنا | 159 |
| ☆ قربانی کی ابتداء | 159 |
| ☆ مسجد اقصیٰ اسلام کا پہلا قبلہ | 160 |
| ☆ زمین پر پہلا جن | 162 |
| ☆ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پہلی تقریر | 167 |
| **باب چہارم: مکۃ المکرمہ** | 169 |
| ☆ بیت اللہ کی پہلی جگہ | 171 |
| ☆ خانہ کعبہ کا پہلا طواف | 172 |
| ☆ زمین پر پہلا گھر | 172 |
| ☆ مکہ مکرمہ میں بت پرستی کا آغاز | 173 |
| ☆ حضرت آدم اور حوا کی پہلی ملاقات | 173 |
| ☆ پہلا گھر | 174 |
| ☆ پہلا انسان اور پہلا گھر | 174 |
| ☆ کعبۃ اللہ کے خلاف پہلی بغاوت | 175 |
| ☆ نزول وحی کی پہلی جگہ | 175 |
| ☆ نزول وحی کے بعد پہلا حکم؟ | 176 |
| ☆ حرم شریف میں پہلا اعلان | 177 |
| ☆ ہجرت کی رات پہلا قیام | 178 |

| | |
|---|---|
| ☆ پہلی اذان | 180 |
| ☆ خانہ کعبہ کی طرف منہ کر کے پہلی نماز | 181 |
| ☆ پہلے مہاجر | 181 |
| ☆ مکہ مکرمہ میں پہلی مسجد جن | 181 |
| ☆ جنوں کی دربار رسالت میں پہلی حاضری | 183 |
| ☆ مکہ مکرمہ میں پہلی نہر ''نہر زبیدہ'' | 184 |
| ☆ فتح مکہ کے بعد حضور کا پہلا خطبہ | 185 |
| ☆ دنیائے اسلام میں جذبہ رحم کی پہلی مثال | 186 |
| ☆ صلح حدیبیہ کے بعد پہلا عمرہ | 186 |
| ☆ مکہ مکرمہ کا پہلا قبرستان | 187 |
| ☆ پہلا مصلیٰ بحکم قرآن | 188 |
| ☆ کوہ صفا پر پہلا خطابِ نبوی | 189 |
| ☆ مشرکین مکہ کا پہلا وفد حضرت ابوطالب کے پاس | 190 |
| ☆ حبشہ کی طرف پہلی ہجرت | 192 |
| ☆ پہلے ایمان لانے کا شرف کس کو ملا | 192 |
| ☆ مسجد نبوی میں سید المرسلین ﷺ کا پہلا خطاب | 193 |
| ☆ اذان کی ابتداء | 194 |
| ☆ اسلامی بھائی چارہ کی ابتداء مکہ مکرمہ میں | 196 |
| ☆ پہلی اذان بلال | 198 |
| ☆ لقب ''امیر المومنین'' کا آغاز | 199 |
| ☆ شہر مکہ پہلے کب آباد ہوا؟ | 200 |
| ☆ پہلا گھر خدا کا | 201 |
| ☆ تعمیر بیت اللہ کے بعد پہلی دعا | 202 |

| | |
|---|---|
| ☆ حج کے لیے پہلی نداءِ خلیل علیہ السلام | 204 |
| ☆ بیت اللہ زمانہ نبوت سے پہلے | 205 |
| ☆ زمانہ نبوی کا پہلا کنجی بردار | 206 |
| باب پنجم: مدینۃ المنورہ | 207 |
| ☆ زمانہ رسالت میں پہلا مرتد؟ | 209 |
| ☆ منافقوں کا پہلا مرکز | 209 |
| ☆ حضور علیہ السلام کی سواری کا پہلا دراز گوش | 212 |
| ☆ مدینۃ منورہ میں پہلی سکونت | 212 |
| ☆ پہلی مہمان نوازی کا شرف | 214 |
| ☆ حضور کا (پہلا امتی) | 214 |
| ☆ قُبا میں پہلی مسجد | 216 |
| ☆ پہلی مسجد جمعہ | 217 |
| ☆ مدینہ منورہ میں پہلا جمعہ | 218 |
| ☆ مدینہ منورہ میں پہلی مسجد کی تعمیر | 218 |
| ☆ مسجد نبوی شریف کی پہلی حد | 219 |
| ☆ پہلی درسگاہ | 219 |
| ☆ پہلی محراب نبوی | 220 |
| ☆ مسجد نبوی شریف میں پہلا حادثہ | 221 |
| ☆ مسجد نبوی شریف میں پہلا چراغ | 222 |
| ☆ مسجد الاجابہ شریف میں پہلی دعا | 222 |
| ☆ پہلی بشارت جنت | 225 |
| ☆ جبل احد پر پہلی قبر | 226 |

| | |
|---|---|
| ☆ گنبد خضرا کی پہلی تعمیر | 226 |
| ☆ پہلا مرحلہ | 227 |
| ☆ مدینۃ الرسول ﷺ میں رافضیوں کی پہلی شرارت | 228 |
| ☆ مسجد نبوی میں حضور علیہ السلام کا پہلا خطاب | 229 |
| ☆ گھوڑے پر پہلی سواری | 230 |
| ☆ پہلا معرکہ حق و باطل | 230 |
| ☆ پہلے سبقت کرنے والی | 242 |
| ☆ حضور ﷺ کے پہلے بیٹے | 243 |
| ☆ پہلی دختر رسول ﷺ | 243 |
| ☆ مدت خلافت اور آغاز بادشاہت | 244 |
| ☆ خاندان نبوت کا پہلا شہید | 246 |
| ☆ اصحاب صفہ کا پہلا چبوترا | 248 |
| ☆ غزالی زماں رحمۃ اللہ علیہ کی مدینۃ الرسول میں پہلی حاضری | 250 |
| ☆ مدینہ منورہ کا پہلا قبرستان | 250 |
| ☆ جنت البقیع میں پہلی دفن ہونے والی شخصیت | 252 |
| ☆ رسالت مآب ﷺ کا پہلا غم | 253 |
| ☆ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو پہلا غسل کس نے دیا | 254 |
| ☆ میدان کربلا کا پہلا شہید | 255 |
| ☆ میدان کربلا کا پہلا شہید جنت میں | 258 |
| ☆ پسران علی رضی اللہ عنہ سے پہلا شہید | 260 |
| ☆ راہ اسلام کی پہلی شہیدہ خاتون | 260 |

| | |
|---|---|
| ☆ درہم و دینار کا موجد کون؟ | 263 |
| ☆ پہلا منبر رسول ﷺ | 264 |
| ☆ اہل عرب میں بت پرستی کا آغاز | 265 |
| ☆ اسلامی بھائی چارہ کا مدینہ منورہ میں پہلا قدم | 265 |
| ☆ مدینہ منورہ میں پہلا روزہ | 267 |
| ☆ فریضہ زکوٰۃ کی ابتدا | 267 |
| ☆ زکوٰۃ کا پہلا مصرف | 268 |
| ☆ مدینہ منورہ کی ہجرت کرنے والے پہلے خوش نصیب | 268 |
| ☆ دس محرم کے روزے کی ابتداء | 269 |
| ☆ موت کی پہلی منزل | 270 |
| ☆ اسلام میں پہلے تیر چلانے والے | 270 |
| ☆ روضہ رسول کے لیے نصرانیوں کی پہلی سازش؟ | 271 |
| ☆ نماز تراویح کی باجماعت ابتدا | 273 |
| ☆ مدینہ پاک میں پہلا جمعہ | 274 |
| ☆ پہلا کذّاب | 275 |
| ☆ سن ہجری کی ابتداء | 275 |
| **باب ششم: صحابہ کرام علیہم الرضوان** | 277 |
| ☆ سب سے پہلے خلیفۃ المسلمین | 279 |
| ☆ راہ خدا میں پہلے تیر چلانے والے صحابی | 280 |
| ☆ نماز کا اول کیسے؟ | 281 |

| | |
|---|---|
| ☆ کعبۃ اللہ کا بانی کون؟ | 282 |
| ☆ اولیات سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ | 284 |
| ☆ اولیات حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ | 286 |
| ☆ اولیات امیر معاویہ رضی اللہ عنہ | 288 |
| ☆ سلطنت بنوامیہ کے بانی | 289 |
| ☆ سلطنت بنوعباس کا بانی | 290 |
| ☆ بحری بیڑے کا بانی | 291 |
| ☆ قرآن مجید کے بعد پہلی معتبر کتاب | 291 |
| ☆ خلافت سے دستبردار ہونے والا اُمت مسلمہ کا پہلا حکمران | 293 |
| ☆ صدقہ کرنے میں سب سے آگے | 293 |
| ☆ صدمہ اول کے ساتھ صبر کا مقام | 294 |
| ☆ ماں کی گود پہلی درسگاہ | 295 |
| **باب ہفتم: اکابرین اسلام** | 297 |
| ☆ سرکاری دستاویزات پر مہر لگانے کا موجد | 299 |
| ☆ تاریخ عالم کی پہلی شہنشاہی | 300 |
| ☆ عراق میں نور اسلام کی پہلی کرن | 300 |
| ☆ سب سے پہلے قمار بازی (سٹہ) کس نے کھیلا؟ | 301 |
| ☆ پہلا کالا شخص؟ | 301 |
| ☆ فقہ کے پہلے امام | 302 |
| ☆ شہادت حسین کے بعد پہلا ماتم | 303 |
| ☆ زبان کا پہلا ادب | 303 |

# خیالوں کی کہکشاں

ابو سعید سردار محمد اکرم بٹر

انسانوں کے وقار اور عزیمت و کردار کا اندازہ اُن کے اٹل فیصلوں اور پُر اعتماد گفتار سے ہی لگایا جاسکتا ہے۔

ارباب دانش کہتے ہیں کہ "بازار زیست" کا سب سے قیمتی سِکہ "خود اعتمادی" ہے۔ خود اعتمادی ہی وہ جذبہ ہے جو ناممکن کو ممکن بنا دیتا ہے۔ پھر ضرورت سے خواہش، خواہش سے کوشش، کوشش سے حصول اور حصول سے نتیجہ یہ سب کچھ مستقل مزاجی اور محنت کا کھیل ہے۔

خوش قسمتی محنت کی "اولاد" کہلاتی ہے جبکہ کامیابی کا "چیک" محنت کے بینک سے کسی وقت بھی کیش کرایا جاسکتا ہے۔ اس لیے کہتے ہیں کہ محنت کرنے والا اللہ کا دوست ہوتا ہے۔ محنتی کے سامنے پہاڑ کنکر جب کہ کاہل اور سستی کے شکار کے لیے کنکر بھی پہاڑ نظر آتے ہیں اور یہ بھی سچ ہے کہ فتح ہمیشہ مستقل مزاج لوگوں کا ہی مقدر بنتی ہے۔ باقی رہا وقت، وقت تو سب کو ہی ملتا ہے۔ زندگی بدلنے کے لیے مگر زندگی دوبارہ نہیں ملتی ......وقت بدلنے کے لیے...... مولانا روم علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ وقت کی قدر نہ کی جائے تو یہ سب کچھ چھین لیتا ہے۔

حکیم الامت فرماتے ہیں کہ

وہ قوم نہیں لائق ہنگامہ فردا
جس قوم کی تقدیر میں امروز نہیں ہے

آج جب برادرم حافظ امانت علی سعیدی صاحب نے "حکم" سنایا کہ میری تالیف "سب سے پہلے کون؟" کے بارے کچھ لکھ کر دو تو مجھے خیالوں کی دنیا نے جیسے جکڑ سا لیا اور میں سوچتا ہی رہ گیا کہ ایک اور کتاب، ماشاء اللہ اس وقت تک درجن بھر کتابیں حافظ صاحب کے نام سے شائع ہو کر داد تحسین وصول کر چکی ہیں۔

اس وقت بھی زیر مطالعہ کتاب کے علاوہ ایک بہترین کاوش "خوشبوئے رسول کریم ﷺ" کے نام سے طباعت کے مراحل سے گزر رہی ہے۔ امید ہے کہ دونوں

کتابیں ایک ساتھ ہی مارکیٹ میں آئیں گی۔معزز قارئین میں کہہ رہا تھا کہ چند سال پہلے کی بات ہے ایک سہ پہر حافظ امانت علی سعیدی میرے غریب خانہ پر تشریف لائے ہاتھ میں ایک پولیتھین شاپنگ بیگ تھا جس میں اخباری مضامین کی فوٹو اسٹیٹ کاپیاں اور چند دیگر تحریریں تھیں۔تقریباً ڈیڑھ عشرہ گزرنے کو ہے آج بھی حافظ صاحب کی وہی کیفیت ہوتی ہے۔اور میں عام طور پر اس تھیلے کو ''فقیر کی زنبیل'' کہتا ہوں۔

میرے پوچھنے پر بتایا کہ میں حضرت غزالیٔ زماں رحمۃ اللہ علیہ پر کتاب لکھنا چاہتا ہوں:اور یہ مواد ہے ساتھ ہی یہ بھی فرمانے لگے کہ میں اس سے پہلے فلاں فلاں تنظیمی ساتھی کے پاس مشاورت کے لیے گیا ہوں۔لیکن کسی نے بھی حوصلہ افزائی نہیں فرمائی۔ظاہری طور پر مواد کا ''حاضر سٹاک'' دیکھ کر تو میں بھی شاید جواب دے دیتا لیکن آپ کے جذبہ صادق کے سامنے میں نے ''سرنڈر'' کر دیا۔آپ سے وہ مسودہ لے کر اپنے پاس رکھ لیا اور بھرپور تعاون کا وعدہ کر کے آپ کو رخصت کیا۔کیونکہ وقت کا دھارا کہہ رہا تھا کہ

دشت وفا میں آبلہ پا ایک ہم بھی ہیں
سب جا رہے ہیں سایہ دیوار کی طرف

وقت کی آواز میرے کانوں میں یوں بھی آرہی تھی کہ

یہ سب کام وہی کر سکتا ہے جس کا یقین محکم ہو۔جو عمل پر دارومدار رکھتا ہو۔ورنہ اس میدان میں تو بڑے بڑوں کا پتہ پانی ہو جاتا ہے۔اور ''اسپ قلم'' دم توڑ دیتا ہے......

حالانکہ اس موضوع (حیات غزالیٔ زماں) پر میں بھی کئی سالوں سے کام کرنے کا سوچ رہا تھا۔مواد بھی جمع کر کے رکھا ہوا تھا۔مگر ''ارادوں کی ادھیڑ بن'' سے ہی نہیں نکل سکا اور پھر میں نے اپنا سارا مواد بھی قبلہ حافظ صاحب کی نذر کر دیا اور جلد ہی ''حیات غزالیٔ زماں'' حصہ اول اور پھر حصہ دوم مارکیٹ میں آگئیں۔

بس پھر کیا تھا کہ حافظ صاحب نے پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا۔حیات غزالیٔ زماں، گلشن ابراہیمی، گلشن کاظمی، کرامات کاظمی، غزالیٔ زماں کا طرز استدلال، میلاد کی تقریریں، فکر آخرت عظمت والدین، خوشبوئے رسول کریم ﷺ اور اب سب سے پہلے کون؟

تک کا سفر عزم وہمت سے جاری وساری ہے۔ زندگی کے مصروف ترین لمحات میں سے وقت نکالنا یہ صرف انہی کا کام ہے۔ کیونکہ ''زندگی چاہیے اس بحر بیکراں کیلئے''

محترم حافظ صاحب سہ ماہی مجلّہ نوید سحر کی ذمہ داریاں بھی تن دہی سے انجام دیتے ہیں، نہ کوئی لالچ نہ طمع، درویشانہ طرزِ زندگی اور عالمانہ وقار آپ کا طرہ امتیاز ہے، کبھی کبھی تو مجھے یوں بھی محسوس ہوتا ہے کہ جیسے وہ نسل نو کو یہ پیغام دے رہے ہوں کہ

مسافروں سے کہہ دو کہ راتوں میں تھک نہ جائیں
میں لارہا ہوں خود اپنے لہو سے بھر کے چراغ

زیر مطالعہ کتاب ''سب سے پہلے کون؟'' بھی آپ کی محنت اور جستجو کا منہ بولتا ثبوت ہے ابتدائے آفرینش سے لیکر زمانہ کی بدلتی ہوئی اقدار زندگی کے سیل رواں اور انقلابات دہر کے سبب ہر وہ کام جو سب سے پہلے ہوا اس کی نشاندہی کی گئی ہے۔ ہر وہ ہستی جو کسی بھی کام کی ابتدا کا باعث بنی اس کا ذِکر کیا گیا ہے۔ اور پھر صاحب کتاب نے، اولیات امام الانبیاء، اولیات انبیاء، اولیات صحابہ، اولیات مکۃ المکرّمہ، اولیات مدینۃ المنورہ، اولیات اولیاء، اولیات اکابرامت جیسے باب قائم فرما کر قارئین کے لیے آسانیاں پیدا کردی ہیں۔

کتاب ماضی کی ورق گردانی کرنا اتنا آسان کام نہیں ہے۔ بہت محنت اور لگن کے بغیر اس طرح کے منصوبے ممکن نہیں ہوتے اس لیے میں محترم حافظ امانت علی سعیدی کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور دعاء گو ہوں کہ ابلاغ دین کا یہ سفر یوں ہی جاری رہے۔ آج جب کہ جہالت وگمراہی، لادینیت، فحاشی، عریانیت اور ''بے مقصدی'' کے اندھیرے بڑھتے جا رہے ہیں صاحب قلم احباب کو آگے بڑھنا چاہیئے۔

کیونکہ وقت پکار پکار کر کہہ رہا ہے

ع چراغ طور جلاؤ بڑا اندھیرا ہے

۲۵۔ ذی قعدہ ۱۴۳۸ھ
۱۸۔ اگست ۲۰۱۷ء
جمعۃ المبارک

سردار محمد اکرم بٹر سعیدی
چیف ایڈیٹر سہ ماہی مجلّہ نوید سحر
صدر ادارہ نوید سحر لاہور

# اپنی بات

اللہ تعالیٰ نے اس کائنات کو تخلیق فرمایا۔ تمام مخلوقات میں انسان کو اللہ رب العزت نے اشرف المخلوقات بنایا۔ ارشاد خداوندی ہے:

وَ لَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِیۡۤ اٰدَمَ ۝ ترجمہ: اور ہم نے انسان کو عزت کا تاج پہنایا۔

اور پھر انسان ترقی کی تلاش میں نکلا۔ اور بے شمار چیزوں کے بارے میں سوچنے لگا۔ اور کہیں یہ سوچ بھی دل میں مچلی کہ پہلے کیا چیز تھی اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے کس کو تخلیق فرمایا۔ پہلے کس چیز کو وجود ملا۔ سب سے پہلا انسان ہونے کا شرف کس ہستی کو ملا۔ زمین کیسے وجود میں آئی۔ زمین پر پہلا گھر کب اور کہاں بنا اور کس نے بنایا۔ مکہ مکرمہ سب سے پہلے کیسے آباد ہوا۔ مدینہ منورہ کیسے آباد ہوا۔ مدینہ مندرہ میں پہلے مسجد کب اور کہاں بنی۔

ہم نے بھی اسی کو موضوع سخن بنایا ہے کہ اوّلیت کس کس کو حاصل ہے۔ مثلاً سب سے پہلے کون؟ میں ان عظیم ہستیوں اور ان مقامات مقدسہ کا ذکر ہے جنہیں اولیت حاصل ہے۔

پہلے باب میں امام الانبیاء علیہ ﷺ سے منسوب اولیات کا ذکر ہے پھر دوسرے باب میں انبیا علیہ السلام، تیسرے باب میں مکہ المکرّمہ، چوتھے باب میں مدینۃ المنورہ، صحابہ اکرام، اولیا اُمت، صلحائے امت کی اولیات کا تذکرہ ہے۔

ہم نے تمام واقعات کو باحوالہ بیان کرنے کی کوشش کی ہے اللہ تعالیٰ ہماری اس کاوش کو مقبول و منظور فرمائے اور قارئین کے لیے افادہ عام بنائے۔ تاکہ مسلمان اپنی تاریخ کا مطالعہ کر کے آگاہی حاصل کریں۔

احقر العباد

ابوالناصر حافظ امانت علی سعیدی

# بابِ اوّل

# اوّلیاتِ امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم

- ☆ حضور ﷺ سب سے پہلے
- ☆ حضور ﷺ مرتبہ نبوت میں بھی اوّل ہیں
- ☆ حضور ﷺ کے بارے میں پہلی پیشن گوئی
- ☆ حضور ﷺ کا پہلا کلام
- ☆ حضور ﷺ کی پہلی دائی
- ☆ حضور ﷺ کا پہلا شق صدر
- ☆ حضور ﷺ کا پہلا سفر شام
- ☆ حضور ﷺ کا پہلا تاریخی فیصلہ
- ☆ پہلا میلاد منانے والا حکمران
- ☆ محفل میلاد کا پہلا منکر
- ☆ میلاد پر پہلا رسالہ
- ☆ حضور نبی کریم ﷺ کی پہلی بیوی
- ☆ حضرت علی کا پہلا غسل
- ☆ میدان کربلا کا پہلا شہید
- ☆ حضور ﷺ کی پہلی بیٹی
- ☆ جبرئیل امین کی پہلی حاضری
- ☆ پہلی وحی کا نزول
- ☆ پہلا ہدیہ
- ☆ پہلی بڑی مصیبت
- ☆ مسجد نبوی میں پہلا منبر
- ☆ پہلا منبر بنانے کا مشورہ

# حضور سب سے پہلے

راہ گزرتے ایک جماعت نے کہا۔السلام علیک یا اول، السلام علیک یا آخر،السلام علیک یا حاشیر

حضرت جبرئیل علیہ السلام نے عرض کی حضور وہ سلام کہنے والے حضرت ابراہیم، حضرت موسیٰ علیہ السلام تھے۔(خصائص الکبریٰ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے حضورؐ نے موسیٰ علیہ السلام کو دیکھا وہ اپنی قبر میں نماز پڑھ رہے ہیں (خصائص الکبریٰ)

قرآن مجید کی آیہ مبارکہ ھوالاول ،الاآخر، والظاھر و الباطن کے متعلق شیخ المحد ثین شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی فرمایا ہے۔

یہ آیت مبارکہ اللہ کی حمد بھی ہے اور حضورؐ کی نعت بھی (مدارج النبوہ)

# حضور مرتبہ نبوت میں بھی اوّل ہیں

حضور ﷺ کی اولیت اسی بنا پر ہے کہ آپ کی تخلیق موجودات میں سب سے اول ہے۔چنانچہ حدیث شریف میں ”اولُ مَا خَلَقَ اللهُ نُورِی“ پہلی شئے جو اللہ تعالیٰ نے پیدا کی ہے وہ میرا نور ہے۔

آپ مرتبہ نبوت میں بھی اول ہیں۔

كُنتُ نَبِیَ وَ اٰدمُ بَیْنَ الْمَاءِ وَ الطِیْن

میں اس وقت بھی نبی تھا جب آدمؑ گارے اور مٹی کے درمیان تھے۔

آپ ہی سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیں حضورؐ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ پر جو سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیں اور اس کی حکم کے تعمیل کی ان میں سب سے پہلے میں

مومن ہوں۔

حضور ﷺ نے فرمایا جب زمین شق ہوگی اور لوگ اس سے نکلیں گے تو میرے لیے سب سے پہلے زمین شق ہوگی۔

فرمایا میں سب سے پہلے سجدہ کرنے کی اجازت پاؤں گا۔ اور فرمایا سب سے پہلے میں جنت میں داخل ہوں گا۔ (بلد الامین، علامہ ابو النصر منظور احمد شاہ)

## حضور ﷺ کے بارے میں پہلی پیشن گوئی

حضور سید عالم ﷺ نے ۱۲ سالہ کی عمر میں اپنے چچا ابو طالب کے ساتھ شام کا سفر کیا تو راستہ میں بحیرہ راہب کی ملاقات ہوگئی۔ یہ شخص تورات، انجیل کا عالم تھا، کتب سماویہ میں نبی اخرالزماں کی علامات پڑھ چکا تھا جونہی یہ قافلہ اس کی عبادت گاہ کے قریب سے گزرا تو اس نے حضور سید عالم ﷺ کے چہرہ مبارک کو دیکھتے ہی کہہ دیا یہ وہی نبی ہے جس کا ذکر تورات انجیل میں موجود ہے۔ بلد الامین، علامہ ابو النصر منظور احمد شاہ۔

(بحوالہ زرقانی رحمت للعالمین، سیر النبی)

حضرت سیدنا ابوموسیٰ اشعری سے روایت ہے اس نے حضور ﷺ کو پہچانا اور ہاتھ پکڑ کر کہا هذا سيد المرسلين. هذا رسول رب العالمين ، یہ سب جہانوں کا سردار ہے یہ رب کائنات کا رسول ہے۔ اس سے پوچھا گیا تجھے کیسے پتہ چلا یہ اللہ کا رسول ہے تو بحیرہ نے کہا میں نے دیکھا ہر درخت نے سجدہ کیا۔ بلد الامین، علامہ ابو النصر منظور احمد شاہ۔

## حضور ﷺ کا پہلا کلام

حافظ الحدیث ابوالفضل علامہ ابن حجر عسقلانی نے شرح بخاری میں بیان کیا ہے کہ سیرت واقدی میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے پہلا کلام پیدا ہوتے جو کیا وہ یہ ہے۔

اللہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا۔ اللہ بہت بڑا ہے۔ اللہ سب سے بڑا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا۔ اللہ کریم کی بے شمار تعریف ہے

سُبْحَانَ اللّٰہِ بُکْرَۃً وَّاَصِیْلًا ○ صبح شام اللہ کی ہر عیب سے پاکیزگی ہے۔

(رسائل میلاد محمدی، صلاح الدین سعیدی)

## حضور ﷺ کی پہلی دائی

پیارے آقا کریم ﷺ کو سب سے پہلے آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ حضرت سیدہ آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے دودھ پلایا۔ پھر حضرت ثوبیہؓ نے اپنے بیٹے ''مسروح'' کے ساتھ دودھ پلایا، یہ ابولہب کی کنیز تھیں جسے اس نے پیارے آقا کریم ﷺ کی ولادت کی خوشی میں آزاد کیا تھا۔ پھر حضرت برکت بنت ثعلبہ المعروف ام ایمنؓ نے جو کہ ابواء کے مقام پر آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ کے وصال کے وقت آپ ﷺ کے ساتھ تھیں۔ پھر حضرت حلیمہ سعدیہ بنت ابوذویب عبداللہ بن حارثؓ نے یہ سعادت حاصل کی جن کے خاوند کا نام حضرت ابوذویب حارث بن عبدالعزی بن رفاعہؓ، بیٹا حضرت عبداللہ بن حارثؓ جو شیر خوار تھے اور آقا کریم ﷺ کے ساتھ دودھ پیا کرتے تھے، بیٹی انیسہ اور جدامۃ جن کا لقب ''شیما'' تھا یہی پیارے آقا کریم ﷺ کو گود میں لیے لوریاں دیتی تھیں اور کھلایا کرتی تھیں۔ پیارے آقا کریم ﷺ کو دودھ پلانے والی یہ چاروں پاکیزہ خواتین زیور اسلام سے آراستہ ہوئیں۔ (قراۃ العین صفحہ ۱۶۸) (الوفا ص ۱۳۷، مقدمہ قصص الانبیاء ابن کثیر ص ۲۳، طبقات ابن سعد ج ا ص ۲۵۲، مرأۃ المناجیح ج ۵ ص ۶۵)

## حضور ﷺ کا پہلا شق صدر

ابونعیم وابن عساکر وغیرھما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں قبیلہ بن سعد میں ایک روز اپنے ہم عمر لڑکوں کے ساتھ جنگل کو گیا ناگاہ تین شخص ظاہر

ہوئے ایک طشت سونے کا برف سے بھرا ہوا ان کے پاس تھا انہوں نے مجھ کو پکڑ لیا اور لڑکے خوف کھا کر اپنے گھر بھاگ گئے ان میں سے ایک شخص نے مجھ کو لٹایا بہت نرمی سے میرے سینے سے شانے تک تمام شکم چاک کیا۔ اور میں اس کی طرف دیکھتا تھا اور اپنے بدن میں کچھ کلیف نہ پاتا تھا۔ پھر میرے شکم سے انتریوں کو نکال کر اس برف سے خوب دھویا اور صاف کر کے پھر شکم میں ان کو رکھ دیا۔

پھر دوسرا شخص کھڑا ہوا اور اس پہلے شخص کو الگ کیا اور سینے میں ہاتھ ڈال کر میرا دل نکال لیا۔ پھر دل کو چیر کر اس میں سے ایک سیاہ ٹکڑا خون کا جما ہوا نکال کر پھینک دیا۔

پھر ہاتھ اپنا داہنی اور بائیں طرف بڑھایا گویا کسی چیز کے لینے کا ارادہ کرتا ہے ناگاہ کیا دیکھتا ہوں کہ ہاتھ میں ایک انگوٹھی نورانی ہے کہ نظر آدمی کی اس سے حیران ہو جائے اس انگوٹھی سے میرے دل پر مہر لگائی۔ اور میرا دل نور سے بھر گیا اور یہ نبوت و حکمت کا نور تھا پھر اس شخص نے میرا دل اپنی جگہ پر رکھا اور پائی میں نے ٹھنڈک اس مہر کی اپنے دل میں ایک مدت دراز تک۔ اور سیرت شامی میں ہے کہ میں اب تک اس کی ٹھنڈک اپنی رگوں میں اور اعضاء کے جوڑوں میں پاتا ہوں۔ پھر تیسرے نے اس شخص کو الگ کیا اور اپنا ہاتھ میرے شکم پر پھیرا اور تمام زخم بھر گیا۔

اور بعض روایات میں یہ بھی آیا ہے کہ میرے سینے کو چاک سے سی کر برابر کر دیا۔ پھر مجھ کو ہاتھ پکڑ کر کھڑا کیا اور کہا پہلے شخص نے تیسرے شخص کو کہ وزن کرو ان کا دس آدمی امت کے ساتھ۔ پھر انہوں نے میرا کو وزن کیا اور میں غالب آیا۔

پھر کہا اسے وزن کرو ان کو سو آدمی کے ساتھ۔ پھر بھی میں غالب آیا پھر کہا وزن کرو ہزار آدمیوں کے ساتھ۔ پھر بھی میں غالب آیا تب اس شخص نے کہا کہ چھوڑ دو ان کو اگر تم ان کو کل امت کے ساتھ وزن کرو گے تو سب پر یہی غالب آئیں گے۔

پھر اس شخصوں نے مجھ کو اپنے سینے سے لگایا اور میرے سر اور آنکھوں کے

درمیان بوسہ دیا ور کہا اے اللہ کے پیارے مت ڈر اگر تجھ کو معلوم ہو جائے جو تجھ سے ارادہ خیر کیا جاتا ہے البتہ ٹھنڈی ہویں آنکھیں تیری یعنی بہت خوش ہو پھر وہ تینوں شخص یہ بات کہہ کر مجھ کو وہاں چھوڑ گئے اور آپ آسمان کی طرف اڑ گئے اور میں ان کی طرف دیکھتا تھا۔

اور حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں اور میرا خاوند آپ ﷺ کو تلاش کرنے نکلے آپ ﷺ کو جنگل میں کھڑا پایا میرے خاوند نے آپ کو سینے سے لگایا اور پوچھا کہ اے فرزند تیرا کیا حال ہے آپ ﷺ نے سب قصہ بیان فرمایا۔(رسائل میلاد حبیب، صلاح الدین سعیدی)

## حضور ﷺ پہلا سفر شام

جب رحمت عالم ﷺ کی عمر مبارک بارہ سال کے قریب پہنچی تو حضرت ابوطالب نے اپنے تجارتی مقاصد کے لئے شام کے سفر کی تیاری شروع کر دی۔علامہ ابن خلدون نے عمر کے بارے میں تیرہ سال اور سترہ سال کے دو قول لکھے ہیں۔

جب آپ روانہ ہونے لگے تو رحمت عالم ﷺ نے اپنے چچا کے اونٹ کی نکیل پکڑی اور اصرار کیا کہ مجھے بھی اپنے ہمراہ لے جائیں۔

مَسَکَ بِزِمَامِ نَاقَةِ اَبِیْ طَالِبٍ وَقَالَ یَا عَمِّ اِلٰی مَنْ تَکِلُنِیْ
لَا اَبَ لِیْ وَلَا اُمَّ

"حضور نے آپ کی اونٹنی کی مہار پکڑ لی اور فرمایا اے میرے چچا! آپ
مجھے کس کے سپرد کر کے جا رہے ہیں میرا نہ باپ ہے اور نہ ماں۔"

چنانچہ حضرت ابوطالب آپ کو ساتھ لے جانے پر تیار ہو گئے اور آپ کو اپنی اونٹنی پر اپنے ساتھ سوار کر لیا کئی دنوں کی مسافت کے بعد جب یہ قافلہ "بصریٰ" پہنچا تو وہاں ایک عیسائی راہب سکونت پذیر تھا۔اس کا نام جرجیس تھا لیکن بحیریٰ کے نام سے مشہور تھا۔بحیریٰ

سریانی لفظ ہے اس کا معنی عبقری اور نابغہ ہے یعنی از حد دانشمند اور علامہ روزگار۔

کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں کو جو خصوصی علوم عطا کیئے گئے تھے وہ نسلاً بعد نسل چلے آتے تھے اور اس زمانہ میں ان علوم کا امین یہی بحیرٰی راہب تھا۔ قریش کے تجارتی کارواں ہمیشہ اس راستہ سے گزرا کرتے تھے لیکن اس نے کبھی ان کی پروا نہیں کی تھی وہ ان سے گفتگو کرنے کا روادار بھی نہ تھا لیکن اس دفعہ جب یہ قافلہ اس کی وادی میں داخل ہوا تو اس نے اپنی خانقاہ سے دیکھا کہ ایک نوخیز بچے پر بادل کا ایک ٹکڑا سایہ فگن ہے وہ بچہ جدھر جاتا ہے بادل کا ٹکڑا اس کے ساتھ ساتھ جاتا ہے پھر اُس نے اس امر کا بھی مشاہدہ کیا کہ جب یہ قافلہ ایک درخت کے سایہ میں اترا۔ یہ بچہ جب وہاں پہنچا تو درخت نے فوراً جھک کر اپنا سایہ اس بچہ پر پھیلا دیا۔

بحیرٰی نے جب اپنی خانقاہ کے دریچہ سے یہ منظر دیکھا اسے خیال آیا کہ جس نبی صادق وامین کے ہم منتظر ہیں اور جس کی علامات ہماری کتب میں مرقوم ہیں کہیں یہ جوان وہی تو نہیں اسے قریب سے دیکھنا چاہئے تاکہ ان کی نشانیوں کے بارے میں پورا وثوق ہو جائے اس نے اس کے لیے یہی تجویز مناسب سمجھی کہ سارے قافلہ کی ضیافت کی جائے وہ نوجوان بھی آئے گا اسے قریب سے دیکھ کر دل کو مطمئن کرلوں گا چنانچہ خلاف معمول وہ اپنی خانقاہ سے نکل کر ان قافلہ والوں کے پاس آیا اور کہا کہ آج آپ کے قافلہ کے تمام افراد کو میں دعوت دیتا ہوں کہ آج ماحضر میرے ہاں تناول فرمائیں اس کے اس طرز عمل سے سارا قافلہ سراپا حیرت بنا ہوا تھا۔ آخر ایک شخص سے نہ رہا گیا اور اس نے پوچھ ہی لیا کہ اے بحیرٰی!'' آپ کے اس طرز عمل نے ہمیں حیران کر دیا ہے پہلے بھی ہم یہاں سے بارہا گزرے ہیں لیکن آپ نے ہماری طرف کبھی توجہ تک نہ کی۔ اس دفعہ آپ خلاف معمول اپنی خانقاہ سے چل کر ہمارے پاس آئے اور ہمیں کھانے کی دعوت دے کر ہماری عزت افزائی فرمائی آپ کے طریقہ کار میں یہ بین تفاوت کیوں بحیرٰی نے بات کو ٹالتے ہوئے کہا

کہ بے شک آپ درست کہہ رہے ہیں لیکن آخر کار آپ ہمارے مہمان ہیں اپنے مہمانوں کی عزت کرنا اور ان کی ضیافت کا شرف حاصل کرنا ہمارا فرض ہے جب مقررہ وقت آیا تو قافلے کے سارے افراد بحیریٰ کے ہاں گئے اس نے بڑے اہتمام سے ان کا خیر مقدم کیا لیکن جس جان عالم کے لیے وہ بڑی بے تابی سے اپنی آنکھیں فرش راہ کئے ہوئے تھا وہ کہیں نظر نہیں آ رہا تھا۔ اس نے پوچھا آپ میں سے کوئی رہ تو نہیں گیا انہوں نے بتایا کہ تمام لوگ آ گئے ہیں صرف ایک بچہ پیچھے رہ گیا ہے اسے ہم اپنے خیموں اور اونٹوں کی حفاظت کے لیے چھوڑ آئے ہیں اس نے اصرار کیا کہ اسے بھی ضرور بلاؤ اس قافلے کا کوئی فرد چھوٹا ہو یا بڑا۔ غلام ہو یا آزاد پیچھے نہ رہے۔ چنانچہ آپ کے چچا حارث بن عبدالمطلب گئے اور حضور کو بلا کر لے آئے اس پیکر نور و سعادت کے آنے سے بحیریٰ کے دل بے قرار کو قرار آ گیا اور وہ حضور کو پہچاننے کے لیے ٹکٹکی باندھ کر رخ انور کو دیکھنے میں محو ہو گیا۔

جب قافلے والے کھانے سے فارغ ہوئے تو اس نے سب کو رخصت کر دیا اور خود حضور کے قریب آیا اور آزمانے کے لیے کہنے لگا۔

اَسْئَلُکَ بِحَقِّ اللاّٰتِ وَالْعُزّٰی اِلاَّ مَا اَخْبَرْتَنِیْ عَمَّا اَسْئَلُکَ عَنْہُ

”میں تم سے لات وعزیٰ کے حق کے واسطہ سے سوال کرتا ہوں کہ جس بارے میں آپ سے پوچھوں آپ مجھے اس کا جواب دیں۔“

اس نے حضور کو آزمانے کے لیے لات وعزیٰ کی قسم کھائی تھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

لَاتَسْئَلْنِیْ بِا للاّٰتِ وَالْعُزّٰی شَیْئًا فَوَاللّٰہِ مَا اُبْغِضُ شَیْئًا قَطُّ بُغْضَھَا.

”مجھ سے لات وعزیٰ کے واسطہ سے کوئی بات مت پوچھو بخدا جتنی

مجھے ان سے نفرت ہے اتنی اور کسی چیز سے نہیں۔"

حضور علیہ السلام نے فرمایا:

"اب جو تمہارا جی چاہے پوچھو میں اس کا صحیح صحیح جواب دوں گا۔"

وہ حضور سے آپ کی نیند و بیداری وغیرہ کی کیفیات کے بارے میں دریافت کرتا رہا۔ حضور جواب ارشاد فرماتے رہے۔ حضور ﷺ جو حالات اسے بتاتے اس سے ان صفات کی تصدیق ہوتی جاتی تھی جو نبی آخرالزمان کے بارے میں اس کے پاس تھیں۔ آخر میں اس نے پشت مبارک سے کپڑا اٹھایا وہاں اس نے خاتم نبوۃ کو بعینہٖ اس صورت میں دیکھا جو اس کے پاس تھی۔ بے ساختہ اس نے جھک کر ختم نبوۃ کو چوم لیا جن قافلہ والوں نے یہ منظر دیکھا وہ کہنے لگے کہ اس راہب کے دل میں محمد معصوم کی بڑی قدر و منزلت ہے۔

جب بحیریٰ اس سے فارغ ہوا تو حضرت ابوطالب کی طرف متوجہ ہوا اور پوچھا۔

**مَا هٰذَا الْغُلَامُ مِنْکَ**

"اس بچے کا آپ سے کیا رشتہ ہے آپ نے کہا یہ میرا بیٹا ہے۔"

بحیریٰ نے کہا۔

**مَا هُوَ اِبْنُکَ وَمَا يَنْبَغِیْ لِهٰذَا الْغُلَامِ اَنْ يَّکُوْنَ اَبُوْهُ حَيًّا**

"یہ آپ کا بیٹا نہیں اور نہ اس کا باپ زندہ موجود ہو سکتا ہے۔"

حضرت ابوطالب نے کہا:۔ یہ میرا بھتیجا ہے۔

اس نے پوچھا:۔ انکا باپ کہاں ہے۔

آپ نے فرمایا:۔ "مات وامہ حبلیٰ" کہ ان کا انتقال ہو گیا جب کہ ابھی یہ شکم مادر میں تھے۔

اس نے کہا: اب آپ نے سچی بات کہی ہے پھر ان کی ماں کہاں ہے۔

آپ نے بتایا:۔ تھوڑی مدت گزری وہ بھی انتقال کر گئی ہیں۔

پھر اس نے حضرت ابو طالب کو کہا:۔ کہ آپ اپنے بھتیجے کو لے کر وطن لوٹ جائیں اور یہودیوں سے ہر وقت ہوشیار رہیں اگر انہوں نے دیکھ لیا اور ان کو ان حالات کا علم ہو گیا جن کا مجھے علم ہوا ہے تو وہ انہیں ضرر پہنچانے سے باز نہیں آئیں گے آپ کے بھتیجے کی بڑی شان ہو گی یہ چیز ہماری کتابوں میں ہے اور ہمارے اپنے آباؤ اجداد نے یہی بتایا ہے دیکھو۔

''یہ سارے جہانوں کے سردار ہیں یہ رب العالمین کے رسول ہیں،
انہیں اللہ تعالیٰ رحمت للعالمین بنا کر مبعوث فرمائے گا۔''

بعض روایات میں ہے کہ ابو طالب وہیں سے حضور کو لے کر واپس مکہ آ گئے لیکن دوسری روایت میں ہے آپ قافلہ کے ساتھ شام گئے جلدی جلدی کاروبار سے فراغت پا کر مکہ لوٹ گئے۔

فَخَرَجَ بِهٖ عَمَّةِ سَرِيْعًا حَتّٰى اَقْدَمَهٗ مَكَّةَ حِيْنَ فَرَغَ مِنْ تِجَارَتِهٖ بِالشَّامِ

''آپ کے چچا آپ کو لے کر وہاں سے جلدی نکلے شام پہنچے اپنے کاروبار سے فارغ ہو کر آپ کو لے کر مکہ واپس آ گئے۔''

(ضیاء النبی جلد دوم، پیر محمد کرم شاہ الازہری)

## حضور کا پہلا تاریخی فیصلہ

بعثت نبوی سے پانچ سال قبل تعمیر کعبہ ہوئی جس میں فیصلہ تھا کہ خرچ ہونے والا سارہ مال ہر لحاظ سے پاک وطیب ہو اس تعمیر میں تمام قبائل نے حصہ لیا کہ محروم کوئی نہ رہ جائے۔ بیت اللہ کی تعمیر کے مختلف حصوں کو مختلف قبائل میں تقسیم کر دیا گیا۔ تعمیر مکمل ہونے پر حجر اسود کو اپنی جگہ پر رکھنے کا وقت آیا تو شدید اختلافات پیدا ہو گئے۔ تلواریں نکل

آئیں۔ سرزمین مکہ جنگ وجدال اور میدان قتل وغارت دیکھائی دینے لگی۔ پانچ دن اسی کشمکش میں گزر گئے کہ کون حجر اسود کو اپنی جگہ پر رکھے گا۔ ہر ایک کی انتہائی خواہش تھی کہ حجرا سود رکھنے کا اعزاز اس کو ملے تو ابوامیہ بن مغیرہ مخزومی نے تجویز دی کہ کل صبح جو شخص سب سے پہلے مسجد حرام میں داخل ہو اسی کو حاکم بنا کر فیصلہ کرالو۔ سبھی اس رائے پر متفق ہو گئے۔ اور تمام لوگ حرم میں پہنچ گئے۔ کہ دیکھئے یہ سعادت کیسے ملتی ہے۔ اہل مکہ ایسے خوش نصیب، بلند بخت انسان کو دیکھنے کے لیے بے تاب تھے جیسے حاکم مان لیا جائے گا۔ متعجب تھے وہ کون ہوگا جس کے آنے سے جنگ وجدال کا میدان کارزار امن میں بدل جائے گا۔ دیکھئے وہ کون ہے جس کی ایک جھلک بچوں کو یتیم ہونے، خواتین کو بیوہ ہونے سے بچائے گی۔ نہ معلوم وہ کون ہو گا جو جنگ کے بھڑکنے والے شعلوں کو بجھادے گا۔ اچانک جنگ وجدال کے گھٹاٹوپ اندھیروں میں بجلی چمکی۔ پیارے محمد رسول اللہ ﷺ دیکھائی دیئے۔ آپ کی آمد کیا تھی جس نے خزاں کو بہار میں، جنگ کو امن میں، دکھ کو سکھ میں، ظلمت کو نور میں بدل دیا، اس طرح یہ منصب تحکیم حضور ﷺ کے حصہ میں آیا۔ جو درحقیقت حصہ تھا ہی آپ کا پورے حجاز میں اس کا اہل کوئی دوسرا تھا ہی نہیں۔ سب کی زبانوں سے بے ساختہ نکلا۔

**ھذا محمد الامین ھذا محمد** ”یہ محمد امین ہیں ان کے حاکم بنانے پر ہم راضی ہیں یہ تو محمد، امین ہیں“

آپ نے آگ سے نکلنے والے شعلوں کو حکمت عملی سے اس طرح بجھایا ایک چادر منگوا کر حجر اسود کو اس میں رکھ کر فرمایا ہر قبیلے کا سردار اس چادر کو تھام لے تاکہ کوئی اس سعادت سے محروم نہ رہ جائے۔ سارے کے سارے چادر کو تھام کر حجر اسود کو اٹھائے اُس جگہ پر پہنچے جہاں حجر اسود کو نصب کرنا تھا وہاں پہنچ کر حضور سید عالم ﷺ نے حجر اسود کو اپنے ہاتھ مبارک سے بیت اللہ شریف کی دیوار میں نصب فرمایا۔ (ھلدا الامین، علامہ ابوالنصر منظور احمد شاہ) (بحوالہ سیرت ابن ہشام (تاریخ طبری) زرقانی

# میلاد النبی ﷺ کا پہلا جلوس

یوں معلوم ہوتا ہے کہ تاریخ عالم میں عید میلاد النبی ﷺ کا یہ پہلا جلوس تھا جو سرورِ کائنات ﷺ کی ولادت سے ایک ہزار برس قبل اسی شہر میں نکالا گیا جہاں آپ ﷺ تشریف لانے والے تھے اور وہ شہر ''دارالہجرت'' بننے والا تھا۔ آقائے نامدار کی ولادت کی خوشی میں یہ ایسا عظیم الشان جلوس تھا جس کی قیادت اسی وقت کا بہت بڑا فرمانروا کر رہا تھا اور اس کے اکابر سلطنت عمائدین اور لشکری عقیدت واحترام کے پھول نچھاور کرتے ہوئے دست بستہ سر جھکائے اس کے ساتھ ساتھ چل رہے تھے۔ انسان اس واقعہ سے حیران اور ششدر رہ جاتا ہے۔ وہ کیسے مہمان محترم تھے جن کا جلوس ان کی آمد سے ایک ہزار سال پہلے نکالا جا رہا تھا۔ جس میں شاہ، گدا، ادنیٰ واعلیٰ، امیر وغریب سبھی خلوص دل سے شریک تھے۔

تبع حمیری نے اس کے بعد یثرب کے سارے شہر کو صاف کرایا۔ عالی شان اور خوبصورت عمارتیں تعمیر کرائیں۔ اس کی خواہش تھی کہ وہ یہیں کا ہو رہے اور یہودی علماء کے ساتھ وہ بھی نبی اخرالزماں ﷺ کا انتظار کرے لیکن امور سلطنت نے یہ خواہش پوری نہ ہونے دی۔ بعض روایات کے مطابق وہ کافی مدت یہاں مقیم رہا لیکن اس کی عدم موجودگی میں یمن میں بغاوت ہوگئی تو اسے واپس جانا پڑا۔

اس نے اپنی خواہش کی تکمیل کے لیے چار سو علماء کو خوبصورت مکانات بنوا کر دیے۔ اور انہیں زندگی کی تمام سہولتیں بھی مہیا کیں۔ اور ان علماء میں سے ''شامول'' نامی ایک عالم تھا جسے خوبصورت مکان بنوا کر دیا اور اسے اس کی بسر اوقات کے لیے باغات لگوا کر دیے۔

اس کے بعد اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا ایک خط بھی دیا جس میں لکھا کہ یہ خط تبع بن ورع کی طرف سے حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی جانب ہے جو حضرت عبداللہ کے بیٹے اور

خاتم النبیین اور رسول رب العالمین ہیں میں آپ پر اور آپ کی کتاب پر ایمان لایا۔ اور میں آپ ﷺ کی ''اولین امت'' میں سے ہوں۔

یہی وجہ تھی کہ یہ خط نسلاً بعد نسل حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس پہنچا۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ ''شامول'' کی اکیسویں پشت میں سے تھے: یہی وجہ تھی کہ خط سرور کائنات ﷺ کی خدمت میں پیش کیا گیا۔

(رسائل میلاد النبی ﷺ، صلاح الدین سعیدی)

## محفل میلاد کا پہلا منکر

شہنشاہ اربل کے بعد پچاس سال تک یہ عمل بلا د جمیع علماء و صلحاء میں جاری رہا پہلی محفل ابوسعید مظفر بادشاہ نے نہایت تزک و احتشام سے ۶۰۴ میں کرائی اور ان کی وفات ۶۳۶ میں ہوئی۔ بادشاہ موصوف مرحوم، مغفور کی وفات کے بعد بھی اسی دھوم دھام اور ذوق و شوق سے محافل میلاد کے انعقاد کا سلسلہ جاری رہا۔

۹۰۴ میں ایک شخص پیدا ہوا۔ جس کا نام تاج کہانی مغربی تھا۔ اس شخص نے جمہور کے خلاف ہو کر میلاد شریف کے عدم جواز کا فتویٰ لکھا مگر فقہا اور محدثین نے اس کے فتویٰ کو رد کیا اور یہ عمل جاری رہا اور اسلامی ممالک میں تیزی سے پھیل گیا۔

(رسائل میلاد محمدی، صلاح الدین سعیدی)

## میلاد پر پہلا رسالہ

ابوسعید مظفر بادشاہ کے زمانے میں ایک جید عالم دین تھے۔ جن کا نام حضرت عمر بن حسن رحمۃ اللہ علیہ اور کنیت ابوالخطاب تھی۔ جن کے بابت شرح علامہ زرقانی اور دوسری تواریخ عربی میں لکھا ہے۔ کہ وہ علم حدیث میں بڑے پختہ کار تھے۔ نحو، لغت اور تاریخ

آدب میں کامل تھے۔ اندلس، مراکش، افریقہ، مصر، شام، دیار شرقیہ، غربیہ، عراق، خراسان، ماژندان وغیرہ میں علم حدیث حاصل کرتے رہے اور دوسروں کو بھی اپنے علم سے نفع پہنچاتے رہے۔ ۶۰۴ میں وہ شہر اربل آئے اور سلطان ابوسعید مظفر کی دلچسپی کو دیکھ کر ایک رسالہ میلاد شریف پر تصنیف کیا اور اس کا نام رکھا کتاب ''التنویر فی مولد سراج المنیر'' ہے اور بادشاہ کے سامنے اسے پڑھا اور ایک ہزار اشرفی انعام حاصل کیا۔

(رسائل میلاد محمدی، صلاح الدین سعیدی)

# حضور نبی کریم ﷺ کی پہلی بیوی

مکہ مکرمہ کی ایک صاحب ثروت خاتون خدیجۃ الکبریٰ نہایت شریف، پاک باز عفیفہ تھیں آپ کو طاہرہ کے نام سے یاد کیا جاتا تھا۔ جب حضور ﷺ کی شرافت، دیانت، اخلاص کا عام چرچا ہوا تو سیدہ خدیجۃ الکبریٰ نے آپ کی طرف پیغام بھیجا، اگر آپ مال تجارت ملک شام لے کر جائیں تو دوسروں کی نسبت آپ کو دوہرا معاوضہ دوں گی۔ آپ نے پسند فرمایا اور ان کے غلام میسرہ کے ساتھ سفر کیا۔

دوران سفر میسرہ نے آپ کے بہت سے کمالات مشاہدہ کیے، میسرہ کہتے ہیں دوپہر کی شدید دھوپ میں آپ پر فرشتے سایہ کرتے تھے۔ اس مرتبہ بہت سا نفع ملا، میسرہ نے واپسی پر سارے حالات سیدہ خدیجۃ الکبریٰ کو سنائے۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ نے آپ کو مقرر شدہ حصہ سے بھی زیادہ معاوضہ دیا۔ (طبقات ابن سعد، مدینۃ الرسول خصائص الکبریٰ، بحوالہ بلد الامین، ابوالنصر منظور احمد شاہ)

حضرت خدیجۃ الکبریٰ نے یہ سارے واقعات جو میسرہ سے سنے تھے وہ ورقہ بن نوفل کو سنا دیئے، ورقہ حضرت خدیجہ کے چچا زاد بھائی تھے ورقہ نے کہا اگر یہ واقعات درست ہیں تو یقیناً یہ آخری نبی ہیں۔ اب حضرت خدیجۃ الکبریٰ کو آپ سے نکاح کا شوق

ہوا کہ نبی آخر الزماں کے اہلبیت میں شامل ہوں۔ حضور ﷺ کے اہلبیت میں تین طرح کے افراد شامل ہیں۔

۱۔ جو گھر پیدا ہوئے گھر ہی میں وصال ہو گیا۔ جیسے صاحبزادگان۔

۲۔ گھر پیدا ہوئے باہر چلے گئے جیسے صاحبزادیاں۔

۳۔ باہر پیدا ہوئے گھر آ گئے، جیسے ازواج مطہرات۔

حضور ﷺ نے اپنے چچا کے مشورے سے یہ پیغام نکاح قبول فرمایا۔ آپ کے چچا ابو طالب نے خطبہ نکاح پڑھا اور آپ کو حضور علیہ السلام کی پہلی بیوی کا شرف ملا۔ (مدینۃ الرسول، ابوالنصر علامہ منظور احمد شاہ)

اس وقت حضور ﷺ کی عمر ۲۵ برس کی تھی اور سیدہ خدیجۃ الکبریٰ کی ۴۰ سال۔ حضرت خدیجہ کے تفصیلی حالات معلوم کرنے کے لیے مدینۃ الرسول مؤلف ابوالنصر علامہ منظور احمد شاہ اور مدارج النبوۃ کا مطالعہ فرمائیں۔ (بلد الامین، ابوالنصر علامہ منظور احمد شاہ)

# نزول پہلی وحی

مکہ مکرمہ کے عظیم واقعات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ حضور سید عالم ﷺ حسب معمول غار حرا میں مصروف عبادت تھے کہ یکایک جبرائیلؑ حاضر ہوئے اور حضور ﷺ پر یہ پہلی وحی نازل ہوئی۔

(اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ) نزول کا معنی اوپر سے نیچے اترنا اور کلام کے اندر اترنا نقل و حرکت کا ہونا مشکل ہے۔ لہٰذا کلام کے اترنے کی تین قسمیں ہیں:

۱۔ یہ ہے کہ کلام کسی چیز پر لکھا جائے اور اس شے کو منتقل کر دیا جائے، اس طرح پہلی کتب سماویہ کا نزول ہوا کہ الواح پر لکھ دی گئیں اور پھر فرشتہ کے ذریعہ سے وہ الواح نبیؑ تک پہنچا دی گئیں۔ جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کوہ طور پر تورات کی لکھی ہوئی تختیاں دیدی گئیں۔

۲۔ کہ کسی کے ذریعے یہ بات کہہ کر بھیج دی جائے۔

۳۔ یہ کہ بغیر کسی واسطے سننے والے سے بات کر لی جائے قرآن مجید کا نزول دوسری اور تیسری صورت میں ہوا۔ حضرت سیدنا جبرائیل علیہ السلام حاضر ہوتے تھے۔ اور آ کر آیت قرآنیہ سناتے تھے۔ یہ نزول بذریعہ قاصد ہوا بعض آیات مبارکہ بغیر واسطہ جبرائیلؑ بھی عطا ہوئیں۔ جیسے سورہ بقرہ کی آخری آیات حضور ﷺ کو شب معراج عطا فرمائی گئیں۔ غار حرا میں نزول وحی کا آغاز ۲۷ رمضان المبارک پیر کے دن ہوا اور حضرت جبرائیل علیہ السلام کی وساطت سے ہوا اس طرح آپ پر پہلی وحی کا نزول ہوا۔ یہی دن بعثت نبوی کا پہلا دن ہے۔ یہ واقعہ صرف مکہ کے لیے نہیں بلکہ پوری دنیا کو چونکا دینے والا تھا تعلیم و تعلم کے متعلق یہ پہلی وحی اس وقت نازل ہوئی جب یورپ میں جہالت و وحشت کا دور تھا۔

(بلد الامین، علامہ ابو النصر منظور احمد شاہ)

## پہلی وحی کا نزول

جبرئیل امین جب پہلی وحی لے کر غار حرا میں آئے تو حضور ﷺ بارگاہ الٰہی میں مستغرق تھے۔ جبرئیل امین نے کہا اقـــرا ء۔ بھلا جس کا ذہن حسن الوہبت کی تجلیات میں کھویا ہوا ہو اسے گرد و پیش کا ہوش رہتا ہے۔ حضور ﷺ نے اسی بے خودی کے عالم میں فرمایا۔ مَا اَنَا بِقَارِ ءٍ پھر سینہ سے لگا کر کہا اقراء پھر وہی جواب ملا۔

چوتھی بار جبرئیل امین نے کہا اِقْرَاَ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ ۔ جب حضور ﷺ نے اپنے رب کا نام سنا تو آپ متوجہ ہوئے کہ یہ بھی تو اسی ذات کا نام رہا ہے۔ جس کے جلوہ میں، میں محو ہوں یہ سنتے ہی آپ نے پڑھا

اِقْرَأ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ

حضرت جبرئیل نے حضور ﷺ کو سینے سے کیوں لگایا۔ لوگ کہتے ہیں کہ حضرت

جبرئیل حضور کو اپنے سینہ سے لگا کر حضور ﷺ میں ملکوتی مناسبت پیدا کرنا چاہتے تھے تاکہ حضور ﷺ ان سے وحی لے سکیں۔ لیکن ذوق سلیم اس کو باور نہیں کرتا حضور ﷺ دنیا میں مخلوق سے فیض لینے نہیں آئے تھے۔ بلکہ تمام خلق خدا کو فیض دینے آئے تھے۔ اور جبرئیل حضور ﷺ کو سینہ سے لگا کر کچھ دینا نہیں لینا چاہتے تھے چنانچہ سینہ سے سینہ ملا تو یہ راز کھلا کہ معرفت مصطفوی میں فقط اقراء نہ کہو بلکہ اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ پوری آیت پڑھو جس کا کلام پڑھوانا ہے اس کا نام لو یہ فیض پہنچا تو جبرئیل نے پوری آیت پڑھی ورنہ پہلے ہی پڑھ دیتے۔ (مقالات سعیدی، علامہ غلام رسول سعیدی)

## پہلا ہدیہ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مکان پر سب سے پہلے ہدیہ اپنی والدہ کی طرف سے میں نے پہنچایا جو ثرید کا بہت بڑا پیالہ تھا۔ اس میں روٹی، گھی، اور دودھ تھا۔

آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تمہیں برکت دے پھر اصحاب کو بلایا اور سب نے مل کر کھایا۔ ابھی میں دروازے سے ہٹنے نہ پایا تھا کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جانب سے گوشت اور ثرید آیا۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر سے منتقل ہونے تک کوئی شب ایسی نہ گزری تھی کہ تین چار آدمی کھانا نہ لاتے۔ انہوں نے آپ میں باری مقرر کر رکھی تھی۔ رسائل میلاد حبیب، صلاح الدین سعیدی۔ (مدینۃ الرسول، ابوالنصر علامہ منظور احمد شاہ)

## پہلی بڑی مصیبت

حضور رسالت مآب ﷺ نے جناب حضرت امیر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی لاش کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا ما اصاب بمثلک ابرا میں نے تجھ جیسی مصیبت کبھی کسی

کی نہیں دیکھی یعنی کسی شخص کی مصیبت اس کے برابر نہیں۔ اور یہ لازمی امر ہے کہ مصیبت میں گریہ و بکا کا ظہور ہو۔

ہنگام چنیں مصیبت اے دل۔ کونالہ و آہ و بے قراری
اے دیدہ تو اشک ہائے فونیں۔ از، پہر کدام روز داری

بعد ازاں! حضور سرور کائنات ﷺ نے حضرت فاطمہ، صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو فرمایا! تمہیں بشارت ہو کہ مجھے جبریل امین نے آ کر بتایا ہے! اہل آسمان کے درمیان حمزہ کا نام اللہ و رسول کا شیر لکھا گیا ہے۔ (روضۃ الشہدا، ملا معین واعظ کاشفی جلد اول)

## مسجد نبوی میں پہلا منبر

حضور سید عالم ﷺ جمعہ کا خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے ایک لکڑی کے ساتھ ٹیک لگایا کرتے تھے جب لوگ زیادہ ہو گئے تو آپ نے فرمایا میرے لیے منبر بناؤ چنانچہ منبر بنا دیا گیا۔

سیدنا سہلؓ فرماتے ہیں کہ مدینہ منورہ میں صرف ایک بڑھئی تھا میں اور وہ غابہ (جنگل کا نام) گئے اور یہ منبر جھاڑ کے درخت سے بنایا۔ (مدینۃ الرسول، علامہ ابو النصر منظور احمد شاہ)

## پہلا منبر بنانے کا مشورہ

صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ لوگ زیادہ ہو گئے ہیں اگر مناسب سمجھیں تو کوئی ایسی چیز بنائیں جس پر کھڑے ہو کر آپ خطبہ دیا کریں۔ فرمایا جیسے چاہو۔

حضور سید عالم ﷺ کھجور کے تنے سے ٹیک لگا کر خطبہ دیتے تھے پھر آپ کے لیے منبر بنایا گیا جس کی تین سیڑھیاں تھیں۔ مسلم شریف میں ہے یہ تین سیڑھیاں تھیں۔

ارباب سیر اور مورخین نے اس امر پر اتفاق کیا ہے کہ حضور ﷺ کے منبر شریف کی تین سیڑھیاں تھیں۔ کان درجتین. غیر المجلس. و کان ﷺ منبرہ ثلاث درج (وفاء الوفاء ص ۴۰۰)

# عیسائیوں سے پہلا مباہلہ

نجران (یمن) کے نصرانیوں کا ایک وفد مدینہ منورہ آیا۔ یہ چودہ آدمیوں کی جماعت تھی جو سب کے سب نجران کے اشراف تھے اور اس وفد کی قیادت کرنے والے تین شخص تھے۔

(۱) ابو حارثہ بن علقمہ جو عیسائیوں کا پوپ اعظم تھا۔

(۲) اہیب جوان لوگوں کا سردار اعظم تھا۔

(۳) عبدالمسیح جو سردار اعظم کا نائب تھا۔ اور "عاقب" کہلاتا تھا۔

یہ سب نمائندے نہایت قیمتی اور نفیس لباس پہن کر عصر کے بعد مسجد نبوی میں داخل ہوئے اور اپنے قبلہ کی طرف منہ کر کے اپنی نماز ادا کی پھر ابو حارثہ اور ایک دوسرا شخص دونوں حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ نے نہایت کریمانہ لہجے میں ان دونوں سے گفتگو فرمائی اور حسب ذیل مکالمہ ہوا!

نبی ﷺ: تم لوگ اسلام قبول کر کے اللہ تعالیٰ کے فرماں بردار بن جاؤ۔

ابو حارثہ: ہم لوگ پہلے ہی سے اللہ تعالیٰ کے فرماں بردار ہو چکے ہیں۔

نبی ﷺ: تم لوگوں کا یہ کہنا صحیح نہیں کیونکہ تم لوگ صلیب کی پرستش کرتے ہو اور اللہ کے لئے بیٹا بتاتے ہو اور خنزیر کھاتے ہو۔

ابو حارثہ: آپ لوگ ہمارے پیغمبر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو گالیاں کیوں دیتے ہو؟

نبی ﷺ: ہم لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کیا کہتے ہیں۔

ابو حارثہ آپ لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بندہ کہتے ہیں حالانکہ وہ خدا کے بیٹے ہیں۔

نبی ﷺ: ہاں ہم یہ کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام خدا کے بندے اور اس کے رسول ہیں اور وہ کلمۃ اللہ جو کنواری مریم کے شکم سے بغیر باپ کے اللہ تعالیٰ کے حکم سے پیدا ہوئے۔

ابو حارثہ: کیا کوئی انسان بغیر باپ کے پیدا ہو سکتا ہے؟ جب آپ لوگ یہ مانتے ہیں کہ کوئی انسان حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا باپ نہیں تو پھر آپ لوگوں کو ماننا پڑے گا کہ ان کا باپ اللہ تعالیٰ ہے۔

نبی ﷺ: اگر کسی کا باپ کوئی انسان نہ ہو تو اس سے یہ لازم نہیں کہ اس کا باپ خدا ہی ہو۔ خداوند تعالیٰ اگر چاہے تو بغیر باپ کے بھی آدمی پیدا ہو سکتا ہے۔

دیکھو حضرت آدم علیہ السلام کو تو بغیر ماں باپ کے اللہ تعالیٰ نے مٹی سے پیدا فرما دیا اگر اس نے حضرت آدم علیہ السلام کو بغیر ماں باپ کے پیدا کر دیا تو اس میں تعجب کی کون سی بات ہے؟

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اس پیغمبرانہ طرز استدلال اور حکیمانہ گفتگو سے چاہئے تو یہ تھا کہ یہ وفد اپنی نصرانیت چھوڑ کر دامن اسلام میں آ جاتا مگر ان لوگوں نے حضور علیہ السلام سے جھگڑنا شروع کر دیا۔ یہاں تک کہ بحث و تکرار کا سلسلہ بہت دراز ہو گیا تو اللہ تعالیٰ نے سورہ آل عمران کی یہ آیت نازل فرمائی۔

(روح البیان، ج ۲ ص ۴۳، پ ۳، آل عمران: ۵۹)

فَمَنْ حَآجَّکَ فِیْهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَکَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَکُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَکُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَکُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَی الْکٰذِبِیْنَ۝ (پ ۳، آل عمران: ۶۱)

ترجمہ: پھر اے محبوب جو تم سے عیسیٰ کے بارے میں حجت کریں بعد اس کے کہ تمہیں علم آ چکا تو ان سے فرما دو آؤ ہم بلائیں اپنے بیٹے اور تمہارے بیٹے اور اپنی عورتیں اور تمہاری عورتیں اور اپنی جانیں اور تمہاری جانیں پھر مباہلہ کریں تو جھوٹوں پر اللہ کی لعنت ڈالیں۔ (کنز الایمان)

قرآن کی اس دعوت مباہلہ کو ابو حارثہ نے منظور کرلیا اور طے پایا کہ صبح نکل کر میدان میں مباہلہ کریں گے لیکن جب ابو حارثہ نصرانیوں کے پاس پہنچا تو اس نے اپنے آدمیوں سے کہا کہ اے میری قوم! تم لوگوں نے اچھی طرح جان لیا اور پہچان لیا کہ محمد (ﷺ) نبی آخرالزماں ہیں اور خوب یاد رکھو کہ جو قوم کسی نبی برحق کے ساتھ مباہلہ کرتی ہے اس قوم کے چھوٹے بڑے سب ہلاک ہو جاتے ہیں۔ اس لئے بہتر یہی ہے کہ ان سے صلح کر کے اپنے وطن کو واپس چلے چلو اور ہرگز ہرگز ان سے مباہلہ نہ کرو۔ چنانچہ صبح کو ابو حارثہ جب حضور ﷺ کے سامنے آیا تو یہ دیکھا کہ آپ حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو گود میں اٹھائے ہوئے اور حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی انگلی تھامے ہوئے ہیں اور حضرت فاطمہ و حضرت علی رضی اللہ عنہما آپ کے پیچھے چل رہے ہیں اور آپ ان لوگوں سے فرما رہے ہیں کہ میں جب دعا کروں تو تم لوگ ''آمین'' کہنا یہ منظر دیکھ کر ابو حارثہ خوف سے کانپ اٹھا اور کہنے لگا کہ اے گروہ نصاریٰ! میں ایسے چہروں کو دیکھ رہا ہوں کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو ان چہروں کی بدولت پہاڑ بھی اپنی جگہ سے ہٹ کر چل پڑے گا۔ لہٰذا اے میری قوم! ہرگز ہرگز مباہلہ نہ کرو۔ ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے اور روئے زمین پر کہیں بھی کوئی نصرانی باقی نہ رہے گا پھر اس نے کہا کہ اے ابوالقاسم! ہم آپ سے مباہلہ نہیں کریں گے اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہم اپنے ہی دین پر قائم رہیں۔ حضور ﷺ نے ان لوگوں سے کہا تم لوگ اسلام قبول کرلو تاکہ تم لوگوں کو مسلمانوں کے حقوق حاصل ہو جائیں، نصرانیوں نے اسلام قبول کرنے سے صاف صاف انکار کر دیا تو آپ نے فرمایا کہ پھر میرے لئے تمہارے ساتھ جنگ کے سوا کوئی چارہ نہیں۔ یہ سن کر نصرانیوں نے کہا کہ ہم لوگ عربوں سے جنگ کرنے کی طاقت نہیں رکھتے۔ لہٰذا ہم اس شرط پر صلح کرتے ہیں کہ آپ ہم سے جنگ نہ

کریں اور ہم کو اپنے ہی دین پر قائم رہنے دیں اور ہم بطور جزیہ آپ کو ہر سال ایک ہزار کپڑوں کے جوڑے دیتے رہیں گے۔ چنانچہ حضور ﷺ نے اس شرط پر صلح فرمالی اور ان نصرانیوں کے لئے امن وامان کا پروانہ لکھ دیا۔ اس کے بعد آپ نے ارشاد فرمایا کہ نجران والوں پر ہلاکت و بربادی آن پہنچی تھی مگر یہ لوگ بچ گئے اگر یہ لوگ مجھ سے مباہلہ کرتے تو مسخ ہو کر بندر اور خنزیر بن جاتے اور ان کی وادی میں ایسی آگ بھڑک اٹھتی کہ نجران کی کل آبادی یہاں تک کہ چرند اور پرند جل بھن کر راکھ کے ڈھیر بن جاتے اور روئے زمین کے تمام عیسائی سال بھر میں فنا ہو جاتے۔ (تفسیر روح البیان ج ۲ ص ۴۴ پ ۳، آل عمران ۶۱)

## عہد رسالت میں فتنہ خوارج کا آغاز

رسالت مآب ﷺ میں ہی فتنہ خوارج کا آغاز ہو گیا تھا۔ امام بخاری، مسلم کی متفق علیہ حدیث کے مطابق حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ!

ایک روز حضور نبی کریم ﷺ مال غنیمت تقسیم فرما رہے تھے تو بنو تمیّم کے ذوالخویصرہ نامی شخص نے کہا: یارسول اللہ (ﷺ) انصاف کیجئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو ہلاک ہو اگر میں انصاف نہیں کروں گا تو اور کون انصاف کرے گا؟ حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا (یارسول اللہ ﷺ) مجھے اجازت دیں کہ اس گستاخ کی گردن اڑا دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں (اس اکیلے کی گردن اڑانا کیونکہ) بیشک اس کے ایسے ساتھی بھی ہیں کہ تم ان کی نمازوں کے مقابلے میں اپنی نمازوں کو حقیر جانوں گے وہ دین سے اس طرح نکلے ہوئے ہوں گے جیسے شکار سے تیر نکل جاتا ہے"۔

(دہشت گری اور فتنہ خوارج صفحہ ۳۶۷، شیخ الاسلام علامہ ڈاکٹر طاہر القادری)

# دورِ علوی میں خوارج کا تحریکی آغاز

امام مسلم اور دیگر محدثین نے یہ پورہ واقعہ باالتفصیل حضرت زید بن وہب جہنی سے روایت کیا ہے۔

وہ (حضرت زید بن وہب) اس لشکر میں تھے جو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ خوارج سے جنگ کے لیے گیا تھا۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اے لوگوں! میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: میری امت میں ایک گروہ ظاہر ہوگا وہ ایسا (خوبصورت) قرآن پڑھے گا کہ ان کے پڑھنے کے سامنے تمہارے قرآن پڑھنے کی کوئی حیثیت نہ ہوگی۔ ان کی نمازوں کے سامنے تمہاری نمازوں کی کچھ حیثیت نہ ہوگی۔

ان کے روزہ کے سامنے تمہارے روزہ کی کوئی حیثیت نہ ہوگی۔ وہ یہ سمجھ کر قرآن پڑھیں کہ وہ ان کے حق میں ہے حالانکہ وہ ان کے خلاف حجت ہوگا۔

نماز ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گی اور وہ اسلام سے ایسے خارج ہوں گے جیسے تیر شکار سے خارج ہو جاتا ہے۔ جو لشکر ان کی سرکوبی کے لیے جا رہا ہوگا اگر وہ ثواب کو جان لے جس کا وعدہ اللہ تعالیٰ نے ان کے نبی ﷺ کی زبان پر کیا ہے تو وہ باقی اعمال کو چھوڑ کر اسی پر بھروسہ کر کے بیٹھ جائیں۔ ان کی نشانی یہ ہے کہ ان میں ایک آدمی ایسا ہوگا جس کے شانہ میں ہڈی نہیں ہوگی اور اس کے شانہ کا سر عورت کے بستان کی طرح ہوگا۔ جس پر سفید رنگ کے بال ہوں گے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے لشکر سے فرمایا: تم معاویہؓ اور اہل شام کی طرف جاتے ہو مگر ان خوارج کو چھوڑ جاتے ہو تاکہ یہ تمہارے پیچھے تمہاری اولاد اور تمہارے اموال کو ایذا دیں۔ بخدا: مجھے امید ہے کہ یہ وہی قوم ہے جس نے نا

حق خون بہایا اور لوگوں کی چراگاہوں۔ یعنی اموال کو لوٹ لیا تم اللہ کا نام لے کر ان سے قتال کے لیے روانہ ہو جاؤ۔ مسلمہ بن کہیل کہتے ہیں: پھر مجھ سے (اس کے راوی) زید بن وہب نے ایک ایک منزل کا تذکرہ کیا اور بیان کیا کہ جب ہم جا کر ان سے ملے تو ہمارا ایک پل سے گزر ہوا۔ اس وقت خوارج کا سپہ سالار عبداللہ بن وہب راسبی تھا اس نے حکم دیا کہ اپنے نیزے پھینک دو اور تلواریں میان سے نکال لو کیونکہ مجھے خدشہ ہے کہ یہ تم پر اس طرح حملہ کریں گے جس طرح یوم وحروراء میں کیا تھا۔ چنانچہ وہ پھرے انہوں نے اپنے نیزے پھینک دیئے اور تلواریں سونت لیں، لوگوں نے ان پر اپنے نیزوں سے حملہ کیا اور بعض نے بعض کو قتل کرنا شروع کر دیا، اس روز حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لشکر سے صرف دو آدمی شہید ہوئے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ان میں اس ناقص آدمی کو تلاش کرو۔ انہوں نے اسے ڈھونڈا لیکن وہ نہ ملا۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ خود اٹھے اور وہاں گئے جہاں ان کی لاشیں ایک دوسرے پر پڑی تھیں۔ آپ نے فرمایا ان لاشوں کو اٹھاؤ۔ تو اس (علامت والے مغلوب) شخص کو زمین پر لگا ہوا پایا۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اللہ اکبر۔ اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا اور اس کے رسول ﷺ نے ہم تک صحیح احکام پہنچائے۔ عبیدہ سلیمانی کھڑے ہوئے اور کہا امیر المومنین اس ذات کی قسم جس کی سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ کیا آپ نے خود حضور نبی کریم ﷺ سے یہ حدیث سنی تھی۔ آپ نے فرمایا ہاں اللہ رب العزت کی قسم: جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ اس نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے تین بار حلف لیا اور آپ نے تین مرتبہ قسم کھائی۔"

بعض روایات میں اس ناقص بازو والے شخص کی علامات بھی بیان کی گئی ہیں کہ وہ شخص سیاہ رنگ کا ہوگا اور اس کا ہاتھ بکری کے تھن یا عورت کے پستان کے سر کی طرح ہوگا۔

جب حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ گروہ خوارج کا قلع قمع کر چکے تو فرمایا: نشانی والے آدمی کی تلاش کرو۔ انہوں نے اسے ڈھونڈا مگر وہ نہ ملا فرمایا اس کو پھر جا کر تلاش کرو۔ بخدا نہ میں نے جھوٹ بولا ہے نہ مجھے جھوٹ بتایا گیا ہے۔ یہ بات انہوں نے دو یا تین بار کہی۔ حتیٰ کہ لوگوں نے اسے ایک کھنڈر میں ڈھونڈ لیا اور اس کی لاش لا کر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے رکھ دی۔ اس واقعے کے راوی عبید اللہ کہتے ہیں۔ میں اس سارے معاملہ میں ان کے پاس موجود تھا۔ اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ان خوارج کے بارے میں ہی تھا۔ (مسلم الصحیح کتاب الزکت باب الحریص علیٰ قتل الخوارج)

## باب دوم

# انبیاءِ اکرام علیہم السلام

- ☆ پہلے انسان کی تخلیق
- ☆ پہلی عورت کی تخلیق
- ☆ حضرت آدم علیہ السلام کا پہلا لباس
- ☆ پہلی جنتی لاٹھی
- ☆ پہلا قاتل و مقتول
- ☆ پہلا مردہ دفن ہونے والا کوا
- ☆ پہلا روزہ
- ☆ پہلا روزہ کس نے رکھا؟
- ☆ پہلی بات
- ☆ پہلی صنعت!
- ☆ پہلا خلائی مسافر
- ☆ پہلا محافظ کتا
- ☆ بچھڑے کی پہلی پوجا
- ☆ بنی اسرائیل کا پہلا سجدہ
- ☆ دیدار الٰہی کا پہلا تمنائی
- ☆ بنی اسرائیل کو پہلا حکم ربانی
- ☆ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مدین کی طرف پہلا سفر
- ☆ حضرت یوسف علیہ اسلام کا پہلا خواب
- ☆ بھائیوں کا یوسف علیہ اسلام کی طرف پہلا سفر
- ☆ پہلا بابرکت کرتہ
- ☆ حضرت یوسف علیہ السلام کی پہلی قبر

# پہلے انسان کی تخلیق

حضرت آدم علیہ السلام کی نہ ماں ہے نہ باپ بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو مٹی سے بنایا ہے چنانچہ روایت ہے کہ جب خداوند قدوس نے آپ کو پیدا کرنے کا ارادہ فرمایا تو حضرت عزرائیل علیہ السلام کو حکم دیا کہ زمین سے ایک مٹھی مٹی لائیں۔ حکم خداوندی کے مطابق حضرت عزرائیل علیہ السلام نے آسمان سے اتر کر زمین سے ایک مٹھی مٹی اٹھائی تو پوری روئے زمین کی اوپری پرت چھلکے کے مانند اتر کر آپ کی مٹھی میں آ گئی جس میں ساٹھ رنگوں اور مختلف کیفیتوں والی مٹیاں تھیں۔ یعنی سفید و سیاہ اور سرخ و زرد وغیرہ رنگوں والی اور نرم و سخت، شیریں و تلخ، نمکین و پھیکی وغیرہ کیفیتوں والی مٹیاں شامل تھیں۔

(تذکرۃ الانبیاء ص ۴۸)

پھر اس مٹی کو مختلف پانیوں سے گوندھنے کا حکم فرمایا چنانچہ ایک مدت کے بعد یہ چپکنے والی بن گئی پھر ایک مدت تک یہ گوندی گئی تو کیچڑ کی طرح بودار گارا بن گئی۔ پھر یہ خشک ہو کر کھنکھنائی اور بجتی ہوئی مٹی بن گئی۔ پھر اسی مٹی سے حضرت آدم علیہ السلام کا پتلا بنا کر جنت کے دروازے پر رکھ دیا گیا جس کو دیکھ دیکھ کر فرشتوں کی جماعت تعجب کرتی تھی کیونکہ فرشتوں نے ایسی شکل و صورت کی کوئی مخلوق کبھی دیکھی ہی نہیں تھی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اس پتلے میں روح کو داخل ہونے کا حکم فرمایا چنانچہ روح داخل ہو کر جب آپ کے نتھنوں میں پہنچی تو آپ کو چھینک آئی اور جب روح زبان تک پہنچ گئی تو آپ نے ''الحمد للہ'' پڑھا اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ''یرحمک اللہ''، یعنی اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے۔ اے ابو محمد (آدم) میں نے تم کو اپنی حمد ہی کے لئے بنایا ہے پھر رفتہ رفتہ پورے بدن میں روح پہنچ گئی اور آپ زندہ ہو کر کھڑے ہو گئے۔ (تفسیر خازن، ج ۱، ص ۴۳، پ ۱، البقرۃ: ۳۰)

ترمذی اور ابوداؤد میں یہ حدیث ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کا پتلا جس مٹی سے

بنایا گیا چونکہ ہو وہ مختلف رنگوں اور مختلف کیفیتوں کی مٹیوں کا مجموعہ تھی اسی لئے آپ کی اولاد یعنی انسانوں میں مختلف رنگوں اور قسم قسم کے مزاجوں والے لوگ ہو گئے۔

(تفسیر صاوی، ص ۴۹، پ ۱، البقرۃ: ۳۰)

حضرت آدم علیہ السلام کی کنیت ابو محمد یا ابوالبشر اور آپ کا لقب ''خلیفۃ اللہ'' ہے اور آپ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کے نبی ہیں۔ آپ نے نو سو ساٹھ برس کی عمر پائی اور بوقت وفات آپ کی اولاد کی تعداد ایک لاکھ ہو چکی تھی جنہوں نے طرح طرح کی صنعتوں اور عمارتوں سے زمین کو آباد کیا۔ (تفسیر صاوی، ج ۱، ص ۴۸، پ ۱، البقرۃ: ۳۰)

قرآن مجید میں بار بار اس مضمون کا بیان کیا گیا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق مٹی سے ہوئی چنانچہ سورۂ آل عمران میں ارشاد فرمایا کہ

اِنَّ مَثَلَ عِیۡسٰی عِنۡدَاللّٰهِ کَمَثَلِ اٰدَمَ خَلَقَهٗ مِنۡ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ کُنۡ فَیَکُوۡنُ. (پ ۳، ال عمران: ۵۹)

ترجمہ: عیسیٰ کی کہاوت اللہ کے نزدیک آدم کی طرح ہے اسے مٹی سے بنایا۔ پھر فرمادیا ہو جا وہ فوراً ہو جاتا ہے۔ (کنزالایمان)

دوسری آیت میں اس طرح فرمایا کہ:

اِنَّا خَلَقۡنٰهُمۡ مِّنۡ طِیۡنٍ لَّازِبٍ (پ ۲۳، الصافات ۱۱)

ترجمہ: بیشک ہم نے انسانوں کو چپکتی مٹی سے بنایا۔ (کنزالایمان)

کہیں یہ فرمایا کہ:

وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنۡ صَلۡصَالٍ مِّنۡ حَمَاٍ مَّسۡنُوۡنٍ

ترجمہ: اور بیشک ہم نے انسان کو بجتی ہوئی مٹی سے بنایا جو اصل میں ایک سیاہ بودار گارا تھی۔ (کنزالایمان)

# پہلی عورت کی تخلیق

جب حضرت آدم علیہ السلام کو خداوند قدوس نے بہشت میں رہنے کا حکم دیا تو آپ جنت میں تنہائی کی وجہ سے کچھ ملول ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے آپ پر نیند کا غلبہ فرمایا اور آپ گہری نیند سو گئے اسی حالت میں آپ کی بائیں پسلی سے اللہ تعالیٰ نے حضرت حوا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو پیدا فرمادیا۔

جب آپ نیند سے بیدار ہوئے تو یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ ایک نہایت ہی خوبصورت اور حسین و جمیل عورت آپ کے پاس بیٹھی ہوئی ہے۔ آپ نے ان سے فرمایا کہ تم کون ہو؟ اور کس لئے یہاں آئی ہو؟ تو حضرت حوا رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جواب دیا کہ میں آپ کی بیوی ہوں اور اللہ تعالیٰ نے مجھے اس لئے پیدا فرمایا ہے تاکہ آپ کو مجھ سے اُنس اور سکون قلب حاصل ہو۔ اور مجھے آپ سے اُنسیت اور تسکین ملے اور ہم دونوں ایک دوسرے سے مل کر خوش رہیں اور پیار و محبت کے ساتھ زندگی بسر کریں اور خداوند قدوس کی نعمتوں کا شکریہ ادا کرتے رہیں۔ (تفسیر روح المعانی، ج ا ص ۳۱۶، پ البقرۃ:۳۵)

قرآن مجید میں چند مقامات پر اللہ تعالیٰ نے حضرت حواء کے بارے میں ارشاد فرمایا مثلاً!

وَّخَلَقَ مِنۡهَا زَوۡجَهَا وَبَثَّ مِنۡهُمَا رِجَالًا كَثِيۡرًا وَّنِسَآءً (پ ا، النساء:۱)

ترجمہ: اور اسی میں سے اس کا جوڑا بنایا اور ان دونوں سے بہت مرد وعرت پھیلا دیئے۔ (کنز الایمان)

# حضرت آدم علیہ السلام کا پہلا لباس

حضرت امام قرطبی رحمۃ اللہ علیہ سورۃ اعراف کی تفسیر میں فرماتے ہیں۔ کہ جب حضرت آدم علیہ السلام نے شجر ممنوعہ سے کچھ کھالیا تو فوراً آپ کا ستر ظاہر ہو گیا، انہوں نے

درختوں کے پتوں سے اپنے ستر کو چھپانا چاہا تو انجیر کے علاوہ سبھی درخت بھاگ کھڑے ہوئے۔ انجیر نے اپنے پتے پیش کر دیے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے اسے یہ ثمرہ عطا فرمایا کہ اس کا ظاہر و باطن شیریں بنا دیا۔ سال میں دو دو بار بار آور فرمایا، کتاب البرکہ میں مرقوم ہے کہ انجیر کے دانے پر بسم اللہ القوی نقش ہیں۔ (زینت المجالس ترجمہ نزہت المجالس صفحہ ۹۸)

## گندم کی پہلی کاشت

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی زمین پر پہلی خوراک گندم تھی۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام گندم کے سات دانے حضرت آدم علیہ السلام کے پاس لائے آپ علیہ السلام نے پوچھا یہ کیا ہے؟

آپ جبرئیل علیہ السلام نے بتایا: یہ اسی درخت کا پھل ہے جس سے آپ کو روکا گیا تھا۔ آپ نے فرمایا میں اسے کیا کروں؟ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے بتایا: اسے زمین میں کاشت کر دو۔ حضرت آدم علیہ السلام نے وہ دانے زمین میں کاشت کر دیئے۔ گندم کے ہر دانے سے بھی زائد پودے آ گے فصل پک کر تیار ہو گئی۔ آپ نے اُسے کاٹا: صاف کیا پھر اُسے پیس کر آٹا بنایا۔ اُسے گوندھا اور اس سے روٹیاں بنائیں اور اس طرح بڑی مشقت کوشش کے بعد اُسے کھایا۔ (قصص الانبیاء)

## پہلی جنتی لاٹھی

یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی وہ مقدس لاٹھی ہے۔ جس کو "عصاء موسویٰ" کہتے ہیں اس کے ذریعہ آپ کے بہت سے معجزات کا ظہور ہوا جن کو قرآن مجید نے مختلف عنوانوں کے ساتھ بار بار بیان فرمایا ہے۔

اس مقدس لاٹھی کی تاریخ بہت قدیم ہے جو اپنے دامن میں سیکڑوں ان تاریخی

واقعات کو سمیٹے ہوئے ہے۔ جن میں عبرتوں اور نصیحتوں کے ہزاروں نشانات ستاروں کی طرح جگمگا رہے ہیں جن سے اہل نظر کو بصیرت کی روشنی اور ہدایت کا نور ملتا ہے۔

یہ لاٹھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قد کے برابر دس ہاتھ لمبی تھی۔ اور اس کے سر پر دو شاخیں تھیں جو رات میں مشعل کی طرح روشن ہو جایا کرتی تھیں۔ یہ جنت کے درختِ پیلو کی لکڑی سے بنائی گئی تھی اور اس کو حضرت آدم علیہ السلام بہشت سے اپنے ساتھ لائے تھے۔ چنانچہ حضرت سیدی علی اجھوزی علیہ الرحمتہ نے فرمایا کہ

وَاٰدَمُ مَعَهٗ اُنْزِلَ الْعُوْدُ وَالْعَصَا     لِمُوْسٰی مِنَ الْاٰسِ النَّبَاتِ الْمُكَرَّمِ

وَاَوْرَاقُ تِيْنٍ وَّالْيَمِيْنُ بِمَكَّةَ     وَخَتْمُ سُلَيْمَانَ النَّبِيِّ الْمُعَظَّمِ

ترجمہ: حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ عود (خوشبو دار لکڑی) اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا جو عزت والی پیلو کی لکڑی کا تھا اور انجیر کی پتیاں اور حجر اسود جو مکہ معظمہ میں ہے اور نبی معظم حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی یہ پانچویں چیزیں جنت سے اُتاری گئیں۔

(تفسیر الصاوی، ج ۱، ص ۶۹، البقرۃ: ۶۰)

حضرت آدم علیہ السلام کے بعد یہ مقدس عصا حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو یکے بعد دیگرے بطور میراث کے ملتا رہا۔ یہاں تک کہ حضرت شعیب علیہ السلام کو ملا جو "قوم مدین" کے نبی تھے جب حضرت موسیٰ علیہ السلام مصر سے ہجرت فرما کر مدین تشریف لے گئے اور حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی صاحبزادی حضرت بی بی صفوراء رضی اللہ عنہا سے آپ کا نکاح فرما دیا اور آپ دس برس تک حضرت شعیب علیہ السلام کی خدمت میں رہ کر آپ کی بکریاں چراتے رہے۔ اس وقت حضرت شعیب علیہ السلام نے حکم خداوندی کے مطابق آپ کو یہ مقدس عصا عطا فرمایا۔

پھر جب آپ اپنی زوجہ محترمہ کو ساتھ لے کر مدین سے مصر اپنے وطن کے لئے روانہ ہوئے اور وادی مقدس مقام "طویٰ" پہنچے تو اللہ تعالیٰ نے اپنی تجلی سے آپ کو سرفراز فرما

کر منصب رسالت کے شرف سے سر بلند فرمایا۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے آپ سے جس طرح کلام فرمایا قرآن مجید نے اس کو بیان فرمایا کہ

وَمَا تِلْکَ بِیَمِیْنِکَ یٰمُوْسٰی ٥ قَالَ هِیَ عَصَایَ اَتَوَکَّؤُا عَلَیْهَا وَ اَهُشُّ بِهَا عَلٰی غَنَمِیْ وَ لِیَ فِیْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰی ٥(پ ١٦، طٰه:١٧،١٨)

ترجمہ: اور یہ تیرے داہنے ہاتھ میں کیا ہے، اے موسیٰ عرض کی یہ میرا عصا ہے میں اس پر تکیہ لگاتا ہوں اور اس سے اپنی بکریوں پر پتے جھاڑتا ہوں اور میرے اس میں اور کام ہیں۔

(کنز الایمان)

مَاٰرِبُ اُخْرٰی (دوسرے کاموں) کی تفسیر میں حضرت علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد نسفی علیہ الرحمتہ نے فرمایا کہ مثلاً

(۱) اس کو ہاتھ میں لے کر اس کے سہارے چلنا

(۲) اس سے بات چیت کر کے دل بہلانا

(۳) دن میں اس کا درخت بن کر آپ پر سایہ کرنا

(۴) رات میں اس کی دونوں شاخوں کا روشن ہو کر آپ کو روشنی دینا

(۵) اس سے دشمنوں، درندوں، سانپوں اور بچھوؤں کو مارنا

(۶) کنوئیں سے پانی بھرنے کے وقت اس کا رسی بن جانا اور اس کی دونوں شاخوں کا ڈول بن جانا

(۷) بوقت ضرورت اس کا درخت بن کر حسب خواہش پھل دینا

(۸) اس کو زمین میں گاڑ دینے سے پانی نکل پڑنا وغیرہ۔

(مدارک التنزیل ج ۳، ص ۲۵۱، پ ۱۶ طٰہ:۱۸)

حضرت موسیٰ علیہ السلام اس مقدس لاٹھی سے مذکورہ بالا کام نکالتے رہے۔ مگر جب آپ فرعون کے دربار میں ہدایت فرمانے کی غرض سے تشریف لے گئے اور اس نے

آپ کو جادوگر کہہ کر جھٹلایا تو آپ سے اس عصا کے ذریعہ بڑے بڑے معجزات کا ظہور ہو۔

## پہلی توبہ کیسے قبول ہوئی؟

حضرت آدم علیہ السلام نے جنت سے زمین پر آنے کے بعد تین سو برس تک ندامت کی وجہ سے سر اٹھا کر آسمان کی طرف نہیں دیکھا اور روتے ہی رہے۔ روایت ہے کہ اگر تمام انسانوں کے آنسو جمع کئے جائیں تو اتنے نہیں ہوں گے جتنے آنسو حضرت داؤد علیہ السلام کے خوف الٰہی سے زمین پر گرے اور اگر تمام انسانوں اور حضرت داؤد علیہ السلام کے آنسوؤں کو جمع کیا جائے تو حضرت آدم علیہ السلام کے آنسو ان سب لوگوں سے زیادہ ہوں گے۔ (تفسیر صاوی ج ا ص ۵۵ پ ا، البقرۃ: ۳۷)

بعض روایات میں ہے کہ آپ نے یہ پڑھ کر دعا مانگی کہ:

سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ لَااِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِی اِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

یعنی اے اللہ! میں تیری حمد کے ساتھ تیری پاکی بیان کرتا ہوں تیرا نام برکت والا ہے اور تیری بزرگی بہت ہی بلند مرتبہ ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے میں نے ہی حد سے بڑھنے والا ہوں تو مجھے بخش دے کیونکہ تیرے سوا کوئی نہیں ہے جو گناہوں کو بخش دے۔

(تفسیر جمل علی الجلالین، ج ا ص ۶۳، پ ا، البقرۃ: ۳۷)

ایک روایت میں ہے کہ آپ نے رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ پڑھا یعنی اے رب پروردگار! ہم ہی حد سے بڑھنے والے ہیں اور اگر تو ہمیں رحم فرما کر نہ بخشے گا تو ہم گھاٹا اٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔ (تفسیر جلالین، ص ۱۳۱، پ ۸، الاعراف: ۲۳)

لیکن حاکم و طبرانی و ابونعیم و بیہقی نے حضرت علی مرتضی رضی اللہ عنہ سے مرفوعا

روایت کی ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام پر عتاب الٰہی ہوا تو آپ توبہ کی فکر میں حیران تھے ناگہاں اس پریشانی کے عالم میں یاد آیا کہ وقت پیدائش میں نے سر اٹھا کر دیکھا کہ عرش پر لکھا ہوا ہے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اسی وقت میں نے سمجھ لیا تھا کہ بارگاہ الٰہی میں وہ مرتبہ کسی کو میسر نہیں جو محمد ﷺ کو حاصل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کا نام اپنے نام اقدس کے ساتھ ملا کر عرش پر مکتوب فرمایا ہے لہٰذا آپ نے اپنی دعا میں رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا کے ساتھ یہ عرض کیا کہ اسئلک بحق محمد ان تغفرلی اور ابن منذر کی روایت میں یہ کلمات بھی ہیں کہ اللھم انی السئلک بجاہ محمد عبدک و کرامتہ علیک ان تغفرلی خطیئتی یعنی اے اللہ! تیرے بندہ خاص محمد ﷺ کے جاہ و مرتبہ کے طفیل میں اور ان کی بزرگی کے صدقے میں جو انہیں تیرے دربار میں حاصل ہے۔ میں تجھ سے دعا کرتا ہوں کہ تو میرے گناہ کو بخش دے۔

یہ دعا کرتے ہی حق تعالیٰ نے ان کی مغفرت فرمادی اور توبہ مقبول ہوئی۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ (خزائن العرفان ص۱۲)

فَتَلَقّٰۤی اٰدَمُ مِنۡ رَّبِّہٖ کَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَیۡہِ اِنَّہٗ ہُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیۡمُ

(پ ۱، البقرہ ۳۷)

پھر سیکھ لئے آدم نے اپنے رب سے کچھ کلمات تو اللہ تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول فرمائی بیشک اللہ تعالیٰ بہت توبہ قبول فرمانے والا مہربان ہے۔

## پہلا قاتل و مقتول

روئے زمین پر سب سے پہلا قاتل قابیل اور سب سے پہلا مقتول ہابیل ہے۔ ''قابیل و ہابیل'' یہ دونوں حضرت آدم علیہ السلام کے فرزند ہیں ان دونوں کا واقعہ یہ ہے کہ حضرت حواء کے ہر حمل میں ایک لڑکا اور ایک لڑکی پیدا ہوتے اور ایک حمل کے لڑکے کا

دوسرے حمل کی لڑکی سے نکاح کیا جاتا تھا۔اس دستور کے مطابق حضرت آدم علیہ السلام نے قابیل کا نکاح ''لیوذا'' سے جو ہابیل کے ساتھ پیدا ہوئی تھی کرنا چاہا۔مگر قابیل اس پر راضی نہ ہوا کیونکہ اقلیما زیادہ خوبصورت تھی اس لئے وہ اس کا طلب گار رہا۔

حضرت آدم علیہ السلام نے اس کو سمجھایا کہ چونکہ اقلیما تیرے ساتھ پیدا ہوئی ہے۔اس لئے وہ تیری بہن ہے۔اس کے ساتھ تیرا نکاح نہیں ہوسکتا۔مگر قابیل اپنی ضد پر اڑا رہا۔ بالآخر حضرت آدم علیہ السلام نے یہ حکم دیا کہ تم دونوں اپنی اپنی قربانیاں خداوند قدوس عزوجل کے دربار میں پیش کرو۔جس کی قربانی مقبول ہوگی وہی اقلیما کا حق دار ہو گا۔اس زمانے میں قربانی کی مقبولیت کی یہ نشانی تھی کہ آسمان سے ایک آگ اتر کر اس کو کھالیا کرتی تھی۔چنانچہ قابیل نے گیہوں کے کچھ بال اور ہابیل نے ایک بکری قربانی کے لئے پیش کی۔آسمانی آگ نے ہابیل کی قربانی کو کھالیا اور قابیل کے گیہوں کو چھوڑ دیا۔اس بات پر قابیل کے دل میں بغض وحسد پیدا ہو گیا اور قابیل کو قتل کر دینے کی ٹھان لی اور ہابیل سے کہہ دیا کہ میں تجھ کو ضرور ضرور قتل کر دوں گا۔ہابیل نے کہا کہ قربانی قبول کرنا اللہ تعالیٰ کا کام ہے اور وہ متقی بندوں ہی کی قربانی قبول کرتا ہے۔اگر تو متقی ہوتا تو ضرور تیری قربانی قبول ہوتی۔ساتھ ہی ہابیل نے یہ بھی کہدیا کہ اگر تو میرے قتل کے لئے ہاتھ بڑھائے گا تو میں تجھ پر اپنا ہاتھ نہیں اٹھاؤں گا کیونکہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں۔میں یہ چاہتا ہوں کہ میرا اور تیرا گناہ دونوں تیرے ہی پلے پڑیں اور تو دوزخی ہو جائے کیونکہ بے انصافوں کی یہی سزا ہے۔آخر قابیل نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کر دیا۔بوقت قتل ہابیل کی عمر بیس برس کی تھی اور قتل کا یہ حادثہ مکہ مکرمہ میں جبل ثور کے پاس یا جبل حرا کی گھاٹی میں ہوا۔اور بعض کا قول ہے کہ بصرہ میں جس جگہ مسجد اعظم بنی ہوئی ہے منگل کے دن یہ سانحہ ہوا۔(واللہ تعالیٰ اعلم)

روایت ہے کہ جب ہابیل قتل ہو گئے تو سات دنوں تک زمین میں زلزلہ رہا اور وحوش وطیور اور درندوں میں اضطراب اور بے چینی پھیل گئی اور قابیل جو بہت ہی گورا اور

خوبصورت تھا۔ بھائی کا خون بہاتے ہی اس کا چہرہ بالکل کالا اور بدصورت ہو گیا۔اور حضرت آدم علیہ السلام کو بے حد رنج وقلق ہوا۔ یہاں تک کہ ہابیل کے رنج وغم میں ایک سو برس تک کبھی آپ کو ہنسی نہیں آئی اور سریانی زبان میں آپ نے ہابیل کا مرثیہ کہا جس کا عربی اشعار میں ترجمہ یہ ہے ۔

تُغَيَّرَتِ الْبِلَادِ وَمَنْ عَلَيْهَا فَوَجْهُ الْاَرْضِ مُغْبَرٌّ قَبِيْحٌ

تَغَيَّرَ كُلَّ ذِىْ لَوْنٍ وَطَعْمٍ وَ قَلَّ بِشَاشَةُ الْوَجْهِ الصَّبِيْحِ

ترجمہ: تمام شہروں اوران کے باشندوں میں تغیر پیدا ہو گیا اور زمین کا چہرہ غبار آلود اور قبیح ہو گیا۔ ہر رنگ اور مزہ والی چیز بدل گئی اور گورے چہرے کی رونق کم ہو گئی۔

حضرت آدم علیہ السلام نے شدید غضب ناک ہوکر قابیل کو پھٹکار کر اپنے دربار سے نکال دیا اور وہ بدنصیب اقلیما کو ساتھ لے کر یمن کی سرزمین ''عدن'' میں چلا گیا۔ وہاں ابلیس اس کے پاس آ کر کہنے لگا کہ ہابیل کی قربانی کو آگ نے اس لئے کھالیا کہ وہ آگ کی پوجا کیا کرتا تھا لہٰذا تو بھی ایک آگ کا مندر بنا کر آگ کی پرستش کیا کر۔ چنانچہ قابیل پہلا وہ شخص ہے جس نے آگ کی عبادت کی اور یہ روئے زمین پر پہلا شخص ہے جس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی اور سب پہلے خون ناحق کیا اور یہ پہلا وہ مجرم ہے جو جہنم میں سب سے پہلے ڈالا جائے گا اور حدیث شریف میں ہے کہ روئے زمین پر قیامت تک جو بھی خون ناحق ہوگا قابیل اس میں حصہ دار ہوگا کیونکہ اسی نے سب سے پہلے قتل کا دستور نکالا اور قابیل کا انجام یہ ہوا کہ اس کے ایک لڑکے نے جو کہ اندھا تھا اس کو ایک پتھر مار کر قتل کر دیا اور یہ بدبخت نبی زادہ ہونے کے باوجود آگ کی پرستش کرتے ہوئے کفر وشرک کی حالت میں اپنے لڑکے کے ہاتھ سے مارا گیا۔ (روح البیان ج ۲،ص ۳۷۹، مائدہ: ۲۷ تا ۳۰)

ہابیل کے قتل ہو جانے کے پانچ برس بعد حضرت شیث علیہ السلام پیدا ہوئے جب کہ حضرت آدم علیہ السلام کی عمر شریف ایک سو برس کی ہو چکی تھی۔ آپ نے اس ہونہار

فرزند کا نام ''شیث'' رکھا۔ یہ سریانی زبان کا لفظ ہے اور عربی میں اس کے معنی ''ہبۃ اللہ'' یعنی ''فرزند کا عطیہ'' ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام نے پچاس صحیفے جو آپ پر نازل ہوئے تھے۔ ان سب کی حضرت شیث علیہ السلام کو تعلیم دی اور ان کو اپنا وصی و خلیفہ اور سجادہ نشین بنایا اور ان کی نسل میں خیر و برکت ہونے کی دعائیں مانگیں۔ ہمارے حضور خاتم النبیین ﷺ ان ہی حضرت شیث علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں۔

(روح البیان ج ۲،ص۳۷۲، پ ۶، المائدۃ:۳۰)

وَ اتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَبْنَیْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۝ لَئِنْ بَسَطْتَّ اِلَیَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِیْ مَاۤ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِیَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ اِنِّیْۤ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اِنِّیْۤ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ بِاِثْمِیْ وَ اِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ وَ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ (پ ۶، مائدہ ۲۷ تا ۳۰)

ترجمہ: اور اے پیغمبر! انہیں پڑھ کر سناؤ آدم کے دونوں بیٹوں کی سچی خبر جب دونوں نے ایک ایک قربانی پیش کی تو ایک کی قبول ہوئی اور دوسرے کی نہ قبول ہوئی۔ بولا قسم ہے میں تجھے قتل کروں گا۔ کہا اللہ اسی کی قبول کرتا ہے جسے ڈر ہے بیشک اگر تو اپنا ہاتھ مجھ پر بڑھائے گا کہ مجھے قتل کرے تو میں اپنا ہاتھ تجھ پر نہ بڑھاؤں گا کہ تجھے قتل کروں میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو مالک سارے جہان کا۔ میں تو یہ چاہتا ہوں کہ میرا اور تیرا گناہ دونوں تیرے ہی پلہ پڑے تو تو دوزخی ہو جائے۔ اور بے انصافوں کی یہی سزا ہے تو اس کے نفس نے اسے بھائی کے قتل کا چاؤ دلایا تو اسے قتل کر دیا تو رہ گیا نقصان میں۔

# پہلا مردہ دفن ہونے والا کوا

جب قابیل نے ہابیل کو قتل کر دیا تو چونکہ اس سے پہلے کوئی آدمی مرا ہی نہیں تھا۔اس لئے قابیل حیران تھا کہ بھائی کی لاش کو کیا کروں۔چنانچہ کئی دنوں تک وہ لاش کو اپنی پیٹھ پر لادے پھرا پھر اس نے دیکھا کہ دو کوے آپس میں لڑے اور ایک نے دوسرے کو مار ڈالا پھر زندہ کوّے نے اپنی چونچ اور پنجوں سے زمین کرید کر ایک گڑھا کھودا اور اس میں مرے ہوئے کوّے کو ڈال کر مٹی سے دبا دیا یہ منظر دیکھ کر قابیل کو معلوم ہوا کہ مردے کی لاش کو زمین میں دفن کرنا چاہئے چنانچہ اس نے قبر کھود کر اس میں بھائی کی لاش کو دفن کر دیا۔
(مدارک التنزیل ج ا،ص ۴۸۶ المائدہ ۳۱)

قرآن مجید نے اس واقعہ کو ان لفظوں میں بیان فرمایا ہے کہ:

فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا یَّبْحَثُ فِی الْاَرْضِ لِیُرِیَهٗ كَیْفَ یُوَارِیْ سَوْءَةَ اَخِیْهِ قَالَ یٰوَیْلَتٰۤى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِیَ سَوْءَةَ اَخِیْ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِیْنَ ۞(پ ٦ ، المائدة : ٣١)

ترجمہ: تو اللہ نے ایک کوّا بھیجا زمین کریدتا کہ اسے دکھائے کہ کیونکر اپنے بھائی کی لاش چھپائے بولا۔ہائے خرابی میں اس کوّے جیسا بھی نہ ہو سکا کہ میں اپنے بھائی کی لاش کو چھپاتا تو پچھتاتا رہ گیا۔( کنزالایمان )

# پہلا روزہ

روزہ ایک ایسی عبادت ہے جو انسانی وجود پر سخت معلوم ہوتی ہے، کہ سارہ دن مئی جون کی سخت گرمیوں میں بھوکا پیاسہ رہنا پڑتا ہے۔اس لیے اللہ تعالیٰ نے روزہ داروں کی تسلی وتشفی کے لیے ارشاد فرمایا:

كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

کہ اے ایمان والوں یہ مشقت صرف تم پر ہی نہیں ڈالی گئی ہے بلکہ کوئی امت تم سے پہلے اس عبادت سے آزاد نہ تھی۔ چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام پر ماہ کی ۱۳۔۱۴ اور ۱۵ کے روزے فرض تھے جن کو آیام بیض کہتے ہیں و امت مسلمہ میں نوافل کا درجہ رکھتے ہیں۔ (تفسیر عزیزی)

## پہلا روزہ کس نے رکھا؟

جب حضرت آدم علیہ السلام جنت سے باہر تشریف لائے تو کئی سو برس روتے رہے جب توبہ کا وقت آیا اور حضرت ادم علیہ السلام کے دل میں کچھ دعاؤں کا القا ہوا، وہ عاشورہ یعنی دسویں محرم اور غالباً جمعہ کا دن تھا آپ کو کلمات القا ہونے پر بڑی خوشی ہوئی آپ نے وضو فرمایا اور خانہ کعبہ کے سامنے کھڑے ہوئے دو رکعت نماز ادا کی پھر ان کلمات کی برکت سے دعا مانگی۔ جب حضرت آدم علیہ السلام جنت سے تشریف لائے تھے تب آپ کے جسم مبارک کا رنگ سیاہ ہو گیا تھا تو بارگاہ الٰہی میں عرض کیا مولا یہ میرا جسم دوبارہ نور والا کیسے ہوگا یعنی سفید کیسے ہوگا تو حکم ہوا کہ چاند کی تیرھویں، چودھویں اور پندرھویں کا روزہ رکھو۔ چنانچہ آپ نے یہ روزے رکھے اور پہلے دن جسم کا ایک حصہ روشن ہو گیا دوسرے دن دوسرا تیسرے دن تیسرا حصہ روشن ہو گیا یعنی روزے رکھنے کی برکت سے سارا جسم روشن یعنی سفید ہو گیا۔ یہ تینوں روزے حضرت نوح علیہ السلام کے زمانہ تک فرض رہے۔ اسلام میں بھی کچھ زمانے تک ہر مہینے کے یہ تین روزے فرض رہے۔

## پہلی بات

حسن و جمال کے حسین ترین دو پیکر حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حوا نے جب ایک دوسرے پر نظر ڈالی تو اس طرح گویا ہوئے۔ حوا میرا خیال ہے، تجھ سے اور مجھ

سے حسین اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق میں کسی اور کو تخلیق نہیں فرمایا ہوگا، اللہ تعالیٰ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے فرمایا انہیں اپنے ساتھ فردوس اعلیٰ میں لے جائیں اور جنت کے محلات میں سے کوئی محل ان کے لیے کھول دو۔ چنانچہ سرخ یاقوت کے محل کا دروازہ کھول دیا گیا اس میں کافوری خوشبو سے معمور زبرجد کا ایک گنبد باغ زعفران میں قائم تھا۔

(زینت المجالس ترجمہ نزہت المجالس صفحہ ۵۲۸)

## پہلی صنعت! گندم اور جو

روئے زمین پر جو سب سے پہلی صنعت ظہور پذیر ہوئی وہ کاستکاری ہے۔

حضرت سیدنا آدم علیہ السلام نے سب سے پہلے زمین پر کاشتکاری فرمائی سارا دن ہل چلاتے چلاتے تھک گئے تو حضرت حوا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا جو کسر رہ گئی ہے اسے آپ پورا کردیں، چنانچہ جو بیج حضرت حوا رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ڈالے وہ جو بن گئے۔

حضرت سیدنا آدم علیہ السلام تعجب کرنے لگے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا چونکہ اس نے دشمن کا مشورہ تسلیم کرلیا تھا اس لیے ان کے بوئے ہوئے بیج کو جو کی شکل دے دی۔

حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے وقت گندم کے دانے کا حجم شتر مرغ کے انڈے کے برابر تھا (واللہ تعالیٰ وحبیب الاعلیٰ اعلم)

(زینت المجالس ترجمہ نزہت المجالس صفحہ ۹۴)

## پہلا خلائی مسافر

دنیائے اسلام نے تمام فرقے اور مذاہب سب اس بات پر متفق ہیں کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے یہودیوں کے شر سے محفوظ فرما کر آسمانوں پر اٹھالیا اور آج تک وہ جسد عنصری کے ساتھ آسمانوں پر جلوہ آفروز ہیں، پھر قرب قیامت آسمان سے

زمین پر نزول فرمائیں گے۔ ایک عرصہ تک دین مصطفوی کی تبلیغ و اشاعت میں مصروف رہیں گے اور پھر بوقت وصال خاتم المرسلین رحمۃ للعالمین ﷺ کے مزار اقدس میں گنبد خضریٰ کے سایہ تلے دفن ہو گئے۔ (زینت المجالس ترجمہ نزہت المجالس صفحہ ۳۷۸)

## پہلا محافظ کتا

حضرت نوح علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے حکم سے جب کشتی تیار کرنے لگے تو رات کو لوگ آ کر کشتی کو خراب کر ڈالتے آپ نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کیا تو حکم ہوا کشتی کی حفاظت کے لیے ایک کتا رکھ لیں چنانچہ آپ نے ایک حفاظتی کتا رکھ لیا رات کے وقت جب لوگ کشتی خراب کرنے آئے تو کتا چلاتا آپ بیدار ہو جاتے اور لوگ بھاگ جاتے بیان کرتے ہیں کہ سب سے پہلے حضرت نوح علیہ السلام نے ہی حفاظت کے لیے کتا پالنے کا آغاز کیا۔ (زینت المجالس ترجمہ نزہت المجالس صفحہ ۵۵)

## بچھڑے کی پہلی پوجا

فرعون کی ہلاکت کے بعد بنی اسرائیل اس کے پنجے سے آزاد ہو کر سب ایمان لائے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو خداوند کریم کا یہ حکم ہوا کہ وہ چالیس راتوں کا کوہ طور پر اعتکاف کریں اس کے بعد انہیں کتاب (توراۃ) دی جائے گی چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کوہ طور پر چلے گئے اور بنی اسرائیل کو اپنے بھائی حضرت ہاروں علیہ السلام کے سپرد کر دیا۔ آپ چالیس دن تک دن بھر روزہ دار رہ کر ساری رات عبادت میں مشغول رہتے۔

بنی اسرائیل میں ایک حرامی شخص تھا جس کا نام سامری تھا جو طبعی طور پر نہایت گمراہ اور گمراہ کن آدمی تھا۔ اس کی ماں نے برادری میں رسوائی و بدنامی کے ڈر سے اس کو پیدا ہوتے ہی پہاڑ کے ایک غار میں چھوڑ دیا تھا اور حضرت جبرائیل علیہ السلام نے اس کو اپنی

انگلی سے ہی پہاڑ کے ایک غار میں چھوڑ دیا تھا اور حضرت جبرائیل علیہ السلام نے اس کو اپنی انگلی سے دودھ پلا پلا کر پالا تھا۔ اس لیے یہ حضرت جبرائیل علیہ السلام کو پہچانتا تھا۔ اس کا پورا نام ''موسیٰ سامری'' ہے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نام بھی ''موسیٰ'' ہے۔ موسیٰ سامری کو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے پالا تھا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پرورش فرعون کے گھر ہوئی تھی۔ مگر خدا کی شان کہ فرعون کے گھر پرورش پانے والے موسیٰ علیہ السلام تو خدا کے رسول ہوئے اور حضرت جبرئیل علیہ السلام کا پالا ہوا موسیٰ سامری کفر ہوا اور بنی اسرائیل کو گمراہ کر کے اس نے بچھڑے کی پوجا کرائی۔ اس بارے میں کسی عارف نے کیا خوب کہا ہے:

اِذَا الْمَرْءُ لَمْ يُخْلَقْ سَعِيْدًا مِّنَ الْاَزَلِ
فَقَدْ خَابَ مَنْ رَبّٰى وَخَابَ الْمُؤَمِّلِ
فَمُوْسَى الَّذِىْ رَبَّاهُ جِبْرِيْلُ كَافِرٌ
وَمُوْسَى الَّذِىْ رَبَّاهُ فِرْعُوْنُ مُرْسَلٌ

یعنی جب کوئی آدمی ازل ہی سے نیک بخت نہیں ہوتا تو وہ بھی نامراد ہوتا ہے۔ اور اس کی پرورش کرنے والے کی کوشش بھی ناکام اور نامراد ہوتی ہے۔ دیکھ لو موسیٰ سامری جو حضرت جبرئیل علیہ السلام کا پالا ہوا تھا وہ کافر ہوا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام جو فرعون کی پرورش میں رہے وہ خدا کے رسول ہوئے۔ اس کا راز یہی ہے کہ موسیٰ سامری ازلی شقی اور پیدائشی بد بخت تھا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام کی تربیت اور پرورش نے اس کو کچھ بھی نفع نہ دیا اور وہ کافر کا کافر ہی رہ گیا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام چونکہ ازلی سعید اور نیک بخت تھے اس لیے فرعون جیسے کافر کی پرورش سے بھی ان کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔

(تفسیر الصاوی، ج۱ص ۶۳، پ۱، البقرۃ:۵۱)

جن دنوں حضرت موسیٰ علیہ السلام کوہِ طور پر معتکف تھے۔ سامری نے آپ کی غیر موجودگی کو غنیمت جانا اور یہ فتنہ برپا کر دیا کہ اس نے بنی اسرائیل کے سونے چاندی کے

زیورات کو مانگ کر پگھلایا اور اس سے ایک بچھڑا بنایا۔ اور حضرت جبرائیل علیہ السلام کے گھوڑے کے قدموں کی خاک جو اس کے پاس محفوظ تھی اس نے وہ خاک بچھڑے کے منہ میں ڈال دی تو وہ بچھڑا بولنے لگا۔ پھر سامری نے بنی اسرائیل سے یہ کہا کہ اے میری قوم! حضرت موسیٰ علیہ السلام کوہِ طور پر خداعزوجل کے دیدار کے لیے تشریف لے گئے ہیں۔ حالانکہ تمہارا خدا تو یہی بچھڑا ہے۔ لہٰذا تم لوگ اسی کی عبادت کرو۔ سامری کی اس تقریر سے بنی اسرائیل گمراہ ہو گئے اور بارہ ہزار آدمیوں کے سوا ساری قوم نے چاندی سونے کے بچھڑے کو بولتا دیکھ کر اس کو خدا مان لیا اور اس کے آگے سربسجود ہو کر اس بچھڑے کو پوجنے لگے۔ چنانچہ خداوند قدوس کا ارشاد ہے:

وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰی مِنْ م بَعْدِہٖ مِنْ حُلِیِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ ۝

(پ۹، الاعراف: ۱۴۸)

ترجمہ: اور موسیٰ کے بعد اس کی قوم اپنے زیوروں سے ایک بچھڑا بنا بیٹھی بے جان کا دھڑ گائے کی طرح آواز کرتا۔ (کنزالایمان)

جب چالیس دنوں کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام خداعزوجل سے ہم کلام ہو کر اور توراۃ شریف ساتھ لے کر بستی میں تشریف لائے اور قوم کو بچھڑا پوجتے ہوئے دیکھا تو آپ پر بے حد غضب و جلال طاری ہو گیا۔ آپ نے جوش غضب میں توراۃ شریف کو زمین پر ڈال دیا اور اپنے بھائی حضرت ہارون علیہ السلام کی داڑھی اور سر کے بال پکڑ کر گھسیٹنا اور مارنا شروع کر دیا اور فرمانے لگے کہ کیوں تم نے ان لوگوں کو اس کام سے نہیں روکا۔ حضرت ہارون علیہ السلام معذرت کرنے لگے۔ جیسا کہ قرآن مجید میں ہے:

قَالَ ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِیْ وَ کَادُوْا یَقْتُلُوْنَنِیْ فَلَا تُشْمِتْ بِیَ الْاَعْدَآءَ وَلَا تَجْعَلْنِیْ مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۝ (پ۹، الاعراف: ۱۵۰)

ترجمہ: کہا اے میرے ماں جائے قوم نے مجھے کمزور سمجھا اور قریب تھا کہ مجھے مار ڈالیں تو مجھ

پر دشمنوں کو نہ ہنسا اور مجھے ظالموں میں نہ ملا۔ (کنزالایمان)

حضرت ہارون علیہ السلام کی معذرت سن کر حضرت موسیٰ علیہ السلام کا غصہ ٹھنڈا پڑ گیا۔ اس کے بعد آپ نے اپنے بھائی حضرت ہارون علیہ السلام کے لیے رحمت اور مغفرت کی دعا فرمائی پھر آپ نے اس بچھڑے کو توڑ پھوڑ کر اور جلا کر اور اس کو ریزہ ریزہ کر کے دریا میں بہادیا۔

## بنی اسرائیل کا پہلا سجدہ

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے توراۃ شریف کے احکام پڑھ کر بنی اسرائیل کو سنائے اور فرمایا کہ تم لوگ اس پر عمل کرو۔ جب بنی اسرائیل نے توراۃ شریف کے احکام کو سنا تو ایک دم انہوں نے ان احکام کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ اس سرکشی پر اللہ تعالیٰ کا یہ غضب نازل ہوا کہ ناگہاں کوہ طور جڑ سے اکھڑ کر ہوا میں اڑتا ہوا بنی اسرائیل کے سروں کے اوپر ہوا میں معلق ہو گیا جو تین میل لمبی اور تین میل چوڑی زمین میں ڈیرے ڈالے ہوئے مقیم تھے۔ جب بنی اسرائیل نے یہ دیکھا کہ پہاڑ ان کے سروں پر لٹک رہا ہے تو سب کے سب سجدہ میں گر کر عہد کرنے لگے کہ ہم نے توراۃ کے سب احکام کو قبول کیا۔ اور ہم ان پر عمل بھی کریں گے۔ مگر ان لوگوں نے سجدہ میں اپنے رخسار اور بائیں بھنوؤں کو زمین پر رکھا اور داہنی آنکھ سے پہاڑ کو دیکھتے رہے کہ کہیں ہمارے اوپر گر تو نہیں رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اب بھی یہودی اسی طرح سجدہ کرتے ہیں کہ بایاں رخسار اور بایاں بھنوؤں زمین پر رکھتے ہیں۔ بہر حال بنی اسرائیل نے جب توبہ کر لی اور توراۃ کے احکام پر عمل کرنے کا عہد کر لیا تو پھر یہ پہاڑ اڑ کر اپنی جگہ پر چلا گیا۔ قرآن مجید نے اس واقعہ کو چند جگہوں پر بیان فرمایا ہے مثلاً سورہ اعراف میں ہے کہ:

وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ خُذُوْا مَآ

اٰتَیْنٰکُمْ بِقُوَّۃٍ وَّاذْکُرُوْا مَافِیْہِ لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ۝(پ ۹ ،الاعراف: ۱۷۱)

ترجمہ: اور جب ہم نے پہاڑ ان کے اوپر اٹھایا گویا کہ وہ سائبان ہے اور سمجھے کہ وہ ان پر گر پڑے گا لو جو ہم نے تمہیں دیا زور سے اور یاد کرو جو اس میں ہے کہ کہیں تم پرہیزگار رہو۔

(کنز الایمان)

# دیدار الٰہی کا پہلا تمنائی

قرآن کریم میں دیدار الٰہی کے پہلے تمنائی حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام دیکھائی دیتے ہیں، جنہوں نے واضح طور پر بارگاہ الٰہی میں عرض کیا کہ میں تیرے دیدار کا طالب ہوں اللہ تعالیٰ نے فرمایا میرے کلیم، تم میری زیارت کی تاب نہیں رکھتے البتہ میں اپنے انوار وتجلیات میں سے، کوہ طور پر ڈالتا ہوں۔ اھر دیکھو اگر پہاڑ سلامت رہے اور تمہارے حواس برداشت کر سکیں تو بات بن سکتی ہے پھر کیا ہوا۔

موسیٰ زہوش رفت یک پر تو صفات

تو عین ذات می نگری در تبمی

(زینت المجالس ترجمہ نزہت المجالس صفحہ ۳۷۸)

# بنی اسرائیل کو پہلا حکم ربانی

اہل کتاب کے بارے مذکور ہے کہ جب بنی اسرائیل کو مصر سے خروج کا حکم ملا تو اللہ تعالیٰ نے اس مہینے کو ان کے سن کا پہلا مہینہ قرار دیا۔ انہیں حکم ملا کہ ہر ہر گھر کے افراد ایک ایک بکرا ذبح کریں۔ انہیں بکرے کی ضرورت نہ ہو تو وہ گھر اور اس کا پڑوسی مل کر ایک بکرا ذبح کرلیں۔ ذبح کے بعد بکروں کا خون لے کر اپنے دروازے کی دہلیز پر اور کواڑوں پر لگا دیں۔ تاکہ معلوم ہو سکے کہ یہ بنی اسرائیل کے گھر ہیں۔ وہ اسے پکا کر نہ کھائیں بلکہ بھون کر

کھائیں اور سر پاؤں اور اوجری کو بھی بھون کر کھائیں۔ کوئی چیز اس میں سے باقی نہ رکھیں۔ کوئی ہڈی نہ توڑی جائے۔ اور بکرا جس گھر میں ذبح ہو اسی میں کھایا جائے۔ یہ گوشت اس گھر سے باہر نہ نکلے۔ سات دن تک خمیری روٹی کھائیں۔ یہ قربانی سال کے پہلے مہینے کی چودھویں تاریخ کو کی جائے۔ یہ اتفاقاً موسم ربیع تھا۔ انہیں حکم ملا کہ جب وہ قربانیوں کا بھنا ہوا گوشت کھائیں تو ان کی کمر میں کمر بند بندھے ہوئے ہوں۔ اور جوتے پاؤں میں پہنے ہوئے ہوں۔ اور لاٹھیاں ہاتھوں میں ہوں۔ وہ قربانی کے گوشت کو کھڑے کھڑے بڑی جلدی سے کھائیں اور جو شام کے کھانے سے بچ رہے اسے صبح تک بچا کر نہ رکھیں بلکہ آگ میں جلا دیں۔ یہ ان کے پیچھے اس وقت تک عید کا دن شمار ہوتا رہے گا۔ جب تک تورات پر عمل ہوتا رہے گا۔ اور جب یہ کتاب منسوخ ہو گئی تو یہ قانون بھی معطل ہو جائے گا۔ اور ایسا ہی ہوا۔ انجیل کے آنے کے بعد شریعت موسوی منسوخ ہو گئی۔ اہل کتاب کہتے ہیں کہ اس رات اللہ تعالیٰ نے قبطیوں کے پہلوٹھوں اور ان کے جانوروں کے پہلوٹھوں کو قتل کر دیا۔ تاکہ وہ بنی اسرائیل سے غافل ہو جائیں۔ نصف النہار کے وقت بنی اسرائیل نے مصر سے کوچ کیا۔ (قصص الانبیاء، امام ابن کثیر صفحہ ۴۴۷)

اہل مصر اپنے پہلوٹھوں پر نوحہ خوانی کر رہے تھے ہر گھر میں صف ماتم بچھی تھی۔ ایسے میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی آئی کہ جلدی مصر سے نکل چلو بنی اسرائیل نے آٹا گوندھا اور خمیر تیار ہونے سے پہلے اسے لے کر چل دیے۔ اُنہوں نے لگنوں سمیت آٹا اپنے کندھوں پر اُٹھایا ہوا تھا قبطیوں کے زیورات بھی اُن کے ساتھ تھے۔ کیونکہ اُنہوں نے عاریۃً زیورات ان سے لے لیے تھے۔ جب وہ مصر سے نکلے تو اُن کی تعداد چھ لاکھ تھی۔ عورتیں اور بچے ان کے علاوہ تھے۔ ان کے ساتھ بہت سارے مویشی بھی تھے۔ بنی اسرائیل چار سو تیس سال تک مصر میں رہنے کے بعد آج مصر کو چھوڑ کر جا رہے تھے۔

(قصص الانبیاء از امام ابن کثیر صفحہ ۴۴۸)

# حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مدین کی طرف پہلا سفر

جب حضرت موسیٰ علیہ السلام تیس (۳۰) سال کے ہوئے تو ایک دن ایک قبطی اور اسرائیلی میں جھگڑا ہو رہا تھا۔ قبطی اسرائیلی کو لکڑیوں کا بوجھ اُٹھانے پر مجبور کر رہا تھا وہ انکار کرتا تھا۔ اسرائیلی نے آپ کو پکارا کہ اے موسیٰ مجھے اس ظالم سے نجات دلواؤ آپ نے قبطی کو ظلم سے منع لیا وہ باز نہ آیا۔ آپ نے اس کے مکا مارا جس سے قبطی مر گیا۔ اسرائیلی اپنے گھر آیا۔ خیال رہے کہ آپ نے قبطی کو ہلاک کرنے کے ارادے سے نہ مارا تھا صرف چھڑانے کے لیے وہ اتفاقیہ مر گیا۔ اتفاقیہ پر قصاص نہیں ہوتا نیز وہ کافر حربی تھا جس کا قتل گناہ بھی نہیں کچھ روز بعد فرعون کو خبر پہنچی اس نے کہا کہ موسیٰ علیہ السلام نہیں کر سکتے دوسرے دن وہ بنی اسرائیل دوسرے قبطی سے الجھا ہوا تھا۔ آپ کو دیکھ کر آپ سے فریاد کی اور چاہا کہ اس قبطی سے چھڑا دیں اسرائیلی سمجھا کہ آج مجھے مار رہے ہیں وہ چیخا کہ اے موسیٰ کل تو نے قبطی کو مارا تھا! کیا آج مجھے ہلاک کرنا ہے یہ بات لوگوں نے سنی اور فرعون کے پاس گواہی دی قبطی سرداروں نے مطالبہ کیا کہ ہمارے حوالہ کرو تا کہ ہم قبطی کا ان سے قصاص لیں فرعون نے ایسا کرنے میں تامل کیا۔ اس مجلس میں ایک شخص موجود تھا جس کا نام حزقیل تھا اور وہ در پر ایمان لا چکا تھا اس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو خبر کر دی کہ آپ کے قتل کا مشورہ ہو رہا ہے۔ بہتر ہے کہ آپ کسی اور جگہ چلے جائیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام بے سروسامان مدین کی طرف روانہ ہو گئے اور وہ حضرت شعیب علیہ السلام کے گھر ٹھر گئے اور ان کی لڑکی سے جن کا نام صفورا تھا نکاح کیا دس سال آپ وہاں رہے پھر مصر کی طرف تشریف لائے راستہ میں آپ کو نبوت عطا ہوئی اور پھر چالیس سال تک مصر میں فرعون کے مقابلے میں مشغول رہے اور تبلیغ فرماتے رہے۔ (تفسیر نعیمی پارہ اول صفحہ ۳۵۳)

# حضرت یوسف کا پہلا خواب

اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسف علیہ السلام کے قصہ کو "احسن القصص" یعنی تمام قصوں میں سب سے اچھا قصہ فرمایا ہے۔ اس لئے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کی مقدس زندگی کے اتار چڑھاؤ میں، اور رنج و راحت اور غم و سرور کے مدو جزر میں ہر ایک واقعہ بڑی بڑی عبرتوں اور نصیحتوں کے سامان اپنے دامن میں لئے ہوئے ہے اس لئے ہم اس قصہ عجیبہ کا خلاصہ تحریر کرتے ہیں تاکہ ناظرین اس سے عبرت حاصل کریں اور خداوند قدوس کی قدرتوں کا مشاہدہ کریں۔

حضرت یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم علیہم السلام کے بارہ بیٹے تھے جن کے نام یہ ہیں: (۱) یہودا (۲) روبیل (۳) شمعون (۴) لاوی (۵) زبولون (۶) یسجر (۷) دان (۸) نفتائی (۹) جاد (۱۰) آشر (۱۱) یوسف (۱۲) بنیامین۔

حضرت بنیامین حضرت یوسف علیہ السلام کے حقیقی بھائی تھے۔ باقی دوسری ماؤں سے تھے۔ حضرت یوسف علیہ السلام اپنے تمام بھائیوں میں سب سے زیادہ اپنے باپ کے پیارے تھے اور چونکہ ان کی پیشانی پر نبوت کے نشان درخشاں تھے اس لئے حضرت یعقوب علیہ السلام ان کا بے حد اکرام اور ان سے انتہائی محبت فرماتے تھے۔ سات برس کی عمر میں حضرت یوسف علیہ السلام نے یہ خواب دیکھا کہ گیارہ ستارے اور چاند و سورج ان کو سجدہ کر رہے ہیں۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے جب اپنا یہ خواب اپنے والد ماجد حضرت یعقوب علیہ السلام کو سنایا تو آپ نے ان کو منع فرما دیا کہ پیارے بیٹے! خبردار تم اپنا یہ خواب اپنے بھائیوں سے مت بیان کر دینا ورنہ یہ لوگ جذبہ حسد میں تمہارے خلاف کوئی خفیہ چال چل دیں گے چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ ان کے بھائیوں کو ان پر حسد ہونے لگا۔ یہاں تک کہ سب بھائیوں نے آپس میں مشورہ کر کے یہ منصوبہ تیار کر لیا کہ ان کو کسی طرح گھر سے لے جا کر جنگل کے کنوئیں میں ڈال دیں۔ اس منصوبہ کی تکمیل کے لئے سب بھائی جمع ہو کر حضرت

یعقوب علیہ السلام کے پاس گئے اور بہت اصرار کر کے شکار اور تفریح کا بہانہ بنا کر ان کو جنگل میں لے جانے کی اجازت حاصل کر لی۔ اور ان کو گھر سے کندھوں پر بٹھا کر لے چلے۔ لیکن جنگل میں پہنچ کر دشمنی کے جوش میں ان کو زمین پر پٹخ دیا۔ اور سب نے بہت زیادہ مارا، پھر ان کا کرتا اتار کر اور ہاتھ پاؤں باندھ کر ایک گہرے اور اندھیرے کنوئیں میں گرا دیا لیکن فوراً ہی حضرت جبریل علیہ السلام نے کنوئیں میں تشریف لا کر ان کو غرق ہونے سے اس طرح بچا لیا کہ ان کو ایک پتھر پر بٹھا دیا جو اس کنوئیں میں تھا اور ہاتھ پاؤں کھول کر تسلی دیتے ہوئے ان کا خوف و ہراس دور کر دیا۔ اور گھر سے چلتے وقت حضرت یعقوب علیہ السلام نے حضرت یوسف علیہ السلام کا جو کرتا تعویذ بنا کر آپ کے گلے میں ڈال دیا تھا وہ نکال کر ان کو پہنا دیا جس سے اس اندھیرے کنوئیں میں روشنی ہو گئی۔

حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی آپ کو کنوئیں میں ڈال کر اور آپ کے پیراہن کو ایک بکری کے خون میں لت پت کر کے اپنے گھر کو روانہ ہو گئے اور مکان کے باہر ہی سے چیخیں مار مار کر رونے لگے۔ حضرت یعقوب علیہ السلام گھبرا کر گھر سے باہر نکلے اور رونے کا سبب پوچھا کہ تم لوگ کیوں رو رہے ہو؟ کیا تمہاری بکریوں کو کوئی نقصان پہنچ گیا ہے؟ پھر حضرت یعقوب علیہ السلام نے دریافت فرمایا کہ میرا یوسف کہاں ہے؟ میں اس کو نہیں دیکھ رہا ہوں۔ تو بھائیوں نے روتے ہوئے کہا کہ ہم لوگ کھیل میں دوڑتے ہوئے دور نکل گئے اور یوسف کو اپنے سامان کے پاس بٹھا کر چلے گئے تو ایک بھیڑیا آیا اور وہ ان کو پھاڑ کر کھا گیا اور یہ ان کا کرتا ہے۔ ان لوگوں نے کرتے میں خون تو لگا لیا تھا لیکن کرتے کو پھاڑنا بھول گئے تھے۔ حضرت یعقوب علیہ السلام نے اشکبار ہو کر اپنے نورِ نظر کے کرتے کو جب ہاتھ میں لے کر غور سے دیکھا کہ کرتا بالکل سلامت ہے اور کہیں سے بھی پھٹا نہیں ہے تو آپ ان لوگوں کے مکر اور جھوٹ کو بھانپ گئے اور فرمایا کہ بڑا ہوشیار اور سیانا بھیڑیا تھا کہ میرے یوسف کو تو پھاڑ کر کھا گیا مگر ان کے کرتے پر ایک ذرا سی خراش نہیں آئی اور آپ نے

صاف صاف فرمادیا کہ یہ سب تم لوگوں کی کارستانی اور مکروفریب ہے پھر آپ نے دکھے ہوئے دل سے نہایت درد بھری آواز میں فرمایا:

فَصَبْرٌ جَمِيلٌ وَاللهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَاتَصِفُوْنَ. (پ ۱۲، یوسف:۱۸)

حضرت یوسف علیہ السلام تین دن اس کنوئیں میں تشریف فرمارہے۔ یہ کنواں کھاری تھا مگر آپ کی برکت سے اس کا پانی بہت لذیذ اور نہایت شیریں ہوگیا۔ اتفاق سے ایک قافلہ مدین سے مصر جارہا تھا۔ جب اس قافلہ کا ایک آدمی جس کا نام مالک بن ذعر خزاعی تھا پانی بھرنے کے لئے آیا اور کنوئیں میں ڈول ڈالا تو حضرت یوسف علیہ السلام ڈول پکڑ کر لٹک گئے مالک بن ذعر نے ڈول کھینچا تو آپ کنوئیں سے باہر نکل آئے۔ جب اس نے آپ کا حسن و جمال دیکھا تو يٰبُشْرٰی هٰذَا غُلٰمٌ کہہ کر اپنے ساتھیوں کو خوشخبری سنانے لگا۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی جو اس جنگل میں روزانہ بکریاں چرایا کرتے تھے برابر روزانہ کنوئیں میں جھانک جھانک کر دیکھا کرتے تھے جب ان لوگوں نے آپ کو کنوئیں میں نہ دیکھا تو تلاش کرتے ہوئے قافلہ میں پہنچے اور آپ کو دیکھ کر کہنے لگے کہ یہ تو ہمارا بھاگا ہوا غلام ہے جو بالکل ناکارہ اور نافرمان ہے۔ یہ کسی کام کا نہیں ہے اگر تم لوگ اس کو خریدو تو ہم بہت ہی سستا تمہارے ہاتھ فروخت کردیں گے مگر شرط یہ ہے کہ تم لوگ اس کو یہاں سے اتنی دور لے جاکر فروخت کرنا کہ یہاں تک اس کی خبر نہ پہنچے۔ حضرت یوسف علیہ السلام بھائیوں کے خوف سے خاموش کھڑے رہے اور ایک لفظ بھی نہ بولے پھر ان کے بھائیوں نے ان کر مالک بن ذعر کے ہاتھ صرف بیس درہموں میں فروخت کردیا۔

مالک بن زعر ان کو خرید کر مصر کے بازار میں لے گیا اور جہاں عزیز مصر نے ان کو بہت گراں قیمت دے کر خرید لیا اور اپنے شاہی محل میں لے جاکر اپنی ملکہ ''زلیخا'' سے کہا کہ تم اس غلام کو نہایت اعزاز و اکرام کے ساتھ اپنی خدمت میں رکھو۔ چنانچہ آپ عزیز مصر کے شاہی محل میں رہنے لگے اور ملکہ زلیخا ان سے بہت محبت کرنے لگی بلکہ ان کے حسن و

جمال پر فریفتہ ہو کر عاشق ہو گئی اور زلیخا کو جوش عشق یہاں تک بڑھا کہ ایک دن ''زلیخا'' عشق و محبت میں والہانہ طور پر آپ کو پھسلانے اور لبھانے لگی اور آپ کو اپنی طرف دعوت دینے لگی۔ آپ نے معاذ اللہ کہہ کر انکار فرما دیا اور صاف کہہ دیا کہ میں اپنے مولیٰ عزیز مصر کے ساتھ خیانت کر کے اس کے احسانوں کی ناشکری نہیں کر سکتا اور آپ گھر میں سے بھاگ نکلے تو ملکہ زلیخا نے دوڑ کر پیچھے سے آپ کا پیراہن پکڑ لیا اور آپ کا پیراہن پیچھے سے پھٹ گیا۔ عین اسی حالت میں عزیز مصر مکان میں آ گیا اور دونوں کو دیکھ لیا تو زلیخا نے آپ پر تہمت لگا دی۔ عزیز مصر حیران ہو کر ان دونوں میں سے کون سچا ہے؟ اتفاق سے مکان میں ایک چار ماہ کا بچہ پالنے میں لیٹا ہوا تھا۔ اس نے شہادت دی کہ اگر کرتا آگے سے پھٹا ہو تو یوسف قصور وار ہیں اور اگر کرتا پیچھے سے پھٹا ہو تو زلیخا کی خطا ہے اور یوسف بے قصور ہیں۔ جب عزیز مصر نے کرتے کو دیکھا تو پیچھے سے پھٹا ہوا تھا فوراً عزیز مصر نے زلیخا کو خطا وار قرار دے کر ڈانٹا اور حضرت یوسف علیہ السلام سے یہ کہا کہ اس کا خیال و ملال نہ کیجئے پھر زلیخا کے مشورہ سے عزیز مصر نے یوسف علیہ السلام کو قید خانہ میں بھجوا دیا۔ اس طرح اچانک حضرت یوسف علیہ السلام عزیز مصر کے شاہی محل سے نکل کر جیل خانہ کی کوٹھڑی میں چلے گئے اور آپ نے جیل میں پہنچ کر یہ کہا کہ اے اللہ! یہ قید خانہ کی کوٹھڑی مجھ کو اس بلا سے زیادہ محبوب ہے۔ جس کی طرف زلیخا مجھے بلا رہی تھی پھر آپ سات برس یا بارہ برس جیل خانہ میں رہے اور قیدیوں کو توحید اور اعمال صالحہ کی دعوت دیتے اور وعظ فرماتے رہے۔

یہ عجیب اتفاق ہے کہ جس دن آپ قید خانہ میں داخل ہوئے اسی دن آپ کے ساتھ بادشاہ مصر کے دو خادم ایک شراب پلانے والا، دوسرا باورچی دونوں جیل خانہ میں داخل ہوئے اور دونوں نے اپنا ایک ایک خواب حضرت یوسف علیہ السلام سے بیان کیا اور آپ نے اُن دونوں کے خوابوں کی تعبیر فرما دی جو سو فیصد صحیح ثابت ہوئی۔ اس لئے آپ کا معبر (تعبیر دینے والا) ہونا مشہور ہو گیا۔

اسی دوران میں مصر کے بادشاہ اعظم ریان بن ولید نے ایک خواب دیکھا کہ سات فربہ گایوں کو سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں اور سات ہری بالیاں ہیں اور سات سوکھی بالیاں ہیں۔ بادشاہ اعظم نے اپنے درباریوں سے اس خواب کی تعبیر دریافت کی تو لوگوں نے اس خواب کو خواب پریشان کہہ کر اس کی کوئی تعبیر نہیں بتائی اتنے میں بادشاہ کا ساقی جو قید خانہ سے رہا ہو کر آ گیا تھا اس نے کہا کہ مجھے اس خواب کی تعبیر معلوم کرنے کے لئے جیل خانہ میں جانے کی اجازت دی جائے چنانچہ یہ بادشاہ کا فرستادہ ہو کر قید خانہ میں حضرت یوسف علیہ السلام کے پاس گیا اور بادشاہ کا خواب بیان کر کے تعبیر دریافت کی کہ سات دبلی گائیں سات موٹی گایوں کو کھا رہی ہیں اور سات ہری بالیاں ہیں اور سات سوکھی۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ سات برس تک مسلسل کھیتی باڑی کرو اور ان کے اناجوں کو بالیوں میں محفوظ رکھو۔ پھر سات برس تک سخت خشک سالی رہے گی۔ قحط کے ان سات برسوں میں پہلے سات برسوں کا محفوظ کیا ہوا اناج لوگ کھائیں گے اس کے بعد پھر ہریالی کا سال آئے گا۔

قاصد نے واپس لوٹ کر بادشاہ سے اس کے خواب کی تعبیر بتائی تو بادشاہ نے حکم دیا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کو جیل خانہ سے نکال کر میرے دربار میں لاؤ۔ قاصد رہائی کا پروانہ لے کر جیل خانہ میں پہنچا تو آپ نے فرمایا کہ پہلے زلیخا اور دوسری عورتوں کے ذریعہ میری بے گناہی اور پاک دامنی کا اظہار کرالیا جائے اس کے بعد ہی میں جیل سے باہر نکلوں گا۔ چنانچہ بادشاہ نے اس کی تحقیقات کرائی تو تحقیقات کے دوران زلیخا نے اقرار کر لیا کہ میں نے خود ہی حضرت یوسف کو پھسلایا تھا۔ خطا میری ہے۔ حضرت یوسف سچے اور پاک دامن ہیں اس کے بعد بادشاہ نے حضرت یوسف علیہ السلام کو دربار میں بلا کر کہہ دیا کہ آپ ہمارے معتمد اور ہمارے دربار کے معزز ہیں۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے کہا کہ آپ زمین کے خزانوں کے انتظامی امور اور حفاظتی نظام کے انتظام پر میرا تقرر کر دیں۔ میں پورے نظام کو سنبھال لوں گا۔ (عجائب القرآن مع غرائب القرآن)

# بھائیوں کا یوسف علیہ السلام کی طرف پہلا سفر

بادشاہ نے خزانے کا انتظامی معاملہ اور ملک کے نظام وانصرام کا پورا شعبہ آپ کے سپرد کردیا۔ اس طرح ملک مصر کی حکمرانی کا اقتدار آپ کو مل گیا۔

اس کے بعد آپ نے خزانوں کا نظام اپنے ہاتھ میں لے کر سات سال تک کھیتی کا پلان چلایا اور اناجوں کو بالیوں میں محفوظ رکھا۔ یہاں تک کہ قحط اور خشک سالی کا دور شروع ہوگیا تو پوری سلطنت کے لوگ غلے کی خریداری کے لئے مصر آنا شروع ہوگئے اور آپ نے غلہ کی فروخت شروع کردی۔

اس سلسلے میں آپ کے بھائی بھی کنعان سے مصر آئے۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے تو ان لوگوں کو دیکھتے ہی پہلی نظر میں پہچان لیا مگر آپ کے بھائیوں نے آپ کو بالکل ہی نہیں پہچانا۔ آپ نے ان لوگوں کو غلہ دیدیا اور پھر فرمایا کہ تمہارا ایک بھائی (بنیامین) ہے آئندہ اس کو بھی لے کر آنا۔ اگر تم لوگ آئندہ اس کو نہ لائے تو تمہیں غلہ نہیں ملے گا۔

بھائیوں نے جواب دیا کہ ہم اس کے والد کو رضامند کرنے کی کوشش کریں گے پھر حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے غلاموں سے کہا کہ تم ان کی نقدیوں کو اس کی بوریوں میں ڈال دو تاکہ یہ لوگ جب اپنے گھر پہنچ کر ان نقدیوں کو دیکھیں گے تو امید ہے کہ ضرور یہ لوگ واپس لوٹیں گے۔ چنانچہ جب یہ لوگ اپنے والد کے پاس پہنچے تو کہنے لگے کہ ابا جان! اب کیا ہوگا؟ عزیز مصر نے تو یہ کہہ دیا ہے کہ جب تک تم لوگ ''بنیامین'' کو ساتھ لے کر نہ آؤ گے۔ تمہیں غلہ نہیں ملے گا لہٰذا آپ بنیامین کو ہمارے ساتھ بھیج دیں تاکہ ہم ان کے حصہ کا بھی غلہ لے لیں اور آپ اطمینان رکھیں کہ ہم لوگ ان کی حفاظت کریں گے۔ اس کے بعد جب ان لوگوں نے اپنی بوریوں کو کھولا تو حیران رہ گئے کہ ان کی رقمیں اور نقدیاں ان کی بوریوں میں موجود تھیں یہ دیکھ کر برادران یوسف نے پھر اپنے والد

سے کہا کہ ابا جان! اس سے بڑھ کر اچھا سلوک اور کیا چاہیئے؟ دیکھ لیجئے عزیز مصر نے ہم کو پورا پورا غلہ بھی دیا ہے اور ہماری نقدیوں کو بھی واپس کر دیا ہے لہٰذا آپ بلا خوف وخطر ہمارے بھائی بنیامین کو ہمارے ساتھ بھیج دیں۔

حضرت یعقوب علیہ السلام نے فرمایا کہ میں ایک مرتبہ ''یوسف'' کے معاملہ میں تم لوگوں پر بھروسہ کر چکا ہوں تو تم لوگوں نے کیا کر ڈالا، تو اب دوبارہ تم لوگوں پر کیسے بھروسہ کرلوں؟ میں اس طرح ''بنیامین'' کو ہرگز ہرگز تم لوگوں کے ساتھ نہیں بھیجوں گا لیکن ہاں اگر تم لوگ حلف اٹھا کر میرے سامنے عہد کرو تو البتہ میں اس کو بھیج سکتا ہوں۔ یہ سن کر سب بھائیوں نے حلف لے کر عہد کیا اور آپ نے ان لوگوں کے ساتھ ''بنیامین'' کو بھیج دیا۔

جب یہ لوگ عزیز مصر کے دربار میں پہنچے تو حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائی ''بنیامین'' کو اپنی مسند پر بٹھالیا اور چپکے سے ان کے کان میں کہدیا کہ میں تمہار بھائی ''یوسف'' ہوں۔ لہٰذا تم کوئی فکر وغم نہ کرو پھر آپ نے سب کو اناج دیا اور سب نے اپنی اپنی بوریوں کو سنبھال لیا جب سب چلنے لگے تو آپ نے ''بنیامین'' کو اپنی پاس روک لیا۔ اب برادران یوسف سخت پریشان ہوئے۔ اپنے والد کے روبرو یہ عہد کر کے آئے تھے کہ ہم اپنی جان پر کھیل کر بنیامین کی حفاظت کریں گے اور یہاں ''بنیامین'' ان کے ہاتھ سے چھین لئے گئے۔ اب گھر جائیں تو کیونکر؟ اور یہاں ٹھہریں تو کیسے؟ یہ معاملہ دیکھ کر سب سے بڑا بھائی ''یہودا'' کہنے لگا کہ اے میرے بھائیو! سوچو کہ تم لوگ والد صاحب کو کیا کیا عہد و پیمان دے کر آئے ہو؟ اور اس سے پہلے تم لوگ اپنے بھائی یوسف کے ساتھ کتنی بڑی تقصیر کر چکے ہو لہٰذا میں تو جب تک والد صاحب حکم نہ دیں اس زمین سے ہٹ نہیں سکتا۔ ہاں تم لوگ گھر جاؤ اور والد صاحب سے سارا ماجرا عرض کر دو۔ چنانچہ یہودا کے سوا دوسرے سب بھائی لوٹ کر گھر آئے اور اپنے والد سے سارا حال بیان کیا۔ تو حضرت یعقوب علیہ السلام نے فرمایا یوسف کی طرح بنیامین کے معاملہ میں بھی تم لوگوں نے حیلہ سازی کی ہے۔ تو خیر، میں

صبر کرتا ہوں اور صبر اچھی چیز ہے۔ پھر آپ نے منہ پھیر کر رونا شروع کر دیا۔ اور کہا کہ ہائے افسوس! اور حضرت یوسف کو یاد کر کے اتنا روئے کہ شدت غم سے نڈھال ہو گئے اور روتے روتے آنکھیں سفید ہو گئیں۔ آپ کی زبان سے یوسف کا نام سن کر حضرت یعقوب علیہ السلام سے ان کے بیٹوں پوتوں نے کہا کہ ابا جانؔ آپ ہمیشہ یوسف کو یاد کرتے رہیں گے۔ یہاں تک کہ آپ لب گور ہو جائیں یا جان سے گزر جائیں۔ اپنے بیٹوں، پوتوں کی بات سن کر آپ نے فرمایا کہ میں اپنے غم، پریشانی کی فریاد اللہ ہی سے کرتا ہوں اور میں جو کچھ جانتا ہوں وہ تم لوگوں کو نہیں معلوم۔ اے میرے بیٹو! تم لوگ جاؤ اور یوسف اور اس کے بھائی ''بنیامین'' کو تلاش کرو اور خدا کی رحمت سے مایوس مت ہو جاؤ کیونکہ خدا کی رحمت سے مایوس ہو جانا کافروں کا کام ہے۔

چنانچہ برادران یوسف پھر مصر کو روانہ ہوئے اور جا کر عزیز مصر سے کہا کہ اے عزیز مصر! ہمارے گھر والوں کو بہت مصیبت پہنچ گئی ہے اور ہم چند کھوٹے سکے لے کر آئے ہیں لہٰذا آپ بطور خیرات کے کچھ غلہ دے دیجئے اپنے بھائیوں کی زبان سے گھر کی داستان اور خیرات کا لفظ سن کر حضرت یوسف علیہ السلام پر رقت طاری ہو گئی اور آپ نے بھائیوں سے پوچھا کہ تم لوگوں کو یاد ہے کہ تم لوگوں نے یوسف اور اس کے بھائی بنیامین کے ساتھ کیا کیا سلوک کیا ہے؟ یہ سن کر بھائیوں نے حیران ہو کر پوچھا کہ کیا سچ مچ آپ یوسف ہی ہیں؟ تو آپ نے فرمایا کہ ہاں۔ میں یوسف ہوں اور یہ بنیامین میرا بھائی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہم پر بڑا فضل واحسان فرمایا ہے۔ یہ سن کر بھائیوں نے نہایت شرمندگی اور ندامت کے ساتھ کہنا شروع کیا کہ بلاشبہ ہم لوگ واقعی بڑے خطا کار ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو ہم لوگوں پر بہت بڑی فضیلت بخشی ہے۔ بھائیوں کی شرمندگی اور لجاجت سے متاثر ہو کر آپ کا دل بھر آیا اور آپ نے فرمایا کہ آج میں تم لوگوں کو ملامت نہیں کروں گا۔ جاؤ میں نے سب کچھ معاف کر دیا۔ اللہ تعالیٰ تمہیں معاف فرمائے۔ اب تم لوگ میرا یہ کرتا لے کر گھر جاؤ

اور ابا جان کے چہرے پر اس کو ڈال دو تو ان کی آنکھوں میں روشنی آ جائے گی۔ پھر تم لوگ سب گھر والوں کو ساتھ لے کر مصر چلے آؤ۔

بڑا بھائی یہودا کہنے لگا کہ یہ کرتا میں لے کر جاؤں گا کیونکہ حضرت یوسف علیہ السلام کا کرتا بکری کے خون میں رنگ کر میں ہی اُن کے پاس لے گیا تھا۔ تو جس طرح میں نے اُنہیں وہ کرتا دے کر غمگین کیا تھا۔ آج یہ کرتا لے جا کر ان کو خوش کر دوں گا۔ چنانچہ یہودا یہ کرتا لے کر گھر پہنچا اور اپنے والد کے چہرہ پر ڈال دیا تو ان کی آنکھوں میں بینائی آ گئی پھر حضرت یعقوب علیہ السلام نے تہجد کے وقت بعد از نماز اپنے سب بیٹوں کے لئے دعا فرمائی اور یہ دعا مقبول ہوگئی۔ چنانچہ آپ پر یہ وحی اتری کہ آپ کے صاحبزادوں کی خطائیں بخش دی گئیں۔

پھر مصر کو روانگی کا سامان ہونے لگا۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے والد اور سب اہل وعیال کو لانے کے لیے بھائیوں کے ساتھ دو سو سواریاں بھیج دی تھیں۔ حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے گھر والوں کو جمع کیا تو کل بہتر یا تہتر آدمی تھے جن کو ساتھ لے کر آپ مصر روانہ ہوگئے۔ مگر اللہ تعالیٰ نے آپ کی نسل میں اتنی برکت عطا فرمائی کہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وقت میں بنی اسرائیل مصر سے نکلے تو چھ لاکھ سے زیادہ تھے۔ حالانکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا زمان حضرت یعقوب علیہ السلام کے مصر جانے سے صرف چار سو سال بعد کا زمانہ ہے جب حضرت یعقوب علیہ السلام اپنے اہل وعیال کے ساتھ مصر کے قریب پہنچے۔ تو حضرت یوسف علیہ السلام نے چار ہزار لشکر اور بہت سے مصری سواروں کو ساتھ لے کر آپ کا استقبال کیا۔ اور صد ہا ریشمی جھنڈے اور قیمتی پرچم لہراتے ہوئے قطاریں باندھے ہوئے مصر کے باشندے جلوس کے ساتھ روانہ ہوئے۔ حضرت یعقوب علیہ السلام اپنے فرزند ''یہودا'' کے ہاتھ پر ٹیک لگائے تشریف لا رہے تھے۔ جب ان لشکروں اور سواروں پر آپ کی نظر پڑی۔ تو آپ نے دریافت فرمایا کہ کیا یہ فرعون مصر کا لشکر

ہے؟ تو ''یہودا'' نے عرض کیا کہ جی نہیں۔ یہ آپ کے فرزند حضرت یوسف علیہ السلام ہیں جو اپنے لشکروں اور سواروں کے ساتھ آپ کے استقبال کرنے کے لیے جمع ہوئے ہیں آپ کو متعجب دیکھ کر حضرت جبریل علیہ السلام نے فرمایا کہ اے اللہ کے نبی! ذرا سر اٹھا کر فضائے آسمانی میں نظر فرمائیے کہ آپ کے سرور و شادمانی میں شرکت کے لئے ملائکہ کا جم غفیر حاضر ہے جو مدتوں آپ کے غم میں روتے رہے ہیں ملائکہ کی تسبیح اور گھوڑوں کی ہنہناہٹ اور طبل و بوق کی آوازوں نے عجیب سماں پیدا کر دیا تھا۔

جب باپ بیٹے دونوں قریب ہو گئے۔ اور حضرت یوسف علیہ السلام نے سلام کا ارادہ کیا۔ تو حضرت جبریل علیہ السلام نے کہا کہ آپ ذرا توقف کیجئے اور اپنے پدر بزرگوار کو ان کے رقت انگیز سلام کا موقع دیجئے چنانچہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے ان لفظوں کے ساتھ سلام کہا کہ ''اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُذْهِبَ الْاَحْزَان '' یعنی اے تمام غموں کو دور کرنے والے آپ پر سلام ہو۔ پھر باپ بیٹوں نے نہایت گرمجوشی کے ساتھ معانقہ کیا اور فرط مسرت میں دونوں خوب خوب روئے۔ پھر ایک استقبالیہ خیمہ میں تشریف لے گئے جو خوب مزین اور آراستہ کیا گیا تھا۔ وہاں تھوڑی دیر ٹھہر کر جب شاہی محل میں رونق افروز ہوئے۔ تو حضرت یوسف علیہ السلام نے سہارا دے کر اپنے والد محترم کو تخت شاہی پر بٹھایا۔ اور ان کے ارد گرد آپ کے گیارہ بھائی اور آپ کی والدہ سب بیٹھ گئے۔ اور سب کے سب بیک وقت حضرت یوسف علیہ السلام کے آگے سجدے میں گر پڑے۔ اس پر حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے والد بزرگوار کو مخاطب کر کے یہ کہا:

یٰۤاَبَتِ هٰذَا تَاْوِیْلُ رُءْیَایَ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّیْ حَقًّا وَقَدْ اَحْسَنَ بِیْۤ اِذْ اَخْرَجَنِیْ مِنَ السِّجْنِ وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّیْطٰنُ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اِخْوَتِیْ اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ۝

(پ ۱۳، سورۃ یوسف ۱۰۰)

ترجمہ: اے میرے باپ یہ میرے پہلے خواب کی تعبیر ہے بیشک اسے میرے رب نے سچا کیا اور بیشک اس نے مجھ پر احسان کیا کہ مجھے قید سے نکالا اور آپ سب کو گاؤں سے لے آیا بعد اس کے کہ شیطان نے مجھ میں اور میرے بھائیوں میں ناچاقی کرادی تھی۔ بیشک میرا رب جس بات کو چاہے آسان کردے بیشک وہی علم وحکمت والا ہے۔

یعنی میرے گیارہ بھائی گیارہ ستارے ہیں اور میرے باپ سورج اور میری والدہ چاند ہے اور یہ سب مجھ کو سجدہ کررہے ہیں۔ یہی آپ کا خواب تھا جو بچپن میں دیکھا تھا کہ گیارہ ستارے اور سورج و چاند مجھے سجدہ کررہے ہیں۔ یہ تاریخی واقعہ محرم کی دس تاریخ عاشورہ کے دن وقوع پذیر ہوا۔ (کنز الایمان، عجائب القرآن مع غرائب القرآن)

## پہلا بابرکت کرتہ

حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے جب ان کو کنوئیں میں ڈال کر اپنے والد حضرت یعقوب علیہ السلام سے جا کر یہ کہہ دیا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کو بھیڑیا کھا گیا۔ تو حضرت یعقوب علیہ السلام کو بے انتہا رنج وقلق اور بے پناہ صدمہ ہوا۔ اور وہ اپنے بیٹے کے غم میں بہت دنوں تک روتے رہے اور بکثرت رونے کی وجہ سے ان کی آنکھوں کی سیاہی کا رنگ جاتا رہا۔ اور بینائی کمزور ہوگئی تھی۔ پھر برسوں کے بعد جب برادران یوسف علیہ السلام قحط کے زمانے میں غلہ لینے کے لیے دوسری مرتبہ مصر گئے اور بھائیوں نے آپ کو پہچان کر اظہار ندامت کرتے ہوئے معافی طلب کی۔ تو آپ نے انہیں معاف کرتے ہوئے یہ فرمایا کہ آج تم پر کوئی ملامت نہیں اللہ تعالیٰ تمہیں معاف فرمادے وہ ارحم الراحمین ہے۔

جب آپ نے اپنے بھائیوں سے والد ماجد حضرت یعقوب علیہ السلام کا حال پوچھا۔ اور بھائیوں نے بتایا کہ وہ تو آپ کی جدائی میں روتے روتے بہت ہی نڈھال ہوگئے ہیں۔ اور ان کی بینائی بھی بہت کمزور ہوگئی۔ بھائیوں کی زبانی والد ماجد کا حال سن کر حضرت

یوسف علیہ السلام بہت رنجیدہ اور غمگین ہو گئے پھر آپ نے اپنے بھائیوں سے فرمایا کہ:

اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ (پ ۱۳، یوسف ۹۳)

تم لوگ میرا یہ کرتا لے جاؤ۔ اور اس کو میرے والد کے منہ پر ڈال دو۔ تو ان کی آنکھیں کھل جائیں گی اور اپنے سب گھر والوں کو میرے پاس لے آؤ۔

چنانچہ برادران یوسف علیہ السلام اس کرتے کو لے کر مصر سے کنعان کو روانہ ہوئے آپ کے بھائیوں میں سے یہودا نے کہا کہ اس کرتے کو میں لیکر حضرت یعقوب علیہ السلام کے پاس جاؤں گا۔ کیونکہ حضرت یوسف علیہ السلام کو کنوئیں میں ڈال کر ان کا خون آلودہ کرتا بھی میں ہی ان کے پاس لے کر گیا تھا۔ اور میں نے ہی یہ کہہ کر ان کو غمگین کیا تھا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کو بھیڑیا کھا گیا۔ تو چونکہ میں نے انہیں غمگین کیا تھا۔ لہذا آج میں ہی یہ کرتا دے کر اور حضرت یوسف علیہ السلام کی زندگی کی خوشخبری سنا کر ان کو خوش کرنا چاہتا ہوں۔ چنانچہ یہودا اس پیراہن کو لے کر اسی کوس تک ننگے سر برہنہ پا دوڑتا ہوا چلا گیا۔ راستہ کی خوراک کے لیے سات روٹیاں اس کے پاس تھیں مگر فرط مسرت اور جلد پہنچنے کے شوق میں وہ ان روٹیوں کو بھی نہ کھا سکا۔ اور جلد سے جلد سفر طے کر کے والد محترم کی خدمت میں پہنچ گیا!

یہودا جیسے ہی کرتا لے کر مصر سے کنعان کی طرف روانہ ہوا۔ کنعان میں حضرت یعقوب علیہ السلام کو حضرت یوسف علیہ السلام کی خوشبو محسوس ہوئی۔ اور آپ نے اپنے پوتوں سے فرمایا کہ

اِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنَ (پ ۱۳، یوسف ۹۴)

ترجمہ: بیشک میں یوسف کی خوشبو پا رہا ہوں۔ اگر مجھے تم لوگ یہ نہ کہو کہ سٹھیا گیا ہے۔ (کنز الایمان)

آپ کے پوتوں نے جواب دیا کہ خدا کی قسم آپ اب اپنی اسی پرانی وارفتگی میں پڑے ہوئے ہیں بھلا کہاں یوسف ہیں؟ اور کہاں ان کی خوشبو؟ لیکن جب یہودا کرتا لے کر کنعان پہنچا۔ اور جیسے ہی کرتے کو حضرت یعقوب علیہ السلام کے چہرے پر ڈالا تو فوراً ہی ان کی آنکھوں میں روشنی آ گئی چنانچہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا کہ:

فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّىْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَالَا تَعْلَمُوْنَ۝ (پ ۱۳، یوسف: ۹۶)

ترجمہ: پھر جب خوشی سنانے والا (یہودا) آیا اس نے وہ کرتا حضرت یعقوب کے منہ پر ڈالا۔ اسی وقت ان کی آنکھوں میں پھر روشنی آ گئی۔ اور انہوں نے فرمایا کہ میں نہ کہتا تھا۔ کہ مجھے اللہ کی وہ شانیں معلوم ہیں جو تم نہیں جانتے! (کنز الایمان)

یہودا مصر سے حضرت یوسف علیہ السلام کا کرتا لے کر جیسے ہی کنعان کی طرف چلا۔ حضرت یعقوب علیہ السلام نے کنعان میں بیٹھے ہوئے حضرت یوسف علیہ السلام کی خوشبو سونگھ لی۔ اس بارے میں حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمتہ نے ایک بڑی ہی نصیحت آموز اور لذیز حکایت لکھی ہے۔ جو بہت ہی دلکش ہے اور نہایت ہی کیف آور بھی ہے۔

## حکایت

یکے پرسید ازاں گم کردہ فرزند
کہ اے عالی گہر! پیر خرد مند

حضرت یعقوب علیہ السلام سے جن کے فرزند گم ہو گئے۔ کسی نے یہ پوچھا کہ اے عالی ذات اور بزرگ عقلمند۔

زمصرش بوئے پیرہن شنیدی
چرا در چاہ کنعاش ندیدی

آپ نے مصر جیسے دور دراز مقام سے حضرت یوسف علیہ السلام کے کرتے کی خوشبو سونگھ لی۔ اور جب حضرت یوسف علیہ السلام کنعان ہی کی سرزمین میں ایک کنوئیں کے اندر تھے۔ تو آپ کو اتنے قریب سے بھی ان کی خوشبو محسوس نہیں ہوئی اس کی کیا وجہ ہے؟ تو حضرت یعقوب علیہ السلام نے جواب دیا۔

بگفتا حال ما برق جہاں است
دمے پیدا و دیگر نہان است

گہے برطارم اعلیٰ نشینم
گہے بر پشت پائے خود نہ بینم

یعنی ہم اللہ والوں کا حال کوندنے والی بجلی کی مانند ہے۔ کہ دم بھر میں ظاہر اور دم بھر میں پوشیدہ ہو جاتی ہے۔ کبھی تو ہم لوگوں پر اللہ تعالیٰ کی صفات نورانیہ کی تجلی ہوتی ہے تو ہم لوگ آسمانوں پر جا بیٹھتے ہیں اور ساری کائنات ہمارے پیش نظر ہو جاتی ہے۔ اور کبھی جب ہم پر استغراق کی کیفیت طاری ہوتی ہے تو ہم لوگ خدا کی ذات وصفات میں ایسے مستغرق ہو جاتے ہیں کہ تمام ماسوی اللہ سے بے نیاز ہو جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ ہم اپنے پشت پا کو بھی نہیں دیکھ پاتے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ مصر سے تو پیراہن یوسف کو ہم نے سونگھ کر اس کی خوشبو محسوس کر لی کیونکہ اس وقت ہم پر کشفی کیفیت طاری تھی مگر کنعان کے کنوئیں میں سے ہم کو حضرت یوسف کی خوشبو اس لیے محسوس نہ ہو سکی کہ اس وقت ہم پر استغراقی کیفیت کا غلبہ تھا اور ہمارا یہ حال تھا کہ۔

میں کسی کی لوں خبر، مجھے اپنی خبر نہیں!

(عجائب القرآن مع غرائب القرآن صفحہ ۱۳۲)

# حضرت یوسف علیہ السلام کی پہلی قبر

آپ کی وفات کے بعد آپ کے مقام دفن میں سخت اختلاف پیدا ہو گیا ہر محلے والے حصول برکت کے لیے اپنے ہی محلّہ میں دفن پر اصرار کرنے لگے۔ آخر اس بات پر سب کا اتفاق ہو گیا کہ آپ کو بیچ دریائے نیل میں دفن کیا جائے تا کہ دریا کا پانی آپ کی قبر منور کو چھوتا ہوا گزرے۔ اور تمام مصر والے آپ کے فیوض و بکات سے فیضایاب ہوتے رہیں۔ چنانچہ آپ کو سنگ مرمر کے صندوق میں رکھ کر دریائے نیل کے بیچ میں دفن کیا گیا۔ یہاں تک کہ چار سو برس کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام نے آپ کے تابوت شریف کو دریا سے نکال کر آپ کے آباء واجداد کی قبروں کے پاس ملک شام میں دفن فرمایا۔ بوقت وفات آپ کی عمر شریف ایک سو بیس برس کی تھی۔ اور آپ کے والد محترم حضرت یعقوب علیہ السلام نے ۱۴۷ برس کی عمر پائی۔ اور آپ کے دادا حضرت اسحٰق علیہ السلام کی عمر شریف ۱۸۰ سال کی ہوئی اور آپ کے پردادا حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی عمر شریف ۱۷۵ سال کی ہوئی۔ (روح البیان، ج ۴، ص ۳۲۴، یوسف: ۱۰۰)

# پہلی قیمتی گائے

یہ بہت ہی اہم اور نہایت ہی شاندار قرآنی واقعہ ہے اور اسی واقعہ کی وجہ سے قرآن مجید کی اس سورۂ کا نام "سورۂ البقرہ" (گائے والی سورہ) رکھا گیا ہے۔

اس کا واقعہ یہ ہے کہ بنی اسرائیل میں ایک بہت ہی نیک اور صالح بزرگ تھے اور ان کا ہی بچہ تھا جو نابالغ تھا اور اس کے پاس فقط ایک گائے کی بچھیا تھی۔ ان بزرگ نے اپنی وفات کے قریب اس بچھیا کو جنگل میں لے جا کر ایک جھاڑی کے پاس یہ کہہ کر چھوڑ دیا کہ یا اللہ (عزوجل) میں اس بچھیا کو اس وقت تک تیری امانت میں دیتا ہوں کہ میرا بچہ بالغ

ہو جائے۔ اس کے بعد ان بزرگ کی وفات ہوگئی اور بچھیا چند دنوں میں بڑی ہو کر درمیانی عمر کی ہوگئی اور بچہ جوان ہو کر اپنی ماں کا بہت ہی فرماں بردار اور انتہائی نیکو کار رہوا۔ اس نے اپنی رات کو تین حصوں میں تقسیم کر رکھا تھا۔

ایک حصہ میں سوتا تھا اور

ایک حصہ میں عبادت کرتا تھا اور

ایک حصہ میں اپنی ماں کی خدمت کرتا تھا

اور روزانہ صبح کو جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر لاتا اور ان کو فروخت کر کے ایک تہائی رقم صدقہ کر دیتا اور ایک تہائی اپنی ذات پر خرچ کرتا اور ایک تہائی رقم اپنی والدہ کو دے دیتا۔

ایک دن لڑکے کی ماں نے کہا کہ میرے پیارے بیٹے! تمہارے باپ نے میراث میں ایک بچھیا چھوڑی تھی جس کو انہوں نے فلاں جھاڑی کے پاس جنگل میں خدا (عزوجل) کی امانت میں سونپ دیا تھا۔ اب تم اس جھاڑی کے پاس جا کر یوں دعا مانگو کہ اے حضرت ابراہیم وحضرت اسماعیل وحضرت اسحاق (علیہم السلام) کے خدا! تو میرے باپ کی سونپی ہوئی امانت مجھے واپس دے دے اور اس بچھیا کی نشانی یہ ہے کہ وہ پیلے رنگ کی ہے اور اس کی کھال اس طرح چمک رہی ہوگی کہ گویا سورج کی کرنیں اس میں سے نکل رہی ہیں۔ یہ سن کر لڑکا جنگل میں اس جھاڑی کے پاس گیا اور دعا مانگی تو فوراً ہی وہ گائے دوڑتی ہوئی آ کر اس کے پاس کھڑی ہوگئی اور یہ اس کو پکڑ کر گھر لایا تو اس کی ماں نے کہا کہ بیٹا! تم اس گائے کو لے جا کر بازار میں تین دینار میں فروخت کر ڈالو۔ لیکن کسی گاہک کو بغیر میرے مشورہ کے مت دینا۔ ان دنوں بازار میں گائے کی قیمت تین دینار ہی تھی۔ بازار میں ایک گاہک آیا جو در حقیقت فرشتہ تھا۔ اس نے کہا کہ میں گائے کی قیمت تین دینار سے زیادہ دوں گا مگر تم ماں سے مشورہ کئے بغیر گائے میرے ہاتھ فروخت کر ڈالو۔ لڑکے نے کہا کہ تم خواہ کتنی بھی زیادہ قیمت دو مگر میں اپنی ماں سے مشورہ کئے بغیر ہرگز ہرگز اس گائے کو نہیں

بیچوں گا۔لڑکے نے سارا ماجرا بیان کیا تو ماں نے کہا کہ یہ گاہک شاید کوئی فرشتہ ہو۔تو اے بیٹا! تم اس سے مشورہ کرو کہ ہم اس گائے کو ابھی فروخت کریں یا نہ کریں۔چنانچہ لڑکے نے بازار میں جب اس گاہک سے مشورہ کیا تو اس نے کہا کہ ابھی تم اس گائے کو فروت نہ کرو۔آیندہ اس گائے کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لوگ خریدیں گے تو تم اس گائے کے چمڑے میں بھر کر سونا اس کی قیمت طلب کرنا تو وہ لوگ اتنی ہی قیمت دے کر خریدیں گے۔

چنانچہ چند ہی دنوں کے بعد بنی اسرائیل کے ایک بہت مالدار آدمی کو جس کا نام عامیل تھا۔اس کے چچا کے دونوں لڑکوں نے قتل کر دیا۔اور اس کی لاش کو ایک ویرانے میں ڈال دیا۔صبح کو قاتل کی تلاش شروع ہوئی۔مگر جب کوئی سراغ نہ ملا تو کچھ لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں حاصر ہوئے اور قاتل کا پتہ پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ تم لوگ ایک گائے ذبح کرو اور اس کی زبان یا دم کی ہڈی سے لاش کو مارو تو وہ زندہ ہو کر خود ہی اپنے قاتل کا نام بتا دے گا۔یہ سن کر بنی اسرائیل نے گائے کے رنگ اس کی عمر وغیرہ کے بارے میں بحث و کرید شروع کر دی یہاں تک کہ جب یہ لوگ اس لڑکے کی گائے کے پاس پہنچے تو ہو بہو یہ ایسی ہی گائے تھی۔جس کی ان لوگوں کو ضرورت تھی۔چنانچہ ان لوگوں نے گائے کو اس کے چمڑے میں بھر کر سونا اس کی قیمت دے کر خریدا اور ذبح کر کے اس کی زبان یا دم کی ہڈی سے مقتول کی لاش کو مارا تو وہ زندہ ہو کر بول اٹھا کہ میرے قاتل میرے چچا کے دونوں لڑکے ہیں۔جنہوں نے میرے مال کے لالچ میں مجھ کو قتل کر دیا ہے۔یہ بتا کر پھر وہ مر گیا۔چنانچہ ان دونوں قاتلوں کو قصاص میں قتل کر دیا گیا اور مرد صالح کا لڑکا جو اپنی ماں کا فرماں بردار تھا کثیر دولت سے مالا مال ہو گیا۔(تفسیر الصاوی،ج۱،ص۷۵،پ۱،البقرة:۷۱)

اس پورے مضمون کو قرآن مجید کی مقدس آیتوں میں اس طرح بیان فرمایا گیا ہے!

ترجمہ کنز الایمان: اور جب حضرت موسیٰ نے اپنی قوم سے فرمایا کہ خدا تمہیں حکم دیتا ہے کہ ایک گائے ذبح کرو۔بولے کہ آپ ہمیں مسخرہ بناتے ہیں؟ فرمایا خدا کی پناہ کہ میں جاہلوں

سے ہوں۔ بولے اپنے رب سے دعا کیجئے کہ وہ ہمیں بتادے گائے کیسی ہو۔ کہاوہ فرماتا ہے کہ وہ ایک گائے ہے نہ بوڑھی اور نہ اوسر بلکہ ان دونوں کے بیچ میں تو کرو جس کا تمہیں حکم ہوتا ہے۔ بولے اپنے رب سے دعا کیجئے ہمیں بتادے اس کا رنگ کیا ہے کہاوہ فرماتا ہے، وہ ایک پیلی گائے ہے۔ جس کی رنگت ڈہڈہاتی دیکھنے والوں کو خوش کر دیتی۔ بولے اپنے رب سے دعا کیجئے کہ ہمارے لیے صاف بیان کرے وہ گائے کیسی ہے بے شک گائیوں میں ہم کو شبہ پڑ گیا اور اللہ چاہے تو ہم راہ پا جائیں گے۔ کہاوہ فرماتا ہے کہ وہ ایک گائے ہے جس سے خدمت نہیں لی جاتی کہ زمین جوتے اور نہ کھیتی کو پانی دے، بے عیب ہے جس میں کوئی داغ نہیں۔ بولے اب آپ ٹھیک بات لائے۔ تو اسے ذبح کیا اور ذبح کرتے معلوم نہ ہوتے تھے۔ اور جب تم نے ایک خون کیا تو ایک دوسرے پر اس کی تہمت ڈالنے لگے۔ اور اللہ ظاہر کرتا جو تم چھپاتے تھے۔ تو ہم نے فرمایا اس مقتول کو اس گائے کا ایک ٹکڑا مارو۔ اللہ یونہی مردے جلائے گا اور تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے کہ کہیں تمہیں عقل ہو۔ (پ ۱، البقرۃ: ۶۷ تا ۸۳)

# پہلا دوڑنے والا پتھر

یہ ایک ہاتھ لمبا ایک ہاتھ چوڑا چوکور پتھر تھا جو ہمیشہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے جھولے میں رہتا تھا۔ اس مبارک پتھر کے ذریعہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دو معجزات کا ظہور ہوا جن کا تذکرہ قرآن مجید میں بھی ہے۔

## پہلا معجزہ

اس پتھر کا پہلا عجیب کارنامہ جو درحقیقت حضرت موسیٰ علیہ السلام کا معجزہ تھا وہ اس پتھر کی دانشمندانہ لمبی دوڑ ہے اور یہی معجزا اس پتھر کے ملنے کی تاریخ ہے۔

اس کا مفصل واقعہ یہ ہے کہ بنی اسرائیل کا یہ عام دستور تھا کہ وہ بالکل ننگے بدن ہو کر مجمع عام میں غسل کیا کرتے تھے۔ مگر حضرت موسیٰ علیہ السلام گو کہ اسی قوم کے ایک فرد

تھے اور اسی ماحول میں پلے بڑے تھے۔ لیکن خداوند قدوس نے اُن کو نبوت و رسالت کی عظمت سے سرفراز فرمایا تھا۔ اس لئے آپ کی عصمت نبوت بھلا اس حیا سوز بے غیرتی کو کب گوارا کر سکتی تھی؟ آپ بنی اسرائیل کی اس بے حیائی پر سخت نالاں اور انتہائی بیزار تھے۔ اس لئے آپ ہمیشہ تنہائی میں تہبند پہن کر غسل فرماتے تو ظالموں نے آپ پر بہتان لگا دیا کہ آپ کے بدن کے اندرونی حصہ میں یا تو برص کا سفید داغ، یا کوئی ایسا عیب ضرور ہے جس کو چھپانے کے لئے یہ کبھی برہنہ نہیں ہوتے اور ظالموں نے اس تہمت کا اس قدر اعلان اور چرچا کیا کہ ہر کوچہ و بازار میں اس کا پروپیگنڈہ پھیل گیا۔ اس مکروہ تہمت کی شورش کا حضرت موسیٰ کے قلب نازک پر بڑا صدمہ و رنج گزرا اور آپ بڑی کوفت اور اذیت میں پڑ گئے۔ تو خداوند قدوس اپنے کلیم کے رنج و غم کو بھلا کب گوارا فرماتا۔ اور اپنے ایک برگزیدہ رسول پر ایک عیب کی تہمت بھلا خلاق عالم کو کب اور کیونکر اور کس طرح گوارہ ہو سکتی تھی۔ ارحم الراحمین نے آپ کی براءت اور بے عیبی ظاہر کر دینے کا ایک ایسا ذریعہ پیدا فرما دیا کہ دم زدن میں بنی اسرائیل کے پروپیگنڈہ اور ان کے شکوک و شبہات کے بادل چھٹ گئے اور آپ کی براءت اور بے عیبی کا سورج آفتاب عالم تاب سے روشن و آشکارا ہو گیا۔

اور وہ یوں ہوا کہ ایک دن آپ پہاڑوں کے دامنوں میں چھپے ہوئے ایک چشمہ پر غسل کے لئے تشریف لے گئے اور یہ دیکھ کر کہ یہاں دور دور تک کسی انسان کا نام و نشان نہیں ہے اس لئے آپ اپنے تمام کپڑوں کو ایک پتھر پر رکھ کر اور بالکل برہنہ بدن ہو کر غسل فرمانے لگے، غسل کے بعد جب آپ لباس پہننے کے لئے پتھر کے پاس پہنچے تو کیا دیکھا کہ وہ پتھر آپ کے کپڑوں کو لئے ہوئے سرپٹ بھاگا چلا جا رہا ہے۔ یہ دیکھ کر حضرت موسیٰ علیہ السلام بھی اس پتھر کے پیچھے پیچھے دوڑنے لگے کہ ثوبی حجر، ثوبی حجر۔ یعنی اے پتھر! میرے کپڑے، اے پتھر میرے کپڑے۔ مگر یہ پتھر برابر بھاگتا رہا۔ یہاں تک کہ شہر کی بڑی بڑی سڑکوں سے گزرتا ہوا گلی کوچوں میں پہنچ گیا اور آپ بھی برہنہ بدن ہونے کی

حالت میں برابر پتھر کو دوڑاتے چلے گئے۔ اس طرح بنی اسرائیل کے ہر چھوٹے بڑے نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا کہ سر سے پاؤں تک آپ کے مقدس بدن میں کہیں بھی کوئی عیب نہیں ہے۔ بلکہ آپ کے جسم اقدس کا ہر حصہ حسن و جمال میں اس قدر نقطہ کمال کو پہنچا ہوا ہے کہ عام انسانوں میں اس کی مثال تقریباً محال ہے۔ چنانچہ بنی اسرائیل کے ہر فرد کی زبان پر یہی جملہ تھا کہ وَاللهِ مَا بِمُوْسٰی مِنْ بَاس یعنی خدا کی قسم حضرت موسیٰ بالکل ہی بے عیب ہیں۔

جب یہ پتھر پوری طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کی برأت کا اعلان کر چکا تو خود بخود ٹھہر گیا۔ آپ نے جلدی سے اپنا لباس پہن لیا اور اس پتھر کو اٹھا کر اپنے جھولے میں رکھ لیا؟

(بخاری شریف، کتاب الانبیاء، باب ۳۰، ص ۴۴۲، رقم ۳۴۰۴، وتفسیر الصاوی، ج ۵، ص ۱۶۵۹، پ ۲۲، الاحزاب: ۶۹)

اللہ تعالیٰ نے اس واقعہ کا ذکر قرآن مجید میں اس طرح بیان فرمایا ہے کہ

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ۝ (پ ۲۲، الاحزاب رکوع ۶۹)

ترجمہ: اے ایمان والو! اُن جیسے نہ ہونا جنھوں نے موسیٰ کو ستایا تو اللہ نے اسے بری فرما دیا اس بات سے جو اُنہوں نے کہی۔ اور موسیٰ اللہ کے یہاں آبرو والا ہے۔ (کنز الایمان)

## پہلا آسمانی کھانا

جب حضرت موسیٰ علیہ السلام چھ لاکھ بنی اسرائیل کے افراد کے ساتھ میدان تیہ میں مقیم تھے تو اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو کھانے کے لئے آسمان سے دو کھانے اتارے۔ ایک کا نام ''من'' دوسرے کا نام ''سلویٰ'' تھا۔ من بالکل سفید شہد کی طرح ایک حلوہ تھا۔ یا سفید رنگ کا شہد ہی تھا جو روزانہ آسمان سے بارش کی طرح برستا تھا اور سلویٰ پکی ہوئی بٹیریں تھیں جو دکھنی ہوا کے ساتھ آسمان سے نازل ہوا کرتی تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے بنی

اسرائیل پر اپنی نعمتوں کا شمار کراتے ہوئے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا کہ

وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى (پ ۱، البقرة:۵۷)

اور تم پر من اور سلویٰ اُتارا

اس من وسلویٰ کے بارے میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا یہ حکم تھا کہ روزانہ تم لوگ اس کو کھا لیا کرو اور کل کے لئے ہرگز ہرگز اس کا ذخیرہ مت جمع کرنا۔ مگر بعض ضعیف الاعتقاد لوگوں کو یہ ڈر لگنے لگا اگر کسی دن من سلویٰ نہ اترا تو ہم لوگ اس بے آب و گیاہ چٹیل میدان میں بھوکے مر جائیں گے۔ چنانچہ ان لوگوں نے کچھ چھپا کر کل کے لئے جمع کیا تو نبی کی نافرمانی سے ایسے نحوست پھیل گئی کہ جو کچھ لوگوں نے کل کے لیے جمع کیا تھا وہ سب سڑ گیا اور آئندہ کے لئے اس کا اترنا بند ہو گیا اسی لیے حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ بنی اسرائیل نہ چھپاتے تو نہ کھانا کبھی خراب ہوتا اور نہ گوشت سڑتا، کھانے کا خراب ہونا اور گوشت کا سڑنا اسی تاریخ سے شروع ہوا۔ ورنہ اس سے پہلے نہ کھانا بگڑتا تھا نہ گوشت سڑتا تھا۔ (تفسیر روح البیان ج ۱، پ ۱، البقرۃ ۵۷)

# حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پہلی گفتگو

جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بولنا سیکھا، آپ کا قلب مبارک حقائق و اسرار خداوندی کا عارف و واقف ہو گیا تو آپ نے اپنی والدہ ماجدہ سے چند سوال کیے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی والدہ سے پوچھا کہ میں خوبصورت ہوں یا آپ والدہ نے جواب دیا تم زیادہ خوبصورت ہو۔

پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دریافت کیا کہ آپ زیادہ خوبصورت ہیں یا میرے والد۔

والدہ نے جواب دیا کہ میرا حسن تمہارے والد سے زیادہ ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ایک اور سوال کیا کہ بادشاہ زیادہ خوبصورت ہے

یا میرے والد۔

والدہ نے جواب دیا تمہارے والد زیادہ خوبصورت ہیں۔

اس پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے سوال کیا کہ اگر میرے والد کا پروردگار بادشاہ ہے تو اس نے خود سے زیادہ حسین میرے والد کو کیوں بنایا؟

اور اگر میرا والد تمہارا پروردگار ہے تو انہوں نے خود پر تم کو حسن و جمال میں کیوں فوقیت دی؟

اس طرح اگر آپ میرے پروردگار ہیں تو مجھے خود پر کیوں ترجیح دی؟ وہ معمر و تجربہ کار عورت ابرہیم علیہ السلام کی والدہ ماجدہ ان سوالات کے جوابات سے عاجز آ گئیں۔

اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کے پاس آئیں تو ابراہیم علیہ السلام کے والد تارخ نے ان کے چہرہ پر تشویش و پریشانی کے آثار دیکھے تو پوچھا پریشانی کا سبب کیا ہے۔

آپ کی والدہ ماجدہ نے بہت ہی مجبوری اور لاچاری سے کہا کہ یقین کرلو کہ تمہارا یہ فرزند بادشاہ کے دین میں تبدیلی کا سبب بنے گا۔

باپ نے پوچھا کون سا بیٹا۔

بیوی نے کہا کہ ابراہیم۔ استقرار حمل سے ولادت اور پرورش کے تمام مراحل سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے باپ کو تفصیل سے بتا کر اس وقت کی تمام گفتگو کا حال سنا دیا۔ (گلشن ابراہیمی)

## حضرت ابراہیم علیہ السلام کا غار سے پہلی مرتبہ باہر تشریف لانا

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی والدہ غار میں یا تہہ خانہ میں ملنے کے لیے تشریف لے گئیں تو آپ نے ان سے معلوم کیا کہ اس جگہ کے سوا کوئی اور جگہ بھی ہے۔ والدہ ماجدہ نے جواب دیا کہ اس تنگ و تاریک غار مین تمہیں حفاظت کی وجہ سے رکھا ہے تا کہ تم دشمن

کے شر سے محفوظ رہو۔ ورنہ یہ خطہ زمین تو بڑا وسیع و عریض ہے۔

یہ سن کر آپ نے والدہ ماجدہ سے فرمایا کہ مجھے اس غار سے باہر لے چلیں کیونکہ آپ مسلسل 15 یا 17 برس تک اس غار یا تہہ خانہ میں رہے کسی وقت باہر نہ آئے تھے۔ والدہ نے فرمایا اتنا انتظار کرو کہ سورج غروب ہو جائے اور رات کی تاریکی چھا جائے۔ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام غار سے باہر تشریف لائے تو شام کا وقت تھا۔ اپنی قوم کو دیکھا کہ وہ زمینی بتوں اور آسمانی چاند، سورج اور ستاروں کی پوجا کرتی ہے۔ آپ نے چاند، سورج اور تاروں کی ربوبیت کے بارے میں نہایت ہی حکیمانہ کلام اپنی قوم سے فرمایا کہ جب رات اندھیری ہو گی زہرہ یا مشتری چمکنے لگا تو اللہ رب العزت نے اس منظر کو قرآن حکیم میں بیان فرمایا۔ فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا قَالَ هٰذَا رَبِّىْ اور پھر جب ان پر رات کا اندھیرا آیا ایک تارا دیکھا فرمایا اسے میرا رب بتاتے ہو۔

جب رات اندھیری چھا گئی اور زہرہ یا مشتری چمکنے لگا تو آپ نے اپنی قوم سے پوچھا کیا یہ میرا رب ہے قوم نے یا تو کہا ہاں بلکہ ساری قوم ہی چپ رہی تھوڑی دیر میں جب یہ تارہ ڈوب گیا تو پوچھا گیا وہ رب جو حرکت کرے جس پر انقلاب آوے وہ بدلے اور اپنے پجاریوں کو چھوڑ کر غائب ہو جائے۔

فَلَمَّا اَفَلَ قَالَ لَا اُحِبُّ الْاٰفِلِيْنَ

پس جب ڈوب گیا فرمایا میں پسند نہیں کرتا ڈوبنے والے کو۔

فرمایا میں اس معبود سے سخت متنفر ہوں وہ کیسے رب ہو سکتا ہے قوم اب بالکل خاموش رہی پندرھویں یا سولہویں رات تھی چاند کی تھوڑی ہی دیر میں قریباً پورا چاند نکل آیا آپ نے اس قوم سے پوچھا۔

فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّىْ

ترجمہ: پھر جب چاند چمکتا دیکھا بولے اسے میرا رب بتاتے ہو۔

اب قوم خاموش رہی کہ اس کے پاس آپ کی حکیمانہ گفتگو کا کوئی جواب نہ تھا جب چاند بھی ڈوب گیا تو آپ نے فرمایا۔

فَلَمَّا اَفَلَ قَالَ لَئِنْ لَّمْ يَهْدِنِىْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّيْنَ

ترجمہ: پھر جب وہ غائب ہو گیا تو فرمایا کہ اگر مجھے میرا رب ہدایت نہ دیتا تو میں بھی انہی گمراہوں میں ہوتا۔

اگر مجھ پر اللہ کا فضل نہ ہوتا اور مجھے ہدایت ایمان نہ دی ہوتی تو میں بھی گمراہ قوم میں سے ہو جاتا اور تمہاری طرح میں بھی اس کی روشنی سے دھوکہ کھا کر اسے خدا مان لیتا کہ یہ ماحول ہی ایسا گندہ ہے مگر میرے رب نے میری دستگیری فرمائی اس لیے میں اس دلدل میں نہ پھنسا۔

اور پھر صبح آپ نے آب و تاب کے ساتھ چمکتا دمکتا سورج دیکھا تو آپ نے قوم سے خطاب فرمایا۔

فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَ رَبِّىْ هٰذَا اَكْبَرُ

ترجمہ: پھر جب سورج چمکتا دیکھا تو فرمایا کیا اسے میرا رب کہتے ہو یہ تو ان سب سے بڑا ہے۔

آپ نے اپنی قوم سے فرمایا کیا یہ میرا رب ہے یہ نورانی بھی ہے اور چاند تاروں سے بڑا بھی مگر جب شام کو سورج بھی قلابازیاں کھاتا ہوا غروب ہو گیا تو آپ نے اعلان فرمایا۔

فَلَمَّا اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّىْ بَرِىْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ

ترجمہ: پھر جب وہ بھی ڈوب گیا تو آپ نے فرمایا اے قوم میں بیزار ہوں ان چیزوں سے جنہیں تم شریک بناتے ہو۔

آپ نے فرمایا اے قوم والو گواہ رہنا کہ میں تمہارے کفر و شرک اور تمہارے ان معبودوں سے بری اور بیزار ہوں اور رہوں گا اور میں دنیا میں دھوکہ کھانے نہیں آیا۔ بلکہ

دھوکہ دکھانے والوں کو نکالنے آیا ہوں۔ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

مٹ گئے مٹتے ہیں مٹ جائیں گے اعدا تیرے
نہ مٹا ہے نہ مٹے گا کبھی چرچا تیرا

اے قوم والو ان چیزوں کی جگمگاہٹ سے دھوکہ نہ کھاؤ بلکہ یاد رکھو اور دیکھو کہ یہ کسی اور کے قبضہ وقدرت میں ہیں ان پر مختلف حالات آتے رہتے ہیں۔ یہ ان سب کی عبدیت کی دلیل ہیں رب وہ ہے جس کے قبضہ میں یہ سب ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو علم لدنی بخشا کہ آپ نے بچپن میں فصیح و بلیغ گفتگو فرمائی کہ تمام اہل علم کا علم آپ پر قربان ہو۔ دیکھو چاند سورج تارے کی عبدیت ان کا مخلوق ہونا ان کے ادلنے، بدلنے، ڈوبنے، نکلنے سے ثابت ہوا۔ اس کو منطقی لوگ اس طرح بیان کرتے ہیں کہ دنیا اور دنیا کی تمام چیزیں ادلنے بدلنے والی ہیں اور ہر ادلنے بدلنے والی چیز نو پید ہے کہ پہلے نہ تھی بعد میں ہوئی لہٰذا یہ دنیا نو پید ہے کسی کی مخلوق ہے اسے خالق کی ضرورت ہے۔ سبحان اللہ وہ آپ کا بچپن، لڑکپن اور یہ دانائی وعلم کتنا ارفع واعلیٰ تھا۔
(تفسیر ضیاء القرآن، جلد ۲، پ ۷)

## حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پہلے بیٹے کی ولادت

حضرت ہاجرہ نو عمر اور حسین وجمیل تھیں حضرت ہاجرہ کو اس ظالم بادشاہ نے بطور انعام حضرت سارہ کی خدمت میں پیش کیا تھا۔ جب وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی مصاحبت سے مشرف ہوئیں تو نور محمد ﷺ رحم حضرت ہاجرہ میں جلوہ افروز ہو گیا اور مدت حمل پورا ہونے پر حسب تمنا اللہ تعالیٰ نے فرزند عطا فرمایا۔ یہ فرزند ایسے تھے کہ اب تک آسمانوں سے ایسی ہستی جلوہ افروز نہ ہوئی تھی۔ شفیق ومہربان باپ نے ان کا نام اشموئیل رکھا اور جو بعد میں کثرت استعمال سے اشموئیل سے اسماعیل ہو گیا۔

نور محمدی ﷺ کی امامت کی وجہ سے حضرت اسماعیل کی زات مقدس ایسی مرجع خلائق ہوئی کہ جو کوئی انہیں دیکھتا وہ دیکھتا ہی رہ جاتا اور حضرت اسماعیل کی محبت دیکھنے والے کے دل میں جاگزیں ہو جاتی اور خود حضرت ابراہیم علیہ السلام کی محبت کا یہ عالم تھا کہ وہ دو گھڑی بھی اپنے سے جدا نہ کرتے اور اپنی گودیا کاندھوں پر لیے رہتے۔ فطرت انسانی کے ماتحت حضرت سارہ کو اس انداز محبت سے رشک پیدا ہوا۔ کیونکہ ان کی بھی یہ خواہش تھی کہ یہ شرف ان کی اولاد کو حاصل ہوتا اور نور محمودی ﷺ کا شرف ان کی نسل کو ملتا۔

(گلشن ابراہیم علیہ السلام)

## حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پہلی ہجرت

اللہ رب العزت نے حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کو نمرود کی جلائی ہوئی آگ سے محفوظ فرمایا تو ان سے متاثر ہو کر بہت سے لوگ منحرف ہو کر دامن ابراہیمی سے وابستہ ہو گئے اور دین حق قبول کر لیا۔ اس کے بعد ملت ابراہیمی روز بروز ترقی کرنے لگی یہ دیکھ کر نمرود بہت پریشان ہوا اور اس نے ایک دن تنہائی میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بلا کر کہا کہ اس واقعہ اور تمہارے دین کی روز بروز ترقی سے میرا ملکی نظام تباہ و برباد ہو رہا ہے میری سلطنت کی بنیادیں ہلتی جا رہی ہیں۔ لہٰذا تم اپنے متبعین کو لے کر میری مملکت سے باہر چلے جاؤ۔ کیونکہ تمہارے عقیدے کے مطابق تمہارا خدا ہر جگہ تمہارا حافظ و ناصر ہو گا۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام اس سے (نمرود سے) گفتگو کے بعد اپنے متبعین کے ساتھ سرزمین بابل سے ہجرت کر کے ملک شام روانہ ہو گئے۔

ان ہجرت کرنے والوں میں آپ کے برادرزادہ حضرت لوط علیہ السلام بھی تھے یہ تارخ کے بیٹے یاران کے نور نظر تھے ان کے ساتھ یاران اکبر کی بیٹی حضرت سارہ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے چچا بھی نور ہدایت سے مشرف ہو گئے۔ حضرت لوط علیہ

السلام کے والد اور حضرت سارہ کے والد ہم نام تھے اور امتیاز کے لیے حضرت سارہ کے والد کو باران اکبر کہا جاتا تھا۔ بعض لوگوں نے لکھا ہے کہ حضرت سارہ شاہ ہران کی بیٹی تھی اور جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یاران کی طرف ہجرت کی تھی اس وقت وہ آپ کے نکاح میں آئی تھیں جیسا کہ تفسیر نعیمی اور دوسری تفاسیر کے حوالہ سے درج ہے دوسری روایت کے مطابق تفسیر عزیزی میں ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے نمرود کے ہاتھ سے نجات پائی اور بابل والوں کے ایمان سے مایوس ہوئے تو وہاں سے ہجرت کر کے اپنے چچا یاران کے گھر مقام حران میں آ گئے۔ آپ کے چچا یاران کی ایک خوبصورت بیٹی تھی جس کا نام سارہ تھا۔ آپ کے چچا نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سعادت مندی دیکھ کر حضرت سارہ کا ان سے نکاح کر دیا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کچھ روز وہاں تبلیغ فرماتے رہے مگر سوائے حضرت سارہ اور حضرت لوط علیہ السلام کے کوئی ایمان نہ لایا بلکہ یاران نے ناراض ہو کر اپنی بیٹی اور داماد کو اپنے گھر سے نکال دیا۔ آپ نے حضرت سارہ سے معاہدہ کیا کہ تم ہمیشہ میری فرمانبرداری کرنا اور میں تمہاری بات مانوں گا۔ (مدارج النبوت جلد اول)

## حضرت ابراہیم علیہ السلام پہلی بار حرم کعبہ میں

حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت سارہ کے درمیان حران میں طے پائے جانے والے معاہدہ کے پیش نظر سیدنا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت ہاجرہ اور حضرت اسماعیل کو ساتھ لیا اور خانہ کعبہ کی جگہ پہنچ گئے۔ بارگاہ قدس سے حکم ملا ان دونوں کو ہمارے سپرد کر جاؤ (یہاں خانہ کعبہ بحکم خدا تعمیر ہونا تھا)۔ یہاں جنگل ہی جنگل نہ سایہ نہ پانی۔ آپ نے کچھ کھجوریں، روٹی کے چند ٹکڑے۔ پانی کا ایک مشکیزہ۔ حضرت ہاجرہ کے حوالے کر کے لوٹ آئے۔ حضرت ہاجرہ نے عرض کیا اے ابراہیم آپ مجھے کہاں چھوڑے

جا رہے ہیں نہ مکان ہے، نہ سامان یہ بے اب و گیاہ جنگل اور پھر پوچھا اچھا ایسا کرنے کا حکم آپ کو رب العلمین کی طرف سے ہے۔ حضرت خلیل علیہ السلام نے سر ہلا کر فرمایا ہاں، تب سیدہ ہاجرہ نے کہا اب مجھے کوئی فکر نہیں، میرا رب مجھے ضائع نہیں کرے گا بس پھر کچھ نہیں کہا اپنے پیارے بیٹے اسماعیل علیہ السلام کو گود میں لیا اور بیٹھ گئیں۔ حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کچھ دور جا کر پہاڑ کی آڑ میں جا کر رکے اور عرض کی۔

ترجمہ: اے اللہ میں نے اپنے اہل عیال کو بے اب دانہ جنگل میں چھوڑ دیا ہے، دعا کے بعد آپ واپس فلسطین چلے گئے جب تک کھجوریں اور پانی رہا حضرت ہاجرہ اطمینان سے رہیں، بیٹے کو دودھ پلاتی رہیں، مگر پانی ختم ہونے پر پیاس نے ستایا لخت جگر نے رونا شروع کر دیا، نور نظر کی بے قراری دیکھی نہ گئی اور صفا کے پہاڑ پر چڑھ گئیں کہ کہیں پانی نظر آئے مگر پانی نہ ملا مروہ پر گئیں، مگر پانی نہ ملا، نگاہ فرزند ارجمند پر رہتی، راستہ کے کچھ حصہ میں سیدہ ہاجرہ اور اسماعیل علیہ السلام کے درمیان آڑ آ گئی آپ ڈر گئیں اور آڑ کے نکل جانے پر آہستہ ہو گئیں جہاں تک کہ مروہ تک گئیں وہاں چڑھ کر بھی پانی کہیں نظر نہ آیا پھر صفا پر آئیں اسی طرح سات چکر لگائے، ہر مرتبہ درمیان میں دوڑ لگاتیں۔ حج میں صفا اور مروہ انہیں کی یادگار ہے۔ اللہ تعالیٰ کو اپنے خلیل کی اہلیہ کی یہ ادا بہت پسند آئی، حج میں لازم قرار دے دیا۔ سیدہ ہاجرہ نے ایک مہیب آواز سنی اور بیٹے کی طرف دوڑیں، دیکھا سیدنا حضرت اسماعیل علیہ السلام رو رہے ہیں اور ایڑیاں زمین پر رگڑ رہے ہیں جس سے ایک ٹھنڈا میٹھا چشمہ جاری ہے۔ چشمہ دیکھ کر بہت خوش ہوئیں اور اس کے گرد بنی بنا کر فرمانے لگیں ماء زم زم اے پانی ٹھہر جا۔ پانی میٹھا ہے بعض نے کہا ماء زم پانی بہت کافی ہے۔

(بلا الامین علامہ منظور احمد شاہ صفحہ ۸۲)

# چشمہ زم زم پر پہلی آمد

قبیلہ جرہم یمن کا باسی تھا۔ یمن میں قحط سالی ہوئی۔ تلاش معاش کے لیے یہ قبیلہ یمن سے نکلا اور مقام کدی میں مقیم ہوا۔ دیکھا کچھ فاصلے پر پرندے اڑ رہے ہیں معلوم ہوتا ہے یہاں پانی ہے کہ پہلے کبھی یہاں پرندے اڑتے دیکھائی نہیں دیئے تفتیش کے لیے ایک نمائندہ بھیجا جو وہاں پہنچا اور دیکھا کہ ایک غیبی چشمہ ہے۔ جس کے پاس ایک خاتون ایک معصوم بچے کو لیے بیٹھی ہے۔ اس کی اطلاع پر قبیلے کے سارے لوگ حضرت ہاجرہ اور اسماعیل علیہم السلام کے پاس پہنچے اور درخواست کی اگر اجازت ہو تو وہ بھی یہاں ڈیرہ لگا لیں۔ حضرت ہاجرہ بھی تنہائی سے پریشان رہتی تھیں اجازت دے دی کہ وہ صرف رہ سکتے ہیں پانی استعمال کر سکتے ہیں مگر حق صرف ہمارا ہی ہوگا۔ اس قبیلے نے یہ شرط منظور کر لی اور رہائش پذیر ہو گئے۔ اپنے عزیزوں اور رشتہ داروں کو بھی بلا لیا یہاں پر بھی خاصی بستی آباد ہو گئی۔ حضرت سیدنا اسماعیل علیہ السلام نے اسی قبیلہ بنی جرہم سے عربی زبان سیکھی۔ آپ نہایت زکی، قابل، ہونہار جوان ہوئے۔ قبیلہ جرہم کے سردار نے اپنی بیٹی کو حضرت اسماعیل علیہ السلام کے نکاح میں دے دیا۔ حضرت ہاجرہ کی وفات پر حضرت سیدنا اسماعیل علیہ السلام کی عمر ۱۴ سال ہو گئی تھی۔ اس دوران اللہ تعالیٰ کا فضل ہوا حضرت سارہ کے بطن سے بھی ایک فرزند پیدا ہوئے جن کا نام اسحاق رکھا گیا۔ حضرت سارہ اپنے بیٹے کی دیکھ بھال میں مصروف ہو گئیں اس عرصہ میں کچھ جوش غیرت بھی کم ہو گیا تب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت سارہ سے فرمایا اگر محسوس نہ کرو تو اسماعیل کو دیکھ آؤں۔ حضرت سارہ نے کہا آپ چلے جائیں اپنے بیٹے سے ملاقات کریں مگر شرط یہ ہے کہ آپ زمین پر قدم نہ رکھیں اور بہت دیر وہاں نہ ٹھہریں۔ (سیرت مصطفےٰ، تاریخ مکہ)

# حج کے لیے پہلی ندائے خلیل علیہ السلام

جب بحکم خداوندی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام تعمیر بیت اللہ سے فارغ ہوئے تو اپنے ہاتھ بارگاہ ایزدی میں بلند کر کے دعا مانگتے ہیں۔ جب تعمیر اور دعا سے فارغ ہوئے تو اللہ رب العزت کی طرف سے وحی آئی۔

وَاَذِّنۡ فِی النَّاسِ بِالۡحَجِّ یَاتُوۡکَ رِجَالاً وَّعَلٰی کُلِّ ضَامِرٍ یَّاتِیۡنَ مِنۡ کُلِّ فَجٍّ عَمِیۡقٍ

ترجمہ: اور لوگوں میں حج کی عام ندا کر دے وہ تیرے پاس حاضر ہوں گے پیادہ اور ہر دبلی اونٹنی پر کہ دور کی راہ سے آتی ہیں۔

حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے عرض کیا مولا میری آواز تمام مخلوق تک کیسے پہنچ جائے گی۔

جواب ملا۔ اے ابراہیم (علیہ السلام) آواز دینا تیرا کام ہے اور پہچانا میرا کام ہے پس حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام ابوقبیس پہاڑ پر چڑھے اور ندا کی

یَاعِبَادَ اللّٰهِ اَجِیۡبُوۡ دَاعِیَ اللّٰهِ وحَجّوُبَیۡتَهٗ

ترجمہ: اے اللہ کے بندو! اس کے بلانے والے کو جواب دو اور اس کے گھر کا حج کرو۔

قدرت الٰہی سے یہ آواز تمام عالم میں ایسی گونجی کہ جو جاگتا تھا اس نے سنی۔ اور جو سوتا تھا اُس نے بھی سنی۔ جو ابھی عالم وجود میں بھی نہیں آیا تھا وہ ماں کے رحم میں تھا یا باپ کی پشت میں تھا اُس نے بھی سنی پھر جس بانصیب نے ایک دفعہ لَبَّیۡکَ کہی۔ اس کی قسمت میں ایک مرتبہ حج کرنا نصیب ہوا۔ جس نے دو مرتبہ لَبَّیۡکَ کہی۔ اس نے دو بار حج کیا۔ جس نے تین بار لَبَّیۡکَ کہا وہ تین بار حج سے مشرف ہوا اور جو قسمت کا ہارا اس وقت

خاموش رہا وہ ہمیشہ کے لیے حج کی سعادت سے محروم رہ گیا۔

(نزہت المجالس، معارج النبوت، تفسیر حسینی)

## پہلا جنتی پتھر

حدیث شریف میں ہے کہ مقام ابراہیم اور حجر اسود دونوں جنتی یاقوت ہیں۔ پہلے بہت نورانی تھے اللہ نے ان کا نور محو کر دیا اگر ایسا نہ ہوتا تو یہ مشرق و مغرب کو چمکاتے ''مقام ابراہیم'' ایک پتھر ہے جس پر تین بار حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کھڑے ہوئے اولاً تو جبکہ ان کی بہو حضرت اسماعیل علیہ السلام کی بیوی نے ان سے عرض کیا کہ میں آپ کا سر دھلا دوں تب آپ نے گھوڑے سے اتر کر اس پتھر پر قدم رکھا اور انہوں نے خدمت کی۔

دوسرے یہ کہ جب کعبہ کی دیواریں اونچیں ہوئیں تب آپ نے حضرت اسماعیل علیہ اسلام سے کہا کہ ہمارے واسطے کوئی پتھر لاؤ جس پر ہم کھڑے ہو کر دیوار بنائیں۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام پتھر کی تلاش میں ابوقبیس پہاڑ پر تشریف لے گئے راہ میں حضرت جبریل ملے اور کہا کہ آیئے میں آپ کو ایک پتھر بتاؤ جو کہ حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ دنیا میں آیا اور اسے حضرت ادریس علیہ السلام نے طوفان نوح کے خوف سے اس پہاڑ میں دفن کر دیا اس جگہ چھوٹے بڑے دو پتھر مدفون ہیں چھوٹے پتھر کو تو کعبہ کی دیوار میں دروازہ کے قریب لگا دو کہ ہر طواف کرنے والا اس کو چوما کرے۔ یعنی حجر اسود اور بڑے پتھر مقام ابراہیم علیہ السلام پر کھڑے ہو کر عمارت بنائیں۔ چنانچہ آپ وہ دونوں پتھر لے آئے۔ اور یہ پیغام الٰہی بھی پہنچایا ابراہیم علیہ السلام نے حکم الٰہی کے مطابق حجر اسود کو تو ایک گوشہ میں لگا دیا اور دوسرے پتھر پر کھڑے ہو کر تعمیر کا کام جاری کیا جس قدر عمارت بلند ہوتی جاتی تھی یہ پتھر بھی اونچا ہوتا جاتا تھا یہاں تک کہ آپ تعمیر سے فارغ ہوئے اور دوسرے پتھر کی ضرورت نہ پڑی۔ روایت میں ہے کہ جب حجر اسود دیوار کعبہ میں قائم کیا گیا تو اس کی روشنی

چاروں طرف دور تک جاتی تھی۔ جہاں تک اس کی روشنی پہنچی وہاں تک حرم کے حدود مقرر ہوئے جس میں شکار کرنا منع ہے۔ اور حجر اسود کا رنگ بالکل سفید تھا گنہگاروں کے ہاتھوں سے سیاہ ہو گیا۔ (تفسیر نعیمی پارہ اول صفحہ ۶۸۰)

## حضرت اسماعیل علیہ السلام کی پہلی شادی

حضرت سیدنا اسماعیل علیہ السلام مکہ مکرمہ میں رہتے ہوئے جب جوان ہو گئے تو نبی جرہم قبیلہ کے لوگ بھی خوشحالی کی زندگی بسر کرنے لگے ان کی تعداد بھی آہستہ آہستہ بڑھنے لگی۔ چنانچہ انہوں نے اپنی ایک بچی کا رشتہ حضرت سیدنا اسماعیل عایہ السلام کو دے دیا یوں آپ کی آزواجی زندگی کا آغاز ہوا۔ لیکن یہ خاتون تندمزاج تھیں کئی سال بیت گئے تب کہیں حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام اپنے بیٹے اور اپنی وفاشعار رفیقہ حیات کی ملاقات کے لیے مکہ مکرمہ میں تشریف لائے۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام گھر پر نہ تھے اس اثنا میں حضرت ہاجرہ انتقال فرما چکی تھیں۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اہلیہ نے اپنے نووارد مہمان کے ساتھ بے رخی اور سرد مہری کا مظاہرہ کیا۔ آپ نے اپنی بہو کو کہا جب تمہارا شوہر اسماعیل آئے تو اسے بتا دینا کہ اس شکل وصورت کا ایک شیخ آیا تھا۔ اس نے تمہیں وصیت کی ہے کہ اپنے گھر کی دہلیز بدل دو۔

آپ اتنا کہہ کر شام واپس لوٹ گئے۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام آئے تو آپ کی بیوی نے آپ کو اس بوڑھے شخص کا پیغام پہنچایا آپ فوراً سمجھ گئے اور فرمایا وہ شیخ میرے پدر بزرگوار حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے اور وہ دہلیز تم ہو۔ انہوں نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تم کو طلاق دے دوں چنانچہ آپ نے اس کو طلاق دے دی۔

(ضیاء النبی جلد اول صفحہ ۳۹۱)

# اوّلیات حضرت ابراہیم علیہ السلام

اس باب میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولیات کے بارے میں تحریر کیا جائے گا کہ وہ کام جن کی ابتداء حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ہوئی۔

۱۔ سب سے پہلے آپ ہی نے اپنا اور اپنی اولاد کا ختنہ کیا۔ آپ سے پہلے انبیاء کرام ختنہ شدہ پیدا ہوئے تھے۔ ہمارے حضور ﷺ ختنہ شدہ پیدا ہوئے۔

۲۔ سب سے پہلے آپ ہی کے بال سفید ہوئے۔

۳۔ سب سے پہلے آپ نے ناخن اور مونچھ کٹوائے اور موئے زیر ناف کو دور کرنے کو رواج دیا کہ یہ باتیں آپ کے دین میں فرض تھیں اور ہمارے ہاں سنت۔

۴۔ سب سے پہلے آپ ہی نے سلا ہوا پاجامہ پہنا۔

۵۔ سب سے پہلے آپ ہی نے بالوں میں خضاب لگایا۔

۶۔ سب سے پہلے آپ ہی نے منبر بنایا اور اس پر خطبہ پڑھا۔

۷۔ سب سے پہلے آپ ہی نے ہاتھوں میں عصا لیا۔

۸۔ سب سے پہلے آپ ہی نے راہ خدا میں جہاد کیا جبکہ رومی کافر آپ کے بھتیجے حضرت لوط علیہ السلام کو قید کر کے لے گئے تھے آپ نے ان سے جہاد کر کے انہیں چھڑایا۔

۹۔ سب سے پہلے آپ ہی نے مہمان نوازی کی کہ بغیر مہمان کبھی ناشتہ بھی نہ کیا اور مہمان کی تلاش میں چار چار کوس دور نکل جاتے تھے۔

۱۰۔ سب سے پہلے آپ ہی نے شیر مال (سویٹ ڈش) یا پراٹھے پکوا کر مہمانوں کو کھلائے۔

۱۱۔ سب سے پہلے آپ ہی نے معانقہ (گلے ملنا) کیا۔

۱۲۔ سب سے پہلے آپ ہی کو بہت سامال اور خدام دیئے گئے۔

۱۳۔ سب سے پہلے آپ ہی نے ثرید پکایا۔ یعنی شوربے میں پکی ہوئی روٹی۔

(تفسیر نعیمی، جلد اول، مفتی احمد یار خاں نعیمی علیہ الرحمۃ)

## حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا پہلا کلام

جب اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو حضرت مریم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن سے پیدا کرنا چاہا آپ بغیر باپ کے پیدا کیئے گئے ہیں۔

ایک روز حضرت مریم رضی اللہ تعالیٰ عنہا گوشہ تنہائی میں مصروف عبادت تھیں۔ اچانک کیا دیکھا کہ تندرست و خوبرو نوجوان اُن کے بالکل قریب کھڑا ہے۔ آپ گھبرا گئیں۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام جو بشری صورت میں ان کی خلوت گاہ میں کھڑا تھا۔ حضرت مریم کی گھبراہٹ کو دیکھ کر یہ کہہ کر دور کر دیا کہ میں انسان نہیں بلکہ فرشتہ ہوں اور تیرے رب کا بھیجا ہوا آیا ہوں تاکہ تجھے ایک پاکیزہ فرزند عطا کروں۔ حقیقت میں فرزند عطا فرمانے والا اللہ تعالیٰ ہے لیکن جبرائیل کیونکہ اس عطا کا سبب اور ذریعہ بنے اس لیے بطور مجاز فرزند دینے کی نسبت اپنی طرف کر دی۔

حضرت مریم کہنے لگیں میں کنواری لڑکی ہوں نہ میری شادی ہوئی ہے اور نہ میں بدکار ہوں میرے ہاں بچہ کیسے پیدا ہوگا۔

حضرت جبرائیل علیہ السلام نے جواب میں کہا: ایسا ہی ہوگا۔ قانون فطرت تو یہ ہے کہ مرد و زن کے اختلاط سے بچہ پیدا ہوا کرتا ہے اور بن باپ کے بچہ پیدا ہونا عادت کے خلاف ہے لیکن اے مریم تیرے رب کا یہ فرمان ہے کہ ایسا بچہ پیدا کرنا اس کے لیے بالکل آسان ہے۔ وہ ان اصولوں کے سامنے مجبور نہیں۔

چنانچہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے پھونک ماری اور حمل قرار پا گیا۔ جب

وقت پورا ہو گیا اور وضع کا دور شروع ہوا تو کھجور کے ایک تنے کی اوٹ میں آ گئیں۔ جب آپ کی پریشانی حد سے گزر گئی تو آواز آئی۔ مریم غم نہ کرو۔ یہ دیکھو تیرے رب نے ایک خشک ندی میں پانی جاری کر دیا ہے۔ اس تنے کو ذرا جھنجوڑو تمہارے کھانے کے لیے عمدہ پکی ہوئی کھجوریں تیرے قدموں میں آ گریں گیں۔ وہی پروردگار جو حجرہ عبادت میں تجھے بے موسم کے پھل کھلایا کرتا تھا وہی آج تیرے ایام زچگی میں تازہ اور میٹھے خرموں کا اہتمام فرما رہا ہے۔

آیام زچگی میں اطباء کے نزدیک عورت کے لیے بہترین خوراک تازہ اور شیریں کھجور ہے۔

اگر کوئی شخص تیری گود میں بچہ دیکھ کر تم پر زبان طعن دراز کرنے لگے تو تمہیں اپنے دفاع کے لیے بولنے کی ضرورت نہیں تم خاموش رہنا اور معترضین کو بتا دینا کہ میں روزہ دار ہوں اس لیے گفتگو نہیں کروں گی۔

حضرت وہب بن منبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں ہ جب آپ بچے کو گود میں لے کر اپنی قوم کے پاس لے آئیں تو بنی اسرائیل میں یہ بات مشہور ہوگئی جب کنبہ والوں نے دیکھا کہ: کنواری مریم، بچہ اُٹھائے آ رہی ہے تو ان پر سکتے کا عالم طاری ہو گیا اور فرط خجالت سے وہ صرف اتنا ہی کہہ سکے ہوں گے۔ مریم۔ اور ایک عورت نے تھپڑ مارنے کے لیے ہاتھ اُٹھایا تو وہ سوکھ گیا۔ ایک مرد نے یہ کہا یہ تو زنا کار ہے تو وہ گونگا ہو گیا۔ یہ دیکھ کر کسی کو مارنے اور بُرا بھلا کہنے کی ہمت نہ ہوئی اور بڑے نرم انداز میں اتنا ہی کہہ سکے۔

لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا فَرِيًّا

خود سوچیئے اگر کسی شادشدہ عورت کے ہاں بچہ پیدا ہو تو کیا اس کی آؤ بھگت اس طرح کی جاتی ہے؟

حسب ارشاد خداوند مریم خود چپ رہیں اور بچے کی طرف اشارہ کر دیا۔ جس کا

مطلب یہ تھا کہ جو کچھ پوچھنا ہے اس سے پوچھو۔

انہوں نے کہا مریم تو ہمارے ساتھ مذاق کرتی ہے۔ خود گم سم ہو کر بیٹھی ہے اور ہمیں اس شیر خوار بچے سے گفتگو کرنے کو کہتی ہے جو ابھی جھولے میں جھول رہا ہے۔ ہم اس سے کیسے بات کر سکتے ہیں۔

آپ دودھ پی رہے تھے۔ یہ باتیں سن کر آپ نے دودھ پینا چھوڑ دیا اور ان لوگوں کی طرف رخ کر کے یہ کلام فرمایا۔ سب سے پہلے یہ اعلان فرمایا کہ میں اللہ تعالیٰ کا بندہ ہوں۔ نہ میں خدا ہوں اور نہ خدا کا بیٹا۔ جس طرح ان کے پرستاران کے متعلق اعتقاد رکھنے والے تھے۔ آنے والی غلطیوں کا پہلے دن ہی ازالہ فرما دیا۔

آپ نے یہ نہیں کہا کہ اللہ تعالیٰ مجھے کتاب دے گا۔ اور مجھے وقت مقررہ پر نبی بنا کر مبعوث فرمائے گا اور مجھے بابرکت کرے گا بلکہ تمام صیغے ماضی کے استعمال ہوئے ہیں جن کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے کتاب مرحمت فرما دی ہے۔ مجھے نبی بنا دیا ہے۔ اور مجھے بابرکت کر دیا ہے۔ (تفسیر ضیاء القرآن جلد ۳ صفحہ ۷۲ تا ۷۸)

## حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا پہلا معجزہ

جب بنی اسرائیل نے یہ معجزہ طلب کیا۔ کہ مٹی کا پرندہ بنا کر اڑا دیجئے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے مٹی کے چمگادڑ بنا کر ان کو اڑا دیا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے پرندوں میں سے چمگادڑ کو اس لیے منتخب فرمایا کہ پرندوں میں سب سے بڑھ کر مکمل اور عجیب و غریب یہی پرندہ ہے کیونکہ اس کے آدمی کی طرح دانت بھی ہوتے ہیں۔ اور یہ آدمی کی طرح ہنستا بھی ہے۔ یہ بغیر پر کے اپنے بازوؤں سے اڑتا ہے۔ اور یہ پرندہ جانوروں کی طرح بچہ جنتا ہے اور اس کو حیض بھی آتا ہے۔ روایت ہے کہ جب تک بنی اسرائیل دیکھتے رہتے یہ چمگادڑ اڑتے رہتے اور ان کی نظروں سے اوجھل ہو جاتے تو گر کر مر جاتے تھے۔ ایسا اس لیے ہوتا

تھا تا کہ خدا کے پیدا کئے ہوئے اور بندہ خدا کے پیدا کئے پرندہ میں فرق اور امتیاز باقی رہے۔ (روح البیان، ج ۲، ص ۳۷، پ ۳، آل عمران: ۴۹)

## پہلا میلاد منانے والا حکمران

مظفر ابو سعید وہ پہلا حکمران ہے جس نے سرکاری سطح پر عید میلاد النبی ﷺ کو منایا۔ بادشاہ کے متعلق امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں۔

اربل کا بادشاہ مظفر ابو سعید کبریٰ بن زین صاحب شرافت اور انتہائی سخی بادشاہوں میں سے ایک اور اس کے بیٹے اور اس کے لیے بہت اچھے آثار ہیں۔

مظفر ابو سعید ایک عظیم الشان محفل میلاد کیا کرتا تھا اور لوگ نہایت حسن واعتقاد کے ساتھ اس محفل میں شامل ہوتے اور ہر سال لوگ قریبی شہروں سے اربل آتے۔ مثلاً بغداد، موصل، جزیرہ سنجار نعیبین اور بلاد عجم وغیرہ سے شرکت کرتے اور اس میں علماء صوفیاء واعظین قراء شعراء کی بہت بڑی تعداد شامل ہوتی۔

امام ابن کثیر لکھتے ہیں اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائے اور ان کے کہنے پر شیخ ابو الخطاب بن دحیہ نے میلاد شریف پر ایک کتاب تصنیف فرمائی اور اس کا نام التنویر فی مولد البشیر النذیر رکھا" تو اس نے انہیں ایک ہزار دینار ہدیہ کیا۔

(رسائل میلاد النبی، صلاح الدین سعیدی)

## ساری دنیا کا پہلا حکمران

حضرت سلیمان علیہ السلام حضرت داؤد علیہ السلام کے فرزند ہیں۔ یہ اپنے مقدس باپ کے جانشین ہوئے اور اللہ تعالیٰ نے ان کو بھی نبوت اور سلطنت دونوں سعادتوں سے سرفراز فرما کر تمام روئے زمین کا بادشاہ بنادیا اور چالیس برس تک آپ تخت سلطنت پر

جلوہ گر رہے۔ جن و انسان و شیاطین اور چرندوں، پرندوں، درندوں سب پر آپ کی حکومت تھی۔ ان سب کی زبانوں کا آپ کو علم عطا کیا گیا اور طرح طرح کی عجیب وغریب صنعتیں آپ کے زمانے میں بروئے کار آئیں۔ چنانچہ قرآن مجید میں ہے:

وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ وَقَالَ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ۝ (پ ۱۹، النمل: ۱۶)

ترجمہ: اور سلیمان داؤد کا جانشین ہوا اور کہا اے لوگو ہمیں پرندوں کی بولی سکھائی گئی اور ہر چیز میں سے ہم کو عطا ہوا بیشک یہی ظاہر فضل ہے۔ (کنز الایمان)

اسی طرح قرآن مجید میں دوسری جگہ ارشاد ہوا۔

وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝ يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ (پ ۲۲، سبا: ۱۲،۱۳)

ترجمہ: اور سلیمان کے بس میں ہوا کر دی اس کی صبح کی منزل ایک مہینہ کی راہ اور شام کی منزل ایک مہینے کی راہ اور ہم نے اس کے لئے پگھلے ہوئے تانبے کا چشمہ بہایا اور جنوں میں سے وہ جو اس کے آگے کام کرتے اس کے رب کے حکم سے اور جو ان میں ہمارے حکم سے پھرے ہم اسے بھڑکتی آگ کا عذاب چکھائیں گے۔ اس کے لئے بناتے جو وہ چاہتا اونچے اونچے محل اور تصویریں اور بڑے حوضوں کے برابر لگن اور لنگر دار دیگیں۔ (کنز الایمان)

روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سلیمان علیہ السلام جن وانس وغیرہ اپنی تمام لشکروں کو لے کر طائف یا شام میں ''وادی نمل'' سے گزرے جہاں چیونٹیاں بکثرت تھیں تو چیونٹیوں کی ملکہ جو مادہ اور لنگڑی تھی اس نے تمام چیونٹیوں سے کہا کہ اے چیونٹیو! تم سب اپنے گھروں میں چلی جاؤ ورنہ حضرت سلیمان اور ان کا لشکر تمہیں بے خبری میں کچل ڈالے

گا۔ چیونٹی کی اس تقریر کو حضرت سلیمان علیہ السلام نے تین میل کی دوری سے سن لیا اور مسکرا کر ہنس دیئے۔ چنانچہ رب تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا:

حَتّٰۤی اِذَاۤ اَتَوۡا عَلٰی وَادِ النَّمۡلِ قَالَتۡ نَمۡلَۃٌ یّٰۤاَیُّهَا النَّمۡلُ ادۡخُلُوۡا مَسٰکِنَکُمۡ لَا یَحۡطِمَنَّکُمۡ سُلَیۡمٰنُ وَ جُنُوۡدُهٗ وَ هُمۡ لَا یَشۡعُرُوۡنَ ۝ فَتَبَسَّمَ ضَاحِکًا مِّنۡ قَوۡلِهَا. (پ ۱۹، النمل: ۱۸، ۱۹)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب چیونٹیوں کے نالے پر آئے ایک چیونٹی بولی اے چیونٹیو! اپنے گھروں میں چلی جاؤ تمہیں کچل نہ ڈالیں سلیمان اور ان کے لشکر بے خبری میں تو اس کی بات سے مسکرا کر ہنسا۔ (کنز الایمان، عجائب القرآن مع غرائب القرآن)

## پہلی عورت کی بادشاہی

یوں تو سبھی پرندے حضرت سلیمان علیہ السلام کے مسخر اور تابع فرمان تھے لیکن آپ کا ہدہد آپ کی فرماں برداری اور خدمت گزاری میں بہت مشہور ہے۔ اسی ہدہد نے آپ کو ملک سبا کی ملکہ ''بلقیس'' کے بارے میں خبر دی تھی کہ وہ ایک بہت بڑے تخت پر بیٹھ کر سلطنت کرتی ہے اور بادشاہوں کے شایان شان جو بھی سروسامان ہوتا ہے وہ سب کچھ اس کے پاس ہے مگر وہ اور اس کی قوم ستاروں کے پجاری ہیں۔ اس خبر کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام نے بلقیس کے نام جو خط ارسال فرمایا، اس کو یہی ہدہد لے کر گیا تھا چنانچہ قرآن کریم کا ارشاد ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے ہدہد سے فرمایا:

''تم میرا خط لے جاؤ۔ اور ان کے پاس یہ خط ڈال کر پھر ان سے الگ ہو کر تم دیکھو کہ وہ کیا جواب دیتے ہیں۔'' (پ ۱۹، النمل، ۲۸)

چنانچہ ہدہد یہ خط لے گیا اور بلقیس کی گود میں اس کو اوپر سے گرا دیا۔ اس وقت اس نے اپنے گرد امراء و ارکان سلطنت کا مجمع اکٹھا کیا۔ پھر خط کو پڑھ کر لرزہ بر اندام ہو گئی

اور اپنے اراکین سے یہ کہا کہ

ترجمہ: اے سردارو! بے شک میری طرف ایک عزت والا خط ڈالا گیا بے شک وہ سلیمان کی طرف سے ہے اور بے شک وہ اللہ کے نام سے ہے جو نہایت مہربان اور رحم والا یہ کہ مجھ پر بلندی نہ چاہو اور گردن رکھتے میرے حضور حاضر ہو۔ (کنز الایمان، پ۱۹، النمل ۲۹ تا ۳۱)

خط سنا کر بلقیس نے اپنی سلطنت کے امیروں اور وزیروں سے مشورہ کیا تو ان لوگوں نے اپنی طاقت اور جنگی مہارت کا اعلان و اظہار کر کے حضرت سلیمان علیہ السلام سے جنگ کا ارادہ ظاہر کیا۔ اس وقت عقلمند بلقیس نے اپنے امیروں اور وزیروں کو سمجھایا کہ جنگ مناسب نہیں ہے کیونکہ اس سے شہر ویران اور شہر کے عزت دار باشندے ذلیل و خوار ہو جائیں گے۔ اس لیے میں یہ مناسب خیال کرتی ہوں کہ کچھ ہدایا و تحائف ان کے پاس بھیج دوں اس سے امتحان ہو جائے گا کہ حضرت سلیمان صرف بادشاہ ہیں یا اللہ عزوجل کے نبی بھی ہیں۔ اگر وہ نبی ہوں گے تو ہرگز میرا ہدیہ قبول نہیں کریں گے بلکہ ہم لوگوں کو اپنے دین کی اتباع کا حکم دیں گے۔ اور اگر بادشاہ ہوں گے تو میرا ہدیہ قبول کر کے نرم پڑ جائیں گے۔ چنانچہ بلقیس نے پانچ سو غلام پانچ سو لونڈیاں بہترین لباس اور زیوروں سے آراستہ کر کے بھیجے اور ان لوگوں کے ساتھ پانچ سو سونے کی اینٹیں، اور بہت سے جواہرات اور مشک و عنبر اور ایک جڑاؤ تاج مع ایک خط کے اپنے قاصد کے ساتھ بھیجا۔ ہدہد یہ سب دیکھ کر روانہ ہو گیا۔ اور حضرت سلیمان علیہ السلام کے دربار میں آ کر خبریں پہنچا دیں۔ چنانچہ بلقیس کا قاصد جب چند دنوں کے بعد تمام سامانوں کو لے کر دربار میں حاضر ہوا تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے غضبناک ہو کر قاصد سے فرمایا۔

قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ فَمَآ اٰتٰنِ اللّٰهُ خَيْرٌ مِّمَّآ اٰتٰكُمْ بَلْ اَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ○ اِرْجِعْ اِلَيْهِمْ فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَآ اَذِلَّةً وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ (پ ۱۹، النمل ۳۶، ۳۷)

ترجمہ: فرمایا کیا مال سے میری مدد کرتے ہو تو جو مجھے اللہ نے دیا وہ بہتر ہے اس سے جو تمہیں دیا بلکہ تمہیں اپنے تحفہ پر خوش ہوتے ہو پلٹ جا ان کی طرف تو ضرور ہم ان پر وہ لشکر لائیں گے جن کی انہیں طاقت نہ ہوگی اور ضرور ہم ان کو اس شہر سے ذلیل کر کے نکال دیں گے یوں کہ وہ پست ہوں گے۔ (کنزالایمان)

چنانچہ اس کے بعد جب قاصد واپس لوٹ کر بلقیس کو سارا ماجرا سنایا۔ تو بلقیس حضرت سیلمان علیہ السلام کے دربار میں حاضر ہوگئی اور حضرت سلیمان کا دربار اور یہاں کے عجائبات دیکھ کر اس کو یقین آ گیا کہ حضرت سلمان علیہ السلام خدا کے نبی برحق ہیں۔ اور ان کی سلطنت اللہ کی طرف سے ہے۔ حضرت سلمان علیہ السلام نے بلقیس کو اپنے دین کی دعوت دی تو اس نے نہایت ہی اخلاص کے ساتھ اسلام قبول کر لیا۔ پھر حضرت سیلمان علیہ السلام نے بلقیس سے نکاح کر کے اس کو اپنے محل میں رکھ لیا۔

(عجائب القرآن مع غرائب القرآن صفحہ ۱۸۹،۱۸۷)

اس سلسلے میں ہدہد نے جو کارمامے انجام دیئے وہ بلاشبہ عجائبات عالم میں سے ہیں۔ جو یقیناً حضرت سیلمان علیہ السلام کے معجزات میں سے ہیں۔

## پہلے نازل ہونے والی آسمانی کتب وصحائف

اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام علیہم السلام پر چار آسمانی کتابیں نازل فرمائیں اور صحیفے بھی نازل فرمائے۔

پہلی آسمانی کتاب تورات جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

دوسری آسمانی کتاب زبور جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

تیسری آسمانی کتاب انجیل جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

چوتھی آسمانی کتاب قرآن مجید، جو ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ پر نازل ہوئی۔

قرآن ۲۳ سال اور چند مہینوں میں نازل ہوا اور اس کی حفاظت کا ذمہ خود اللہ رب العزت نے لیا ہے باقی آسمانی کتابوں میں لوگوں نے تحریف کردی۔

اللہ تعالیٰ نے کچھ انبیاء کرام پر صحیفے بھی نازل فرمائے۔ (مواعظ رضوایہ جلد اول)

## دنیا میں پہلی جنت

قوم عاد کا مورث اعلیٰ عاد بن عوص بن ارم بن نوح ہے۔ اس ''عاد'' کے بیٹوں میں ''شداد'' بھی ہے۔ یہ بڑی شان و شوکت کا بادشاہ ہوا ہے۔ اس نے اپنے وقت میں تمام بادشاہوں کو اپنے جھنڈے کے نیچے جمع کر کے سب کو اپنا مطیع و فرماں بردار بنالیا تھا۔ اس نے پیغمبروں کی زبان سے جنت کا ذکر سن کر براہ سرکشی دنیا میں جنت بنانا چاہی اور اس ارادہ سے ایک بہت بڑا شہر بنایا جس کے محل سونے چاندی کی اینٹوں سے تعمیر کئے گئے اور زبرجد اور یاقوت کے ستون اس کی عمارتوں میں نصیب کئے گئے۔ اور ایسے ہی فرش مکانوں میں بنائے گئے۔ سنگریزوں کی جگہ آبدار موتی بچھائے گئے۔ ہر محل کے گرد جواہرات کی نہریں جاری کی گئیں۔ قسم قسم کے درخت زینت اور سائے کے لیے لگائے گئے۔ الغرض اس سرکش نے اپنے خیال سے جنت کی تمام چیزیں اور ہر قسم کے عیش و عشرت کے سامان اس شہر میں جمع کردیئے۔ جب یہ شہر مکمل ہوا تو شداد بادشاہ اپنے اعیان سلطنت کے ساتھ اس کی طرف روانہ ہوا۔ جب ایک منزل کا فاصلہ باقی رہ گیا تو آسمان سے ایک ہولناک آواز آئی جس سے اللہ تعالیٰ نے شداد اور اس کے تمام ساتھیوں کو ہلاک کردیا۔ اور وہ اپنی بنوائی ہوئی جنت کو دیکھ بھی نہ سکا۔

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور حکومت میں حضرت عبداللہ بن قلابہ اپنے گم شدہ اونٹ کو تلاش کرتے ہوئے صحرائے عدن سے گزر کر اس شہر میں پہنچے۔ اور اس کی تمام اینٹوں اور آرائشوں کو دیکھا مگر وہاں کوئی رہنے بسنے والا انسان نہیں ملا۔ یہ

تھوڑے سے جواہرات وہاں سے لے کر چلے آئے۔ جب یہ خبر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو معلوم ہوئی۔ تو انہوں نے عبداللہ بن قلابہ کو بلا کر پورا حال دریافت کیا اور انہوں نے جو کچھ دیکھا تھا سب کچھ بیان کر دیا۔ پھر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کعب احبار رضی اللہ عنہ کو بلا کر دریافت کیا کہ کیا دنیا میں کوئی ایسا شہر موجود ہے؟ تو انہوں نے فرمایا کہ ہاں جس کا ذکر قرآن مجید میں بھی آیا ہے یہ شہر شداد بن عاد نے بتایا تھا لیکن یہ سب عذاب الٰہی سے ہلاک ہوئے اور اس قوم میں سے کوئی ایک آدمی بھی باقی نہیں رہا۔ اور آپ کے زمانے میں ایک مسلمان جس کی آنکھیں نیلی، قد چھوٹا اور اس کے ابرو پر ایک تل ہوگا۔ اپنے اونٹ کو تلاش کرتے ہوئے اس ویران شہر میں داخل ہوگا، اتنے میں عبداللہ بن قلابہ آ گئے۔ تو کعب احبار نے ان کو دیکھ کر فرمایا کہ بخدا وہ شخص جو شداد کی بنائی ہوئی جنت کو دیکھے گا وہ یہی شخص ہے۔ (تفسیر خزائن العرفان، ص ۱۰۷۰۔۱۰۶۹، پ ۳۰ الفجر: ۸)

قوم عاد اور دوسری قوموں کا حال بیان کرتے ہوئے قرآن مجید نے ارشاد فرمایا:

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ٥ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ٥ الَّتِىْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِى الْبِلَادِ ٥ وَثَمُوْدَا الَّذِيْنَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ٥ وَفِرْعَوْنَ ذِى الْاَوْتَادِ ٥ الَّذِيْنَ طَغَوْا فِى الْبِلَادِ ٥ فَاَكْثَرُوْا فِيْهَا الْفَسَادَ ٥ فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ٥ (پ ۳۰، الفجر ۶۔۱۳)

ترجمہ: کیا تم نے نہ دیکھا کہ تمہارے رب نے قوم عاد کے ساتھ کیسا سلوک کیا وہ ارم حد سے زیادہ طول والے کہ ان جیسا شہروں میں پیدا نہ ہوا اور ثمود جنہوں نے وادی میں پتھر کی چٹانیں کاٹیں اور فرعون کہ چومیخا کرتا (سخت سزائیں دیتا) جنہوں نے شہروں میں سرکشی کی پھر ان میں بہت فساد پھیلایا۔ تو ان پر تمہارے رب نے عذاب کا کوڑا بقوت مارا۔ (کنز الایمان، عجائب القرآن مع غرائب القرآن)

# چشمہ اب حیات پر پہلی رسائی

حضرت ذوالقرنین نے پرانی کتابوں میں پڑھا تھا کہ سام بن نوح علیہ السلام کی اولاد میں سے ایک شخص آب حیات کے چشمہ میں سے پانی پی لے گا تو اس کو موت نہ آئے گی۔اس لیے حضرت ذوالقرنین نے مغرب کا سفر کیا۔آپ کے ساتھ حضرت خضر علیہ السلام بھی تھے وہ تو آب حیات کے چشمہ پر پہنچ گئے۔اور اس کا پانی پی بھی لیا۔مگر حضرت ذوالقرنین کے مقدر میں نہیں تھا۔وہ محروم رہ گئے۔اس سفر میں آپ جانب مغرب روانہ ہوئے تو جہاں تک آبادی کا نام ونشان ہے وہ سب منزلیں طے کر کے آپ ایک ایسے مقام پر پہنچے کہ انہیں سورج غروب کے وقت ایسا نظر آیا کہ وہ ایک سیاہ چشمہ میں ڈوب رہا ہے جیسا کہ سمندری سفر کرنے والوں کو آفتاب سمندر کے کالے پانی میں ڈوبتا نظر آتا ہے۔وہاں ان کو ایک ایسی قوم ملی جو جانوروں کی کھال پہنے ہوئے تھے۔اس کے سوا کوئی دوسرا لباس ان کے بدن پر نہیں تھا اور دریائی مردہ جانوروں کے سوا ان کی غذا کا کوئی دوسرا سامان نہیں تھا۔یہ قوم ''ناسک'' کہلاتی تھی۔حضرت ذوالقرنین نے دیکھا کہ ان کا لشکر بے شمار ہے اور یہ لوگ بہت ہی طاقت ور اور جنگجو ہیں۔تو حضرت ذوالقرنین نے ان لوگوں کے گرد اپنی فوجوں کا گھیرا ڈال کر ان لوگوں کو بے بس کر دیا۔چنانچہ کچھ تو مشرف بہ ایمان ہو گئے۔اور کچھ آپ کی فوجوں کے ہاتھ سے مقتول ہو گئے! (رجال الغیب)

# دنیا میں مجوسیت کی ابتداء

علامہ ابن جریر اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں کہ لہراسب ایک اور بہترین سیاستدان تھا۔کیا بادشاہ اور قائدین سبھی اان کے سامنے سرنگوں ہو گئے۔مختلف ممالک اور اس میں بسنے والے لوگوں کی گردنیں لہراسب کے سامنے خمیدہ دیکھائی دیتی تھیں۔شہروں کی

آبادی، نہروں کی کھدائی اور قلعوں کی تعمیر میں وہ بہت بہتر رائے رکھتا تھا۔ جب بڑھاپے کی وجہ سے وہ تدبیر مملکت سے عاجز آ گیا تو اس کا بیٹا بشتاسب سربرائے مملکت ہوا۔'' اسی کے دور میں مجوسیت کا ظہور عمل میں آیا۔ کہتے ہیں کہ زرتشت نامی ایک شخص نے حضرت ارمیا علیہ السلام کی صحبت اٹھائی۔ کسی وجہ سے یہ بارگاہ نبوت میں معتوب ٹھہرا۔ حضرت ارمیا علیہ السلام کی بددعا کی وجہ سے زرتشت برص کی بیماری میں مبتلا ہوا۔ یہاں سے بھاگ کھڑا ہوا، اور آذر بائیجان میں قیام پذیر ہوا۔ بشتاسب ایک عرصہ تک زرتشت کی صحبت میں رہا اور اس کے وضع کردہ دین کو قبول کر لیا بشتاسب نے نہ صرف مجوسیت کو قبول کیا بلکہ اس کی باقائدہ تبلیغ کی اور انکار کرنے والوں کو سخت سزائیں دیں۔ بشتاسب کے بعد اس کا بیٹا بہمن تخت نشین ہوا۔ بہمن فارس کے ان مشہور ترین بادشاہوں اور مردان میدان میں سے ہے جن کی بہادری کے تذکرے زبان زد عوام ہیں۔ اس بدبخت نے بخت نصر کی طرح طویل عمر پائی اور ہمیشہ بخت نصر کی طرح دنیا پر ظلم ڈھاتا رہا۔ (قصص الانبیاء، امام ابن کثیر صفحہ ۶۴۱)

## باب سوم

# ادوار انبیاءاکرام علیہم السلام

☆ پہلا خلیفہ
☆ پہلا منکر خدا
☆ طوفان نوح کے بعد پہلا درخت
☆ پہلی کشتی
☆ پہلا مقدس پہاڑ
☆ پہلا جنتی شخص
☆ دھات کو پگھلانے والی پہلی شخصیت
☆ پہلا خوش الحان قاری
☆ دنیا میں آنے والی پہلی چیزیں
☆ پہلے پانچ مشہور اور پرانے بت
☆ طوفان نوح کے بعد پہلی بستی
☆ مٹی کی پہلی مُٹھی
☆ پہلا سجدہ
☆ سجدے کا پہلا منکر
☆ دین حق کی پہلی دعوت
☆ نسل انسانی کا پہلا حج
☆ سب سے پہلے پانی
☆ نماز میں رکوع اور سجدے کی حکمت
☆ نماز فجر پہلے کس نے پڑھی؟
☆ نماز ظہر پہلے کس نے پڑھی؟

# پہلا خلیفہ

حضرت آدم علیہ السلام کا لقب ''خلیفۃ اللہ'' ہے جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی خلافت سے سرفراز فرمانے کا اردہ فرمایا تو اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ اور فرشتوں میں جو مکالمہ ہوا وہ بہت ہی تعجب خیز ہونے کے ساتھ ساتھ نہایت ہی فکر انگیز و عبرت آموز بھی ہے جو حسب ذیل ہے۔

اللہ تعالیٰ: ''اے فرشتو! میں زمین میں اپنا ایک خلیفہ بنانے والا ہوں جو میرا نائب بن کر زمین میں میرے احکام کو نافذ کرے گا۔''

ملائکہ: ''اے باری تعالیٰ! کیا تو زمین میں ایسے شخص کو اپنی خلافت و نیابت کے شرف سے سرفراز فرمائے گا جو زمین میں فساد برپا کرے گا اور قتل و غارت گری سے خون ریزی کا بازار گرم کرے گا؟

اے خداوند تعالیٰ! اس شخص سے زیادہ تیری خلافت کے حق دار تو ہم ملائکہ کی جماعت ہے کیونکہ ہم ملائکہ نہ زمین میں فساد پھیلائیں گے، نہ خون ریزی کریں گے بلکہ ہم تیری حمد و ثنا کے ساتھ تیری وحدانیت کا اعلان اور تیری قدوسیت اور پاکی کا بیان کرتے رہتے ہیں اور تیری تسبیح و تقدیس سے ہر لحظہ و ہر آن رطب اللسان رہتے ہیں اس لئے ہم فرشتوں کی جماعت ہی میں سے کسی کے سر پر اپنی خلافت و نیابت کا تاج رکھ کر اس کو ''خلیفۃ اللہ'' کے معزز لقب سے سربلند فرما۔

اللہ تعالیٰ: اے فرشتو! آدم (علیہ السلام) کے خلیفہ بنانے میں جو حکمتیں اور مصلحتیں ہیں ان کو میں ہی جانتا ہوں، تم گروہ ملائکہ ان حکمتوں اور مصلحتوں کو نہیں جانتے۔

فرشتے باری تعالیٰ کے اس ارشاد کو سن کر اگرچہ خاموش ہو گئے مگر انہوں نے اپنے دل میں یہ خیال چھپائے رکھا کہ اللہ تعالیٰ خواہ کسی کو بھی اپنا خلیفہ بنا دے مگر وہ فضل و کمال

میں ہم فرشتوں سے بڑھ کر نہ ہوگا کیونکہ ہم ملائکہ فضیلت کی جس منزل پر ہیں وہاں تک کسی مخلوق کی بھی رسائی نہ ہو سکے گی۔ اس لئے فضیلت کے تاجدار بہر حال ہم فرشتوں کی جماعت ہی رہے گی۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرما کر تمام چھوٹی بڑی چیزوں کا علم ان کو عطا فرما دیا اس کے بعد پھر اللہ تعالیٰ اور ملائکہ کا حسب ذیل مکالمہ ہوا۔

اللہ تعالیٰ: اے فرشتو! اگر تم اپنے اس دعویٰ میں سچے ہو کہ تم سے افضل کوئی دوسری مخلوق نہیں ہو سکتی تو تم ان تمام چیزوں کے نام بتاؤ جن کو میں نے تمہارے پیش نظر کر دیا ہے۔

ملائکہ: اے اللہ تعالیٰ! تو ہر نقص وعیب سے پاک ہے ہمیں تو بس اتنا ہی علم ہے جو تو نے ہمیں عطا فرما دیا ہے اس کے سوا ہمیں اور کسی چیز کا کوئی علم نہیں ہے ہم بالیقین یہ جانتے اور مانتے ہیں کہ بلاشبہ علم وحکمت کا خالق و مالک صرف تو ہی ہے۔

پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو مخاطب فرما کر ارشاد فرمایا کہ اے آدم تم ان فرشتوں کو تمام چیزوں کے نام بتاؤ۔ تو حضرت آدم علیہ السلام نے تمام اشیاء کے نام اور ان کی حکمتوں کا علم فرشتوں کو بتا دیا جس کو سن کر فرشتے متعجب ومحو حیرت ہو گئے۔

اللہ تعالیٰ: اے فرشتو! کیا میں نے تم سے یہ نہیں فرما دیا تھا کہ میں آسمان و زمین کی تمام چھپی ہوئی چیزوں کو جانتا ہوں اور تم جو علانیہ یہ کہتے تھے کہ آدم فساد برپا کریں گے اس کو بھی میں جانتا ہوں اور تم جو خیالات اپنے دلوں میں چھپائے ہوئے تھے کہ کوئی مخلوق تم سے بڑھ کر افضل نہیں پیدا ہوگی میں تمہارے دلوں میں چھپے ہوئے ان خیالات کو بھی جانتا ہوں۔

پھر حضرت آدم علیہ السلام کے فضل کمال کے اظہار و اعلان کے لئے اور فرشتوں سے ان کی عظمت وفضیلت کا اعتراف کرانے کے لئے اللہ تعالیٰ نے سب فرشتوں کو حکم فرمایا کہ تم سب حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرو چنانچہ سب فرشتوں نے آپ کو سجدہ کیا لیکن

ابلیس نے سجدہ سے انکار کردیا اور تکبر کیا تو کافر ہوکر مردود بارگاہ الٰہی ہوگیا۔

اس پورے مضمون کو قرآن مجید نے اپنے معجزانہ طرز بیان میں اس طرح ذکر فرمایا ہے کہ

وَاِذْقَالَ رَبُّکَ لِلْمَلٰٓئِکَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِیْهَا مَنْ یُّفْسِدُ فِیْهَا وَیَسْفِکُ الدِّمَآءَ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِکَ وَ نُقَدِّسُ لَکَ قَالَ اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مَا لَاتَعْلَمُوْنَ ٥ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَی الْمَلٰٓئِکَةِ فَقَالَ اَنْۢبِئُوْنِیْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ٥ قَالُوْا سُبْحٰنَکَ لَاعِلْمَ لَنَآ اِلَّامَا عَلَّمْتَنَا اِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ ٥ قَالَ یٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّکُمْ اِنِّیْٓ اَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا کُنْتُمْ تَکْتُمُوْنَ ٥ وَاِذْقُلْنَا لِلْمَلٰٓئِکَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِیْسَ اَبٰی وَاسْتَکْبَرَ وَکَانَ مِنَ الْکٰفِرِیْنَ٥

(پ۱،البقرۃ:۳۰۔۳۴)

ترجمہ: اور یاد کرو جب کہ تیرے رب نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں زمین میں اپنا نائب بنانے والا ہوں۔ بولے کیا ایسے کو نائب کرے گا جو اس میں فساد پھیلائے اور خون ریزیاں کرے اور ہم تجھے سراہتے ہوئے تیری تسبیح کرتے اور تیری پاکی بولتے ہیں فرمایا مجھے معلوم ہے جو تم نہیں جانتے اور اللہ تعالیٰ نے آدم کو تمام اشیاء کے نام سکھائے پھر سب اشیاء ملائکہ پر پیش کر کے فرمایا سچے ہو تو ان کے نام تو بتاؤ بولے پاکی ہے تجھے ہمیں کچھ علم نہیں مگر جتنا تو نے ہمیں سکھایا۔ بے شک تو ہی علم و حکمت والا ہے۔ فرمایا اے آدم بتادے انہیں سب اشیاء کے نام جب آدم نے انہیں سب کے نام بتادیئے فرمایا میں نہ کہتا تھا کہ میں جانتا ہوں آسمانوں اور زمین کی سب چھپی چیزیں اور میں جانتا ہوں جو کچھ تم ظاہر کرتے اور جو کچھ تم چھپاتے ہو اور یاد کرو جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا

سوائے ابلیس کے منکر ہوا اور غرور کیا اور کافر ہو گیا۔

(کنز الایمان، عجائب القرآن مع غرائب القرآن)

## پہلا منکر خدا

ابلیس جس کو شیطان کیا جاتا ہے۔ یہ فرشتہ نہیں تھا بلکہ جن تھا جو آگ سے پیدا ہوا تھا۔ لیکن یہ فرشتوں کے ساتھ ملا جلا رہتا تھا اور دربار خداوندی میں بہت مقرب اور بڑے بلند درجات و مراتب سے سرفراز تھا۔ حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ابلیس چالیس ہزار برس تک جنت کا خزانچی رہا اور اسی ہزار برس تک ملائکہ کا ساتھی رہا اور بیس ہزار برس تک ملائکہ کو وعظ سناتا رہا اور تیس ہزار برس تک مقربین کا سردار رہا اور ایک ہزار برس تک روحانین کی سرداری کے منصب پر فائز رہا اور چودہ ہزار برس تک عرش کا طواف کرتا رہا اور پہلے آسمان میں اس کا نام عابد اور دوسرے آسمان میں زاہد اور تیسرے آسمان میں عارف اور چوتھے آسمان میں ولی اور پانچویں آسمان میں تقی اور چھٹے آسمان میں خازن اور ساتویں آسمان میں عزازیل تھا اور لوح محفوظ میں اس کا نام ابلیس لکھا ہوا تھا اور یہ اپنے انجام سے غافل اور خاتمہ سے بے خبر تھا۔

(تفسیر صاوی، ج ۱ص ۵۱، پ ۱، البقرۃ: ۳۴ تفسیر جمل، ج ۱ص ۶۰)

لیکن جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے کا حکم دیا تو ابلیس نے انکار کر دیا اور حضرت آدم علیہ السلام کی تحقیر اور اپنی بڑائی کا اظہار کر کے تکبر کیا اسی جرم کی سزا میں خداوند عالم نے اس کو مردود بارگاہ کر کے دونوں جہاں میں ملعون فرما دیا اور اس کو اور اس کی پیروی کرنے والوں کو جہنم میں عذاب نار کا سزاوار بنا دیا۔ چنانچہ قرآن مجید میں ارشاد ربانی ہوا کہ۔

قَالَ مَا مَنَعَکَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُکَ قَالَ اَنَا خَیْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِیْ مِنْ

نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ○ قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ○ قَالَ اَنْظِرْنِيْ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ○ قَالَ اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ○ قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ○ قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ ○ (پ ۸، الاعراف: ۱۲-۱۸)

ترجمہ: فرمایا کس چیز نے تجھے روکا کہ تو نے سجدہ نہ کیا جب میں نے تجھے حکم دیا تھا بولا میں اس سے بہتر ہوں تو نے مجھے آگ سے بنایا اور اسے مٹی سے بنایا فرمایا تو یہاں سے اتر جا تجھے نہیں پہنچتا کہ یہاں رہ کر غرور کرے نکل جا تو ہے ذلت والوں میں سے ہے بولا کہ مجھے فرصت دے اس دن تک کہ لوگ اٹھائے جائیں فرمایا تجھے مہلت ہے بولا تو قسم اس کی کہ تو نے مجھے گمراہ کیا میں ضرور تیرے سیدھے راستہ پر ان کی تاک میں بیٹھوں گا پھر ضرور میں ان کے پاس آؤں گا ان کے آگے اور پیچھے اور داہنے اور بائیں سے اور تو ان میں اکثر کو شکر گزار نہ پائے گا فرمایا یہاں سے نکل جا رد کیا گیا راندہ ہوا ضرور جو ان میں سے تیرے کہے پر چلا میں تم سب سے جہنم بھر دوں گا۔ (کنز الایمان)

## طوفان نوح کے بعد پہلا درخت

قرآن مجید میں مبارک درخت سے مراد ''زیتون'' کا درخت ہے۔ طوفان نوح علیہ السلام کے بعد یہ سب سے پہلا درخت ہے جو زمین پر اگا اور سب سے پہلے جہاں اگا وہ کوہ طور ہے جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام خدا سے ہمکلام ہوئے۔ زیتون کے درخت کی عمر بہت زیادہ ہوتی ہے یہاں تک کہ بعض عالموں نے فرمایا کہ زیتون ہزار برس تک باقی رہتا ہے۔ (تفسیر صاوی ج ۳، ص ۱۳۶۰، المومنون: ۲۰)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا ہے کہ زیتون میں بہت سے فوائد اور منفعتیں ہیں۔

اس کے تیل سے چراغ جلایا جاتا ہے۔

یہ بطور سالن کے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

اس کو سر اور بدن پر مالش بھی کرتے ہیں۔

یہ چمڑے کی دباغت میں بھی کام آتا ہے۔

اس سے آگ بھی جلاتے ہیں۔

اور اس کا کوئی جزو بھی بیکار نہیں یہاں تک کہ اس کی راکھ سے ریشم دھو کر صاف کیا جاتا ہے اور یہ حضرات انبیاء علیہم السلام کے مکانوں اور مقدس زمینوں میں اگتا ہے اور اس کے لئے ستر انبیاء کرام نے برکت کی دعائیں مانگی ہیں یہاں تک کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام اور حضور خاتم النبین ﷺ کی مقدس دعاؤں سے بھی یہ درخت سرفراز ہوا ہے۔

**(تفسیر صاوی، ج ۴، ص ۱۴۰۵، پ ۱۸، نور: ۳۵)**

اللہ تعالیٰ نے اس مبارک درخت کے بارے میں ارشاد فرمایا۔

**وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ**

**(پ ۱۸، المومنون ۲۰)**

ترجمہ: اور وہ پیڑ پیدا کیا کہ طور سیناء سے نکلتا ہے لے کر اُگتا ہے تیل اور کھانے والوں کے لئے سالن۔ (کنز الایمان)

دوسری جگہ ارشاد فرمایا۔

**يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ**

**(پ ۱۸، النور: ۳۵)**

ترجمہ: روشن ہوتا ہے برکت والے پیڑ زیتون سے جو نہ پورب کا نہ پچھم کا۔ (کنز الایمان)

# پہلی کشتی

حضرت نوح علیہ السلام ساڑھے نو سو برس تک اپنی قوم کو خدا کا پیغام سناتے رہے مگر ان کی بدنصیب قوم ایمان نہیں لائی بلکہ طرح طرح سے آپ کی تحقیر و تذلیل کرتی رہی اور قسم قسم کی اذیتوں اور تکلیفوں سے آپ کو ستاتی رہی یہاں تک کہ کئی بار ان ظالموں نے آپ کو اس قدر زدوکوب کیا کہ آپ کو مردہ خیال کر کے کپڑوں میں لپیٹ کر مکان میں ڈال دیا۔ مگر آپ پھر مکان سے نکل کر دین کی تبلیغ فرمانے لگے اسی طرح بارہا آپ کا گلا گھونٹتے رہے یہاں تک کہ آپ کا دم گھٹنے لگتا اور آپ بے ہوش ہو جاتے مگر ان ایذاؤں اور مصیبتوں پر بھی آپ یہی دعا فرمایا کرتے تھے کہ اے میرے پروردگار! تو میری قوم کو بخش دے اور ہدایت عطا فرما کیونکہ یہ مجھ کو نہیں جانتے ہیں۔

اور قوم کا یہ حال تھا کہ ہر بوڑھا باپ اپنے بچوں کو یہ وصیت کر کے مرتا تھا کہ نوح (علیہ السلام) بہت پرانے پاگل ہیں اس لئے کوئی ان کی باتوں کو نہ سنے اور نہ ان کی باتوں پر دھیان دے یہاں کہ ایک دن یہ وحی نازل ہوگئی کہ اے نوح! اب تک جو لوگ مومن ہو چکے ہیں ان کے سوا اور دوسرے لوگ کبھی ہرگز ہرگز ایمان نہیں لائیں گے۔ اس کے بعد اپنی قوم کے ایمان لانے سے ناامید ہوگئے۔ اور پھر آپ نے اس قوم کی ہلاکت کے لئے دعا فرمادی۔ اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم دیا کہ آپ ایک کشتی تیار کریں چنانچہ ایک سو برس میں آپ کے لگائے ہوئے ساگوان کے درخت تیار ہوگئے اور آپ نے ان درختوں کی لکڑیوں سے ایک کشتی بنائی جو ۸۰ گز لمبی اور پچاس گز چوڑی تھی اور اس میں تین درجے تھے ایک طبقے میں درندے، پرندے اور حشرات الارض وغیرہ اور درمیان والے طبقے میں چوپائے وغیرہ جانوروں کے لئے اور بالائی طبقے میں خود اور مومنین کے لئے جگہ بنائی۔ اس طرح یہ شاندار کشتی آپ نے بنائی اور ایک سو برس کی مدت میں یہ تاریخی کشتی بن کر تیار ہوئی جو آپ کی

اور مومنوں کی محنت اور کاریگری کا ثمرہ تھی جنہوں نے بے پناہ محنت کر کے یہ کشتی بنائی تھی۔

جب آپ کشتی بنانے میں مصروف تھے تو آپ کی قوم آپ کا مذاق اڑاتی تھی کوئی کہتا کہ اے نوح! اب تم بڑھئی بن گئے؟ حالانکہ پہلے تم کہا کرتے تھے کہ میں اللہ کا نبی ہوں۔ کوئی کہتا کہ اے نوح! اس خشک زمین میں تم کشتی کیوں بنا رہے ہو؟ کیا تمہاری عقل ماری گئی ہے؟ غرض طرح طرح کا تمسخر اور استہزاء کرتے اور قسم قسم کی طعنہ بازیاں اور بد زبانیاں کرتے رہتے تھے اور آپ ان کے جواب میں یہی فرماتے تھے کہ آج تم ہم سے مذاق کرتے ہو لیکن مت گھبراؤ جب خدا کا عذاب بصورت طوفان آ جائے گا تو ہم تمہارا مذاق اڑائیں گے۔

جب طوفان آ گیا تو آپ نے کشتی میں درندوں، چرندوں اور پرندوں اور قسم قسم کے حشرات الارض کا ایک ایک جوڑا نر و مادہ سوار کرا دیا اور خود آپ اور آپ کے تینوں فرزند یعنی حام وسام ویافث اور ان تینوں کی بیویاں اور آپ کی بیوی جو کافر تھی اور آپ کا ایک لڑکا جس کا نام ''کنعان'' تھا یہ دونوں کشتی میں سوار نہیں ہوئے اور طوفان میں غرق ہو گئے۔

روایت ہے کہ جب سانپ اور بچھو کشتی میں سوار ہونے لگے تو آپ سے ان دونوں نے کہا کہ ہم کو سوار کر لیجئے ہم عہد کرتے ہیں کہ جو شخص سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ۝ پڑھ لے گا ہم دونوں اس کو ضرر نہیں پہنچائیں گے تو آپ نے ان دونوں کو بھی کشتی میں بٹھا لیا۔

طوفان میں کشتی والوں کے سوا ساری قوم اور کل مخلوق غرق ہو کر ہلاک ہو گئی اور آپ کی کشتی ''جودی پہاڑ'' پر جا کر ٹھہر گئی اور طوفان ختم ہونے کے بعد آپ مع کشتی والوں کے زمین پر اتر پڑے اور آپ کی نسل میں بے پناہ برکت ہوئی کہ آپ کی اولاد تمام روئے زمین پر پھیل کر آباد ہو گئی اس لئے آپ کا لقب ''آدم ثانی'' ہے۔ (تفسیر صاوی پ ۱۲، ھود: ۳۶۔۳۹)

قرآن مجید میں خداوند (عزوجل) نے اس واقعہ کو ان الفاظ میں بیان فرمایا ہے کہ

وَاُوْحِیَ اِلٰی نُوْحٍ اَنَّہٗ لَنْ یُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِکَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا کَانُوْا یَفْعَلُوْنَ o وَاصْنَعِ الْفُلْکَ بِاَعْیُنِنَا وَوَحْیِنَا وَلَا تُخَاطِبْنِیْ فِی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا اِنَّھُمْ مُّغْرَقُوْنَ o وَیَصْنَعُ الْفُلْکَ وَکُلَّمَا مَرَّ عَلَیْہِ مَلَاٌ مِّنْ قَوْمِہٖ سَخِرُوْا مِنْہُ قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْکُمْ کَمَا تَسْخَرُوْنَ o فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ مَنْ یَّاْتِیْہِ عَذَابٌ یُّخْزِیْہِ وَیَحِلُّ عَلَیْہِ عَذَابٌ مُّقِیْمٌ o (پ۱۲،ھو:۳۶۔۳۹)

ترجمہ: اورنوح کووحی ہوئی کہ تمہاری قوم میں سے مسلمان نہ ہوں گے مگر جتنے ایمان لا چکے تو غم نہ کھااس پر جو وہ کرتے ہیں اور کشتی بناؤ ہمارے سامنے اور ہمارے حکم سے اور ظالموں کے بارے میں مجھ سے بات نہ کرنا وہ ضرور ڈوبائے جائیں گے اورنوح کشتی بناتا جب اس کی قوم کے سرداراس پر گزرتے اس پر ہنستے بولا اگرتم ہم پر ہنستے ہوتو ایک وقت ہم تم پر ہنسیں گے جیسا کہ تم ہنستے ہوتو اب جان جاؤ گے کہ کس پر آتا ہے وہ عذاب کہ اسے رسوا کرے اور اترتا ہے وہ عذاب جو ہمیشہ رہے۔(کنزالایمان،عجائب القرآن مع غرائب القرآن)

## پہلا مقدس پہاڑ

یہ چھوٹی چھوٹی دو پہاڑیاں ہیں جوحرم کعبہ مکرمہ کے بالکل قریب ہی میں ہیں اور آج کل تو بلند عمارتوں اور اونچی سڑکوں اور یہ دونوں پہاڑیوں کے درمیان چھت بن جانے اور تعمیرات کے ردوبدل سے دونوں پہاڑیاں برائے نام ہی کچھ بلندی رکھتی ہیں۔انہی دونوں پہاڑیوں پر چڑھ کراور چکر لگا کر حضرت بی بی ہاجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اس وقت پانی کی جستجو اور تلاش کی تھی جبکہ حضرت اسماعیل علیہ السلام شیرخوار بچے تھے اور پیاس کی شدت سے بے قرار ہو گئے تھے۔اسی لئے زمانہ قدیم سے یہ دونوں پہاڑیاں بہت مقدس مانی جاتی تھیں اور حجاج کرام ان دونوں پہاڑیوں پر چڑھ کر بڑے احترام اور جذبہ عقیدت کے ساتھ طواف کرتے اور دعائیں مانگا کرتے تھے۔

مگر زمانہ جاہلیت میں ایک مرد جس کا نام ''اساف'' تھا اور ایک عورت جس کا نام ''نائلہ'' تھا۔ ان دونوں خبیثوں نے خانہ کعبہ کے اندر زنا کاری کر لی تو ان دونوں پر قہر الٰہی نازل ہو گیا کہ یہ دونوں مسخ ہو کر پتھر کی مورت اور بت بن گئے۔ پھر زمانہ جاہلیت کے بت پرستوں نے ان دونوں مجسموں کو کعبہ سے اٹھا کر صفا و مروہ کی دونوں پہاڑیوں پر رکھ دیا اور ان دونوں بتوں کی پوجا کرنے لگے۔

پھر جب عرب میں اسلام پھیل گیا تو مسلمان ''اساف و نائلہ'' بتوں کی وجہ سے ان دونوں پہاڑیوں پر جانے کو گناہ سمجھنے لگے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں یہ حکم نازل فرمایا کہ صفا و مروہ کے طواف میں کوئی حرج و گناہ نہیں بلکہ حج و عمرہ دونوں عبادتوں میں صفا و مروہ کا طواف ضروری ہے۔ (تفسیر صاوی، ج ۱ ص ۱۳۲، پ ۲، البقرۃ: ۱۵۸)

فتح مکہ کے دن حضور ﷺ نے ان دونوں پہاڑیوں پر سے ''اساف و نائلہ'' دونوں بتوں کو توڑ پھوڑ کر نیست و نابود کر دیا اور ان دونوں پہاڑیوں کو حسب دستور سابق مقدس و معظم قرار دے کر ان دونوں کا طواف حج و عمرہ میں ضروری قرار دیا گیا۔ چنانچہ قرآن مجید میں ارشاد ہوا کہ

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَۃَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰہِ فَمَنْ حَجَّ الْبَیْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْہِ اَنْ یَّطَّوَّفَ بِہِمَا ط وَمَنْ تَطَوَّعَ خَیْرًا فَاِنَّ اللّٰہَ شَاکِرٌ عَلِیْمٌ

(پ ۲، البقرۃ: ۱۵۸)

ترجمہ: بے شک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں جو اس گھر کا حج یا عمرہ کرے اس پر کچھ گناہ نہیں کہ ان دونوں کے پھیرے کرے اور جو کوئی بھلی بات اپنی طرف سے کرے تو اللہ نیکی کا صلہ دینے والا خبردار ہے۔ (کنز الایمان)

# پہلا جنتی شخص

ابن جریر، ابن اسحاق اور محمد کعب القرضی سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا! ''لوگوں میں سب سے پہلے جو جنت میں داخل ہوگا وہ ایک کالا غلام ہے۔اسے یہ سعادت اس لیے نصیب ہوگی کہ اللہ تعالیٰ نے کسی بستی میں ایک نبی مبعوث فرمایا۔اس سیاہ فام غلام کے علاوہ کوئی بھی اللہ کے نبی پر ایمان نہ لایا بلکہ سب ان کے دشمن ہوگئے بستی والوں نے اپنے ہادی کے لیے ایک کنواں کھودا اور انہیں اس کنویں میں ڈال کر ایک بھاری پتھر کے ذریعے کنویں کا منہ بند کر دیا۔آپ نے فرمایا وہ سیاہ فام غلام اس کنویں پر آتا اس بھاری پتھر کو اٹھاتا۔اللہ تعالیٰ کی مدد سے پتھر ہٹ جاتا اور غلام کھانا پینا کنویں میں لٹکا دیتا اور پتھر پھر سے کنویں کے منہ پر اسی طرح رکھ دیتا جس طرح پہلے پڑا ہوتا۔حضور نبی رحمت ﷺ نے فرمایا جتنی مدت اللہ کو منظور تھا، ایسا ہوتا رہا۔ایک دن سیاہ فام غلام معمول کے مطابق لکڑیاں لینے گیا جب وہ لکڑیاں جمع کر کے باندھ چکا اور گٹھا اٹھا کر واپس آنا چاہا تو اسے نیند آ گئی اور وہیں پہلو کے بل لیٹ کر سو گیا۔اللہ نے سات سال تک اس پر نیند کو مسلط کیے رکھا۔پھر وہ اٹھا انگڑائی لی۔دوسرے پہلو کو پھیرا اور پھر لیٹ گیا۔اللہ تعالیٰ نے مزید سات سال اس پر نیند طاری کر دی۔پھر وہ اُٹھا۔لکڑیوں کا گٹھا اٹھایا اور چل دیا۔اسے گمان تک نہ تھا کہ وہ اتنا عرصہ سویا رہا ہے۔وہ تو یہی سمجھ رہا تھا کہ دن کا تھوڑا حصہ سویا رہا ہے۔بستی میں جا کر لکڑیاں بیچیں حسب سابق کھانے پینے کا سامان خریدا اور کنویں کی طرف چل دیا، جہاں اللہ کا نبی بند تھا، اس نے بہت کوشش کی لیکن کہیں پتہ نہ چلا۔دراصل ان کی قوم کو اپنی غلطی کا احساس ہوگیا تھا۔انہوں نے انہیں نکال لیا تھا اور انہیں اللہ کا نبی مان کر تصدیق کر دی تھی۔حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: وہ نبی اپنے اس سیاہ فام غلام کے متعلق ان سے پوچھا کرتا تھا کہ اسے (سیاہ فام غلام) کیا ہوا، لوگ لاعلمی کا اظہار کرتے تھے حتیٰ کہ

اللہ تعالیٰ کے نبی اس دنیا سے تشریف لے گئے۔ وہ سیاہ فام ان کی وفات کے بعد نیند سے جاگا۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا "یہ سیاہ فام غلام سب سے پہلے جنت میں داخل ہوگا۔
(قصص الانبیاء، امام ابن کثیر صفحہ ۳۴۸)

# دھات کو پگھلانے والی پہلی شخصیت

حضرت سلیمان علیہ السلام چونکہ عظیم الشان عمارتوں اور پر شوکت قلعوں کی تعمیر کے بہت شائق تھے اس لئے ضرورت تھی کہ گارے اور چونے کے بجائے پگھلی ہوئی دھات گارے کی جگہ استعمال کی جائے لیکن اس قدر کثیر مقدار میں یہ کیسے میسر آئے۔ یہ سوال تھا جس کا حل حضرت سلیمان علیہ السلام چاہتے تھے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی اس مشکل کو اس طرح حل کر دیا کہ ان کو پگھلے ہوئے تانبے کے چشمے عطا فرمائے۔

بعض مفسرین کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ حسبِ ضرورت حضرت سلیمان علیہ السلام کے لئے تانبے کو پگھلا دیتا تھا اور یہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے لئے ایک خاص نشان اور ان کا معجزہ تھا آپ سے پہلے کوئی شخص دھات کو پگھلانا نہیں جانتا تھا۔
(تذکرۃ الانبیاء، ص ۳۷۷، پ ۲۲، سبا: ۱۲)

اور نجار کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ السلام پر یہ انعام فرمایا کہ زمین کے جن حصوں میں آتشی مادوں کی وجہ سے تانبہ پانی کی طرح پگھل کر بہہ رہا تھا ان چشموں کو حضرت سلیمان علیہ السلام پر آشکارا فرمایا آپ سے پہلے کوئی شخص بھی زمین کے اندر دھات کے چشموں سے آگاہ نہ تھا چنانچہ ابن کثیر بروایت قتادہ ناقل ہیں کہ پگھلے ہوئے تانبے کے چشمے یمن میں تھے جن کو اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ السلام پر ظاہر فرمایا دیا۔
(البدایۃ والنہایۃ ج ۲ ص ۲۸)

قرآن مجید نے اس قسم کی کوئی تفصیل نہیں بیان فرمائی کہ تانبے کے چشمے کس شکل

میں حضرت سلیمان علیہ السلام کو ملے مگر قرآن کی جس آیت میں معجزہ کا ذکر ہے مذکورہ بالا دونوں توجیہات اس آیت کا مصداق بن سکتی ہیں اور وہ آیت یہ ہے۔

وَاَسَلْنَالَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ (پ ۲۲، سبا: ۱۲)

ترجمہ: اور ہم نے اس کے لئے پگھلے ہوئے تانبے کا چشمہ بہایا۔ (کنز الایمان)

# پہلا خوش الحان قاری

حضرت داؤد علیہ السلام خداوند قدوس کی تسبیح و تقدیس میں بہت زیادہ مشغول و مصروف رہتے تھے اور آپ اس قدر خوش الحان تھے کہ جب زبور شریف پڑھتے تو آپ کے وجد آفرین نغموں سے نہ صرف انسان بلکہ وحوش وطیور بھی وجد میں آجاتے اور آپ کے گرد جمع ہو کر خدا کی حمد کے ترانے گاتے اور اپنی اپنی سریلی اور پُر کیف آوازوں میں تسبیح و تقدیس میں حضرت داؤد علیہ السلام کی ہمنوائی کرتے اور صرف چرند و پرند ہی نہیں بلکہ پہاڑ بھی خداوند تعالیٰ کی حمد و ثناء میں گونج اٹھتے تھے۔ چنانچہ حضرت داؤد علیہ السلام کے ان معجزات کا ذکر اللہ تعالیٰ نے سورۂ سبا و سورۂ ص میں صراحت کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ

وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ

(پ ۱۷، الانبیاء رکوع ۷۹)

ترجمہ: اور داؤد کے ساتھ پہاڑ مسخر فرما دیئے کہ تسبیح پڑھتے اور پرندے اور ہمارے کام تھے۔ (کنز الایمان)

اور سورۂ سبا میں اس طرح ارشاد فرمایا کہ

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا يٰجِبَالُ اَوِّبِىْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ. وَ اَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ. (پ۲۲، سبا:۱۰)

ترجمہ: اور بیشک ہم نے داؤد کو اپنا بڑا فضل دیا۔ اے پہاڑو اس کے ساتھ اللہ کی طرف

رجوع کرو اور اے پرندو۔ (کنزالایمان)

اور سورۂ ص میں اس طرح ارشاد ربانی ہوا کہ

اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ یُسَبِّحْنَ بِالْعَشِیِّ وَالْاِشْرَاقِ (١٨) وَالطَّیْرَ مَحْشُوْرَةً كُلٌّ لَّهٗ اَوَّابٌ○ (پ٢٣، ص:١٨-١٩)

ترجمہ: بیشک ہم نے اس کے ساتھ پہاڑ مسخر کر دیا کہ وہ تسبیح کرتے شام کو اور سورج چمکنے کے وقت اور پرندے جمع کئے ہوئے سب اس کے فرمانبردار تھے۔ (کنزالایمان)

# دنیا میں آنے والی پہلی چیزیں

اللہ تعالیٰ نے ''لوہے'' کا ذکر فرماتے ہوئے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے کہ

بِالْقِسْطِ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِیْدَ فِیْهِ بَاْسٌ شَدِیْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ

(پ٢٧، الحدید: ٢٥)

ترجمہ کنزالایمان: اور ہم نے لوہا اتارا اس میں سخت آنچ اور لوگوں کے فائدے۔

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام بہشت بریں سے روئے زمین پر تشریف لائے تو لوہے کے پانچ اوزار اپنے ساتھ لائے ہتھوڑا، نہائی، سنسی، ریتی، سوئی اور دوسری روایت انہی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ تین چیزیں زمین پر نازل ہوئیں۔ حجر اسود، عصا موسوی، لوہا۔ (تفسیر صاوی، ج٦ ص٢١١٢، پ٢٧، الحدید: ٢٠)

اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ چار برکت والی چیزیں اللہ تعالیٰ نے آسمان سے بازل فرمائی ہیں۔ لوہا، آگ، پانی، نمک۔ (تفسیر صاوی، ج٦ ص٢١١٢، پ٢٧، الحدید: ٢٥)

# پہلے پانچ مشہور اور پرانے بت

حضرت نوح علیہ السلام کی قوم بت پرست ہوگئی تھی اور ان لوگوں کے پانچ بت بہت مشہور تھے جن کی پوجا کرنے پر پوری قوم نہایت ہی اصرار کے ساتھ کمر بستہ تھی اور ان پانچوں بتوں کے نام یہ تھے (۱) ود (۲) سواع (۳) یغوث (۴) یعوق (۵) نسر۔

حضرت نوح علیہ السلام جو بت پرستی کے خلاف وعظ فرمایا کرتے تھے تو ان کی قوم ان کے خلاف ہر کوچہ و بازار میں چرچا کرتی پھرتی تھی اور حضرت نوح علیہ السلام کو طرح طرح کی ایذائیں دیا کرتی تھی چنانچہ قرآن مجید کا بیان ہے کہ

وَقَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا وَّلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا ٥ وَقَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا. (پ ۲۹، نوح: ۲۳، ۲۴)

ترجمہ: اور بولے ہرگز نہ چھوڑنا اپنے خداؤں کو اور ہرگز نہ چھوڑنا ود اور سواع اور یغوث اور یعوق اور نسر کو اور بیشک انہوں نے بہتوں کو بہکایا۔ (کنز الایمان)

یہ پانچوں بت کون تھے؟ ان کے بارے میں حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے یہ پانچوں فرزند تھے جو نہایت ہی دیندار و عبادت گزار تھے اور لوگ ان پانچوں کے بہت ہی محبّ و معتقد تھے جب ان پانچوں کی وفات ہوگئی تو لوگوں کو بڑا رنج و صدمہ ہوا تو شیطان نے ان لوگوں کی تعزیت کرتے ہوئے یوں تسلی دی کہ تم لوگ ان پانچوں صالحین کے مجسمے بنا کر رکھ لو اور ان کو دیکھ دیکھ کر اپنے دلوں کو تسکین دلاتے رہو۔ چنانچہ پیتل اور سیسے کے مجسمے بنا بنا کر ان لوگوں نے اپنی اپنی عبادت گاہوں میں رکھ لیے۔ کچھ دنوں تک تو لوگ ان مجسموں کی زیارت کرتے رہے پھر لوگ ان بتوں کی عبادت کرنے لگے اور خدا پرستی چھوڑ کر بت پرستی کرنے لگے۔

(تفسیر صاوی ج ۴، پ ۲۹، نوح: ۲۳۲)

حضرت نوح علیہ السلام ساڑھے نو سو برس تک ان لوگوں کو وعظ سنا کر بت پرستی سے منع فرماتے رہے۔ بالآخر طوفان میں غرق ہو کر سب ہلاک ہو گئے۔ مگر شیطان اپنی اس چال سے باز نہیں آیا اور ہر دور میں اپنے وسوسوں کے جادو سے لوگوں کو اسی طور پر بت پرستی دکھاتا رہا کہ لوگ اپنے صالحین کی تصویریں اور مجسمے بنا کر پہلے تو کچھ دنوں تک ان کی زیارت کرتے رہے اور ان کے دیدار سے اپنا دل بہلاتے رہے پھر رفتہ رفتہ ان تصویروں اور مجسموں کی عبادت کرنے لگے اس طرح شرک و بت پرستی کی لعنت میں دنیا گرفتار ہو گئی اور خدا پرستی اور توحید کے خالص کا چراغ بجھنے لگا جس کو روشن کرنے کے لئے انبیاء سابقین یکے بعد دیگرے برابر مبعوث ہوتے رہے یہاں تک کہ ہمارے حضور خاتم النبیین ﷺ نے ہمیشہ کے لئے بت پرستی کی جڑ اس طرح کاٹ دی کہ آپ نے تصویروں اور مجسموں کا بنانا ہی حرام فرما دیا اور حکم صادر فرما دیا کہ تصاویر اور مجسمے ہرگز ہرگز کوئی شخص کسی آدمی اور کسی جاندار کا بھی نہ بنائے اور جو پہلے سے بن چکے ہیں ان کو جہاں بھی دیکھو فوراً مٹا کر اور توڑ پھوڑ کر تباہ و برباد کر دو تا کہ نہ رہے گا بانس نہ بجے گی بانسری۔

# طوفان نوح کے بعد پہلی بستی

مدینہ منورہ کی چاروں اطراف سایہ دار درختوں سے بھری ہوئی بستیاں ہیں۔ مدینہ منورہ کے شمال کی جانب قریباً ۳ کلومیٹر پر جبل احد کی بستیاں ہیں جن میں بستی خیف الثنایا، بستی خیف العیون، بستی خیف الزہرہ آباد ہیں۔ مدینہ منورہ کی شرقی جانب ترہ شرقیہ، خیف الصدقہ، عریض تک آبادیاں پھیلی ہوئی ہیں۔ غربی جانب وادی عقیق جو صغیر و کبیر کے نام دو حصوں میں منقسم ہیں۔ مدینہ منورہ کی جنوبی طرف چار مشہور بستیاں آباد ہیں۔

۱۔ بستی قبا شریف۔ اسے باغات کی سرزمین کہا جائے تو بے جا نہیں۔

۲۔ بستی جفاف۔ قربان۔

۳۔ بستی العوالی۔

۴۔ بستی الحزہ۔

قربان کے علاقہ میں بستان الجزع مشہور تھا اور اس وقت مدینہ منورہ کے اکناف میں یہ وادیاں مشہور تھیں۔ وادی عقیق، وادی رانوناء، وادی بطحان، وادی مذینیب، وادی مہروز، وادی قناۃ۔ اب بھی یہی نقشہ قائم ہے۔ (آثار المدینہ)

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ سید الانبیاء محمد الہ و صحبہ وسلم

## بدفعلی کی موجد قوم

یہ حضرت لوط علیہ السلام کا شہر ''سدوم'' ہے جو ملک شام میں صوبہ ''حمص'' کا ایک مشہور شہر ہے حضرت لوط علیہ السلام بن ہاران بن تارخ یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے ہیں۔ یہ لوگ عراق میں شہر ''بابل'' کے باشندہ تھے۔ پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام وہاں سے ہجرت کر کے ''فلسطین'' تشریف لے گئے اور حضرت لوط علیہ السلام ملک شام کے ایک شہر ''اردن'' میں مقیم ہو گئے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو نبوت عطا فرما کر ''سدوم'' والوں کی ہدایت کیلئے بھیج دیا۔ (تفسیر الصاوی، ج ۲، صادی ۶۸۹، پ ۸، الاعراف: ۸۰)

## مٹی کی پہلی مُٹھی

جب اللہ تعالیٰ نے زمین پر اپنا نائب (خلیفہ) بنانے کا ارادہ فرمایا تو فرشتوں سے مشورہ فرمایا اور حضرت جبریل امین کو حکم دیا کہ تمام روئے زمین سے ہر قسم کی سیاہ و سفید، سرخ، کھاری و میٹھی نرم و خشک ایک میٹھی خاک اٹھا لاؤ۔ حضرت جبریل امین نے زمین پر تشریف لا کر خاک اٹھانی چاہی زمین نے سبب پوچھا تو حضرت جبریل امین علیہ سلام نے سارہ واقعہ بیان کیا۔ زمین نے کہا کہ میں اس سے خدا کی پناہ مانگتی ہوں کہ تو مجھ سے خاک

اٹھا کر انسان بنائے جس کی وجہ سے میرا کچھ حصہ جہنم میں پہنچے حضرت جبریل امین خالی واپس چلے گئے اور عرض کیا کہ خدایا زمین نے تیری عزت کی پناہ مانگی میں تیرے نام اور عزت کے ادب سے زمین سے خاک نہ اٹھا سکا اللہ رب العزت نے پھر حضرت میکائیل، اسرافیل کو باری باری بھیجا مگر وہ بھی اسی طرح واپس آ گئے۔ آخر میں حضرت ملک الموت کو بھیجا گیا انہوں نے زمین کی ایک نہ سنی بلکہ فرمایا کہ میں تو اللہ کے حکم کا تابعدار ہوں۔ تیری عاجزی اور زاری کی وجہ سے رب کی اطاعت نہیں چھوڑ سکتا اس لیے حضرت عزرائیل علیہ السلام کو جان نکالنے کا کام سپرد کر دیا گیا پھر فرشتوں کو حکم ہوا کہ اس خاک کو مختلف پانیوں سے گارا بنائیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے دست قدرت سے اس گارے کو حضرت آدم علیہ السلام کا قالب بنایا۔ اور اس کی صورت تیار کی۔ پھر روح کو حکم ہوا کہ اس قالب میں داخل ہو جائے۔ (تفسیر نعیمی پارہ اوّل)

## پہلا سجدہ

جب اللہ رب العزت نے حضرت آدم علیہ السلام کو بنایا تو اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو حکم دیا کہ وہ آدم علیہ السلام کو سجدہ کریں تو سب فرشتے سجدے میں گر گئے جب سجدے سے فارغ ہوئے تو دیکھا کہ شیطان لعین جو اس وقت فرشتوں کا استاد تھا نے سجدہ نہ کیا تو فرشتے پھر سجدے میں پڑھ گئے کہ اللہ تیرا شکر ہے کہ تو نے ہمیں اپنے حکم پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائی مفسرین کرام فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے حضرت جبریل امین سجدے میں جھکے پھر حضرت میکائیل پھر حضرت اسرافیل پھر حضرت عزرائیل اور پھر سارے فرشتے۔ اسی لیے حضرت جبریل علیہ السلام کو سب سے بڑا درجہ عطا کیا گیا یعنی خدمت انبیاء کرام علیہ السلام۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے حضرت اسرافیل علیہ السلام نے سجدہ کیا۔ اس لیے اس کی پیشانی پر سارا قرآن لکھ دیا گیا۔ (تفسیر نعیمی، پارہ اوّل)

# سجدے کا پہلا منکر

جب فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کیا جس کا شیطان نے انکار کیا یہ سجدہ تھوڑی دیر تک رہا پھر انہوں نے سر اٹھا کر دیکھا کہ شیطان لعین نے انکار کیا اور آدم علیہ السلام کی طرف پیٹھ پھیرے کھڑا ہے تب انہوں نے دوسرا سجدہ اس سجدے کی توفیق کے شکر میں کیا یہ سجدہ رب کے لیے تھا اور دوسر سجدہ شکر تھا۔ پھر جب سر اٹھایا تو انہوں نے دیکھا کہ شیطان پہلے بہت خوبصورت تھا لیکن اب اس کی شکل مرغ کی ہو کر جسم خنزیر کا سا اور چہرہ بندر کا ہو گیا تب انہوں نے ہیبت الٰہی سے ایک اور سجدہ کیا یہ تینوں سجدے حضرت آدم علیہ السلام کی طرف تھے مگر تین قسم کے اور ان کی مدتیں علیحدہ علیحدہ تمام فرشتوں نے سجدہ کر لیا لیکن ابلیس اپنی عبادت اور شیطانی توحید کے نشہ میں مست رہ کر اس سجدہ کا انکاری ہو گیا یہ بھی یاد رہے کہ اس کا نام ابلیس وشیطان ہو گیا۔ (تفسیر نعیمی، پارہ اول)

# دین حق کی پہلی دعوت

اعلان نبوت کے بعد حضور نبی آخر الزماں ﷺ کو جب علانیہ دعوت دین حق کا حکم ہوا تو آپ نے سب سے پہلے خانہ کعبہ میں عام لوگوں کو دعوت اسلام دی۔ اور پھر کوہ صفا پر ال قریش کو اکھٹا کرنے کے بعد اعلان فرمایا۔

قُلْ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ جَمِیْعَاﰳ الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ

ترجمہ: اے لوگوں میں تم سب کی طرف اس اللہ کی طرف سے رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں جو زمین اور آسمانوں کا مالک ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی زندہ کرتا اور مارتا ہے۔ (ضیاء النبی جلد دوم)

# نسل انسانی کا پہلا حج

ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ قبول ہونے کے بعد خطاب الٰہی ہوا ''اے آدم علیہ السلام! میرا ایک گھر بیت اللہ شریف جس کا نام خانہ کعبہ ہے وہ عرش کے محاذات میں ہے وہاں جا کر خانہ کعبہ کا طواف کرو جس طرح میرے فرشتے اس کا طواف کر رہے ہیں دعا و مناجات کر کے میرا تقرب چاہتے ہیں تم بھی وہاں جا کر طواف کر کے میرا قرب حاصل کرو، تاکہ تمہاری دعائیں قبول ہوں تمہاری لغزش معاف اور حج قبول ہو''۔

اسی دوران اللہ رب العزت نے فرشتوں کو حکم دیا کہ جنتی یاقوتوں میں سے ایک یاقوت کعبہ مقدس کی عمارت کے برابر بیت المعمور کی شکل میں کعبہ مقدسہ کی جگہ رکھیں۔

خطاب الٰہی سنتے ہی جناب حضرت آدم علیہ السلام ایک فرشتہ کی رہنمائی میں جزیرہ سراندیپ سے خانہ کعبہ کو روانہ ہوئے قبولیت توبہ اور حج کے ارادہ کے انعام اکرام کے عظیم ثمر کے طور پر حضرت آدام علیہ السلام کا قدم مبارک جہاں بھی پڑتا وہ جگہ سرسبز و شاداب ہو جاتی لیکن قدموں کے درمیان کی جگہ اپنی اصلی حالت میں صحرا بیاباں ہی رہتی روایت ہے کہ آپ کے قدم کا درمیانی فاصلہ انسان کی تین دن کی مسافت کے برابر اور دوسری روایت کے مطابق پچاس فرسنگ ہوتا خانہ کعبہ پہنچ کر حضرت آدمی علیہ السلام نے نسل انسانی کے پہلے حج کے طور پر حضرت جبریل کی معیت میں مناسک حج ادا کیئے۔

# سب سے پہلے پانی

اللہ تعالیٰ کا عرش پانی پر تھا اور پانی سے پہلے کسی چیز کو پیدا نہیں کیا گیا تھا جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کی تخلیق کا ارادہ فرمایا تو پانی سے دھواں نکالا جو کہ پانی پر غالب آ گیا اسے اوپر بلند کیا تو اسی نام ''سماء'' و آسمان، عربی میں اس کا معنی بلندی کے آتے ہیں، رکھا۔ پھر

پانی کو خشک کیا تو اسے ایک زمین بنایا پھر اس ایک زمین کو پھیلا کر کل سات زمیں بنائی گئی یہ اتوار اور سوموار کے دن ہوا، پہاڑوں کو، درختوں کو اور ان کے مناسبات کو اس زمین میں پیدا فرمایا یہ منگل اور بدھ کے روز ہوا، پھر اللہ تعالیٰ نے آسمان کی طرف توجہ فرمائی تو، جمعرات اور جمعہ کے روز سات آسمان بنائے ہر آسمان میں اس کی مخلوق کو پیدا فرمایا، یعنی ملائکہ وغیرہ ، یہ ابتداء تخلیق اتوار کے روز ہوئی ، یہی مطلب ہے قرآن مجید کی آیت مبارکہ کا، وہ بے شک تمہارا رب وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا فرمایا"۔

(اولیات مع علمی نکات صفحہ ۵)

## نماز میں رکوع اور سجدے کی حکمت

اللہ تعالیٰ نے جو پانچ نمازیں فرض فرمائی ہیں یہ نمازیں امت محمدیہ پر فرض ہونے سے پہلے کس کس ہستی نے پڑھیں نماز میں قیام، رکوع، سجود اہم رکن ہیں، قیام تو نماز کے اندر سب کرتے رہے، تاہم رکوع بھی ایک اہم رکن ہے نماز کا، جس کا معنی ہے "ممکن" مراد عاجزی وانکساری ہوتی ہے۔ ایک قول کے مطابق نماز میں رکوع کا ہونا یہ خاص امت محمدیہ کے لیے ہے پہلے والی امتوں میں سجدہ تھا مگر رکوع نہیں تھا۔ رکوع میں جھک جائے پھر رب کے عظیم ہونے کا ورد کرے یہاں تک کہ اپنے آپ کو زمین اور خاک میں ملا کر سبحان ربی الاعلیٰ کا تکرار کرے وہ مقام جو کہ پورے وجود میں عزت والا ہے یعنی چہرہ، جبین و پیشانی اور ناک اسے جھکا دے مگر ہر عاجزی کی انتہاء کے بعد حکم ہوا کہ اللہ اکبر ضرور کہنا تاکہ کہیں یہ خیال نہ آجائے کہ شاید حق ادا ہو گیا بلکہ فرمایا تیری عاجزی کی انتہاء تو ہوتی میری ذات اس سے بھی ارفع واعلیٰ اور بلند ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ مخلوق جسے عبادت کے علاوہ فرصت نہیں، جو قیام میں ہے وہ قیام میں ہی رہے گا، جو سجدے میں ہے وہ سجدے میں ہی رہے گا وہ ملائکہ و فرشتے ہیں بلکہ حضور نبی رحمت ﷺ نے تو فرمادیا کہ ساتوں آسمانوں میں ایک

پالشت اور ہتھیلی کی جگہ بھی ایسی نہیں جہاں فرشتہ سجدہ ریز نہ ہو مگر قیامت کے دن فرشتے کہیں گے (اے میرے مالک ہمیں عبادت سے فرصت نہیں تھی مگر پھر بھی) تیری عبادت کا ہم نے حق ادا نہیں کیا (تو اس سے بھی اعلیٰ، اس لیے سجدہ بھی نماز کا اہم رکن ہے جو درحقیقت بندے کی عاجزی کی بہ نسبت انتہاء کا اظہار ہے۔ اور ہر رکعت میں رکوع ایک مگر سجدے دو رکھے کیونکہ سجدہ میں بہ نسبت رکوع کے عاجزی زیادہ ہے تو اس میں تکرار کا زیادہ تقاضا تھا یا پھر پہلی مرتبہ اس بات کی طرف اشارہ کیا گیا کہ اسی زمین کی مٹی سے پیدا ہے دوسرے سجدے میں بتایا کہ جانا بھی اسی زمین میں ہے۔ بعض علماء نے دو سجدوں کی علت یہ بھی بیان کی ہے کہ فرشتوں کو جب حکم ہوا تھا سجدے کا تو سوائے ابلیس کے سب نے سجدہ کیا جب سر اٹھا کر دیکھا تو ابلیس ملعون اکڑا ہوا مغرور اور متکبّر کھڑا ہے تو فرشتے دوبارہ سجدے میں گر گئے۔ یہ دوسرا سجدہ شکر کے طور پر تھا (کہ مالک ہم کو اپنا فرمانبردار ہونے کی تو نے توفیق بخشی) تو اس وجہ سے نماز میں دو سجدے ہیں نماز میں تعداد رکعت کی وجہ کہ فجر کے فرض دو رکعت جبکہ ظہر وعصر کی چار چار رکعت، مغرب کی تین اور عشاء کی چار رکعت تو درحقیقت یہ نمازیں انبیاء کرام علیہ السلام کی یاد ہے۔ عبادت خداوندی کا فریضہ بھی ادا ہوا اور سنت انبیاء کی ادائیگی کا اجر وثواب بھی ملے۔

## نماز فجر پہلے کس نے پڑھی؟

جب حضرت آدم علیہ السلام کو جنت سے زمین پر اتارا گیا تو زمین پر اندھیرا تھا جب رات کا اندھیرا ختم ہونے لگا اور تھوڑی روشنی ہوئی تو رات کی تاریکی سے نجات اور دن کی روشنی ملنے کے شکرانے میں انہوں نے دو رکعت نماز ادا کی (اس طرح وہ نماز فجر امت محمدیہ کے لیے فرض ٹھہری)

## نماز ظہر پہلے کس نے پڑھی؟

حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام اللہ کے حکم کے مطابق قربانی کے امتحان اور آزمائش میں کامیابی ملنے پر آپ نے چار رکعت نماز شکرانے کی ادا کی اور یہ زوال شمس (سورج ڈھلنے) کے بعد پڑھی (اس طرح ظہر کی نماز امت محمدیہ پر فرض ہوئی۔

## نماز عصر پہلے کس نے پڑھی؟

حضرت یونس علیہ السلام کو جب مچھلی کے پیٹ سے نکالا گیا تو راتوں کی تاریکی اور پانی کی تاریکی وغیرہ سے نجات ملنے پر چار رکعت نماز شکرانے کے طور پر پڑھی (بعض مقامات پر حضرت یونس علیہ السلام کی جگہ حضرت عزیر علیہ السلام کا ذکر ہے۔

کہ جب سو سال موت طاری کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے دوبارہ زندہ فرمایا تھا تو انہوں نے اس وقت چار رکعت نماز شکرانے کی ادا کی تھی بہر حال اس طرح امت محمدیہ پر عصر کی نماز فرص ہوئی)۔

## نماز مغرب پہلے کس نے پڑھی

جب سورج غروب ہونے کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے پہلے تین رکعت نماز مغرب ادا کی تھی (مغرب کی نماز بارے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی جگہ حضرت داؤد علیہ السلام کا ذکر بھی ہے کہ نیت تو انہوں نے چار رکعت کی تھی مگر تھک کر تین رکعت پر سلام پھیر دیا تھا تو وہی حالت برقرار رہی اور اس طرح ہم پر نماز مغرب تین رکعت فرض ٹھہری)۔

## نماز عشاء پہلے کس نے پڑھی؟

عشاء کی نماز سب سے پہلے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ادا فرمائی جب وہ مدین

سے نکلے تھے اور راستہ بھی گم ہوا اور ساتھ ساتھ بیوی، بھائی حضرت ہارون علیہ السلام، دشمن یعنی فرعون اور اپنی اولاد کا غم بھی تھا تو جب اللہ تعالیٰ نے سارے غموں سے نجات بخشی تو عشاء کے وقت شکر کے اظہار پر چار رکعت نماز ادا فرمائی تو ہم پر نماز عشاء فرض ٹھہری۔

(بعض روایات میں عشاء کی نماز خاص کر ہمارے نبی کریم ﷺ کا خاصہ قرار دی گئی ہے کہ سب سے پہلے آپ ﷺ ہی نے ادا فرمائی۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب)

(بحوالہ الکفایہ مع فتح القدیر شرح ہدایہ شریف جلد ا صفحہ نمبر ۲۱۹ تا ۲۲۵ مطبوعہ مرکز اہلسنت گجرات ہند) شرح معانی الاثار امام ابی جعفر طحاوی علیہ الرحمہ) جلد ا صفحہ نمبر ۱۱۷ مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ، لاہور)

## پہلا رمضان المبارک

"ارکان اسلام میں سے تیسرا رکن روزہ" ہے۔ رمضان المبارک کے روزے نبی کریم ﷺ کی مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کیے ہوئے اٹھارہ ۱۸ ماہ گزر چکے تھے تو سن ۲ ھ میں فرض ہوئے۔

نفس کی کدورت اور میل کچیل سے پاک کرنے اور قلب کی صفائی کے لیے روزہ اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے اور قلب کی صفائی نور الٰہی کے قرار و مکان کے لیے اس وجہ سے روزہ کی انتہاء اور شروع ہونے کی علت قرآن میں "تقویٰ" بتائی گئی ہے۔ اس کے علاوہ جب بھوک کی شدت ہوتی ہے تو پھر اس تکلیف کا احساس ہوتا ہے اور پھر ضمیر انسان کو متوجہ کراتا ہے ان افراد پر جن پر یہ تکلیف شبانہ روز ہوتی ہے تو روزہ یوں مساکین پر لطف و مہربانی کا بھی وسیلہ بن جاتا ہے۔ حلال سے کھانے پینے کے حوالے سے محض حکم خداوندی کی خاطر ہی رکھنا ہوتا ہے مگر یہ عادت حرام سے بچنے کا بھی سبب و ذریعہ بن جاتی ہے کہ جب حرام سامنے ہو تو بس رمضان المبارک کی وہ ساعتیں یاد کر کے ہی فیصلہ کر لینا کہ جس

ذات کے حکم کی خاطر میں حلال سے باز رہ سکتا ہوں تو اس کی خاطر حرام سے کیوں نہ احتراز کروں۔ غرضیکہ روزہ کی بے شمار حکمتیں ہیں اور ہر حکمت میں وسعت ہے مگر یہ اجمال نظر اہم حکمتوں کی طرف واضع طور پر مشیرہ مظہر کی حیثیت رکھتی ہے۔

(تفسیر القرطبی الجامع احکام القرآن جلد نمبر۷ صفحہ نمبر۱۷۱ مطبوعہ رشیدیہ کوئٹہ)

# پہلے بت کی پوجا

ابن ابی حاتم، عروہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ود، یعوث، سواع اور نسر حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے تھے۔ ودا، ان تمام سے عمر میں بڑا تھا اور سب سے زیادہ متقی اور پرہیزگار تھا۔

ابن ابی حاتم فرماتے ہیں: حضرت امام باقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نماز پڑھ رہے تھے لوگوں نے وہیں یذید بن مہلب کا ذکر چھیڑ دیا۔ راوی کہتا ہے کہ جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا تم لوگ یزید بن مہلب کے متعلق باتیں کر رہے تھے۔ یذید بن مہلب اس سر زمین پر قتل ہوا جس میں سب سے پہلے بت پرستی شروع ہوئی، پھر ''ود'' کا ذکر چھڑ گیا تو آپ نے فرمایا: کہ وہ ایک نیک آدمی کا نام ہے۔ وہ اپنی قوم میں نہایت ہی عقیدت ومحبت کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ جب ود نے رحلت فرمائی تو ان کے متبعین ان کی قبروں کے ارد گرد طواف کرنے لگے اور رونے پیٹنے لگے، ود کی قبر بابل میں تھی جب ابلیس لعین نے ان کی آہ زاری دیکھی تو انسانی صورت میں ان کے پاس آیا اور کہنے لگا: میں اس شخص پر تمہاری آہ و بکا دیکھ چکا ہوں۔ کیا میں تمہارے لیے اس کی ایک شبیہ نہ بنا دوں کہ تم گھروں میں رکھ لو۔ ود کے عقیدت مندوں نے کہا: ہاں ہمارے لیے شبیہ بنا دے۔ شیطان نے ''ود'' کی شبیہ تیار کی اوران لوگون نے اپنے گھروں میں رکھ لی اور اسے یاد کرنے لگے، اور یہ سلسلہ چلتا رہا۔ آخر ہر گھر میں یہ تمثیل بن گئی اور بچوں نے اپنے والدین اور بڑوں کو جب دیکھا تو خود بھی ان کی

پیروی کرنے لگے۔آخر یہ عقیدت مندی اور ذکر کا سلسلہ بت برستی پر منتج ہوا اور آنے والی نسلوں نے ''ود'' کو خدا مان کر عبادت شروع کر دی اور یوں سب سے پہلے جس بت کو خدائی کا درجہ ملا وہ ایک صالح شخص ''ود'' کا بت تھا۔(قصص الانبیاء، امام ابن کثیر صفحہ ۹۲)

## ابلیس پہلی بار کب رویا؟

ولادت مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام ابدی مسرتوں اور سچی خوشبوؤں کی پیغامبر بن کر آئی تھی۔جس سے کائنات کی ہر چیز شاداں وفرحاں تھی۔فرشتے شکرایزدی بجالا رہے تھے عرش اور فرش میں بہار کا سماں تھا۔ایک ذات تھی جو فریاد کناں تھی جو مصروف فغاں تھی جو چیخ وچلا رہی تھی اور اپنی بدبختی اور حرماں نصیبی پر اشک فشاں تھی اور وہ ملعون ابلیس کی ذات تھی۔

علامہ ابوالقاسم سہیلی لکھتے ہیں۔

ابلیس ملعون زندگی میں چار مرتبہ چیخ مار کر رویا۔

پہلی مرتبہ جب اس کو ملعون قرار دیا گیا۔

دوسری مرتبہ جب اُسے بلندی سے پستی کی طرف دھکیلا گیا۔

تیسری مرتبہ جب سرکار دوعالم ﷺ کی ولادت باسعادت ہوئی۔

چوتھی مرتبہ جب سورۃ فاتحہ نازل ہوئی۔

علامہ ابن کثیر نے بھی علامہ سہیلی کی اس عبارت کو سیرۃ النبویہ میں جوں کا توں نقل کیا۔اور ابن سیدالناس نے ''عیون الاثر میں بھی اس روایت کو بعنہٖ درج کیا ہے۔

حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جس روز رسول اللہ ﷺ کی ولادت ہوئی تو ابلیس نے دیکھا کہ آسمان سے تارے گر رہے ہیں۔اس نے اپنے لشکریوں کو کہا رات وہ پیدا ہوا ہے جو ہمارے نظام کو درہم برہم کردے گا۔اس کے لشکریوں نے اسے کہا کہ تم اس کے نزدیک جاؤ اور اسے چھو کر جنون میں مبتلا کر دو۔جب وہ اس نیت سے

حضور ﷺ کے قریب جانے لگا تو حضرت جبریل نے اسے پاؤں سے ٹھوکر لگائی اور اسے دور عدن میں پھینک دیا۔ (ضیاء النبی جلد دوم، پیر محمد کرم شاہ الازہری صفحہ ۵۶)

# پہلا آسمانی کھانا ''من وسلویٰ''

جب حضرت موسیٰ علیہ السلام چھ لاکھ بنی اسرائیل کے افراد کے ساتھ میدان تیہ میں مقیم تھے تو اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو کھانے کے لئے آسمان سے دو طرح کا کھانا اتارا تھا۔ ایک کا نام ''من'' دوسرے کا نام ''سلویٰ'' تھا۔ من بالکل سفید شہد کی طرح ایک حلوہ تھا۔ یا سفید رنگ کی شہد ہی تھی جو روزانہ آسمان سے بارش کی طرح برستی تھی اور سلویٰ پکی ہوئی بٹیریں تھیں جو دکھنی ہوا کے ساتھ آسمان سے نازل ہوا کرتی تھیں اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر اپنی نعمتوں کا شمار کراتے ہوئے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا کہ

وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى (پ ۱، البقرۃ:۵۷)

تم لوگوں پر من وسلویٰ اُتارا۔

اس من وسلویٰ کے بارے میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا یہ حکم تھا کہ روزانہ تم لوگ اس کو کھالیا کرو اور کل کے لئے ہرگز ہرگز اس کا ذخیرہ مت جمع کرنا۔ مگر بعض ضعیف الاعتقاد لوگوں کو یہ ڈر لگنے لگا کہ اگر کسی دن من سلویٰ نہ اترا تو ہم لوگ اس بے آب و گیاہ چٹیل میدان میں بھوکے مر جائیں گے۔ چنانچہ ان لوگوں نے کچھ چھپا کر کل کے لئے رکھ لیا وہ سڑ گیا اور آئندہ کے لئے اترنا بند ہو گیا اس لئے حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ بنی اسرائیل نہ چھپاتے تو نہ کھانا کبھی خراب ہوتا اور نہ گوشت سڑتا۔ کھانے کا خراب ہونا اور گوشت کا سڑنا اسی تاریخ سے شروع ہوا۔ ورنہ اس سے پہلے نہ کھانا بگڑتا تھا نہ گوشت سڑتا تھا۔ (تفسیر روح البیان ج ۱، پ ۱، البقرہ ۵۷)

# بنی اسرائیل پر پہلا عذاب

جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا اژدھا بن کر جادوگروں کے سانپوں کو نگل گیا۔تو جادوگر سجدے میں گر کر ایمان لائے۔مگر فرعون اور اس کے متبعین نے اب بھی ایمان قبول نہیں کیا۔ بلکہ فرعون کا کفر اور اس کی سرکشی اور زیادہ بڑھ گئی۔اور اس نے نبی اسرائیل کے مومنین اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دل آزاری اور ایذارسانی میں بھرپور کوشش شروع کردی۔اور طرح طرح سے ستانا شروع کر دیا۔فرعون کے مظالم سے تنگ دل ہو کر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے خداوند قدوس کے دربار میں اس طرح دعا مانگی۔کہ

''اے میرے رب! فرعون زمین میں بہت ہی سرکش ہو گیا ہے۔اور اس کی قوم نے عہد شکنی کی ہے۔لہٰذا تو انہیں ایسے عذابوں میں گرفتار فرما دے جوان کے لیے سزاوار ہو۔اور میری قوم اور بعد والوں کے لئے عبرت ہو''۔(روح البیان،ج ۳،ص ۲۲۰،پ ۹،الاعراف:۱۳۳)

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرعونیوں پر لگا تار پانچ عذابوں کو مسلط فرما دیا اُن پانچوں میں سے ایک یہ ہے۔

(عجائب القرآن مع غرائب القرآن)

# پہلا طوفان

ناگہاں ایک ابر آیا اور ہر طرف اندھیرا چھا گیا۔پھر انتہائی زوردار بارش ہونے لگی۔یہاں تک کہ طوفان آ گیا اور فرعونیوں کے گھروں میں پانی بھر گیا۔اور وہ اس میں کھڑے رہ گئے اور پانی ان کی گردنوں تک آ گیا ان میں سے جو بیٹھا وہ ڈوب کر ہلاک ہو گیا۔نہ ہل سکتے تھے نہ کوئی کام کر سکتے۔ان کی کھیتیاں اور باغات طوفان کے دھاروں سے

برباد ہو گئے۔ سینچر تک مسلسل سات روز تک وہ لوگ اسی مصیبت میں مبتلا رہے اور باوجودیکہ بنی اسرائیل کے مکانات فرعونیوں کے گھروں سے ملے ہوئے تھے۔ مگر بنی اسرائیل کے گھروں میں سیلاب کا پانی نہیں آیا۔ اور نہایت ہی امن وچین کے ساتھ اپنے گروں میں رہتے تھے۔ جب فرعونیوں کو اس مصیبت کے برداشت کرنے کی تاب وطاقت نہ رہی۔ اور وہ بالکل ہی عاجز ہو گئے تو ان لوگوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے عرض کیا کہ آپ ہمارے لیے دعا فرمائیے کہ یہ مصیبت ٹل جائے تو ہم ایمان لے آئیں گے۔ اور بنی اسرائیل کو آپ کے پاس بھیج دیں گے۔ چنانچہ آپ نے دعا مانگی۔ تو طوفان کی بلا ٹل گئی۔ اور زمین میں ایسی سرسبزی وشادابی نمودار ہوئی کہ اس سے پہلے کبھی بھی دیکھنے میں نہ آئی تھی۔ کھیتیاں بہت شاندار ہوئیں۔ اور غلّوں اور پھلوں کی پیداوار بے شمار ہوئی۔ یہ دیکھ کر فرعونی کہنے لگے کہ یہ طوفان کا پانی تو ہمارے لیے بہت بڑی نعمت کا سامان تھا۔ پھر وہ اپنے عہد سے مکر گئے۔ اور ایمان نہیں لائے۔ اور پھر سرکشی اور ظلم وعصیان کی گرم بازاری شروع کر دی! (عجائب القرآن مع غرائب القرآن)

# پہلے بچے کی گواہی

حضرت یوسف علیہ السلام کو جب ان کے بھائیوں نے کنوئیں میں ڈال دیا۔ تو ایک شخص جس کا نام مالک بن ذغر تھا جو مدین کا باشندہ تھا۔ ایک قافلہ کے ہمراہ اس کنوئیں کے پاس پہنچا۔ اور اپنا ڈول کنوئیں میں ڈالا۔ تو حضرت یوسف علیہ السلام نے اس ڈول کو پکڑ لیا۔ اور مالک بن ذغر نے آپ کو کنوئیں میں سے نکال لیا۔ تو آپ کے بھائیوں نے اس سے کہا کہ یہ ہمارا بھاگا ہوا غلام ہے۔ اگر تم اس کو خرید لو تو ہم بہت ہی سستا تمہارے ہاتھ بیچ دیں گے۔ چنانچہ ان کے بھائیوں نے صرف بیس درہم میں حضرت یوسف عایہ السلام کو بیچ ڈالا۔ مگر شرط یہ لگا دی کہ تم اس کو یہاں سے اتنی دور لے جاؤ کہ اس کی خبر بھی

ہمارے سننے میں نہ آئے۔ مالک بن ذعر نے ان کو خرید کر مصر کے بازار کا رخ کیا۔ اور بازار میں ان کو فروخت کرنے کا اعلان کیا۔ ان دنوں مصر کا بادشاہ ریان بن ولید عملیقی تھا اور اس نے اپنے وزیراعظم قطیفر مصری کو مصر کی حکومت اور خزانے سونپ دیئے تھے۔ اور مصر میں لوگ اس کو "عزیز مصر" کے خطاب سے پکارتے تھے۔ جب عزیز مصر کو معلوم ہوا کہ بازار مصر میں ایک بہت ہی خوبصورت غلام فروخت کے لیے لایا گیا ہے اور لوگ اس کی خریداری کیلئے بڑی بڑی رقمیں لے کر بازار میں جمع ہو گئے ہیں۔ تو عزیز مصر نے حضرت یوسف علیہ السلام کے وزن کے برابر سونا، اور اتنی چاندی، اور اتنا ہی مشک، اور اتنے ہی حریر قیمت دے کر خرید لیا۔ اور گھر لے جا کر اپنی بیوی "زلیخا" سے کہا کہ اس غلام کو نہایت ہی اعزاز و اکرام کے ساتھ رکھو۔ اس وقت آپ کی عمر شریف تیرہ یا سترہ برس کی تھی۔ "زلیخا" حضرت یوسف علیہ السلام کے حسان و جمال پر فریفتہ ہو گئی۔ اور ایک دن خوب بناؤ سنگار کر کے تمام دروازوں کو بند کر دیا۔ اور حضرت یوسف علیہ السلام کو تنہائی میں لبھانے لگی آپ نے معاذ اللہ کہہ کر فرمایا کہ میں اپنے مولیٰ عزیز مصر کے احسان کو فراموش کر کے ہرگز ہرگز اس کے ساتھ کوئی خیانت نہیں کر سکتا۔ پھر جب خود زلیخا آپ کی طرف لپکی تو آپ بھاگ نکلے۔ اور زلیخا نے دوڑ کر پیچھے سے آپ کا پیراہن پکڑ لیا جو پھٹ گیا۔ اور آپ کے پیچھے پیچھے زلیخا دوڑتی ہوئی صدر دروازہ پر پہنچ گئی۔ اتفاق سے ٹھیک اسی حالت میں عزیز مصر مکان میں داخل ہوا۔ اور دونوں کو دوڑتے ہوئے دیکھ لیا تو زلیخا نے عزیز مصر سے کہا کہ اس غلام کی سزا یہ ہے کہ اس کو جیل خانہ بھیج دیا جائے۔ یا اور کوئی دوسری سخت سزا دی جائے۔ کیونکہ اس نے تمہاری گھر والی کے سات برائی کا ارادہ کیا تھا۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ اے عزیز مصر! یہ بالکل ہی غلط بیانی کر رہی ہے۔ اس نے خود مجھے لبھایا۔ اور میں اس سے بچنے کے لیے بھاگا تو اس نے پیچھا کیا۔ عزیز مصر دونوں کا بیان سن کر حیران رہ گیا۔ اور بولا اے یوسف! میں کس طرح باور کر لوں کہ تم سچے ہو؟ تو آپ نے فرمایا کہ گھر میں چار مہینے کا ایک

بچہ پالنے میں لیٹا ہوا ہے جو زلیخا کے ماموں کا لڑکا ہے۔ اس سے دریافت کر لیجئے کہ واقعہ کیا ہے؟ عزیز مصر نے کہا کہ بھلا چار ماہ کا بچہ کیا جانے اور وہ کیسے بولے گا؟ تو آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس کو ضرور میری بے گناہی کی شہادت دینے کی قدرت عطا فرمائے گا۔ کیونکہ میں بے قصور ہوں۔ چنانچہ عزیز مصر نے جب اس بچے سے پوچھا۔ تو بچے نے بہ آواز بلند فصیح زبان میں یہ کہا کہ:

اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ٥ وَاِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ٥ (یوسف ع ۳)

اگر ان کا کرتا آگے سے پھٹا ہے تو عورت سچی ہے اور انہوں نے غلط کہا ہے۔ اور اگر ان کا کرتا پیچھے سے پھٹا ہے۔ تو عورت جھوٹی ہے اور وہ سچے ہیں۔

بچے کی زبان سے عزیز مصر نے یہ شہادت سن کر جو دیکھا تو ان کا کرتا پیچھے سے پھٹا تھا۔ تو اس وقت عزیز مصر نے حضرت یوسف علیہ السلام کی بے گناہی کا اعلان کرتے ہوئے یہ کہا کہ:

اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ٥ يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِئِيْنَ ٥

بیشک یہ تم عورتوں کا چرتر ہے۔ بیشک تمہارا چرتر بڑا (فریب) ہے۔ اے یوسف! تم اس کا خیال نہ کرو۔ اور اے عورت! تو اپنے گناہ کی معافی مانگ۔ بیشک تو خطا کاروں میں ہے۔ (عجائب القرآن مع غرائب القرآن)

## ذوالقرنین کا پہلا سفر

حضور علیہ السلام ﷺ نے فرمایا کہ یہ ذوالقرنین (دوسینگوں والے) کے لقب سے اس لیے مشہور ہو گئے کہ انہوں نے دنیا کے دوسینگوں یعنی دونوں کناروں کا چکر لگایا تھا۔ اور بعض

کا قول ہے کہ ان کے دور میں لوگوں کے دو قرن ختم ہو گئے سو برس کا ایک قرن ہوتا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ ان کے دو گیسو تھے۔ اور بعض اس کے قائل ہیں کہ خود ان کے سر پر دونوں طرف ابھار تھا جو سینگ جیسا نظر آتا تھا۔ اور بعضوں نے یہ وجہ بتائی کہ چونکہ ان کے باپ اور ماں نجیب الطرفین اور شریف زادہ تھے اس لیے لوگ ان کو ذوالقرنین کہنے لگے۔ واللہ تعالیٰ اعلم (مدارک التنزیل، ج ۳ص ۲۲۲، پ ۱۶، الکھف: ۸۳)

اللہ تعالیٰ نے ان کو تمام روئے زمین کی بادشاہی عطا فرمائی تھی دنیا میں کل چار بادشاہ ایسے ہوئے ہیں جس کو پوری زمین کی پوری بادشاہی ملی۔ ان میں دو مومن تھے اور دو کافر۔ مومن تو حضرت سلیمان علیہ اسلام اور ذوالقرنین ہیں۔ اور کافر ایک بخت نصر اور دوسرا نمرود ہے اور تمام ورے ئے زمین کے ایک پانچویں بادشاہ اس امت میں ہونے والے ہیں جن کا اسم گرامی حضرت ''امام مہندی'' ہے۔ (صاوی، ج ۴ص ۱۲۱۶، پ ۱۶، الکھف: ۸۳)

قرآن مجید میں حضرت ذوالقرنین کے تین سفروں کا حال بیان ہوا ہے جو سورہ کہف میں ہے۔ ہم قرآن مجید ہی سے آپ کے ایک سفر کا حال تحریر کرتے ہیں۔ جن کی روداد بہت ہی عجیب اور عبرت خیز ہے۔

حضرت ذوالقرنین نے پرانی کتابوں میں پڑھا تھا کہ سام بن نوح علیہ اسلام کی اولاد میں سے ایک شخص آب حیات کے چشمہ میں سے پانی پی لے گا تو اس کو موت نہ آئے گی۔ اس لیے حضرت ذوالقرنین نے مغرب کا سفر کیا۔ آپ کے ساتھ حضرت خضر علیہ السلام بھی تھے وہ تو آب حیات کے چشمہ پر پہنچ گئے۔ اور اس کا پانی پی بھی لیا۔ مگر حضرت ذوالقرنین کے مقدر میں نہیں تھا۔ وہ محروم رہ گئے۔ اس سفر میں آپ جانب مغرب روانہ ہوئے تو جہاں تک آبادی کا نام ونشان ہے وہ سب منزلیں طے کر کے آپ ایک ایسے مقام پر پہنچے کہ انہیں سورج غروب کے وقت ایسا نظر آیا کہ وہ ایک سیاہ چشمہ میں ڈوب رہا

ہے جیسا کہ سمندری سفر کرنے والوں کو آفتاب سمندر کے کالے پانی میں ڈوبتا نظر آتا ہے۔وہاں ان کو ایک ایسی قوم ملی جو جانوروں کی کھال پہنے ہوئے تھے۔اس کے دوا کوئی دوسرا لباس ان کے بدن پر نہیں تھا اور دریائی مردہ جانوروں کے سوا ان کی غذا کا کوئی دوسرا سامان نہیں تھا۔یہ قوم ''ناسک'' کہلاتی تھی۔حضرت ذالقرنین نے دیکھا کے ان کے لشکر بے شمار ہیں اور یہ لوگ بہت ہی طاقت ور اور جنگجو ہیں۔تو حضرت ذوالقرنین نے ان لوگوں کے گرد اپنی فوجوں کا گھراڈال کر ان لوگوں کو بے بس کر دیا۔چنانچہ کچھ تو مشرگ بہ ایمان ہو گئے۔اور کچھ آپ کی فوجوں کے ہاتھ سے مقتول ہو گئے!

(عجائب القرآن مع غرائب القرآن)

## پانی اُبالنے والا پہلا تندور

یوں تو اللہ تعالیٰ! نے حضرت نوح علیہ السلام کو سو برس پہلے ہی بذریعہ وحی مطلع فرما دیا تھا کہ آپ کی قوم طوفان میں غرق کر دی جائے گی۔مگر طوفان آنے کی نشانی یہ مقرر فرما دی تھی کہ آپ کے گھر کے تنور سے پانی ابلنا شروع ہوگا۔چنانچہ پتھر کے اس تنور سے ایک دن صبح کے وقت پانی ابلنا شروع ہو گیا اور آپ نے کشتی پر جانوروں اور انسانوں کو سوار کرانا شروع کر دیا پھر زوردار بارش ہونے لگی جو مسلسل چالیس دن اور چالیس راتیں موسلا دھار برستی رہی اور زمین سے نکلنے والے پانیوں سے ایسا طوفان آ گیا کہ چالیس چالیس گز اُونچے پہاڑوں کی چوٹیاں ڈوب گئیں۔

چنانچہ ارشاد خداوندی ہے کہ

حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ اٰمَنَ وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلٌ ۝

(پ ۱۲،ھود رکوع ۴۰)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب ہمارا حکم آیا اور تنور بلا تو ہم نے فرمایا کشتی میں سوار کرلو ہر جنس سے ایک جوڑا نر و مادہ اور جن پر بات پڑ چکی ہے ان کے سوا اپنے گھر والوں کو اور باقی مسلمانوں کو اس کے ساتھ مسلمان نہ تھے مگر تھوڑے۔ (کنز الایمان)

اور آسمان و زمین کے پانی کی فروانی اور طغیانی کا بیان فرماتی ہوئے ارشاد ربانی ہوا کہ

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ٥ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ٥ (پ ۲۷، القمر رکوع ۱۱)

ترجمہ: تو ہم نے آسمان کے دروازے کھول دیئے زور کے بہتے پانی سے اور زمین چشمے کر کے بہادی تو دونوں پانی مل گئے اس مقدار پر جو مقدر تھی۔ (کنز الایمان)

یعنی طوفان آ گیا اور ساری دنیا غرق ہو گی۔

(تفسیر صاوی، ج ۳، ص ۹۱۳، پ ۱۲، هود: ۴۲)

طوفان کتنا زور دار تھا؟ اور طوفانی سیلاب کی موجوں کی کیا کیفیت تھی؟ اس کی منظر کشی قرآن مجید نے ان لفظوں میں فرمائی ہے۔

وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ (پ ۱۲، هود ۴۲)

ترجمہ: اور وہ انہیں لئے جا رہی ہے ایسی موجوں میں جیسے پہاڑ۔ (کنز الایمان)

حضرت نوح علیہ السلام کشتی پر سوار ہو گئے اور کشتی طوفانی موجوں کے تھپڑوں سے ٹکراتی ہوئی برابر چلی جا رہی تھی یہاں تک کہ سلامتی کے سات کوہ جودی پر پہنچ کر ٹھہر گئی۔

کشتی پر سوار ہوتے وقت حضرت نوح علیہ السلام نے یہ دعا پڑھی تھی کہ

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

(پ ۱۲، هود ۴۱)

ترجمہ: اللہ کے نام سے ہے اس کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا بیشک میرا رب بخشنے والا مہربان ہے۔ (کنز الایمان)

# پہلا کافر بادشاہ

''نمرود'' بڑے طنطنے کا بادشاہ تھا سب سے پہلے اس نے اپنے سر پر تاج شاہی رکھا اور خدائی کا دعویٰ کیا۔ یہ ولد الزنا اور حرامی تھا۔ اس کی ماں نے زنا کرالیا تھا جس سے نمرود پیدا ہوا تھا کہ سلطنت کا کوئی وارث پیدا نہ ہوگا تو بادشاہت ختم ہو جائے گی۔ لیکن یہ حرامی لڑکا بڑا ہو کر بہت اقبال مند ہوا اور بہت بڑا بادشاہ بن گیا۔ مشہور ہے کہ پوری دنیا کی بادشاہی صرف چار ہی شخصوں کو ملی جن میں سے دو مومن تھے اور دو کافر۔ حضرت سلیمان علیہ السلام اور حضرت ذوالقرنین تو صاحبان ایمان تھے اور نمرود، بخت نصر یہ دونوں کافر تھے۔ نمرود نے اپنی سلطنت بھر میں یہ قانون نافذ کر دیا تھا کہ اس نے خوراک کی تمام چیزیں کو اپنی تحویل میں لے لیا تھا۔ یہ صرف ان ہی لوگوں کو خوراک کا سامان دیا کرتا تھا جو لوگ اس کی خدائی کو تسلیم کرتے تھے۔ چنانچہ ایک مرتبہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اس کے دربار میں غلہ لینے کے لئے تشریف لے گئے تو اس خبیث نے کہا کہ پہلے تم مجھ کو اپنا خدا تسلیم کرو۔ جب ہی میں تم کو غلہ دوں گا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بھرے دربار میں علی الاعلان فرما دیا کہ تو جھوٹا ہے اور میں صرف ایک خدا کا پرستار ہوں جو وحدہ لا شریک ہے یہ سن کر نمرود آپے سے باہر ہو گیا اور آپ کو دربار سے نکال دیا اور ایک دانہ بھی نہیں دیا۔ آپ اور آپ کے چند متبعین جو مومن تھے بھوک کی شدت سے پریشان ہو کر جاں بلب ہو گئے۔ اس وقت آپ ایک تھیلا لے کر ایک ٹیلے کے پاس تشریف لے گئے اور تھیلے میں ریت بھر کر لائے اور خداوند قدوس سے دعا مانگی تو وہ ریت آٹا بن گئی اور آپ نے اس کو اپنے متبعین کو کھلایا اور خود بھی کھایا۔ پھر نمرود کی دشمنی اس حد تک بڑھ گئی کہ اس نے آپ کو آگ میں ڈالوا دیا مگر وہ آگ آپ پر گلزار بن گئی اور آپ سلامتی کے ساتھ اس آگ سے باہر نکل آئے اور علی !!! عالن نمرود کو جھوٹا کہہ کہ خدائے وحدہ لاشریک کی توحید کا چرچا کرنے لگے۔

نمرود نے آپ کے کلمہ حق سے تنگ آ کر ایک دن آپ کو اپنے دربار میں بلایا اور مکالمہ بصورت مناظرہ شروع کر دیا۔ (تفسیر صاوی، ج ۱ ص ۲۱۹، ۲۲۰، پ ۳، البقرۃ: ۲۵۸)

## حضرت لقمان حکیم رحمۃ اللہ علیہ

حضرت لقمان کی مدح و ثنا اور ان کی بعض نصیحتوں کا تذکرہ قرآن میں بڑی عظمت شان کے ساتھ بیان کیا گیا ہے اور انہیں کے نام پر قرآن مجید کی ایک سورہ کا نام ''سورہ لقمان'' رکھا گیا۔

محمد بن اسحاق صاحب مغازی نے ان کا نسب نامہ اس طرح بیان کیا ہے لقمان بن باعور بن تارخ۔ یہ تارخ ہیں جو حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کے والد ہیں اور بعض مورخین نے فرمایا کہ آپ حضرت ایوب علیہ السلام کے بھانجے تھے اور بعض کا قول ہے کہ آپ حضرت ایوب علیہ السلام کے خالہ زاد بھائی تھے۔

حضرت لقمان رحمۃ اللہ علیہ نے ایک ہزار برس کی عمر پائی یہاں تک کہ حضرت داؤد علیہ السلام کی صحبت میں رہ کر ان سے علم سیکھا اور حضرت داؤد علیہ السلام کی بعثت سے پہلے آپ بنی اسرائیل کے مفتی تھے مگر جب حضرت داؤد علیہ السلام منصب نبوت پر فائز ہو گئے تو آپ نے فتویٰ دینا ترک کر دیا اور بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ حضرت لقمان رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ میں نے چار ہزار نبیوں کی خدمت میں حاضری دی ہے اور ان پیغمبروں کے مقدس کلاموں سے آٹھ باتوں کو میں نے چن کر یاد کر لیا ہے جو یہ ہیں۔

(۱) جب تم نماز پڑھو تو اپنے دل کی حفاظت کرو۔

(۲) جب تم کھانا کھاؤ تو اپنے حلق کی حفاظت کرو۔

(۳) جب تم کسی غیر کے مکان میں رہو تو اپنی آنکھوں کی حفاظت کرو۔

(۴) جب تم لوگوں کی مجلس میں رہو تو اپنی زبان کی حفاظت رکھو۔

(۵)اللہ تعالیٰ کو ہمیشہ یادرکھو۔

(٦)اپنی موت کو ہمیشہ یادکرتے رہا کرو۔

(۷)اپنے احسانوں کو بھلادو۔

(۸)دوسروں کے ظلم کوفراموش کردو۔

حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور امام شعبی کے سوا جمہور علماء کا یہی قول ہے کہ آپ نبی نہیں تھے بلکہ آپ حکیم تھے اور بنی اسرائیل کے نہایت ہی بلند مرتبہ، صاحب ایمان اور بہت ہی نامور مرد صالح تھے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کے سینہ کو حکمتوں کا خزینہ بنا دیا تھا۔ قرآن مجید میں ہے۔

وَلَقَدْ اٰتَیْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ وَمَنْ یَّشْكُرْ فَاِنَّمَا یَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ. وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ حَمِیْدٌ. (پ ۲۱، لقمان:۱۲)

ترجمہ کنزالایمان: اور بے شک ہم نے لقمان کو حکمت عطا فرمائی کہ اللہ کا شکر کر اور جو شکر کرے وہ اپنے بھلے کے لئے شکر کرتا ہے اور جو ناشکری کرے تو بیشک اللہ بے پرواہ ہے سب خوبیوں سراہا۔

حضرت لقمان رحمۃ اللہ علیہ عمر بھر لوگوں کو نصیحتیں فرماتے رہے تفسیر فتح الرحمٰن میں ہے کہ آپ کی قبر مقام ''صرفند'' میں ہے ''رملہ'' کے قریب ہے اور حضرت قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے کہ آپ کی قبر ''رملہ'' میں مسجد اور بازار کے درمیان میں ہے اور اس جگہ ستر انبیاء علیہم السلام بھی مدفون ہیں جن کو آپ کے بعد یہودیوں نے بیت المقدس سے نکال دیا تھا اور یہ لوگ بھوک پیاس سے تڑپ تڑپ کروفات پا گئے۔ آپ کی قبر پر ایک بلند نشان ہے اور لوگ اس قبر کی زیارت کے لئے دور دور سے جایا کرتے ہیں۔ (تفسیر روح البیان، ج ۷،ص ۷۷، لقمان ۲۱)

# حکمت کیا ہے؟

''حکمت'' عقل وفہم کو کہتے ہیں اور بعض نے کہا ہے ''حکمت'' معرفت اور اصابت فی الامور کا نام ہے اور بعض کے نزدیک حکمت ایک ایسی شے ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کے دل میں یہ رکھ دیتا ہے اس کا دل روشن ہو جاتا ہے وغیرہ وغیرہ مختلف اقوال ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت لقمان رحمۃ اللہ علیہ کو نیند کی حالت میں اچانک حکمت عطا فرمادی تھی۔ بہر حال نبوت کی طرح حکمت بھی ایک وہبی چیز ہے کوئی شخص اپنی جدوجہد اور کسب سے حکمت حاصل نہیں کرسکتا جس طرح کہ بغیر خدا کے عطا کئے کوئی شخص اپنی کوششوں سے نبوت نہیں پاسکتا یہ بات ہے کہ نبوت کا درجہ حکمت کے مرتبے سے بہت اعلیٰ اور بلند تر ہے۔

(تفسیر روح البیان ج ۷، ص ۷۴۔ ۷۵، (ملخصا) پ ۲۱، لقمان: ۱۱)

حضرت لقمان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے فرزند کو جن کا نام ''انعم'' تھا چند نصیحتیں فرمائی ہیں جن کا ذکر قرآن مجید کی سورہ لقمان میں ہے ان کے علاوہ اور بھی بہت سی دوسری نصیحتیں آپ نے فرمائی ہیں جو تفاسیر کی کتابوں میں مذکور ہیں۔

مشہور ہے کہ آپ درزی کا پیشہ کرتے تھے اور بعض نے کہا آپ بکریاں چراتے تھے چنانچہ ایک مرتبہ آپ حکمت کی باتیں بیان کررہے تھے تو کسی نے کہا کہ کیا تم فلاں چرواہے نہیں ہو؟ تو آپ نے فرمایا کہ کیوں نہیں میں یقیناً وہی چرواہا ہوں تو اس نے کہا کہ آپ حکمت کے اس مرتبہ پر کس طرح فائز ہو گئے؟ تو آپ نے فرمایا کہ باتوں میں سچائی اور امانتوں کی ادائیگی اور بیکار باتوں سے پرہیز کرنے کی وجہ سے۔

(تفسیر صادی، ج ۵، ص ۱۵۹۸، پ ۲۱، لقمان: ۱۲)

# حضرت ابراہیم علیہ السلام سے پہلے آگ میں کون؟

سیرت کی کتابوں میں ہے کہ آتش نمرود کو بھڑکاتے وقت نمرود کے خزانہ کا ایک قیمتی موتی چوری ہو گیا یا گم ہو گیا اور ایک شخص سے اقرار جرم کرانے کی کوشش کی گئی لیکن اس نے اقرار جرم نہ کیا لہٰذا اس کو مجرم قرار دے دیا گیا اور یہ سزا دی گئی کہ اس کو حضرت ابراہیم علیہ السلام سے پہلے آگ میں ڈال دیا جائے۔ غلام نے بہت واویلا مچایا لیکن نمرود اور اس کے مشیروں پر کوئی اثر نہ ہوا۔ اس نے مایوس ہو کر بتوں سے مدد چاہی لیکن بت اس کی مدد کو نہ آئے زمین و آسمان پر اس کی صدائیں بیکار گئیں اور اس کو رہائی نہ مل سکی۔ جب اس کو منجنیق پر رکھ کر آگ میں ڈالنا چاہا تو اس نے کہا۔ اے خدایا میری مدد فرما حضرت جبریل امین کو حکم ہوا کہ جاؤ اور میرے بندے کی مدد کرو۔ جبریل امین نے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا کہ الٰہی تو دلوں کے بھید جانتا ہے کہ وہ بندہ تو کافر ہے اور کافروں کا غلام بھی ہے۔ اللہ رب العزت نے فرمایا بیشک وہ کافر ہے اور کافروں کا غلام ہے لیکن اس نے مجھے پکارا ہے اور میری ربوبیت کا اقرار کیا ہے لہٰذا میری رحمت کا تقاضا یہ ہے کہ میں اس کو مایوس نہ کروں ایک کافر اضطراری حالت میں اللہ رب العالمین کا نام زبان پر لاتا ہے اللہ تعالیٰ کو پکارتا ہے تو نمرود کی سزا سے نجات حاصل کر لیتا ہے۔ اگر ایک مسلمان جو سالہا سال تک اللہ کا نام لیتا ہے۔ عذاب جہنم سے نجات حاصل کر لے تو اس میں تعجب کی کیا بات ہے۔

(معارج النبوۃ، جلد ا، ص ۶۰۴)

# پہلے جنت میں داخل ہونے والے نبی

آپ کا نام ''اخنوخ'' ہے۔ آپ حضرت نوح علیہ السلام کے والد کے دادا ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام کے بعد آپ ہی پہلے رسول ہیں۔ آپ کے والد حضرت شیث

بن آدم علیہما السلام ہیں۔ سب سے پہلے جس شخص نے قلم سے لکھا وہ آپ ہی ہیں۔ کپڑوں کے سینے اور سلے ہوئے کپڑے پہننے کی ابتدا بھی آپ ہی سے ہوئی۔ اس سے پہلے لوگ جانوروں کی کھالیں پہنتے تھے۔ سب سے پہلے ہتھیار بنانے والے ترازو اور پیمانے قائم کرنے والے علم نجوم وحساب میں نظر فرمانے والے بھی آپ ہی ہیں۔ یہ سب کام آپ ہی سے شروع ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ پر تیس صحیفے نازل فرمائے۔ اور آپ اللہ تعالیٰ کی کتابوں کا بکثرت درس دیا کرتے تھے۔ اس لیے آپ کا لقب ''ادریس'' ہو گیا۔ اور آپ کا یہ لقب اس قدر مشہور ہو گیا کہ بہت سے لوگوں کو آپ کا اصلی نام معلوم ہی نہیں۔ قرآن مجید میں آپ کا نام ''ادریس'' ہی ذکر کیا گیا ہے۔

آپ کو اللہ تعالیٰ نے آسمان پر اٹھا لیا ہے۔ بخاری ومسلم حدیث ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے شب معراج حضرت ادریس علیہ السلام کو چوتھے آسمان پر دیکھا۔ حضرت کعب احبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے حضرت ادریس علیہ السلام نے ملک الموت سے فرمایا کہ میں موت کا مزہ چکھنا چاہتا ہوں۔ کیسا ہوتا ہے؟ تم میری روح قبض کر کے دکھاؤ۔ ملک الموت نے اس حکم کی تعمیل کی اور روح قبض کر کے اس وقت آپ کی طرف لوٹا دی اور آپ زندہ ہو گئے پھر آپ نے فرمایا کہ اب مجھے جہنم دکھاؤ۔ تاکہ خوف الٰہی زیادہ ہو۔ چنانچہ یہ بھی کیا گیا۔ جہنم کو دیکھ کر آپ نے داروغہ جہنم سے فرمایا کہ دروازہ کھولو۔ میں اس دروازے سے گزرنا چاہتا ہوں چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور آپ اس پر سے گزرے۔ پھر آپ نے ملک الموت سے فرمایا کہ مجھے جنت دکھاؤ۔ وہ آپ کو جنت میں لے گئے۔ آپ دروازوں کو کھلوا کر جنت میں داخل ہوئے۔ تھوڑی دیر انتظار کے بعد ملک الموت نے کہا کہ اب آپ اپنے مقام پر تشریف لے چلیے۔ آپ نے فرمایا کہ اب میں یہاں سے کہیں نہیں جاؤں گا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ تو موت کا مزہ میں چکھ ہی چکا ہوں اور اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے کہ وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا کہ ہر شخص کو جہنم پر گزرنا ہے تو

میں گزر چکا۔ اب میں جنت میں پہنچ گیا اور جنت میں پہنچنے والوں کے لیے خداوند قدوس نے یہ فرمایا ہے کہ وَ مَا هُمْ مِنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ کہ جنت میں داخل ہونے والے جنت سے نکالے نہیں جائیں گے۔ اب مجھے جنت سے چلنے کے لیے کیوں کہتے ہو؟ اللہ تعالیٰ نے ملک الموت کو وحی بھیجی کہ حضرت ادریس علیہ السلام نے جو کچھ کیا میرے اذن سے کیا۔ اور وہ میرے ہی اذن سے جنت میں داخل ہوئے لہٰذا تم انہیں چھوڑ دو۔ وہ جنت ہی میں رہیں گے چنانچہ حضرت ادریس علیہ السلام آسمانوں کے اوپر جنت میں ہیں اور زندہ ہیں۔

(خزائن العرفان، ص ۵۵۶، مریم: ۵۶۔۵۸)

حضرت ادریس علیہ السلام کے آسمانوں پر اٹھائے جانے اور ان کو ملنے والی نعمتوں کا مختصر اور اجمالی تذکرہ قرآن مجید کی سورہ مریم میں ہے کہ:

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ٥ وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ٥ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ (پ ۱۶، مریم: ۵۶۔۵۸)

ترجمہ: اور کتاب میں ادریس کو یاد کرو بیشک وہ صدیق تھے جو غیب کی خبریں دیتا اور ہم نے اسے بلند مکان پر اٹھالیا یہ ہیں جن پر اللہ نے احسان کیا غیب کی خبریں بتانے والوں میں سے آدم کی اولاد سے۔ (کنز الایمان، عجائب القرآن مع غرائب القرآن صفحہ ۱۷۱)

## آتش نمرودی کے بعد پہلی مومنہ

نمرود کی ایک لڑکی رعضہ نامی تھی جو عقل و فراست میں یکتائے روزگار تھی جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈال دیا گیا اس کے چند دن بعد اس نے نمرود سے کہا کہ اگر آپ اجازت دیں تو میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حال سے واقفیت حاصل کروں اور اس جگہ جہاں سے نام نہاد شرفاء ملت نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا تھا جا کر دیکھوں۔ نمرود نے کہا کہ اے نور نظر کئی روز گزر چکے ہیں جب کہ اتنی شدید اور

بھڑکتی آگ میں تو وہ جل کر راکھ ہو گئے ہوں گے۔ لیکن بیٹی نے اصرار کیا کہ میں تو معلوم کرنا چاہتی ہوں۔ جب نمرود نے اپنی بیٹی کا اصرار دیکھا تو اجازت دے دی۔ جب وہ اس بلند جگہ پر آئی تو دیکھا کہ اس آگ میں ایک باغ لگا ہوا ہے اور ایک جنتی تخت پر حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام رونق افروز ہیں۔

نمرود کی بیٹی رعضہ نے حضرتِ ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا تو تعجب سے دریافت کیا کہ اے حضرت ابراہیم (علیہ السلام) آپ کس حال میں ہیں اور تعجب کی بات یہ ہے کہ آپ کو آگ نے نہیں جلایا۔ بلکہ اس کے برخلاف آپ کی قدر و منزلت میں اضافہ ہوا اور آپ کے لیے یہ آگ گل و گلزار بن گئی۔ اس وقت حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا جس کے دل میں معرفت الٰہی موجزن ہوتی ہے اس کو آگ نہیں جلاتی۔ یہ سن کر رعضہ خاتون نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے درخواست کی کہ مجھے اجازت ہے کہ میں بھی آپ کے پاس آ جاؤں۔ تب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا اس شرط کے ساتھ کہ

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ اللّٰهِ

کا اقرار کرے تو اس کے بعد اس آگ میں قدم رکھ سکتی ہے اور بے خوف و خطر یہاں آ سکتی ہے۔ یہ سن کر رعضہ مچان سے نیچے اتری اور محل سے دوڑتی ہوئی بلند آواز سے کلمہ ابراہیمی پڑھتی ہوئی آگ میں چلی آئی۔ جیسے ہی اس نے آگ میں قدم رکھا اس کے قدموں کے نیچے آگ سرد ہوتی گئی اور قدم اٹھاتی ہوئی حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس پہنچ گئی اور وہاں سے اپنے باپ نمرود کے پاس واپس آ گئی۔ جیسے ہی نمرود نے اس کو صحیح و سلامت دیکھا اور اس کے ایمان لانے کی بابت معلوم ہوا تو اس نے اپنی مملکت کی فلاح و بقا کی خاطر لڑکی کو دین ابراہیمی سے ورغلانے میں سعی بلیغ کی پہلے تو اس کو بہت سمجھایا لیکن جب کوئی نصیحت کارگر ثابت نہ ہوئی تو اس کو ڈرایا دھمکایا اور آخر میں طے ہوا کہ اس لڑکی کو سخت تکلیفیں اور اذیتیں دی جائیں۔ اس میں پہلی سزا یہ تھی کہ اس کے ہاتھ اور پاؤں میں

میخیں گاڑ کر بازار میں لٹکا دیا جائے۔ ادھر انہوں نے اپنی تجویز پر عمل کیا ادھر رب کریم نے جناب جبریل امین کو حکم فرمایا کہ جاؤ اس نیک و صالح لڑکی کو اس مصیبت سے نجات دلا کر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس پہنچا دو لہذا حضرت جبریل امین نے اس وہاں سے اٹھا کر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس پہنچا دیا۔ (معارج النبوۃ، جلد ا، ص ٦١٢)

# پہلا خضاب کس نے کیا

نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں سب سے پہلے مہندی کا خضاب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے استعمال کیا۔

مہندی کے بارے میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب خضاب لگا کر کوئی شخص قبر میں جاتا ہے تو منکر نکیر اس سے سوال کرتے ہیں تیرا رب کون ہے، تیرا دین کیا ہے، اور تیرا نبی کون ہے تو اللہ تعالیٰ منکر نکیر سے کہتا ہے اس ایماندار کے ساتھ نرمی کرو، کیا تمہیں اس کا نور ایمان نظر نہیں آتا۔ (گلشن ابراہیمی علیہ السلام)

# پہلی حکمران عورت کا تخت

ملکہ سبا ''بلقیس'' کا تخت شاہی اسی گز لمبا اور چالیس گز چوڑا تھا اور سونے چاندی اور طرح طرح کے جواہرات اور موتیوں سے آراستہ تھا جب سلیمان علیہ السلام نے بلقیس کے قاصد اور اس کے ہدایا و تحائف کو ٹھکرا دیا اور اس کو یہ حکم نامہ بھیجا کہ وہ مسلمان ہو کر میرے دربار میں حاضر ہو جائے تو آپ کے دل میں یہ خواہش پیدا ہوئی کہ بلقیس کے یہاں آنے سے پہلے ہی اس کا تخت میرے دربار میں آجائے چنانچہ آپ نے اپنے درباریوں سے یہ فرمایا۔

یٰۤاَیُّهَا الْمَلَؤُا اَیُّكُمْ یَاْتِیْنِیْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ یَّاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ ۝ قَالَ

عِفۡرِیۡتٌ مِّنَ الۡجِنِّ اَنَا اٰتِیۡکَ بِہٖ قَبۡلَ اَنۡ تَقُوۡمَ مِنۡ مَّقَامِکَ وَاِنِّیۡ عَلَیۡہِ لَقَوِیٌّ اَمِیۡنٌ. (پ ۱۹، النمل ۳)

ترجمہ: سلیمان نے فرمایا اے درباریو! تم میں کون ہے کہ وہ اس کا تخت میرے پاس لے آئے۔ قبل اس کے کہ وہ میرے حضور مطیع ہو کر حاضر ہوں ایک بڑا خبیث جن بولا میں وہ تخت حضور میں حاضر کر دوں گا۔ قبل اس کے کہ حضور اجلاس برخاست کریں۔ اور میں اس پر قوت والا اور امانت دار ہوں۔

(کنز الایمان، عجائب القرآن مع غرائب القرآن صفحہ ۱۸۷، ۱۸۹)

جن کا بیان سن کر حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ اس سے بھی جلد وہ تخت میرے دربار میں آ جائے۔ یہ سن کر آپ کے وزیر حضرت ''آصف بن برخیا رضی اللہ تعالیٰ عنہ'' جو اسم اعظم جانتے تھے۔ اور ایک باکرامت ولی تھے۔ انہوں نے حضرت سلیمان سے عرض کیا جیسا کہ قرآن مجید میں ہے:

قَالَ الَّذِیۡ عِنۡدَہٗ عِلۡمٌ مِّنَ الۡکِتٰبِ اَنَا اٰتِیۡکَ بِہٖ قَبۡلَ اَنۡ یَّرۡتَدَّ اِلَیۡکَ طَرۡفُکَ (پ ۱۹، النمل ع ۳)

ترجمہ: اس نے عرض کی جس کے پاس کتاب کا علم تھا کہ میں اسے حضور میں حاضر کر دوں گا ایک پل مارنے سے پہلے۔ (کنز الایمان)

چنانچہ حضرت آصف بن برخیا نے روحانی طاقت سے بلقیس کے تخت کو ملک سبا سے بیت المقدس تک حضرت سلیمان علیہ السلام کے محل میں کھینچ لیا۔ اور وہ تخت زمین کے نیچے نیچے چل کر لمحہ بھر میں ایک دم حضرت سلیمان علیہ السلام کی کرسی کے قریب نمودار ہو گیا۔ تخت کو دیکھ کر حضرت سلیمان علیہ السلام نے یہ کہا:

ھٰذَا مِنۡ فَضۡلِ رَبِّیۡ لِیَبۡلُوَنِیۡۤ ءَاَشۡکُرُ اَمۡ اَکۡفُرُ وَمَنۡ شَکَرَ فَاِنَّمَا یَشۡکُرُ لِنَفۡسِہٖ وَمَنۡ کَفَرَ فَاِنَّ رَبِّیۡ غَنِیٌّ کَرِیۡمٌ٥ (پ ۱۹، النمل ۴۰)

ترجمہ: یہ میرے رب کا فضل ہے تا کہ وہ مجھے آزمائے کہ میں شکر کرتا ہوں یا ناشکری۔ اور جو شکر کرے وہ اپنے بھلے کو شکر کرتا ہے۔ اور ناشکری کرے۔ تو میرا رب: بے پرواہ اور بڑی خوبیوں والا۔ (کنز الایمان، عجائب القرآن مع غرائب القرآن صفحہ ۱۸۹، ۱۹۱)

## پہلی مرتبہ کانوں کو چھیدنا

ایک دن فرط قلق سے مجبور ہو کر حضرت سارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے قسم کھائی کہ ہاجرہ کا کوئی عضو کاٹ کر ان کی حالت بدل دیں گی۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت سارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے سفارش کی کہ وہ ہاجرہ سے اپنا دل صاف کر لیں۔ اور اپنی قسم کو پورا کرنے کے لیے حضرت ہاجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کان چھید دیں لہٰذا حضرت سارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے مشورہ پر عمل کیا اور صفائی قلب کے بعد حضرت ہاجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کان چھید دیئے اس طرح یہ رسم عورتوں میں جاری ہو گئی۔ لیکن اس کے باوجود حضرت سارہ کے دل میں خلش باقی رہی اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حق زوجیت اور حضرت سارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حق ملکیت کی وجہ سے خدمت گزاری حضرت ہاجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو مشغول رکھتی اور یہ خدمت گزاری اس بات کا موجب ہوئی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ان خدمات کے اعتراف کی وجہ سے ان کی طرف زیادہ توجہ فرماتے۔ (معارج النبوۃ، جلد ا، ص ۶۲۱ ـ ۶۲۲)

## قربانی کی ابتداء

جب سے حضرت آدم علیہ السلام دنیا میں تشریف لائے اس وقت سے لے کر قیامت تک اللہ تعالیٰ کے راستے میں شروع ہے۔ جیسا کہ خود اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآن حکیم میں واقعہ قربانی کو بیان فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم رؤف رحیم کو مخاطب کر کے فرمایا

پیارے محبوب آپ ان لوگوں کو حضرت آدم علیہ السلام کے دو بیٹوں کی قربانی کا واقعہ سنائیں جب ان دونوں نے قربانی پیش کی تو ان میں سے ایک کی قربانی قبول ہوئی اور دوسرے کی قربانی قبول نہیں کی گئی۔ جس کی قربانی قبول نہ ہوئی اس نے دوسرے بھائی سے کہا کہ میں تجھے قتل کردوں گا اس نے جواب دیا اللہ رب العزت تو متقی لوگوں کی قربانی قبول کرتا ہے اگر تو مجھے قتل کرنے کے لیے ہاتھ اٹھائے گا تو میں تجھے قتل کرنے کے لیے ہاتھ نہیں اٹھاؤں گا میں اللہ رب العالمین سے ڈرتا ہوں۔ (گلشن ابراہیم علیہ السلام صفحہ ۱۲)

## مسجد اقصیٰ اسلام کا پہلا قبلہ

القدس ''یروشلم'' کا عربی نام ہے جسے قدیم مصنفین عموماً ''بیت المقدس'' لکھتے ہیں یہ دنیا کا قدیم ترین شہر ہے۔ یہ یہودیوں، عیسائیوں اور مسلمانوں کے لیے یکساں طور پر متبرک ہے۔ اس شہر کے باسیوں نے بہت عروج وزوال دیکھے۔ قدیم ترین تاریخ دیکھیں تو پتا چلتا ہے کہ یہاں مصریوں کی عملداری کے بعد سیدنا یعقوب نے ''مسجد بیت المقدس'' کی بنیاد رکھی۔ پھر جب ۱۰۰۰ ق م میں سیدنا داؤد علیہ السلام نے بیت المقدس فتح کیا تو ان کے جانشین سیدنا سلیمان علیہ السلام نے مسجد اور شہر کی تجدید کی اور ہیکل سلیمانی تعمیر کیا جسے چھٹی صدی قبل مسیح میں بابل کے حکمران بخت نصر نے فتح کے بعد جلا دیا اور شہر تباہ کر دیا۔ پھر سرزمین فلسطین ایرانیوں اور یونانیوں کے قبضہ میں رہی، ہیرود اعظم کے زمانہ میں ہیکل سلیمانی کی دوبارہ تعمیر ہوئی اور شہر میں چہل پہل آ گئی یہی شہر بیت المقدس سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کا مرکز دعوت وتبلیغ تھا۔ اور بدقسمتی سے قیصر روم کی فتح پر ۷۰ء میں اسے پھر جلا کر تباہ کر دیا گیا۔ ایک عرصہ بعد اس جگہ ایک نیا شہر تعمیر ہوا جس کا نام ''کولونیا ایلیا کے پی ٹولینا'' تھا۔ ۶۲۴ء میں رومی بادشاہ قسطنطین نے عیسائیت قبول کی اور مذہبی رواداری کے تحت

یہودیوں کو معبد کے مقام پر پتھر کے قریب اس کی اجازت دی۔ پھر یوسلیپیانوس کے عہد میں یہودیوں کو مزید رعایتیں دی گئیں۔۶۱۴ء میں ایرانیوں نے زبردست حملوں اور قتل و غارت کے بعد وہ مقدس صلیب جو شہر کی محافظ مانی جاتی تھی اٹھا کر لے گئے تھے وہ صلیب ۶۲۸ء میں سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں یروشلم فتح ہوا سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے معاہدۂ فتح کے وقت صخرہ اور آقا کریم ﷺ کے شب معراج براق باندھنے کی جگہ کے قریب ایک مسجد تعمیر کرنے کا حکم دیا یہ مسجد بعد میں ''مسجد اقصیٰ'' کہلائی اور یہ ہی اسلام میں پہلا قبلہ بنا آج اس مسجد اقصیٰ کا طول ۱۲۰۰ گز عرض ۶۶۰ گز ہے، نہایت خوبصورت چبوترے پر مشتمل برج ہے بلندی ۱۰۰ افٹ ہے۔ چھت کی دیواروں پر سونے کا کام کیا ہوا ہے۔ چھت پر سفید رنگ کا بہت خوبصورت ''گنبد صخراء'' ہے جسے عبدالملک نے تعمیر کروایا۔ ولید نے مسجد اقصیٰ کی خدمت پر بہت سے خدام مقرر کیے۔ سیدنا عمر بن عبدالعزیز تابعی علیہ الرحمۃ کے دور حکومت میں اعلیٰ افسران یہاں حلف اٹھاتے تھے۔ پھر عباسی آئے۔ ۸۷۸ء میں یہ شہر طولانی حکومت کے قبضہ میں چلا گیا۔ ۹۰۵ء مین فاطمیوں کے قبضہ میں اور پھر سلجوتی فاتح بنے۔ ۱۰۹۶ء صلیبی فوج (فران، جرمنی، سپین) نے قبضہ کر لیا۔ ۱۱۸۷ء میں حضرت سلطان صلاح الدین ایوبیؒ نے یروشلم فتح کیا۔ پھر ۱۵۱۷ء میں ترک قابض ہوئے اور ۱۹۱۷ء میں انگریزوں نے تسلط حاصل کر لیا اور اس کے بعد ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت یہودی آہستہ آہستہ مختلف مقامات سے آ کر یہاں آباد ہونے لگے اور خفیہ طور پر اپنی طاقت بڑھانے لگے۔ ۱۹۴۸ء میں یہودی جو کہ کئی آبادیوں کے مالک بن چکے تھے اور اسلحہ سے لیس تھے نہتے مسلمان فلسطینیوں پر حملے کرنے لگے جنہوں نے مجبور ہو کر ''طبریہ حیفا اور یافا'' ان کے ظلم کی وجہ سے خالی کر دیے۔ پھر ایک وہ منحوس گھڑی آ گئی جب اسرائیل جیسا ناسور بن گیا جو مردود اب تک قائم ہے اور بیت المقدس پر اپنا ناپاک قبضہ کر کے مسلمانوں کی بے حسی اور غیرت کو للکار رہا ہے۔ (تفسیر نعیمی پارہ دوم)

# زمین پر پہلا جن

جیسا کہ آپ کو علم ہے کہ ''ابلیس (شیطان) جنوں میں سے ایک جن تھا'' اور ''جنات کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا گیا'' حضرت سیدنا ابن عباسؓ فرماتے ہیں جنات کا مورث اعلیٰ ''سوما'' نامی جن تھا جس کا لقب ''جآن'' تھا جو زمین پر سب سے پہلے پیدا کیا گیا ابو عیسیٰ اصفہانی علیہ الرحمۃ کے مطابق اس کا نام ''طارنوس'' تھا، چنانچہ جنات بڑھتے بڑھتے ''نز۔طم۔رم۔جس۔بس'' نامی نسلوں میں روئے زمین پر پھیل گئے۔تو اللہ کریم نے ان کو اتباع شریعت کا پابند ٹھہرایا۔چنانچہ ان کی زندگی شریعت کے تابع رہ کر بڑے عیش و آرام میں گزرتی رہی حتی کہ ایک دور ثوابت گزر گیا جو کہ ۶۳ ہزار سال، ۲۵ ہزار ۲۰۰ سال یا ۲۴ ہزار سال کا تھا۔پھر جنوں نے اپنی فطری جبلت (Natural Instinct) کے پیش نظر ظلم و نافرمانی اور سرکشی شروع کر دی۔جنہیں مختلف سزاؤں بلاؤں سے ہلاک کر دیا گیا اور جو راہ ہدایت پر تھے وہ محفوظ رہے۔پھر ان کی نسل بڑھی تو اللہ کریم نے راہنمائی کے لیے ان میں سے ''حلیا نیس'' نامی جن کو ان کا سردار مقرر فرمایا۔یوں دوسرا دور ثوابت گزر گیا۔پھر جب ان کے بے راہ روی بڑھی تو ''بلھقات'' جن کو حاکم مقرر کیا گیا اور ظالموں کی تباہی ہوئی، اس طرح تیسرا دور ثوابت بھی بیت گیا ورنئ نسل کی راہنمائی کے لیے ''جاموس'' کو حکمران تعینات کیا گیا مگر جنوں نے پھر سرکشی کی اور گمراہ ہلاک کر دیئے گئے یوں چوتھا دور ثوابت گزر گیا۔ہاموس کی وفات کے بعد پھر جب زمین پر ظلم اور فتنے پھیلے تو اللہ کریم نے انہیں سزا دینے کے لیے فرشتوں کی جماعت کو بھیجا جنہوں نے بعض جنات کو ہلاک کر دیا بعض کو گرفتار کر لیا اور کچھ وہ تھے جو جنگلوں و جزیروں میں منتشر ہو گئے۔

ان گرفتار شدگان میں ایک باصلاحیت جن ''حارث'' بھی تھا جو بعد میں فرشتوں میں ''عزازیل'' کے نام سے جانا گیا۔اسکے باپ کا نام ''حبلیث'' جس کی شکل شیر جیسی تھی،

ماں کا نام ''نبلیت'' جس کی شکل بھیڑیئے کی سی تھی۔ جب اس پر لعنت بھیجی گئی تو اس کے بائیں پہلو سے اس کی بیوی ''شیطانہ'' پیدا کی گئی۔ شیطان نے اس سے جماع کیا تو وہ 31 انڈوں سے حاملہ ہوئی ہر انڈے سے 10 ہزار نر اور مادہ بچے پیدا ہوئے جو پہاڑ، جنگل، دریا، صحرا، قبرستان، گھر وغیرہ غرضیکہ دنیا بھر میں پھیل گئے۔مختلف روایات کے مطابق شیطان کی معروف اولاد میں ایک مادہ ''بیدخ'' ہے۔نر اولاد میں ''مدحش'' جو علماء پر مقرر ہے، ''حدبث'' جو نمازیوں پر مقرر ہے ''زلیتون'' جو کاروبار کرنے والوں پر مقرر ہے۔''بتر'' یا ''وثین'' جو مصیبت میں بے صبری کروانے پر مقرر ہے۔''منشوط'' یا ''مسوط'' جو جھوٹ، چغلی، غیبت اور افواہوں وغیرہ پر مقرر ہے، ''داسم'' جو طلاق و زنا پر مقرر ہے۔''اعور'' جو چوری پر مقرر ہے۔''لقوس'' جو آتش پرستوں پر مقرر ہے۔''ھمناف'' جو شرابیوں پر مقرر ہے، ''مرہ'' جو گانے باجے والوں پر مقرر ہے۔''ولھان'' جو وضوء میں خلل ڈالنے کے لیے مقرر ہے، ''خنزب'' جو نماز میں خلل ڈالتا ہے اور ''اعوان' جو حکمرانوں پر مقرر ہے (۲)۔

فرشتے اس جن ''عزازیل'' کو آسمان پر لے گئے، عزرازیل ایسا جن تھا جو زمین پر باقی ساری قوم سے الگ تھلگ ہو کر عبادت میں مصروف رہتا تھا۔اس نے ہزار ہا سال عبادت کی اور زمین کا کوئی گوشہ ایسا نہ تھا جہاں اس نے عبادت نہ کی ہو، اس کی اس عبادت سے متاثر ہو کر فرشتے اس کے درجات کی بلندی کی دعاء کیا کرتے تھے جو اس طرح منظور ہوئی کہ اللہ کریم نے اسے ۲ زمردین پر عطاء فرمائے جن سے اڑ کر وہ آسمان و زمین پر آتا جاتا رہا چنانچہ اسے پہلے، دوسرے تیسرے آسمان پر ہزار ہزار سال عبادت کرنے کی بناء پر ''زاہد'' اور ''عابد'' اور ''راکع'' کا نام دیا گیا یوں ترقی کرتا ہوا ساتوں آسمانوں کو طے کر کے جنت میں جا پہنچا۔ جہاں اسے فرشتوں کا معلم اور واعظ بنا دیا گیا جو کہ عرش مجید کے پائے کے نیچے زمردین کے تخت پر بیٹھ کر وعظ کیا کرتا تھا۔ادھر زمین پر جو جنات باقی رہ گئے تھے جب ان کی نسل پھیلی اور سرکشی و نافرمانی میں مبتلا ہوئے تو عزازیل اس پر پریشان رہنے لگا

اور اللہ کریم سے عرض کی کہ اسے ان کی ہدایت وراہنمائی کے لیے زمین پر جانے کی اجازت دی جائے جو اسے مل گئی۔ چنانچہ عزازیل زمین پر فرشتوں کی ایک جماعت کے ساتھ زمین پر مبلغ بن کر رہنے لگا مگر قوم جنات باز نہ آئی۔ پھر عزازیل نے ایک جن ''سہلوطلیت بن بلاہت'' کو اپنا سفیر بنا کر جنوں کے پاس ہدایت کے لیے بھیجا مگر بجائے ہدایت پانے کے جنوں نے اس کو شہید کر دیا۔ عزازیل نے کچھ اور بھی سفیر بھیجے مگر ان سب کا بھی وہی حشر ہوا آخری سفیر جن ''یوسف بن یاسف'' بچ بچا کر واپس آ گیا اور سب خبر دی تو عزازیل نے فرشتوں کے ساتھ مل کر کثیر تعداد میں جنوں کو ہلاک کر دیا جبکہ کچھ منتشر ہو گئے۔

(حدیث) حضرت سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''عزازیل کو فرشتوں کی طرح چار پر دیئے گئے''۔ اس کے درجات کی بلندی کی اس وقت انتہاء ہوگئی جب اسے زمین وآسمان اور دنیا کا سب سے اعلیٰ افسر قرار دیا گیا، ہر جگہ آنے جانے کی اجازت دے دی گئی اور جنت کی چابیاں اس کے سپرد کر دی گئیں۔ یوں عزازیل کبھی زمین پر عبادت کرتا اور کبھی آسمانوں پر۔ اور پھر اسکے ابلیسی دماغ میں یہ خیال آ گیا کہ اب اللہ کریم کے بعد وہ واحد مقتدر اعلیٰ ہے اور کل کو (نعوذ باللہ)۔ اگر اللہ کریم کو کچھ ہو گیا تو اس کا وارث وقائم مقام ہونے کا سب سے زیادہ اہل وہ ہوگا اور زمین وآسمان پر ہر جگہ بس اسی کی بادشاہی ہوگی۔ اور تہیہ کر لیا کہ اگر اللہ کریم نے میرے علاوہ کسی اور کو اپنا نائب بنایا تو میں ضرور اس کی بھرپور مزاحمت کروں گا اور اسے قبول نہیں کروں گا۔

ان ہی دنوں فرشتوں نے لوح محفوظ پر یہ لکھا دیکھا کہ ''اللہ کریم کا ایک معتبر بندہ عنقریب بارگاہ الٰہی سے پھٹکارا جائے گا جس پر ہمیشہ لعنت کی جایا کرے گی''۔ فرشتے افسردہ رہنے لگے، اس پر عزازیل نے کہا ''یہ بات مجھے بہت پہلے سے معلوم ہے مگر میں خاموش رہا کہ اس تحریر سے میرا اور تمہارا کوئی تعلق نہیں ہے'' فرشتوں نے کہا ''پھر بھی آپ دعاء کریں کہ اللہ کریم ہمیں اس لعنت سے محفوظ رکھے'' چنانچہ عزازیل نے دعاء کی اللّٰھُمَّ

آمِنهَمُ یاالٰہی ان کومحفوظ رکھ" اور اپنے اعلیٰ عہدہ کے تکبر کی بنا پر اپنے لیے دعاء کرنا مناسب ہی نہ سمجھا۔ مگر دوسری طرف یہ کام کیا کہ جونہی وہ عبارت لوح محفوظ پر دیکھی اسی دن عبادت انتہاء کر دی اور پھر سارا دن اس پر لعنت بھیجتا رہا جسے اللہ نے مردود قرار دینا تھا۔ اور یہ بھی روایت ہے کہ ایک دن عزازیل نے اس مردود کے بارے اللہ کریم سے پوچھ لیا تو اللہ کریم نے فرمایا "عنقریب تو اسے دیکھے گا" لیکن اس نے کبھی اپنے اندر جھانک کر نہ دیکھا۔

اللہ کریم نے ایک دن فرشتوں میں اعلان کیا کہ (القرآن) "میں زمین پر اپنا خلیفہ بنانے والا ہوں" (۱)۔ فرشتوں نے جنات کی سرکشی کو سامنے رکھتے ہوئے عرض کی (القرآن) "یا اللہ کریم کیا تو ایسے لوگوں کو زمین پر اپنا نائب بنائے گا جو اس میں فساد پیدا کریں گے اور خون ریزی کریں گے؟" (۲)۔ تو اللہ کریم نے فرمایا (القرآن) "جو میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے" (۳)۔ جبکہ اس ساری گفتگو میں عزازیل خاموش رہا۔ چنانچہ سیدنا عزرائیلؑ کے ذریعے زمین کے ۴۰ مقامات سے مٹی لے کر حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کا پتلا بنایا گیا۔ مختلف مقامات کی مٹی کا فرق آج بھی انسان کے رنگ و مزاج پر اثر انداز ہے۔ آپ کا سر مبارک خاک مکہ پاک سے، گردن خاک بیت المقدس سے، سینہ خاک عدن سے اور پیٹ اور پیٹھ خاک ہندوستان سے تخلیق ہوا۔ پھر اللہ کریم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ (القرآن) "میں انسان بناؤں گا جب میں اسے ٹھیک کر لوں اور روح اس میں پھونک دوں تو تم اس کے لیے سجدے میں گر جانا" (۴)۔ چنانچہ جب حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کو پیدا فرما لیا گیا تو پیارے اللہ کریم نے (القران) "فرشتوں کو حکم فرمایا کہ حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرو" (۵)۔ یہ حکم رب کریم سن کر (القرآن) "پس سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے، کہ وہ منکر ہوا اور اس نے غرور کیا" (۶)۔ سب سے پہلے سیدنا اسرافیلؑ نے سجدہ کیا جنہیں یہ اعزاز دیا گیا کہ ان کی پیشانی پر قرآن لکھ دیا گیا (۷)۔ عزازیل سے اللہ کریم نے پوچھا (القرآن) "تجھے کس چیز نے سجدہ سے روکا جب

کہ میں نے تجھے حکم دیا تھا؟'' (۸)۔تو شیطان نے کہا (القرآن) ''میں اس سے بہتر ہوں تو نے مجھے آگ سے بنایا اور اسے مٹی سے'' (۹)۔تو (القرآن) ''اللہ کریم نے فرمایا تو جنت سے نکل جا کہ تو مردود ہے، اور بیشک قیامت تک تم پر لعنت ہے'' (۱۰)۔یوں عزازیل جو کہ فرشتوں کا سردار تھا مردود اور لعنتی ٹھہرا پھر (القرآن) ''شیطان نے کہا مجھے روز محشر تک کی مہلت دے (۱۱)۔اور کہا (القرآن) 'اگر تو نے مجھے قیامت تک مہلت دی تو ضرور میں اس کی اولاد کو پیس ڈالوں گا مگر تھوڑا'' (۱۲)۔تو اُسے اللہ کریم نے فرمایا (القرآن) 'تجھے مہلت ہے'' (۱۳)۔شیطان نے کہا (القرآن) ''قسم اس وجہ سے کہ تو نے مجھے بھٹکا دیا میں انہیں زمین مین بھلاوے دوں گا اور میں ضرور ان سب کو گمراہ کروں گا سوائے ان کے جو تیرے چنے ہوئے بندے ہیں'' (۱)۔نیز بولا (القرآن) ''میں ضرور تاک میں بیٹھوں گا ان (کو گمراہ کرنے) کے لیے تیرے سیدھے راستے پر، پھر میں ضرور ان کے پاس آؤں گا (بہکانے کے لیے) ان کے آگے اور ان کے پیچھے سے ان کے دائیں اور ان کے بائیں طرف سے اور تو ان میں سے اکثر کو شکر گزار نہ پائے گا'' (۲)۔اللہ کریم نے فرمایا (القرآن) ''جو ان میں سے تیرے کہے پر چلا میں ضرور تم سب سے جہنم بھر دوں گا'' (۳)۔نیز فرمایا (القرآن) ''بیشک ضرور جہنم کو بھر دوں گا جنوں اور آدمیوں کو ملا کر'' (۴)۔اور ساتھ ہی یہ بھی فرما دیا کہ (القرآن) ''بیشک میرے نیک بندوں پر تیرا کچھ قابو نہیں چلے گا'' (۵) نیز (حدیث) ''شیطان نے کہا'' یا رب! تیری عزت کی قسم! میں تیرے بندوں کو اس وقت تک بہکاؤں گا جب تک کہ ان کی جانیں ان کے جسموں میں رہیں گی'' اللہ کریم نے فرمایا'' مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم! میں انہیں بخشتا رہوں گا جب تک کہ وہ مجھ سے معافی مانگتے رہیں گے'' (٦) یوں شیطان نے اپنی چالبازیاں شروع کیں جس کے وسواس کی خباثت کا پہلا شکار سیدہ حوّا ہوئیں جنہوں نے شیطان کے کہنے پر شجر ممنوعہ سے گندم کے سات خوشے توڑے ایک کھالیا دوسرا اپنے لیے سنبھال لیا پانچ حضرت

سیدنا آدم علیہ السلام کو کھلائے اس دن بالخصوص وہ گیہوں شہد سے شریں دودھ سے سفید اور مکھن سے زیادہ نرم ہو گیا تھا۔ کھاتے ہی ناخن کا جنتی لباس اور سر کا تاج اتر گیا، ایک دوسرے کو برہنہ دیکھا کیونکہ (القرآن) ''ان کے لباس اترا وا دیئے گئے تب انہیں اپنی شرمگاہیں نظر پڑیں'' (۷)۔ برہنگی چھپانے کو بھاگے کسی درخت نے پتے نہ دیئے، انجیر یا عود نے چار پتے دیئے جس سے جسم ڈھانپا آخر کار جنت میں نصف دن (دنیا کے 500 سال کی مقدار) ٹھہرنے کے بعد حضرت سیدنا آدم علیہ السلام ہندوستان سراندیپ ''نود'' پہاڑ پر اتارے گئے، سیدہ حوّا جدہ میں اتاری گئیں شیطان بصرہ یا ایلہ میں، مور حبشہ یا کابل میں اور سانپ کو جنت سے اصفہان میں اتارا گیا (۸)۔ اللہ کریم کی قدرت ہے کہ سراندیپ کی وہ جگہ جہاں سید البشر حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کا پہلا قدم مبارک زمین پڑا وہاں آج بھی روزانہ بارش ہوتی ہے حتی کہ بادل کا بعض دفعہ دور دور تک نام ونشان نہیں ہوتا مگر بجلی کوندتی ہے، اور جل تھل بارش ہونے لگتی ہے۔ (قرۃ العین صفحہ ۸۵۵تا۸۵۹)

## حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پہلی تقریر

جب حضرت مریم رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو گود میں لے کر بنی اسرائیل کی بستی میں تشریف لائیں۔ تو قوم نے آپ پر بدکاری کی تہمت لگائی۔ اور لوگوں نے کہنا شروع کر دیا کہ اے مریم! تم نے یہ بہت برا کام کیا۔ حالانکہ تمہارے ذالدین میں کوئی خرابی نہیں تھیں۔ اور تمہاری ماں بھی بدکار نہیں تھیں۔ بغیر شوہر کے تمہارے لڑکا کیسے ہو گیا؟ جب قوم نے نہایت طعنہ زنی اور بدگوئی کی تو حضرت مریم رضی اللہ تعالیٰ عنہا خود تو خاموش رہیں۔ مگر اشارہ کیا کہ اس بچے سے تم لوگ سب کچھ پوچھ لو۔ تو لوگوں نے کہا کہ ہم اس بچے سے کیا اور کیونکر اور کس طرح گفتگو کریں؟ یہ تو ابھی بچہ ہے جو پالنے میں پڑا ہوا ہے۔ قوم کا یہ کلام سن کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے تقریر شروع کر دی۔ جس کا ذکر اللہ تعالیٰ

نے قرآن مجید میں یوں فرمایا ہے کہ۔

قَالَ اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰهِ اٰتٰنِیَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِیْ نَبِیًّا o وَّجَعَلَنِیْ مُبٰرَكًا اَیْنَمَا كُنْتُ وَاَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَادُمْتُ حَیًّا o وَّبَرًّا بِوَالِدَتِیْ وَلَمْ یَجْعَلْنِیْ جَبَّارًا شَقِیًّا o وَالسَّلٰمُ عَلَیَّ یَوْمَ وُلِدْتُّ وَیَوْمَ اَمُوْتُ وَیَوْمَ اُبْعَثُ حَیًّا o

(پ ۱۶، مریم ۳۰.۳۳)

ترجمہ: بچہ نے فرمایا میں ہوں اللہ کا بندہ اس نے مجھے کتاب دی اور مجھے غیب کی خبریں بتانے والا کیا اور اس نے مجھے مبارک کیا میں کہیں ہوں اور مجھے نماز وزکوۃ کی تاکید فرمائی جب تک جیوں۔ اور اپنی ماں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے والا اور مجھے زبردست بدبخت نہ کیا اور وہی سلامتی مجھ پر جس دن میں پیدا ہوا اور جس دن مروں گا اور جس دن زندہ اٹھایا جاؤں گا۔ (کنزالایمان، عجائب القرآن مع غرائب القرآن)

# باب چہارم

# مکۃ المکرّمہ

- ☆ بیت اللہ کی پہلی جگہ
- ☆ خانہ کعبہ کا پہلا طواف
- ☆ زمین پر پہلا گھر
- ☆ مکہ مکرمہ میں بت پرستی کا آغاز
- ☆ حضرت آدم اور حوا کی پہلی ملاقات
- ☆ پہلا گھر
- ☆ پہلا انسان اور پہلا گھر
- ☆ کعبۃ اللہ کے خلاف پہلی بغاوت
- ☆ نزول وحی کی پہلی جگہ
- ☆ نزول وحی کے بعد پہلا حکم؟
- ☆ حرم شریف میں پہلا اعلان
- ☆ ہجرت کی رات پہلا قیام
- ☆ پہلی اذان
- ☆ خانہ کعبہ کی طرف منہ کر کے پہلی نماز
- ☆ پہلے مہاجر
- ☆ مکہ مکرمہ میں پہلی مسجد جن
- ☆ جنوں کی دربار رسالت میں پہلی حاضری
- ☆ مکہ مکرمہ میں پہلی نہر ''نہر زبیدہ''
- ☆ فتح مکہ کے بعد حضور کا پہلا خطبہ
- ☆ دنیائے اسلام میں جذبہ رحم کی پہلی مثال

# پہلے بیت اللہ کی جگہ

جہاں اب بیت اللہ یعنی خانہ کعبہ ہے۔ یہ جگہ تمام روئے زمین سے اوّل وجود میں آئی۔ پہلے سب جگہ پانی ہی پانی تھا۔ اور عرش الٰہی اس پانی پر قائم تھا۔ قرآن مجید میں وکان عرشہ علی المآء جس پانی پر عرش الٰہی تھا۔ وہاں حکمت الٰہی سے جھاگ پیدا ہوئی۔ پھر اس کو برابر طور پر شرقاً غرباً، شمالاً جنوباً بچھایا گیا۔ اور وہی جھاگ زمین بن گئی۔ جہاں سب سے پہلے جھاگ پیدا ہوئی تھی عین اس جگہ بیت اللہ شریف بنایا گیا ہے۔ معلوم ہوا کہ بیت اللہ مرکز عالم ہے اور تمام زمین کے عین وسط میں ہے۔ اگر بیت اللہ شریف سے چاروں طرف خط کھینچے جائیں تو سب برابر ہوں (معارج النبوت رکن اول)

جب اللہ رب العزت نے آسمان اور زمین پیدا فرمائے اور اس میں اپنی عبادت کے لیے فرشتے پیدا فرمائے تو آسمانوں میں فرشتوں کی عبادت کے لیے بیت المعمور بنایا آسمان کے رہنے والے فرشتے اس کا طواف کرتے تھے۔ اور اس میں عبادت کرتے تھے۔ یہ دیکھ کر زمین کے رہنے والے فرشتوں کو بھی شوق پیدا ہوا انہوں نے بھی بارگاہ الٰہی میں درخواست پیش کی کہ مولا ہمارے لیے بھی زمین پر ایک گھر ایسا ہو جس کا ہم طواف کریں اور رضائے الٰہی حاصل کریں۔ اللہ رب العالمین نے ان کی درخواست کو قبول فرمایا اور حکم دیا کہ زمین پر بیت المعمور کے عین مقابل ایک گھر تیار کریں حسب الحکم فرشتوں نے زمین پر سفید اور چمکدار موتیوں سے ایک گھر تیار کیا۔ جب کہ تمام روئے زمین پر کوئی گھر ابھی نہیں بنا تھا۔ بلکہ ابھی زمین پر انسان کا وجود بھی نہیں تھا۔ حضرت آدم علیہ السلام اس بیت اللہ شریف کے دو سو سال بعد میں دنیا میں تشریف لائے۔ (تفسیر حادی)

# خانہ کعبہ کا پہلا طواف

صاحب اخبار مکہ علامہ ارزقی فرماتے ہیں۔ حضرت سیدنا زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سوال کیا گیا طواف بیت اللہ شریف کا آغاز کیسے ہوا تو آپ نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ نے تخلیق آدم علیہ السلام کا ارادہ فرمایا اور فرشتوں سے اس کا ذکر کیا تو فرشتوں نے کہا یا اللہ ہم زیادہ حقدار ہیں بارگاہ اقدس سے جواب ملا **انی اعلم مالا تعلمون.**

ترجمہ: میں وہ کچھ جانتا ہوں جس کا تمہیں علم نہیں۔ ملائکہ نے محسوس کیا کہ اللہ تعالیٰ ناراض ہو گیا ہے تو تین ساعات تک عرش کا طواف کیا اور عجز وانکساری میں مصروف رہے پھر ان پر نظر رحمت فرمائی اور انہیں بیت المعمور کے طواف کا حکم دیا۔ پھر فرشتوں سے فرمایا زمین پر گھر بناؤ جس طرح فرشتے بیت المعمور کا طواف کرتے ہیں اسی طرح زمین پر میرے بندے بھی اس گھر کا طواف کریں۔ (تاریخ مکہ) شفاء العزام)

# زمین پر پہلا گھر

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے حضور سید عالم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے سیدنا جبریل امین کو حضرت آدم علیہ السلام کی طرف بھیجا اور حکم فرمایا کہ میرے لیے گھر تیار کرو۔ حضرت جبریل امین نے خط کھینچ کر حدود کا تعین کیا۔ حضرت آدم علیہ السلام مٹی گھودتے تھے حضرت حوا مٹی اٹھاتی تھیں پھر آواز آئی اے آدم بس کرو کافی ہے۔ تو وہ پہلا انسان یہ پہلا گھر ہے۔ (تاریخ مکہ مکرمہ، بحوالہ اخبار مکہ)

# غلاف کعبہ کی ابتداء اور تاریخی حیثیت

کعبۃ اللہ کی عظمت کے پیش نظر حضور سید عالم ﷺ کی بعثت سے قبل بھی غلاف چڑھایا گیا تھا۔ غلاف کعبہ کی رسم مبارک کا آغاز حضرت سیدنا اسماعیل علیہ السلام

سے ہوا۔ (تاریخ مکہ)

علامہ زرقانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں سب سے پہلے کعبہ شریف کو غلاب تبع اول نے چڑھایا۔ (اخبار مکہ)

علامہ زرقانی نے اخبار مکہ میں اسی عنوان کے تحت تبع اول کے بارہ میں تفصیلات بیان کی ہیں۔ ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ دور جاہلیت میں خالد بن جعفر بن کلاب نے غلاب پہنایا۔ حضور سید عالم ﷺ نے فتح مکہ کے دن یمن کا بنا ہوا غلاف کعبہ شریف پر چڑھیا۔ (تاریخ مکہ)

## مکہ مکرمہ میں بت پرستی کا آغاز

عرب میں بت پرستی کا بانی عمر بن عیسیٰ تھا۔ اس نے جنگ کر کے بنو جرہم کو مکہ سے نکال دیا، اور خود متولی بن گیا۔ عرب کا مشہور قبیلہ خزاعہ اسی نسل سے ہے، یہ شام گیا وہاں لوگوں کو بت پرستی کرتے دیکھا ور شیطانی حرکات سے متاثر ہو گیا۔ وہاں سے چند بت خریدے اور واپس آ کر کعبہ اطہر کے گرد سجائے چونکہ کعبہ اطہر ہمیشہ سے ہی مرکز رہا ہے لہٰذا لوگوں کی آمد و رفت سے رواج پھیل گیا۔ (شفاء الغرام صفحہ ۲۷۸ جلد ۲) (بحوالہ مدینہ منورہ از علامہ ابوالنصر منظور احمد شاہ)

## حضرت آدم اور حوا کی پہلی ملاقات

عرفہ اس لیے کہا جاتا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حوا کا یہاں ملاپ ہوا (دنیا میں آنے کے بعد پہلی ملاقات) کہ حضرت آدم علیہ السلام ہندوستان سے اور حوا جدہ سے یہاں پہنچیں اور دونوں کی پہلی ملاقات یہاں ہوئی۔ یہی وہ مقدس مقام ہے (میدان ہے) جہاں دنیا بھر کے حجاج کرام کا وقوف کرنا بڑا اہی ضروری ہے حضور ﷺ نے

فرمایا الحج عرفہ حج عرفہ میں قیام ہے۔ باقی احکام حج رہ جانے سے تلافی ہو سکتی ہے۔ مگر وقوف وعرفہ رہ جائے تو کوئی بدل نہیں۔ اس میدان میں آپ نے خطبہ حجۃ الوداع ارشاد فرمایا ایک لاکھ ۲۵ ہزار کا عظیم اجتماع تھا اور آواز مبارک ہر ایک کو سنی جارہی تھی۔ تفسیر نعیمی جلد ا پہلی وحی کا نزول۔

# پہلا گھر

پوری کائنات ارضی میں سب سے پہلا گھر ہونے کا شرف کعبۃ اللہ کو حاصل ہے۔ تخلیق حضرت سیدنا آدم علیہ السلام سے دو ہزار برس قبل فرشتوں نے اس کی تعمیر کی۔

قرآن مقدس ارشاد فرماتا ہے:

اس آیت کریمہ سے واضح ہو رہا ہے۔

۱۔ سب سے پہلا گھر کعبہ ہے۔

۲۔ کعبہ تمام انسانوں کا مرکز ہے۔

۳۔ کعبہ انوار برکت والا ہے

۴۔ کعبہ تمام جہانوں کے لیے ہدایت ہے۔

(ہلد الامین از ابوالنصر علامہ منظور احمد شاہ صفحہ ۴۶)

# پہلا انسان اور پہلا گھر

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے حضور سید عالم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ جل مجدہ نے حضرت سیدنا جبرئیل علیہ السلام کو حضرت آدم علیہ السلام کی طرف بھیجا اور حکم فرمایا کہ میرے لیے گھر تیار کرو۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے خط کھینچ کر حدود قائم کیں۔

حضرت سیدنا آدم علیہ السلام مٹی کھودتے تھے۔ حضرت حوا مٹی اٹھاتی تھیں پھر آواز دی گئی آدم بس کرو کافی ہے۔ تو پہلا انسان ہے یہ پہلا گھر ہے۔

(اخبار مکہ) بحوالہ بلد الامین از علامہ ابوالنصر منظور احمد شاہ)

# کعبۃ اللہ کے خلاف پہلی بغاوت

خانہ کعبہ کی مرکزیت کے خلاف پہلی ناکام تدبیر جو تاریخ میں ملی ہے۔ وہ تبع اول حمیری کی ہے۔ یہ یمن کا بادشاہ تھا۔ بنی لحیاں کے قبلے ہذیل کے افراد نے اسے بہکایا کہ کعبہ کو فرادے اور اس کی جگہ ایک گھر تیار کرے تاکہ حجاج کرام تیری طرف متوجہ ہو جائیں۔ ان کی اس تحریک پر تبع نے خانہ کعبہ کو گرانے اور نیا مکان بنانے کا ارادہ کرلیا۔ اس ارادے کے ساتھ ہی اچانک اس پر اور اس کے لشکر پر اندھیرا چھا گیا سخت آندھی نے آ گھیرا۔ علماء یہود ونصاری کو اکٹھا کیا۔ اس ناگہانی آفت کے بارہ میں پوچھا۔ علماء نے کہا کہیں تو نے بیت اللہ شریف کے خلاف کوئی منصوبہ تو نہیں بنایا تبع نے کہا مجھے ہذیلوں نے کہا ہے کہ کعبہ گرادوں اور نیا گھر تعمیر کروں علماء نے کہا قبیلہ ہذل کے لوگ تیری ہلاکت چاہتے ہیں۔ اس مصیبت سے بچ نکلنے کا صرف یہی ایک طریقہ ہے کہ کعبہ کے خلاف اس ارادہ کو ختم کرو اور خانہ کعبہ کی عظمت کو ملحوظ رکھو۔ کعبہ کو غلاف پہناؤ، وہاں قربانی دو، کعبہ والوں سے حسن سلوک کرو۔ علماء کے اس مشورہ پر تبع نے اپنی نیت بدل لی تو ساتھ ہی حالات بدل گئے۔ اندھیرا ختم ہوگیا، آندھی رک گئی چنانچہ تبع کئی دنوں تک روزانہ ایک سو جانور ذبح کرتا رہا اور اس نے غلاف بھی پہنایا۔ (بلد الامین صفحہ ۶۴ از علامہ منظور احمد شاہ)

# نزول وحی کی پہلی جگہ

جبل حراء وہ مقدس پہاڑ جہاں پر غار حراء واقعہ ہے جس میں سب سے پہلی وحی اِقْرَاءَ بِاسْمِ رِبِکَ الَّذِی خَلَقَ نازل ہوئی۔ اس غار مبارک کا ذکر حدیث پاک میں

ہے۔حضور ﷺ غار حرا میں تھے کہ ان پر وحی نازل ہوئی۔اس جبل حرا کو بارہا آنے جانے کی صورت میں حضور ﷺ کے قدم مبارک چومنے کا شرف حاصل ہوا یہ مقدس پہاڑ مکہ مکرمہ سے مشرقی جانب تین میل دوری کے فاصلہ پر ہے اسی پہاڑ کو جبل نور کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔اس سارے پہاڑ پر غار حرا کی عظمت کی مہر لگی ہوئی ہے۔حضو سید عالم ﷺ کا عبادت کے لیے اس غار کا انتخاب کرنا بھی حکمت پر مبنی ہے۔علامہ ارزقی نے تین حکمتیں بیان کی ہیں۔

پہلی حکمت یہ کہ یہ غار بلندی پر واقع ہے۔ یہاں پر لوگوں کے اختلات سے زیادہ محفوظ رہا جا سکتا ہے۔

دوسری حکمت یہ کہ اس غار سے باہر کھڑا ہو کر بیت اللہ شریف کی زیارت کی جاسکتی ہے۔

تیسری حکمت یہ کہ یہ غار بجانب مشرق ہے۔اور مادی آفتاب سمت مشرق سے طلوع ہوتا ہے لہذا روحانی افتاب جناب محمد رسول اللہ کا اعلان حق بھی اسی سمت سے بلند ہونا مناسب تھا کہ توافق یمن السمتیں ہو جائے۔(بلد الامین از علامہ منظور احمد شاہ)

# نزول وحی کے بعد پہلا حکم؟

نزول وحی کے بعد سب سے پہلا حکم الہی نماز ادا کرنے کے بارے میں تھا۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام حضور ﷺ کو ہمراہ لے کر ایک وادی میں سے گزرے۔جبرئیل علیہ السلام نے اپنا پر مارا۔وہاں سے پانی کا ایک چشمہ نکل پڑا۔حضور ﷺ کی موجودگی میں جبرئیل علیہ السلام نے وضو کیا۔پھر سرکار دو عالم ﷺ نے اسی طرح وضو فرمایا پھر جبرئیل علیہ السلام نے حضور ﷺ کی معیت میں نماز ادا کی یہ نماز دو رکعتوں پر مشتمل تھی۔اس کی ادائیگی کے دو وقت تھے۔

طلوع آفتاب سے پہلے اور غروب آفتاب سے پہلے۔

پانچ وقت کی نماز تو ''اسراء'' کی رات فرض ہوئی۔ان کے اوقات کی تعلیم کے

لیے جبرئیل امین دوروز برابر حاضر خدمت ہوتے رہے اور حضور ﷺ کو غار پڑھنے کا طریقہ اوراس کے اوقات کی تعلیم دیتے رہے۔

چنانچہ علامہ محمد بن یوسف صالحی لکھتے ہیں۔ ''سہیلی کہتے ہیں کہ حربی اور یحیی بن سلام نے کہا کہ شب معراج سے قبل دونمازیں فرض تھیں، ایک غروب آفتاب سے پہلے اور ایک طلوع آفتاب سے پہلے ابن جوزی نے مقاتل بن سلیمان سے نقل کیا ہے کہ ابتدائے اسلام میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو دورکعتیں صبح کو اور دورکعیں شام کو فرض کی تھیں۔

(ضیاء النبی جلد دوم صفحہ ۲۱۸ از پیر محمد کرم شاہ الازہری)

## حرم شریف میں پہلا اعلان

فتح مکہ کے بعد حرم میں آپ نے سب سے پہلا دربار عام منعقد فرمایا جس میں افواج اسلام کے علاوہ ہزاروں کفار ومشرکین کے عوام وخواص کا ایک زبردست اژدھام تھا۔اس دربار میں آپ نے خطبہ دیا اور پھر اہل مکہ کو مخاطب کر کے آپ نے فرمایا کہ بولو۔تم کو معلوم ہے؟ کہ آج میں تم سے کیا معاملہ کرنے والا ہوں۔

اس دہشت انگیز اور خوفناک سوال سے تمام مجرمین حواس باختہ ہوکر کانپ اٹھے لیکن جبین رحمت کے پیغمبرانہ تیور کو دیکھ کر سب یک زبان ہوکر بولے ''اَخٌ کَرِیْمٌ وَابْنُ اَخٍ کَرِیْمٍ ''یعنی آپ کرم والے بھائی اور کرم والے باپ کے بیٹے ہیں۔ یہ سن کا فاتح مکہ ﷺ نے اپنے کریمانہ لہجے میں ارشادفرمایا کہ لَاتَثْرِیْبَ عَلَیْکُمُ الْیُوْمَ فَاذْھَبُوْا اَنْتُمُ الطُّلَقَاءُ. آج تم پر کوئی ملامت نہیں۔جاؤتم سب آزاد ہو۔

(شرح الزرقانی، باب غزوۃ الفتح الأعظم، ج ۳، ص ۴۴۹ والسنن الکبریٰ للبیهقي، کتاب السیر، باب فتح مکة حرسها الله تعالیٰ، الحدیث: ۱۸۲۷۶، ج ۹، ص ۲۰۰)

بالکل غیر متوقع طور پر ایک دم اچانک یہ فرمان رحمت سن کر سب مجرموں کی آنکھیں فرطِ ندامت سے اشکبار ہو گئیں، اور کفار کی زبانوں پر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کے نعروں سے حرم کے درودیوار پر بارشِ انوار ہونے لگی۔ مجرموں کی نظر میں ناگہاں ایک عجیب انقلاب برپا ہو گیا کہ سماں ہی بدل گیا۔ فضا ہی پلٹ گئی۔ اور ایک دم ایسا محسوس ہونے لگا کہ

جہاں تاریک تھا ظلمت کدہ تھا سخت کالا تھا
کوئی پردے سے نکلا کہ گھر گھر میں اجالا تھا

## ہجرت کی رات پہلا قیام

ہجرت کی رات حضور رحمت عالم ﷺ اپنے دولت خانہ سے نکل کر مقام ''حزورہ'' کے پاس کھڑے ہو گئے اور بڑی حسرت کے ساتھ ''کعبہ مکرمہ'' کو دیکھا اور فرمایا کہ اے شہر مکہ! تو مجھ کو تمام دنیا سے زیادہ پیارا ہے اگر میری قوم مجھ کو تجھ سے نہ نکالتی تو میں تیرے سوا اور کسی جگہ سکونت پذیر نہ ہوتا۔ پھر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پہلے ہی قرارداد ہو چکی تھی وہ بھی اسی جگہ آ گئے اور اس خیال سے کہ کفار ہمارے قدموں کے نشان سے ہمارا راستہ پہچان کر ہمارا پیچھا نہ کریں پھر یہ بھی دیکھا کہ حضور ﷺ کے پائے نازک زخمی ہو گئے ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کو اپنے کندھوں پر سوار کر لیا اور اس طرح خاردار جھاڑیوں اور نوک دار پتھروں والی پہاڑیوں کو روندتے ہوئے اسی رات ''غارِ ثور'' پہنچے۔ (مدارج النبوۃ ''غار ثور'' ج ۲، ص ۵۸)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پہلے خود غار میں داخل ہوئے اور اچھی طرح غار کی صفائی کی اور اپنے کپڑوں کو پھاڑ پھاڑ کر غار کے تمام سوراخوں کو بند کیا پھر حضور اکرم ﷺ غار کے اندر تشریف لے گئے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی گود میں اپنا سر مبارک رکھ کر سو گئے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ایک سوراخ کو اپنی ایڑی سے

بند کر رکھا تھا۔ سوراخ کے اندر سے ایک سانپ نے بار بار یار غار کے پاؤں میں کاٹا۔ مگر جاں نثار نے اس خیال سے پاؤں نہیں ہٹایا کہ رحمت عالم ﷺ کے خواب راحت میں خلل نہ پڑ جائے۔ مگر درد کی شدت سے یار غار کے آنسوؤں کی دھار کے چند قطرات سرور کائنات ﷺ کے رخسار پر نثار ہو گئے۔ جس سے رحمت عالم بیدار ہو گئے اور اپنے یار غار کو روتا دیکھ کر بے قرار ہو گئے پوچھا ابو بکر کیا ہوا؟ عرض کیا کہ یا رسول اللہ! مجھے سانپ نے کاٹ لیا ہے یہ سن کر حضور ﷺ نے زخم پر اپنا لعاب دہن لگا دیا، جس سے فوراً ہی سارا درد جاتا رہا اور زخم بھی اچھا ہو گیا۔ تین رات حضور رحمت عالم ﷺ اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اس غار میں رونق افروز رہے۔ کفار مکہ نے آپ کی تلاش میں مکہ کا چپہ چپہ چھان مارا۔ یہاں تک کہ ڈھونڈتے ڈھونڈتے غار ثور پہنچ گئے مگر غار کے منہ پر حفاظت خداوندی کا پہرہ لگا ہوا تھا۔ یعنی غار کے منہ پر مکڑی نے جالا تن دیا تھا اور کنارے پر کبوتری نے انڈے دے رکھے تھے یہ منظر دیکھ کر کفار آپس میں کہنے لگے کہ اگر اس غار میں کوئی انسان موجود ہوتا تو نہ مکڑی جالا تنتی نہ کبوتری یہاں انڈے دیتی۔ کفار کی آہٹ پا کر حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کچھ گھبرائے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ! اب ہمارے دشمن اس قدر قریب آ گئے ہیں کہ اگر وہ اپنے قدموں پر نظر ڈالیں گے تو آپ کو دیکھ لیں گے حضور علیہ والسلام نے فرمایا۔

لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا۔ (پ۱۰، التوبہ:۴۰)

مت گھبراؤ خدا ہمارے ساتھ ہے۔

پھر حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ پر سکینہ اتر پڑا کہ وہ بالکل ہی مطمئن اور بے خوف ہو گئے اور چوتھے دن یکم ربیع الاول دوشنبہ کے روز حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام غار سے باہر تشریف لائے اور مدینہ منورہ کو روانہ ہو گئے۔ اس غار ثور کے واقعہ کو قرآن مجید نے ان لفظوں میں بیان فرمایا ہے۔

اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِىَ اثْنَيْنِ

اِذْهُمَا فِی الْغَارِ اِذْیَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِیْنَتَهٗ عَلَیْهِ وَاَیَّدَهٗ بِجُنُوْدٍلَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِیْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِیَ الْعُلْیَا وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ O (پ ۱۰، التوبہ: ۴۰)

ترجمہ: اگر تم لوگ محبوب کی مدد نہ کرو تو بیشک اللہ نے ان کی مدد فرمائی جب کافروں کی شرارت سے انہیں باہر تشریف لے جانا ہوا صرف دو جان سے جب وہ دونوں غار میں تھے جب وہ اپنے یار سے فرماتے تھے کہ غم نہ کھاؤ بیشک اللہ ہمارے ساتھ ہے تو اللہ نے اس پر اپنا سکینہ اتارا اور ان فوجوں سے ان کی مدد فرمائی جو تم نے نہ دیکھیں اور کافروں کی بات نیچے ڈال دی اور اللہ ہی کا بول بالا ہے اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔ (کنز الایمان)

# سب سے پہلی اذان

کتب احادیث میں ہے کہ جب ابتداء زمانہ نبوی میں مسلمان ہجرت کر کے مدینہ طیبہ تشریف لائے تو آذان کا رواج نہیں تھا جس کی وجہ سے صحابہ کرام کو وقت پر نماز کے لیے جمع ہونے میں دشواری محسوس ہونے لگی۔ ایک روز صحابہ کرام نے حضور نبی رحمت ﷺ کی معیت میں مشورہ کیا کہ نماز کے لیے جمع ہونے کے لیے کوئی علامت ہونی چاہیے تا کہ آسانی سے مسلمان ایک وقت ہی میں جمع ہو سکیں۔ کسی نے کہا سنکھ بجایا جائے، کسی نے سینگ بجانے کا مشورہ دیا مگر معاملہ طے نہ ہوا۔ اور اسی طرح صحابہ کرام واپس اپنے اپنے گھروں میں تشریف لے گئے۔ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اسی رات میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک شخص کے ہاتھ میں ناقوس ہے میں نے اس سے پوچھا کیا یہ ناقوس بیچنا چاہتے ہو۔ اس نے کہا تم کیا کرو گے میں نے کہا کہ اس سے لوگوں کو نماز کے لیے بلائیں گے وہ کہنے لگا کیا میں اس سے بہتر بات نہ بتاؤں میں نے کہا بہت اچھا انہوں نے کہا یوں کہا کرو۔ اللہ اکبر یعنی پوری اذان کے الفاظ دہرائے اور اسی طرح اقامت کے الفاظ بھی ادا کیے۔

صبح بیدار ہوتے ہی دربارِ رسالت مآب ﷺ میں حاضر ہو کر اپنا خواب بیان کیا آپ نے سن کر ارشاد فرمایا انما الرویا حق ان شاء اللہ۔ انشاء اللہ یہ خواب سچا ہے لہٰذا تو بلال کو یہ الفاظ سکھاتا جا اور جناب بلال اذان دیتے جائیں کیونکہ ان کی آواز بلند ہے۔ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اذان دی۔ حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ سن کر جلدی سے خدمت رسالت میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں نے بھی اسی طرح کا خواب دیکھا ہے۔ آپ نے فرمایا فاللہ الحمد۔ (روایہ ابوداؤد والدرامی، مشکوٰۃ)

# خانہ کعبہ کی طرف منہ کر کے پہلی نماز

حضور نبی رحمت ﷺ ہجرت کر کے مدینہ طیبہ میں رونق افروز ہوئے۔ بحکم الٰہی ادائے نماز کے وقت بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے لگے۔ سترہ ماہ تک یہی معمول رہا۔ ویسے یہ حضور کی آرزو تھی کہ بیت المقدس کے بجائے کعبہ شریف کو امت مسلمہ کا قبلہ بنایا جائے کیونکہ یہ حضور ﷺ کے جد امجد حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلوٰۃ وسلام نے تعمیر فرمایا تھا۔ ایک روز حضور پرنور ﷺ نے اپنی اس خواہش کا اظہار حضرت جبرائیل علیہ السلام کے سامنے کیا۔ انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ میں بھی آپ کی طرح اللہ تعالیٰ کا بندہ ہوں۔ میں اس کی اجازت کے بغیر دم نہیں مار سکتا آپ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے رہا کیجئے۔ چنانچہ حضور علیہ الصلوٰۃ وسلام تحویل قبلہ کے لیے مصروف دعا رہتے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم کے انتظار میں حضور کی نگاہیں آسمان کی طرف بار بار اٹھتی رہتیں۔

ایک روز سرور عالم ﷺ حضرت بشر بن البراء بن معرور کی والدہ کی ملاقات کے لیے ان کے گھر تشریف لے گئے ان کا گھر بنی سلمہ کے محلہ میں تھا بشر کی والدہ نے دوپہر کے کھانے کا اہتمام بھی کیا اسی اثناء میں نماز ظہر کا وقت ہو گیا۔ حضور ﷺ حسب معمول بیت المقدس کی طرف رخ انور کر کے نماز ظہر پڑھنی شروع کی۔ جب دو رکعتیں پڑھ چکے تو

جبرئیل امین حاضر بارگاہ رسول ہوئے اور اشارہ کیا تو آپ نے کعبہ شریف کی طرف روئے انور پھیر لیا اور حضور کی اقتداء میں تمام نمازیوں نے بھی بلا تامل اپنے منہ بیت المقدس سے پھیر کر کعبہ شریف کی طرف کر لیے۔ کیونکہ مدینہ طیبہ سے بیت المقدس جانب شمال ہے اور کعبہ شریف اس کے بالمقابل جنوب ہے۔ اس لیے اس تبدیلی کا نتیجہ یہ ہوا کہ پیچھے جہاں مستورات نماز ادا کر رہی تھیں وہاں مرد آ کر کھڑے ہو گئے اور ان کی جگہ مستورات آ کر کھڑی ہو گئیں اس وقت آیت مبارکہ نازل ہوئی۔

ترجمہ: ہم دیکھ رہے ہیں بار بار آپ کا منہ کرنا آسمان کی طرف تو ہم ضرور پھیر دیں گے آپ کو اس قبلہ کی طرف جیسے آپ پسند کرتے ہیں (لو) اب پھیر لو اپنا چہرہ مسجد حرام کی طرف (اے مسلمانوں! جہاں کہیں تم ہو پھیر لیا کرو اپنے منہ اس کی طرف۔) (تفسیر نعیمی پارہ دوم)

## سب سے پہلے مہاجر

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ جب حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی اہلیہ محترمہ حضرت رقیہ بنت رسول کریم ﷺ کو لے کر ہجرت فرمائی تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا قسم ہے اس ذات اقدس کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے حضرت ابراہیم اور لوط علیہما الاسلام کے بعد سب سے پہلے ہجرت کرنے والے ہیں۔

عراس میں ہے کہ لوط کا معنیٰ ہے ملنا چونکہ ان کی الفت حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دل سے مل چکی تھی انہوں نے عراق سے شام کی جانب ہجرت فرمائی۔

(زینت المجالس ترجمہ نزہت المجالس صفحہ ۳۷۶)

## مکہ مکرمہ میں پہلی مسجد جن

یہ مسجد مبارک مکہ مکرمہ کے بلائی حصہ میں مقام حجون کے مقابل واقع ہے بعض نے اس کو مسجد حرس بھی کہا ہے۔ اسی مقام پر جنات کی ایک جماعت دربار رسالت میں

حاضر ہو کر مشرف بہ اسلام ہوئی۔ بے شمار مخلوقات الٰہیہ میں سے جن بھی ایک مخلوق کا نام ہے۔ ان کے جسم بھی ہیں روح بھی۔ انسانوں کی طرح عقل و شعور بھی رکھتے ہیں۔ صحاح ستہ کی کتب میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت موجود ہے۔ حضور ﷺ صحابہ کرام کے ساتھ بازار عکاظ کی طرف جا رہے تھے یہ اس وقت کی بات ہے جب جنوں کا آسمان پر جانا روک دیا گیا تھا۔ اور انہوں نے اس کا سبب معلوم کرنے کے لیے مختلف مقامات پر جنات کے وفود بھیجے جو وفد حجاز میں بھیجا گیا وہ مقام نخلہ پر پہنچا تو وہاں حضور سید عالم ﷺ صحابہ کرام کے ساتھ نماز فجر ادا فرما رہے تھے۔ جنات کے اس وفد نے جب قرآن حکیم سنا تو کہنے لگے: واللہ! یہی کلام ہے جو ہمارے اور آسمانی خبروں کے درمیاں رکاوٹ بنا ہے۔

اسی حقیقت کی طرف اشادہ ہے اس مقام پر قرآنی آیات کا نزول ہوا۔

(بلد الامین ابوالنصر منظور احمد شاہ)

# جنوں کی دربار رسالت میں پہلی حاضری

قاضی ثناءاللہ پانی پتی، سید محمود آلوسی بغدادی، قرطبی، اور دیگر مفسرین فرماتے ہیں۔ جنات نے دربار رسالت میں چھ مرتبہ وفود کی شکل میں حاضری دی، اسی وجہ سے احادیث میں تعارض نہیں، مختلف احادیث میں مختلف ملاقاتوں کے حالات ہیں، پہلی حاضری وہ ہے جس کا ذکر قرآن مجید نے ان آیات میں فرمایا۔ نخلہ کے مقام پر سورۃ اقرا یا طہٰ کی تلاوت ہو رہی تھی جنات کا گروہ جب گذرا تو سوز و گداز میں ڈوبی ہوئی آواز سن کر رک گیا بس پھر کیا تھا غفلت کے پردے چاک ہو گئے دل کی دنیا بدل گئی۔ نور ایمان سے سینے روشن ہو گئے۔

سورۃ احقاف میں جن جنات کا ذکر ہے وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پیرو تھے۔ وہ اہل کتاب تھے اس لیے اس واقعہ اور اُس واقعہ میں نمایا فرق ہے۔ (مظہری سورۃ الجن) (معارف القرآن جلد ۸) بحوالہ مدینہ منورہ از علامہ ابوالنصر منظور احمد شاہ)

# مکہ مکرمہ میں پہلی نہر ''نہر زبیدہ''

خلیفہ ہارون الرشید کی بیوی جعفر بن منصور کی صاحبزادی امۃ العزیز جنہیں ان کے دادا پیار سے زبیدہ کہتے تھے پھر یہی نام مشہور ہو گیا۔ آپ نے خواب دیکھا کہ انسان، درند، پرند اسی کے سر کے اوپر سے گزر رہے ہیں اور اسے روندر ہے ہیں۔ صبح اٹھیں تو پریشان ہو گئیں۔ معبرین سے پوچھا اطمینان نہ ہوا۔ ایک معبر نے کہا اللہ تعالیٰ تجھ سے کوئی ایسا کام لے گا جس سے انسان، حیوان درند، چرند، پرند سبھی فائدہ اٹھائیں گے۔ اسی سوچ بچار میں سفر حج پر گئیں۔ وہاں پر حجاج کرام کے لیے پانی کی تکلیف محسوس کر کے ایک نہر جاری کرنے کا منصوبہ بنایا۔ چنانچہ وادی حنین کے پہاڑوں سے یہ نہر نکالنے کا فیصلہ ہو گیا۔ مختلف ممالک سے قابل انجینئر بلائے گئے۔ اس عظیم الشان صدقہ جاریہ کی تکمیل کے بعد کارکنان نہر کے اخراجات کی تفصیل ملکہ زبیدہ خاتون کو پیش کی تو ملکہ نے وہ تمام دستاویز ضائع کر دیں اور کہا یہ کام صرف اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے کیا ہے مجھے حسابات کی ضرورت نہیں اور کہا اگر رقم بچ گئی ہے تو اسے فقرا میں تقسیم کر دیا جائے۔ اگر مجھ سے رقم لینا ہے تو وصول کر لی جائے۔ اللہ تعالیٰ ملکہ کو اس صدقہ جاریہ کے بدل میں کوثر و سلسبیل کی نہریں عطا فرمائے جس نے حجاج کرام کے ساتھ عظیم حسن سلوک کیا۔ افسوس زمانہ گذرنے کے ساتھ ساتھ امراء کی بے توجہی کے باعث یہ نہر ضائع ہوتی جارہی ہے۔

۱۹۶۳ء میں اور اس کے بعد بھی کئی سال اس نہر میں پانی جاری دیکھا جاتا تھا۔ لوگ کہیں کہیں سے ڈول کے ذریعہ سے پانی لے لیتے، شہر مکہ مکرمہ کے اندئی جگہ سے پانی لینے کے انتظامات تھے۔ پاکستانی کرنسی کے مطابق اس نہر پر اربوں روپے خرچ ہوئے۔ ساتویں صدی ہجری میں اس نہر کو نقصان پہنچا۔ مکہ والوں کے لیے پانی کی شدید قلت پیدا ہوئی۔ تو تاتاریوں کے بادشاہ ابی سعید نے اسے مرمت کروایا اور یہ قلت دور ہو

ئی اس مرمت کے بعد پھر ناصر بن قلادون نے مرمت کروائی۔ خواجہ بیرم ملک قائتبائی کی توجہ سے بھی کام چلا۔ پھر ایک وقت ۱۹۶۹ء میں اہل مکہ نے پریشانی اٹھائی۔ پانی کی قلت ہوئی تو سلطان سلیمان خان کی بیوی مسماۃ مہر ماہ نے ذاتی خرچ سے اسے مرمت کرایا تھا۔

(تاریخ مکہ صفحہ ۲۷۲ جلد CP)

# فتح مکہ کے بعد حضور کا پہلا خطبہ

یہ خطبہ زبردست تاریخی حیثیت کا حامل ہے اس خطبہ شریف کا ایک ایک فقرہ قابل غور ہے۔ اس جگہ پر اس عربی خطبہ کا اردو ترجمہ پیش خدمت ہے تفصیلی طور پر عربی خطبہ پڑھنا مقصود ہو تو البدایہ والنہایہ جلد۲ کا مطالعہ مفید رہے گا۔

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے بعد کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اس نے اپنا وعدہ سچا کر دیکھایا۔ اپنے بندے کی مدد کی۔ دشمنوں کی تمام قوتوں کو اس نے شکست دی۔ آگاہ ہو جاؤ جو دیت جانی ہو یا مالی جس کا دعویٰ ہو سکے وہ تمام میرے قدموں کے نیچے ہیں (باطل ہیں) ہاں بیت اللہ شریف کی دربانی اور حاجیوں کو پانی پلانے کا معاملہ حسب معمول رہے گا۔ آگاہ ہو جاؤ جو شخص غلطی سے قتل کیا جائے کوڑے یا لاٹھی سے اس کی دیت مغلظیہ ہو گی (سو اونٹ) جس میں (۴۰) حاملہ اونٹیاں ہوں گی۔ اے گروہ قریش اللہ تعالیٰ نے جاہلیت کی نخوت اور غرور اور اباؤ اجداد پر فخر کرنے کو باطل کر دیا۔ سب لوگ آدم سے ہیں اور آدمی مٹی سے، اس کے بعد یہ آیہ شریفہ تلاوت فرمائی یاایھاالناس انا خلصکم من ذکر و انثی وجعلنکم شعوبا وقبائیل لتعارفوا ان اکرمکم عند اللہ اتقالم ان اللہ علیھم خبیر

پھر فرمایا اے قریش تم میرے متعلق کیا خیال کرتے ہو کہ میں تمہارے ساتھ کیسا سلوک کروں گا۔ لوگوں نے کہا آپ ہم سے بھلائی کریں گے۔ کہ آپ شریف بھائی ہیں۔ اور شریف بھائی کے بیٹے ہیں۔ آپ نے فرمایا میں تم سے وہی کہتا ہوں جو یوسفؑ نے اپنے

بھائیوں سے کہا تھا آج تم پر کوئی عتاب نہیں جا ہیے آپ سب آزاد ہیں۔(زادالمعاد، سیرت ابن ہشام، زرقانی، البدایہ والنہایہ بحوالہ بلد الامین از ابوالنصر منظور احمد شاہ)

## دنیائے اسلام میں جذبہ رحم کی پہلی مثال

مکہ مکرمہ میں داخل ہونے سے پہلے حضور سید عالم ﷺ نے فوج کو جو ہدایات جاری کی انہیں پڑھنے سے وہ تمام شکوک شبہات جو غیر مسلم اقوام کی طرف سے اسلام پر بظاہر کیے جاتے ہیں۔

۱۔ ہتھیار ڈال دینے والے کو قتل نہ کیا جائے۔

۲۔ خانہ کعبہ کے اندر داخل ہو جانے والے کو قتل نہ کیا جائے۔

۳۔ ابوسفیان کے گھر پناہ لینے والے کو قتل نہ کیا جائے۔

۴۔ حکیم بن حرام کے گھر پناہ لینے والے کو قتل نہ کیا جائے۔

۵۔ بھاگ جانے والے کا تعاقب نہ کیا جائے۔

۶۔ زخمی کو قتل نہ کیا جائے۔

۷۔ قیدی کو قتل نہ کیا جائے۔

۸۔ اپنے گھر کے اندر بیٹھنے والے کو قتل نہ کیا جائے۔

(رحمۃ للعالمین صفحہ ۱۵۳ جلد ۱)

## صلح حدیبیہ کے بعد پہلا عمرہ

سرزمین مکہ مکرمہ پر رونما ہونے والے واقعات میں اہم واقعہ صلح حدیبیہ بھی ہے۔ یہ اسلام کی آئندہ کامیابیوں کا دیباچہ ہے، یہی وجہ ہے کہ اسے فتح کے لقب سے نوازا گیا حالانکہ یہ اہم معاہدہ صلح ہے وہ بھی بظاہر مظلومانہ۔

اس کا سیرت طیبہ اور تاریخ اسلام سے گہرا تعلق ہے مکہ مکرمہ سے قریباً ۸۔۹ میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں مشہور ہے اور وہ گاؤں ایک کنویں کے سبب سے مشہور ہوا۔ چونکہ مسلمانوں اور کفار کے درمیان اسی مقام پر ایک معاہدہ ہوا تھا جو اسی مقام پر لکھا گیا اسی وجہ سے اس واقعہ کو صلح حدیبیہ کہتے ہیں۔ حضور سید عالم ﷺ ۶ھ کو (۵۰۰) افراد کے ساتھ عمرہ کرنے کی غرض سے مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے۔ مقام ذوالحلیفہ پر احرام باندھا یہ تمام صحابہ غیر مسلح تھے کہ جنگ کا ارادہ نہیں بلکہ عمرہ کا ہے۔ (طبقات ابن سعید صفحہ ۷۰ جلد ۲) (بلد الامین از علامہ ابوالنصر منظور احمد شاہ)

حضور سید عالم ﷺ کی روانگی کی خبر سے قریش نے منصوبہ بنالیا کہ مکہ مکرمہ میں داخل نہ ہونے دیا جائے اور مقابلہ کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ حضور سید عالم ﷺ نے حکمت عملی اختیار فرمائی اور دوسرے راستہ پر چل کر حدیبیہ کے مقام پر پہنچ گئے اور اونٹنی مبارک یہیں بیٹھ گئی۔ حضور ﷺ نے فرمایا اونٹنی کو اللہ تعالیٰ نے یہاں روک لیا ہے۔ گرمی کا موسم تھا پیاس شدت کی تھی اس کنویں کا پانی ختم ہوگیا ۱۵۰۰ صحابہ اور پھر جانوروں کی تعداد۔ پانی نہ ملنے پر شدید دقت ہوئی۔ صحابہ کرام نے دربار رسالت میں حاضر ہوکر عرض کی کہ یارسول اللہ پانی نہیں پیاس شدت کی ہے گڑھے کا پانی ختم ہوگیا ہے حضور ﷺ نے تیر نکالا اور گڑھے میں گاڑھ دیا بس پانی کے چشمے ابل پڑے۔ (فتح الباری ۲۴۵ جلد ۵) (بحوالہ بلد الامین از علامہ ابوالنصر منظور احمد شاہ)

## مکہ مکرمہ کا پہلا قبرستان

مکہ مکرمہ کے مقدس قبرستان کو ''جنت المعلیٰ'' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ پہلے اسے مقام حجون کہا جاتا تھا حضور سید عالم ﷺ نے فرمایا جو شخص مکہ مکرمہ کے قبرستان میں دفن کیا گیا وہ قیامت کے دن امن سے اٹھے گا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ حضور علیہ ﷺ نے فرمایا اس مقدس قبرستان کے ستر ہزار افراد بغیر حساب جنت میں جائیں گے۔ اور ہر ایک ستر ہزار کی سفارش کرے گا۔ (شفائالغرام صفحہ ۲۸۴ جلد ۱) (بحوالہ بلد الامین از علامہ ابوالنصر منظور احمد شاہ)

# پہلا مصلیٰ بحکم قرآن

مکہ مکرمہ کے وہ مقدس مقامات جن سے حاجی کو کسی نہ کسی طرح نسبت ہے ان میں ایک مقام ابراہیم بھی ہے جس کے بارے میں قرآن مجید نے بیان فرمایا۔

ترجمہ: اور ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ کو مصلیٰ بناؤ۔

طواف کے بعد حاجی کو حکم ہے کہ وہ دو رکعت نماز مقام ابراہیم کے قریب پڑھے

☆ یہ پتھر مبارک حجر اسود کی طرح جنت سے اتارا گیا۔

☆ اس پتھر پر کھڑے ہو کر حضرت سیدنا ابراہیمؑ نے کعبہ شریف تعمیر فرمایا۔

☆ یہی وہ مقدس پتھر ہے جس پر آپ نے قدم رکھا اور سیدنا اسماعیل کی اہلیہ نے سر دھویا۔

☆ یہی وہ مقدس پتھر ہے جو آپ کے سواری پر چڑھنے اترنے کا کام دیتا ہے۔

☆ حضور علیہ ﷺ نے حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر یہ پتھر دکھایا۔ جس کا نام مقام ابراہیم ہے۔ حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی حضور جب یہ پتھر اتنا معظم ہے تو اسے مصلیٰ کیوں نہ بنالیا جائے حضور علیہ ﷺ نے فرمایا مجھے ایسا کرنے کا حکم نہیں دیا گیا۔ تب آفتاب غروب ہونے سے پہلے اَتَّخِذُو مِنْ مَقَامِ اِبْرَاهِيمَ مُصَلّٰی کا حکم نازل ہوا۔ حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تین معاملات میں میری رائے سے موافقت فرمائی۔

۱۔ یہ کہ مقام ابراہیم کو مصلیٰ بنادیا گیا یہی میں چاہتا تھا۔

۲۔ یہ کہ امہات المومنین کے پردہ کرنے کا مشورہ میں نے پیش کیا تو پردہ کا حکم نازل ہوا۔

۳۔ یہ کہ ایک موقعہ پر حضورؐ نے ازواج مطہرات سے توجہ ہٹائی تو میں نے امہات المومنین سے کہا اگر حالات اچھے نہ ہوئے تو اللہ تعالیٰ حضورؐ کو نعم البدل دے گا تو سورہ تحریم کی آیات نازل ہوئیں۔

اگر چہ یہ پتھر جنت سے آیا مگر اس کی تعظیم کا باعث جنت نہیں بلکہ قدم خلیل اللہ ہے۔ جیسے لفظ ''من مقام'' سے عیاں ہو رہا ہے۔

بلد الامین از علامہ ابوالنصر منظور احمد شاہ (بحوالہ تفسیر نعیمی جلد) شفاء الغرام) تاریخ مکہ)

# کوہ صفا پر پہلا خطاب نبوی

بعثت کے بعد تین سال کا عرصہ خاموشی سے تبلیغ کرنے میں گزرا اس عرصہ میں کئی اولوالعزم ہستیوں کو اپنے پرچم کے نیچے جمع کر لیا۔ ان عظیم لوگوں کا اس دین کو قبول کر لینا حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے پرامن جہاد کی شاندار اور بے مثال فتوحات تھیں۔ اب وہ وقت آ گیا تھا کہ دعوت توحید کے دائرہ کو مزید وسعت دی جائے۔ چنانچہ جبرئیل امین خداوند قدوس کی جانب سے یہ حکم لے کر تشریف لائے۔

ترجمہ: اور اے محبوب اپنے قریب تر رشتہ داروں کو ڈراؤ اور اپنی رحمت کا بازو بچھاؤ اپنے پیرو مسلمانوں کے لیے۔ (سورۃ الشعرا آیت ۲۱۴ تا ۲۱۵)

اس حکم خداوندی کی تعمیل ضروری تھی لیکن یہ کوئی آسان کام نہ تھا چند روز خاموشی سے گزر گئے پھر جبرئیل امین آئے اور انہوں نے اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچایا۔ آپ دین حق کی تبلیغ کا سلسلہ جاری رکھیں اللہ تعالیٰ آپ کا معاون و مددگار ہوگا۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قریبی رشتہ داروں کو اپنے پاس بلایا وہ سب جمع ہو گئے تو فرمایا:

ترجمہ: ''سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں میں اس کی حمد کرتا ہوں اور اس سے مدد طلب کرتا ہوں اور اس پر ایمان لایا ہوں اور اسی پر توکل کرتا ہوں۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی عبادت کے لائق نہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے جو یکتا ہے جس کا کوئی شریک نہیں۔''

قافلہ کا پیشرو اپنے قافلہ والوں سے جھوٹ نہیں بولتا بفرض محال اگر میں دوسرے لوگوں سے جھوٹ بولوں تو بخدا میں تم سے جھوٹ نہیں بول سکتا۔ بفرض محال۔ اگر میں ساری دنیا کے ساتھ دھوکہ کروں تو تم سے میں دھوکا نہیں کر سکتا۔ اس ذات کی قسم جس کے بغیر اور کوئی معبود نہیں میں اللہ کا رسول ہوں۔ تمہاری طرف بالخصوص اور ساری انسانیت کی طرف بالعموم بخدا تمہیں موت اس طرح آئے گی جس طرح تمہیں نیند آتی ہے اور قبروں سے زندہ یوں اُٹھائے جاؤ گے جیسے تم خواب سے بیدار ہوئے ہو۔ اور جو عمل تم کر رہے ہو۔ ان کا تم سے محاسبہ ہو گا تمہارے اچھے اعمال کی اچھی جزا اور برے کاموں کی بُری جزا تمہیں دی جائے گی۔ ٹھکانہ ابدی جنت ہے یا ابدی جہنم۔ بخدا اسے فرزندان عبدالمطلب میں کسی ایسے نوجوان کو نہیں جانتا جو اس چیز سے بہتر اپنی قوم کے پاس لے کر آیا ہو جو میں لے کر آیا ہوں میں تمہارے پاس دنیا و آخرت کی فوز و فلاح لے کر آیا ہوں۔

یہ حضور کا اپنی قوم سے پہلا خطاب ہے جو آپ نے کوہ صفا پر فرمایا۔

(ضیاء النبی جلد دوم صفحہ ۲۶۸ تا ۲۶۹)

## مشرکین مکہ کا پہلا وفد حضرت ابو طالب کے پاس

• جب کفار مکہ نے دیکھا کہ اب نبی کریم ﷺ نے برملا اپنے دین کی تبلیغ کا کام شروع کر دیا ہے تو انہوں نے اسلام اور بانی اسلام ﷺ کے خلاف راست اقدام کا فیصلہ کر لیا۔ لیکن کوئی قدم اٹھانے سے پہلے انہوں نے مناسب سمجھا کہ آپ کے چچا حضرت ابو طالب سے بات کریں اور ان کے ذریعہ حضور ﷺ کو اس نئی دعوت سے دست بردار ہونے کی ترغیب دلائیں۔ چنانچہ ایک روز رؤساء قریش کا ایک نمائندہ وفد حضرت ابو طالب کے پاس گیا۔ انہوں نے بڑی احتیاط سے سلسلہ کلام کا آغاز کیا کہنے لگے۔

اے ابو طالب! آپ کا بھتیجا ہمارے خداؤں کو بُرا بھلا کہتا ہے اور ہمارے مذہب

کے عیب نکالتا ہے۔ ہمیں بے وقوف اور ہمارے آباء اجداد کو گمراہ کہتا ہے یا تو آپ اسے روک لیں یا درمیان سے ہٹ جائیں ہم خود اسے روک لیں گے۔ حضرت ابو طالب نے ان کو بڑی نرمی سے جواب دیا اور بڑی خوبصورتی سے انہیں ٹال دیا۔ وہ لوگ مطمئین ہو کر واپس آ گئے۔

حضرت ابو طالب نے آدمی بھیج کر حضور کو اپنے پاس بلایا اور اس گفتگو سے آگاہ کیا جو ان کے اور اس وفد کے درمیان ہوئی تھی۔ واپس جانے سے پہلے انہوں نے دھمکی بھی دی تھی اس کے بارے میں بھی بتایا۔ پھر کہا۔

اے جان عم! مجھ پر بھی رحم کرو اور اپنے آپ پر بھی مجھ پر ایسا بوجھ نہ ڈالو۔ جس کو اٹھانے کی مجھ میں ہمت نہیں۔

اپنے چچا کی یہ باتیں سن کر نبی کریم ﷺ کو یہ خیال گزرا کہ شائد ابو طالب آپ کی مدد اور تعاون سے دست کش ہونے والے ہیں اب ان میں سکت نہیں رہی کہ مزید حضور ﷺ کے کندھے مبارک سے کندھا ملا کر کھڑے نہ ہو سکیں سرکار دو عالم ﷺ نے بڑے اطمینان و سکون سے جواب دیا۔

"اے میرے چچا! اگر وہ سورج کو میرے دائیں ہاتھ پر رکھ دیں اور چاند کو میرے بائیں ہاتھ میں اور یہ توقع کریں کہ میں دعوت حق کو ترک کر دوں گا تو یہ ناممکن ہے یا تو اللہ تعالیٰ اس دین کو غلبہ دے گا یا میں اس کے لیے جان دے دوں گا۔ اس وقت تک میں اس کام کو چھوڑنے کے لیے تیار نہیں۔

حضور نبی رحمت ﷺ نے زبان مبارک سے یہ جملہ فرمایا اور چشمان مبارک سے آنسو ٹپک پڑے۔ اور حضور وہاں سے اُٹھ کر واپس چل دیئے چچا نے آواز دے کر بلایا اور کہا واپس تشریف لائیے۔ حضور واپس تشریف لے آئے چچا نے کہا۔ اے میرے بھتیجے! آپ کا جو جی چاہے کہئے میں آپ کو کسی قیمت پر کفار کے حوالے نہیں کروں گا۔ اور چند اشعار کہے جن میں سے ایک یہ ہے۔

ترجمہ: ''بخدا یہ سارے مل کر بھی آپ تک نہیں پہنچ سکتے جب تک مجھے مٹی میں دفن نہ کر دیا جائے۔'' (ضیاء النبی جلد دوم از پیر محمد کرم شاہ الازہری)

## حبشہ کی طرف پہلی ہجرت

رحمت عالم ﷺ نے جب شمع توحید کے ان پروانوں کفر وشرک کے سرغنوں کے بے اندازہ مظالم دیکھے تو یہ بھی ملاحظہ فرمایا کہ ان مظالم میں آئے روز اضافہ ہی ہوتا چلا جا رہا ہے۔ نہ ان سنگ دل ظالموں کو ذرا ترس آتا ہے اور نہ دوسرے لوگوں میں رحمت وشفقت کا جذبہ بیدار ہو کر ان کی نجات کا باعث بنتا ہے اور نہ خود مسلمانوں میں اتنی سکت ہے کہ وہ اپنے مظلوم بھائیوں کی دادرسی کر سکیں تو سرکار دو عالم ﷺ نے اپنے جاں نثار غلاموں کو اجازت دی کہ ظلم وستم کی اس بستی سے ہجرت کر کے حبشہ چلے جائیں۔ کیونکہ وہاں کے بادشاہ کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ بڑا رحم دل اور انصاف پسند ہے۔ نہ خود کسی پر ظلم کرتا ہے اور نہ کسی کو بے کسوں اور کمزوروں پر ظلم کی اجازت دیتا ہے۔

چنانچہ بعثت کے پانچویں سال ماہ رجب میں مہاجرین کا ایک قافلہ اپنے پیارے وطن کو چھوڑ کر حبشہ جیسے دور افتادہ ملک کی طرف روانہ ہوا۔ تاکہ اس پرامن فضا میں وہ جی بھر کر اپنے رب کریم کی عبادت کر سکیں۔ اپنے عقیدے کے مطابق آزادی سے زندگی بسر کر سکیں۔ یہ قافلہ بارہ مردوں اور چار عورتوں پر مشتمل تھا ان کے قافلہ سالار حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔ (ضیاء النبی جلد دوم از پیر محمد کرم شاہ الازہری)

## پہلے ایمان لانے کا شرف کس کو ملا

اس بارے میں عرض ہے کہ اس امر پر تمام ائمہ متفق ہیں کہ ساری امت اسلامیہ میں سب سے پہلے اُم المومنین حضرت خدیجہ الکبریٰ کو ایمان لانے کی سعادت نصیب ہوئی۔ ان کے بعد اولیت کا شرف حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حاصل ہوا یا صدیق

اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کواس کے بارے میں متعدد روایات ہیں علماء ربانین نے ان مختلف روایت میں یوں تطبیق کی ہے۔

(۱) کہ عورتوں میں سب سے پہلے ایمان لانے کا شرف حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو حاصل ہوا۔

(۲) بچوں میں سب سے پہلے ایمان لانے کی سعادت حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حاصل ہوئی۔

(۳) اور بالغ مردوں میں سب سے پہلے اسلام لانے کی سعادت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نصیب ہوئی۔ انہوں نے اسلام بھی قبول کیا اور اس کا اعلان بھی کیا۔

(۴) غلاموں میں سب سے پہلے ایمان لانے والے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔ (ضیاء النبی جلد دوم از پیر محمد کرم شاہ الازہری)

## مسجد نبوی میں سید المرسلین ﷺ کا پہلا خطاب

سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کے بعد فرمایا

لوگو! مرنے سے پہلے سامان سفر تیار رکھو۔ اللہ کی قسم ایک روز تم پر موت کی بے ہوشی ضرور طاری ہوگی اور پھر تم اپنی بھیڑوں کو بغیر کسی نگہبان کے چھوڑ کر چلے جاؤ گے پھر اللہ سوال کرے گا۔ وہ اللہ جس کو نہ کسی ترجمان کی ضرورت ہے اور نہ کسی دربان کی حاجت ہے۔ کہ کیا تمہارے پاس میرا رسول نہیں آیا تھا جس نے میرا پیغام تمہیں پہنچایا اور کیا میں نے تم کو مال ودولت سے نہیں نوازا تھا؟

پس اب تم بتاؤ کہ تم نے اپنے فائدہ کے لیے کیا کچھ کیا ہے؟

اس وقت انسان حیران وپریشان دائیں بائیں دیکھے گا لیکن اسے کچھ بھی سمجھائی

نہ دے گا پھر وہ سامنے کی طرف نظر دوڑائے تو اسے دوزخ کے شعلوں کے سوا کچھ بھی نظر نہیں آئے گا جان لو! جو شخص آگ سے بچنا چاہتا ہے اور وہ ایک کھجور کا ٹکڑا دینے کی قدرت رکھتا ہے تو وہ کھجور کا ٹکڑا اللہ کی راہ میں دے کر اپنے آپ کو بچائے اور جو اس کی گنجائش نہ رکھتا ہو تو وہ لوگوں سے اچھی بات (نیکی کی بات) کہہ کر ہی اپنے آپ کو محفوظ کرے کیونکہ ایک نیکی کا بدلہ دس گناہ سے لے کر سات سو گناہ تک دیا جائے گا۔

(ضیاءالنبی جلد سوئم صفحہ ۱۵۵ از پیر محمد کرم شاہ الازہری)

# اذان کی ابتدا

نبی مکرم ﷺ مدینہ طیبہ تشریف لے آئے۔ جب نماز کا وقت آتا تو صحابہ کرام از خود جمع ہو جاتے اور امام الانبیاء ﷺ کی اقتدا میں نماز ادا کرتے۔ ادائیگی نماز کے لیے کسی اعلان وغیرہ کا کوئی رواج نہ تھا۔ جب نمازیوں کی تعداد میں کافی اضافہ ہو گیا تو اب کوئی نشانی کی ضرورت محسوس کی جانے لگی جسے سن کر یا دیکھ کر سارے نمازی مسجد میں جمع ہو جائیں اور با جماعت نماز ادا کریں۔ نبی الانبیاء ﷺ نے مشورہ کے لیے اپنے صحابہ کو بلایا ان کے سامنے یہ مسئلہ پیش کیا گیا۔ پھر تمام شرکاء کو اظہار رائے کی دعوت دی گئی ایک صحابی رسول نے تجویز پیش کی کہ نماز کے وقت ایک جھنڈا اونچ کر کے لہرایا جائے۔ سب لوگ اسے دیکھ کر بروقت مسجد میں پہنچ جائیں۔

دوسرے نے مشورہ دیا کہ ہم بھی یہودیوں کی طرح بگل بجایا کریں۔ جیسے سن کر لوگ نماز کے لیے جمع ہو جائیں۔

رحمت عالم ﷺ نے اس رائے کو ناپسند کیا۔ فرمایا۔

**هُوَ اِمنْ اَمرِ الیَھُود**۔ یہ یہودیوں کا طریقہ کار ہے یعنی ہمیں یہ زیب نہیں دیتا۔ ایک اور اصحاب رسول ﷺ نے کہا۔ ناتوس پھونکا کریں۔ نبی کریم ﷺ نے اس تجویز کو مسترد کر دیا فرمایا۔

ھو امن امر النصاری۔ناقوس پھونکنا عیسایوں کا معمول ہے۔کسی نے رائے دی کہ کسی اونچی جگہ پر آگ روشن کر دی جائے۔اس کے شعلوں کو دیکھ کر لوگوں کو نماز کے وقت کا علم ہو جائے گا۔حضور ﷺ نے فرمایا۔ذالک للمجوس۔

یہ مجوسیوں کا شیوا ہے ہمارے لیے یہ موزوں نہیں۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ ساری تجویزیں سنتے رہے۔آخر میں عرض کی۔

اَوَلَا تَعۡبَثُوۡنَ رَجُلاً یُّنَادِیۡ بِاالصَّلٰوۃِ۔

کیا یہ مناسب نہیں کہ نماز کا وقت ہو تو ایک شخص بلند آواز سے اس کا اعلان کر دے۔مرشد برحق ﷺ نے اس تجویز کو پسند فرمایا اور حضرت بلال کو حکم دیا۔

یَابِلَالُ قُمۡ فَنَادِ بِالصَّلٰوۃِ۔اے بلال اُٹھو اور لوگوں میں نماز کے وقت کا اعلان کرو۔

اس مجلس میں حضرت عبداللہ بن زید بھی حاضر تھے۔اس معاملہ کے بارے میں انہوں نے سرکار دو عالم ﷺ کی بے چینی ملاحظہ کی تھی۔یہ بھی بہت مضطرب اور بے چین ہو گئے دن بھر قلف و اضطراب میں گزرارات کو بے چینی سے بستر پر کروٹیں بدلتے رہے آخر آنکھ لگ گئی خواب میں کیا دیکھتے ہیں کہ ایک شخص ہے اس نے دو سبز چادریں اوڑھی ہوئی ہیں اور ہاتھ میں ناقوس پکڑا ہوا ہے انہوں نے اسے کہا۔

یاعباداللہ اسیع ھشا الناقوس ۔اے بندہ خدا کیا یہ ناقوس بیچو گے۔اس نے پوچھا۔تم اسے لیکر کیا کرو گے انہوں نے کہا کہ ہم اس کے ذریعہ لوگوں کو نماز کی دعوت دیں گے۔اس نے کہا کیا میں تمہیں اس سے بہتر چیز نہ بتاؤں انہوں نے کہا۔بڑی نوازش ہو گی اس نے کہا رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں جا کر عرض کرو۔کہ آپ لوگوں کو نماز کی طرف دعوت اس طرح دیا کرو۔اس نے اذان کے الفاظ سمجھائے۔

(ضیاءالنبی جلد سوئم صفحہ ۱۶۳)

# اسلامی بھائی چارہ کی ابتداء مکہ مکرمہ میں

اہل مکہ میں قبائلی عصبیت کا جنون زوروں پر تھا باقائدہ حکومتی نظام کے فقدان کی وجہ سے ہر فرد مشکل اوقات میں اپنے قبیلہ کی پناہ لینے پر مجبور تھا۔ اگر کسی کا قبیلہ اس کی امداد سے دست کش ہو جاتا تو وہ مظلوم اپنی دادرسی کے لیے کسی کا دروازہ نہ کھٹکھٹا سکتا۔ اپنے بیٹے بھائی اور باپ کے قاتل سے بھی وہ انتقام نہ لے سکتا۔ اس سماجی ضرورت نے ہر قبیلہ کے افراد میں اپنے قبیلہ کی عصبیت کے جذبہ کو ناقابل شکست بنا دیا تھا۔ کیونکہ اس کے بغیر وہ اس جاہل معاشرہ میں باعزت زندگی گزارنے کا تصور بھی نہیں کر سکتے تھے۔

نبی رحمت ﷺ نے قُوْلُوْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تُفْلِحُوْا کا نعرہ بلند کیا کئی سعید روحیں لبیک لبیک کہتی ہوئی لپکیں اور اس دعوت کو قبول کر لیا۔ اس کا ردعمل یہ ہوا کہ ان کے قبیلہ والوں نے ان لوگوں سے ہر قسم کے تعلقات منقطع کر لیے اور ان پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑنے شروع کر دیئے یہ نومسلم اپنے خاندانوں سے کٹ کر تنہا رہ گئے وہ اپنے شہر میں رہتے ہوئے غریب الوطنی کی زندگی بسر کر رہے تھے۔ حضور رحمت عالم ﷺ سے اپنے جاہ نثار ساتھیوں کی یہ بے بسی اور بے کسی دیکھی نہ جا سکی۔ نبوت کی دوررس نگاہوں نے ایک نئی برادری کی تشکیل کی اہمیت کو محسوس کیا جس کی بنیاد اس دین وتوحید پر استوار ہو۔ اس میں قرشی غیر قریشی، عربی عجمی، فقیر اور امیر، اسود واحمر کے تمام امتیازات ختم فرمادیئے گئے۔ ہر وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کی توحید اور ختمی مرتبت ﷺ کی نبوت پر ایمان لے آتا وہ اس برادری میں شامل ہو سکتا تھا چنانچہ سرکار دوعالم ﷺ نے تمام مسلمانوں کو اس اسلامی اخوت کے رشتہ میں پرونے کے لیے دو مرتبہ عملی قدم اُٹھایا ایک بار ہجرت سے پہلے مکہ میں اور دوسری بار ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں۔

مکہ مکرمہ میں جتنے لوگ اسلام قبول کر چکے تھے۔ ان میں دو، دو کو آپس میں بھائی

بھائی بنادیا۔اس طرح وہ شیر وشکر ہو گئے باہمی محبت کا جذبہ یوں اُمڑ آیا کہ غیریت کی ساری بنیادیں منہدم ہو گئیں وہ لوگ اسلام قبول کرنے کے باعث اپنی برادری سے کٹ گئے تھے اور اپنے آپ کو تنہا تنہا اور بے سہارا محسوس کرتے تھے۔اب وہ اپنے آپ کو عالمی برادری کا ایک معزز رکن تصور کرنے لگے۔ان تمام اراکین میں اپنائیت کا جذبہ پیدا ہو گیا کہ تنہائی اور بے بسی کا خیال پھر کبھی انہیں پریشان نہ کر سکا۔یہ اسلامی بھائی چارہ ایسا بھائی چارہ تھا جس کی بنیاد خون رنگ، نسل زبان اور علاقائیت جس انسانی وحدت کو پارہ پارہ کر دینے والی عصبتوں پر نہ رکھی گئی تھی بلکہ اس کی اساس عقیدہ توحید تھا۔ایک خدا، ایک رسول، ایک کتاب، ایک قبیلہ اور ایک کلمہ اس بھائی چارہ کے دروازے بلا امتیاز ہر انسان کے لیے ہر وقت کھلے تھے۔جس کا جی چاہے، جس وقت جی چاہے ''کلمہ شہادت'' دل کے یقین کے ساتھ زبان سے کہے اور اس برادری میں شامل ہو جائے۔اس میں شامل ہونے والوں سے یہ نہیں پوچھا جاتا کہ تم کس قبیلہ کے فرد ہو۔تم کس ملک کے باشندے ہو۔تمہاری مادری زبان کون سی ہے؟ تمہاری مالی حالت کیسی ہے؟ یہ سب امتیازات مصنوعی ہیں۔انسانیت کی عزت وشرف کی قبا کو تار تار کر دینے والے ہیں۔ہادی برحق نے بے شمار عصبیتوں کی زنجیروں میں جکڑی اور تڑپتی ہوئی انسانیت کو دعوت دی کہ اُٹھو ان مصنوعی امتیازات کو اپنے پاؤں تلے روندتے ہوئے آگے بڑھو۔

**اللہ وحدہ لاشریک لہ** کی وحدانیت کا اقرار کرو جو رب العالمین ہے اور اس نبی مکرم ﷺ کا دامن رحمت پکڑ لو جو رحمت اللعالمین ہے اور اس اسلامی برادری میں شامل ہو جاؤ جن حضرات صحابہ کو حضور نبی کریم ﷺ نے ہجرت سے پہلے مکہ مکرمہ میں اسلامی رشتہ اخوت میں پرو دیا۔ان سب کے نام کتب سیرت وتاریخ میں موجود ہیں۔جن کا حضور نبی کریم ﷺ نے آپس میں بھائی چارہ قائم فرمایا۔اس طرح حضور نبی رحمت ﷺ نے اپنی مکی زندگی میں مواخات قائم فرمایا۔(ضیاء النبی جلد سوئم صفحہ ۱۷۰ تا ۱۷۲)(زپیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ)

# پہلی اذان بلال

پہلے دن ہی جب ظہر کی نماز کا وقت ہوا تو نبی الانبیاء ﷺ نے حضرت بلال کو حکم دیا کہ کعبہ کی چھت پر چڑھ جاؤ اور آذان دو۔ مکہ مکرمہ کی کفر آلودہ اور تاریک فضاؤں کو نور اسلام سے منور کرنے کے لیے جب حضرت بلال حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اذان کی آواز گونجی تو اس وقت ابوسفیان، عتاب بن اسید اور حارث بن ہشام حرم شریف کے صحن میں بیٹھے تھے۔ اذان سن کر غصہ سے پیچ و تاب کھاتے ہوئے عتاب بولا۔ اللہ تعالیٰ نے میرے باپ پر بڑا اکرم فرمایا کہ اسے موت کی نیند سلا دیا۔ آج اگر وہ زندہ ہوتا اور اذان کے ان کلمات کو سنتا تو یقیناً اس کو بڑا غصہ آتا۔ پھر کہنے لگا۔ محمد ﷺ کو اس کے بغیر اور کوئی موذن نہیں ملا۔ حارث بن ہشام کہنے لگا اگر میں جانتا کہ وہ حق پر ہیں تو میں ضرور ان کی پیروی کرتا۔ ابوسفیان بولا میں تو کچھ نہیں کہوں گا۔ اگر میں کوئی بات کروں گا تو یہ کنکریاں حضور کو بتا دیں گی۔

وہ یہی بات کر رہے تھے کہ اللہ کے پیارے رسول ﷺ ان کے پاس تشریف لے آئے۔ اور فرمایا جو باتیں تم کر رہے تھے ان کا مجھے علم ہے۔ ہر ایک کو الگ الگ مخاطب کر کے فرمایا اے عتاب! تم نے یہ بات کی اے حارث تم نے یہ کہا۔ ابوسفیان بولا یا رسول اللہ ﷺ میں نے تو کوئی بات نہیں کی۔ حضور اس بات پر ہنس پڑے حارث اور عتاب نے کہا ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ ان باتوں کو کسی آدمی نے نہیں سنا۔ اگر کسی نے سنی ہوتیں تو ہم یہ سمجھتے کہ اس نے آپ کو ان سے آگاہ کیا ہے۔

ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ سچے رسول ہیں حکم بن ابوالعاص بولا یہ عجیب و غریب سانحہ ہے کہ۔ بلال جیسا شخص ابوطلحہ کی تعمیر کردہ عمارت پر کھڑے ہو کر ایسا کر رہا ہے۔

اس تمام شور غل کے باوجود حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد نبوی کے مطابق کعبہ کی چھت پر کھڑے ہو کر مکمل اذان دی۔ اس ساعت سعید سے لیکر آج تک یہ

روح پرور کلمات اس فضا میں گونج رہے ہیں اور نور برسا رہے ہیں۔ اور قیامت تک ایسا ہی ہوتا رہے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ (ضیاء النبی جلد چہارم صفحہ ۷۴۷ از پیر محمد کرم شاہ الازہری)

## لقب ''امیر المومنین'' کا آغاز

عسکری اوائل میں اور طبرانی کبیر میں اور حاکم مستدرک میں بسند ابن شہاب روایت کرتے ہیں کہ عمر بن عبدالعزیز نے ابوبکر بن سلیمان بن ابی حشمہ سے پوچھا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد میں کیوں من خلیفۃ رسول اللہ لکھا جاتا تھا اور پھر پہلے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ من خلیفۃ ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ لکھا کرتے تھے۔ تو من امیر المومنین کس کے عہد سے لکھا جانے لگا۔ انہوں نے عرض کیا کہ مجھے شفاء نے جو محاجرات سے تھیں بات سنائی کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے خطوط وغیرہ میں من خلیفۃ رسول اللہ لکھ کرتے تھے۔ حتی کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عامل ایراق کی طرف خط لکھا کہ میرے پاس عراق کے دو ہوشیار شخص روانہ کروتا کہ میں ان سے عراق اور اہل عراق کا حال پوچھوں اس پر انہوں نے آپ کی خدمت میں لبید بن ربیعہ اور عدی بن حاتم کو روانہ کیا جب دونوں مدینہ منورہ آئے اور مسجد نبوی میں داخل ہوئے تو وہاں انہوں نے عمرو بن عاص کو بیٹھے ہوئے دیکھا تو انہیں نے کہا کہ ہمیں امیر المومین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس لے چلو حضرت عمرو بن عاص نے کہا تم نے آپ کا لقب خوب لکھا ہے۔ حضرت عمرو بن عاص حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت حاضر ہوئے اور کہا اسلام علیک یا امیر المومنین! آپ نے فرمایا کہ تمہیں یہ نام کس طرح معلوم ہوا۔ بتاؤ کہ کس سے سیکھا؟ انہوں نے اس سب قصہ کو سنایا اور عرض کیا کہ آپ امیر ہیں اور ہم مومن ہیں۔ اس دن سے خطوو کتابت میں یہی لکھا جاتے گا۔ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ تہذیب میں لکھتے ہیں کہ آپ کا یہ نام عدی بن حاتم اور لبید بن ربیعہ نے رکھا تھا جبکہ یہ دونوں بطور قاصد آپ کے پاس عراق سے آئے تھے۔

اور بعض کہتے ہیں کہ یہ نام آپ کا مغیرہ بن شعبہ نے رکھا تھا اور بعض کہتے ہیں کہ ایک دن حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ تم مومن اور میں تمہارا امیر ہوں۔ اسی دن سے آپ کو امیر المومنین کہنے لگے اور اس سے پہلے خلیفہ الرسول اللہ کہا کرتے تھے۔

(تاریخ الخلفاء صفحہ ۱۶۷ از امام جلال الدین سیوطی)

## شہر مکہ پہلے کب آباد ہوا؟

جب اس علاقہ میں پانی دستیاب ہو گیا تو حضرت ہاجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے بیٹے حضرت اسماعیل کی ضروریات کی کفالت ہونے لگی اس طرح وقت گزرتا رہا۔ پانی کو دیکھ کر فضا میں اڑنے والے پرندے بھی پانی کی طرف آئے اور ایک موقع ایسا بھی آیا کہ ایک قبیلہ بنی جرہم کا ایک قافلہ بالائے مکہ کی طرف آیا اور فضاء میں اڑنے والے پرندوں کو دیکھ کر اس طرف آ گیا۔ اور حضرت ہاجرہ اللہ تعالیٰ عنہ سے اجازت لے کر اس وادی کے زیریں حصہ میں مقیم ہوا۔ حضرت ہاجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس شرط پر اجازت دی کہ پانی پر کوئی قبضہ نہیں کرے گا اور نہ اس پر کسی کا قبضہ ہوگا۔ یہ قافلے والے تجارت کے لیے یمن سے شام کی طرف جا رہے تھے اس دور میں ایک عادت یہ بھی تھی کہ جو بھی قافلہ اس راستے سے گزرتا وہ وادی مکہ سے جلد از جلد گزرنے کی کوشش کرتا۔ کیونکہ اس علاقہ میں پانی نہ تھا اس وجہ سے اہل قافلہ کو سخت مصائب کا سامنا کرنا پڑتا۔ اس مرتبہ بھی قافلہ والوں کا پانی ختم ہو گیا ضروریات تو علیحدہ پیاس کی وجہ سے سارا قافلہ پریشان تھا۔ بھوک اور پیاس کی شدت کی وجہ سے اس قدر نقاہت ہوئی کہ آگے جانے کی ہمت ہی نہ ہوئی اور تھک ہار کر وہیں رک گئے۔ اتفاقاً قافلہ والوں نے پرندوں کا ایک غول اس علاقہ میں اڑتا ہوا دیکھا اور اپنے تجربے کی بنا پر سوچنے لگے کہ پرندے اس علاقے میں نظر آتے ہیں جہاں پانی موجود ہو لیکن اس وادی میں پانی کہاں سخت تعجب ہوا کچھ لوگ کہنے لگے کہ اس وادی میں پانی کا نام و

نشان تک نہ تھا۔لیکن پرندوں کا وجود اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ یہاں پانی کا کوئی چشمہ نکل آیا ہے۔لہٰذا دو آدمیوں کو پانی کی تلاش اور پرندوں کی موجودگی کی وجہ معلوم کرنے کے لیے روانہ کیا وہ دونوں آدمی پانی کی تلاش میں اس چشمہ کے قریب پہنچے تو دیکھا کہ ایک خاتون ایک شیر خوار بچے کو لئے ہوئے پانی کے چشمہ کے قریب بیٹھی ہے ان لوگوں کو بہت تعجب ہوا۔

قبیلہ بنی جرہم کا سردار مضاص بن عمرو تھا۔اور بنی قطورا کا سردار سعید بن عامر تھا۔ مضاص نے بالائی مکہ اور سعید بن عامر نے زیریں حصہ میں قیام کیا اور اپنے رہنے کے لیے مکانات بنائے۔ان دو قبیلوں نے حضرت ہاجرہ اور حضرت اسماعیل کی دلجوئی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ادھر ان دونوں کو ان قبیلہ والوں کی وجہ سے سکون و اطمینان حاصل ہو گیا۔حضرت اسماعیل علیہ السلام نے ان قبیلہ والوں میں نشو ونما پائی اور انہیں سے عربی سیکھی۔

علامہ ابن حجر فرماتے ہیں کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام وہ پہلے فرد ہیں جو فصاحت و بلاغت اور روانی کے ساتھ عربی بولتے تھے۔منجملہ تمام صفات و کمالات کے والد محترم کی تمام خوبیاں حضرت اسماعیل علیہ السلام میں بدرجہ اتم موجود تھیں اور ان کی یہ خوبیاں سیرت کی کتابوں میں بیان کی گئی ہیں جن کی سند حد تواتر کو پہنچ چکی ہے۔(گلشن ابراہیم علیہ السلام)

## پہلا گھر خدا کا

جب اللہ رب العزت نے زمین و آسمان پیدا فرمائے اور ان میں اپنی عبادت کے لیے فرشتے پیدا فرمائے تو آسمانوں میں فرشتوں کی عبادت کے لیے اللہ تعالیٰ کے حکم سے بیت المعمور بنایا گیا آسمان پر رہنے والے فرشتے اس کا طواف کرتے تھے اور اس میں عبادت کرتے تھے یہ دیکھ کر زمین کے رہنے والے فرشتوں کو بھی شوق پیدا ہوا انہوں نے بھی بارگاہ الٰہی میں عرض کی کہ مولیٰ ہمارے لیے بھی زمین پر ایک ایسا گھر ہو جس کا ہم طواف کریں اور رضائے الٰہی حاصل کریں۔

اللہ رب العالمین نے ان کی دعا کو قبول فرمایا اور حکم دیا کہ زمین پر بیت المعمور کے عین مقابل ایک گھر تیار کریں۔ حسب الحکم فرشتوں نے زمین پر سفید اور چمکدار موتیوں سے ایک گھر تیار کیا۔

اس سے پہلے تمام روئے زمین پر کوئی گھر نہیں بنا تھا بلکہ ابھی زمین پر انسان کا وجود بھی نہیں تھا حضرت آدم علیہ السلام اس بیت اللہ شریف کے دو سو سال بعد اس دنیا میں تشریف لائے (تفسیر صاوی)۔

جب حضرت آدم علیہ السلام زمین پر تشریف لائے تو انہیں حکم ربی ہوا کہ اس گھر کو دوبارہ بناؤ جبکہ فرشتوں کو حکم دیا گیا کہ اس تعمیر میں حضرت آدم علیہ السلام کی مدد کرو۔

چنانچہ فرشتوں نے بڑے بڑے پتھر جمع کیے اور ایک ایک پتھر اتنا وزنی تھا کہ تیس آدمی بھی اٹھا نہ سکتے تھے اللہ تعالیٰ کے حکم سے جب حضرت آدم علیہ السلام نے خانہ کعبہ تیار کر لیا اور اس کا طواف و حج شروع کیا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام نے چالیس بار ہندوستان سے پیدل چل کر بیت اللہ شریف کی زیارت کی جب زیارت کے لیے تشریف لے جاتے تو آپ کا دوسرا قدم مبارک اس مقام پر پڑتا جو تین دن کا راستہ ہوتا تھا۔ جہاں آپ کا قدم مبارک پڑتا تھا وہ جگہ سبزہ زار بن جاتی۔ بعد میں انہی قدموں پر شہر اور گاؤں آباد ہوئے۔ (معارج النبوۃ، جلد ا،...... کشف الغمہ)

## تعمیر بیت اللہ کے بعد پہلی دعا

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تعمیر بیت اللہ کے بعد اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دست دعا بلند کیے۔ اس سے معلوم ہوا کہ عبادت کے بعد خواہ عبادت بدنی ہو یا مالی ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا سنت ابراہیمی ہے دعا کے الفاظ یہ ہیں۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ o رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَیْنِ لَکَ وَ مِنْ ذُرِّیَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّکَ وَاَرِنَا مَنَاسِکَنَا وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ o (البقرۃ ۱۲۷۔۱۲۸)

ترجمہ: اے رب ہمارے ہم سے قبول فرما بیشک تو ہی سنتا جانتا ہے۔اے رب ہمارے اور کر ہمیں تیرے حضور گردن رکھنے والا اور ہماری اولاد میں سے ایک امت تیری فرمانبردار اور ہمیں ہماری عبادت کے قاعدے بتا اور ہم پر اپنی رحمت کے ساتھ رجوع فرما بیشک تو ہی ہے بہت توبہ قبول کرنے والا۔

اور آپ کی دعا کے آخری الفاظ یہ تھے۔

رَبَّنَا وَابْعَثْ فِیْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِکَ وَیُعَلِّمُهُمُ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَةَ وَیُزَکِّیْهِمْ اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ. (البقرۃ:۱۲۹)

ترجمہ: اے رب ہمارے بھیج ان میں ایک رسول انہیں میں سے کہ ان پر تیری آیتیں تلاوت فرمائے اور انہیں تیری کتاب اور پختہ علم سکھائے اور انہیں خوب ستھرا فرمادے بیشک تو ہی ہے غالب حکمت والا۔

یعنی گھر میں نے بنا دیا ہے اور اسے آباد کرنے والا حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ کو مولیٰ کریم تو بھیج دے جو اس پاک گھر کو قیامت تک آباد رکھے۔اللہ رب العزت کے پیارے خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا کو زیور قبولیت سے آراستہ فرمایا اور آخر زمانہ میں اپنے پیارے حبیب اور دنیا کے تاجدار کو مبعوث فرمایا جنہوں نے اس گھر کو قیامت تک کے لیے آباد فرما دیا۔

اسی لیے تاجدار مدینہ حضور نبی رحمت ﷺ کا ارشاد عالی ہے۔

میں اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہوں۔

جب حضرت ابراہیم علیہ السلام تعمیر بیت اللہ اور دعا سے فارغ ہوئے تو اللہ رب العزت کی طرف سے وحی آئی۔

# حج کے لیے پہلی نداء خلیل علیہ السلام

وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ یَاْتُوْکَ رِجَالًا وَّعَلٰی کُلِّ ضَامِرٍ یَّاْتِیْنَ مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ. (گلشن ابراہیمی علیہ السلام)

اور لوگوں کو حج کے لیے اذان عام دے دو کہ وہ تمہارے پاس ہر دور دراز مقام سے پیدل اور اونٹوں پر سوار آئیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بارگاہ خداوندی میں عرض کیا مولیٰ میری آواز تمام مخلوق کو کیسے پہنچ جائی گی۔ جواب آیا اے پیارے خلیل آواز دینا تمہارا کام ہے اور اس آواز کو پہنچانا میرا کام ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام ابوقبیس پہاڑ پر تشریف لے گئے اور لوگوں کو ندا دی کہ

یَاعِبَادَ اللهِ اَجِیْبُوْا دَاعِیَ اللهِ وَحَجُّوْبَیْتَهٗ

اے اللہ کے بندو اس کے بلانے والے کو جواب دو اور اس کے گھر کا حج کرو۔

قدرت الٰہی سے یہ آواز تمام عالم میں ایسی گونجی کہ جو اس وقت جاگتا تھا اس نے بھی سنی اور جو سویا ہوا تھا اس نے بھی سنی۔ اور جو ابھی عالم وجود میں نہیں آیا تھا اور ماں کے رحم میں تھا یا باپ کی پشت میں تھا اس نے بھی سنی۔ پھر جس بانصیب نے ایک مرتبہ لبیک کہی اس کی قسمت میں ایک بار حج کرنا نصیب ہوا۔ جس نے دو بار لبیک کہی اس نے دو بار حج کیا۔ جس نے تین بار لبیک کہا وہ تین بار حج سے مشرف ہوا۔ الغرض جس نے جتنی بار لبیک کہا اس نے اتنی ہی مرتبہ حج کیا جو قسمت کا ہارا بدنصیب اس وقت خاموش رہا۔ وہ ہمیشہ کے لیے حج کی سعادت سے محروم ہو گیا۔ (نزہۃ المجالس)

یہی وجہ ہے کہ بعض اوقات اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو حج کی سعادت عطا فرما دیتا ہے جن

کی مالی حالت بہت کمزور ہوتی ہے اور انسان تصور بھی نہیں کر سکتا کہ یہ شخص حج پر جا سکے گا۔ اور بعض دفعہ وہ امراء جن کی مالی حالت اتنی مضبوط ہوتی ہے کہ جس سال چاہیں حج کریں کوئی ظاہری اسباب مانع نہیں ہوتے مگر وہ حج نہیں کر پاتے۔ اسی لیے کیا خوب کسی شاعر نے کہا ہے:

جسے چاہا در پہ بلا لیا جسے چاہا اپنا بنا لیا
یہ بڑے کرم کے ہیں فیصلے یہ بڑے نصیب کی بات ہے

(گلشن ابراہیمی علیہ السلام)

## بیت اللہ زمانہ نبوت سے پہلے

جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اعلان عام فرما دیا اور لوگوں تک پیغام عام پہنچ گیا اور لوگوں پر بیت اللہ کا حج کرنا فرض ہو گیا۔ بڑی مدت تک اللہ کے بندے اس کا حج کرتے رہے۔ یہاں تک کہ جاہلیت کا زمانہ آیا دنیا میں بالعموم اور عرب میں بالخصوص بت پرستی پھیل گئی اور ہر گھر میں بت رکھے ہوئے تھے جن کی شب و روز پوجا کی جاتی تھی پھر صرف یہی نہیں کہ ان کے گھروں میں بت رکھے ہوئے تھے بلکہ اللہ کا گھر بھی بتوں سے بھرا ہوا تھا جن کی تعداد 360 تھی اور ان کی پوجا بڑے زوروں پر تھی۔

ایک روز بیت اللہ نے بتوں اور بت پرستوں سے تنگ آ کر بارگاہ خداوندی میں شکایت پیش کی کہ الٰہی میں تیری ہی عبادت کے لیے بنایا گیا تھا۔ اب یہاں ایک نہیں تین سو ساٹھ (360) بتوں کی عبادت کی جاتی ہے الٰہی یہ بت پرستی کا سلسلہ کب تک میرے اندر جاری رہے گا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے بیت اللہ اب وہ وقت قریب آ گیا ہے کہ تجھے بتوں اور بت پرستوں سے پاک کیا جائے گا۔ میں عنقریب ایک نور حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ مبعوث فرماؤں گا جو تجھے بتوں کی نجاست سے پاک و صاف کر دے گا اور اس کی امت

میں ایسے آدمی پیدا کروں گا جو تیری طرف یوں دوڑ کر آئیں گے جیسا کہ مادہ پرندہ اپنے انڈوں کی طرف دوڑتی ہے۔ (مدارج النبوۃ، جلد اول)

## زمانہ نبوی کا پہلا کنجی بردار

جب حضور نبی رحمت ﷺ نے بیت اللہ شریف کو بتوں کی نجاست سے پاک فرما دیا تو آپ نے بیت اللہ کے کنجی بردار عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ کو بلا کر فرمایا کہ بیت اللہ (کعبہ) کی چابی لے آؤ چابی ان کی والدہ کے پاس تھی۔

جن کا نام سلافہ بنت سعد تھا۔ عثمان اپنی والدہ کے پاس گئے اور ان سے چابی مانگی والدہ نے چابی دینے سے انکار کر دیا عثمان نے کہا واللہ چابی دے دو۔ ورنہ تلوار سے قتل کر دوں گا ماں نے چابی دے دی اور عثمان بن طلحہ نے چابی حضور نبی رحمت ﷺ کے حوالے کر دی۔

سبحان اللہ ایک وہ وقت تھا کہ انہی عثمان سے ایک مرتبہ حضور ﷺ نے چابی مانگی تو عثمان آپ سے سخت کلامی سی پیش آیا اور چابی دینے سے انکار کر دیا تو اس وقت آپ نے فرمایا تھا اے عثمان خداوند کریم ایک دن ایسا بھی لائے گا کہ تو دیکھے گا کہ یہی چابی میرے ہاتھ میں ہوگی اور اس وقت میں جس کو چاہوں گا اسے عطا کروں گا۔ مگر آج وہی عثمان ہے جو مجبور ہو کر چابی دست اقدس میں دے رہا ہے۔ جب عثمان چابی دینے لگتا ہے تو اسے حضور نبی رحمت ﷺ کا وہ پہلا فرمان مبارک عثمان یہ چابی ایک دن میرے ہاتھ میں ہوگی یاد آ جاتا ہے تو فوراً کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو جاتا ہے؟ اور پھر آپ اس پر شفقت فرماتے ہوئے یہ چابی اسے واپس دے دیتے ہیں اور فرماتے ہیں عثمان یہ چابی لے لو اور قیامت تک یہ چابی تمہارے خاندان میں رہے گی اور تمہارے خاندان سے کوئی چابی نہ لے گا۔ (مدارج النبوۃ، جلد اول)

# باب پنجم

# مدینۃ المنورہ

☆ زمانہ رسالت میں پہلا مرتد؟

☆ منافقوں کا پہلا مرکز

☆ حضور ﷺ کی سواری کا پہلا دراز گوش

☆ مدینۃ منورہ میں پہلی سکونت

☆ حضور کا (پہلا امتی)

☆ قُبا میں پہلی مسجد

☆ پہلی مسجد جمعہ

☆ مدینہ منورہ میں پہلا جمعہ

☆ مدینہ منورہ میں پہلی مسجد کی تعمیر

☆ مسجد نبوی شریف کی پہلی حد

☆ پہلی درسگاہ

☆ پہلی محراب نبوی

☆ مسجد نبوی شریف میں پہلا چراغ

☆ مسجد نبوی شریف کا پہلا فرش

☆ مسجد الاجابہ شریف مین پہلی دعا

☆ مدینہ منورہ میں پہلی خندق

☆ قبلہ اول

☆ پہلی بشارت جنت

☆ جبل احد پر پہلی قبر

☆ گنبد خضرا کی پہلی تعمیر

# زمانہ رسالت میں پہلا مرتد؟

(۱) قبیلہ بنی مذلج جس کا رئیس ''اسود عنسی'' تھا جو ''ذوالحمار'' کے لقب سے مشہور تھا حضور ﷺ نے حضرت معاذ بن جبل اور یمن کے سرداروں کو فرمان بھیجا کہ مرتدین سے جہاد کریں چنانچہ فیروز ویلمی کے ہاتھ سے اسود عنسی قتل ہوا اور اس کی جماعت بکھر گئی اور حضور علیہ الصلاۃ والسلام کو بستر علالت پر یہ خوشخبری سنائی گئی کہ اسود عنسی قتل ہو گیا ہے۔اس کے دوسرے ہی دن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا وصال ہو گیا۔

(۲) قبیلہ بنو حنیفہ جس کا سردار ''مسیلمۃ الکذاب'' تھا جس سے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جہاد فرمایا اور لڑائی کے بعد حضرت وحشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ سے مسیلمہ الکذاب مقتول ہوا اور اس کا گروہ کچھ قتل ہو گیا اور کچھ دوبارہ دامن اسلام میں آ گئے۔

(۳) قبیلہ بنو اسد، جس کا امیر طلحہ بن خویلد تھا۔حضور اقدس ﷺ نے اس کے مقابلہ کے لئے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیجا اور جنگ کے بعد طلحہ بن خویلد شکست کھا کر ملک شام بھاگ گیا مگر پھر دوبارہ اسلام قبول کر لیا اور آخری دم تک اسلام پر ثابت قدم رہا اور اس کی فوج کچھ کٹ گئی کچھ تائب ہو کر پھر دوبارہ مسلمان ہو گئے۔

# منافقوں کا پہلا مرکز

منافقین کو یہ تو جرأت ہوتی نہ تھی کہ علانیہ اسلام کی مخالفت کرتے مگر وہ لوگ درپردہ اسلام کی بیخ کنی میں ہمیشہ مصروف رہتے اور اس کوشش میں لگے رہتے تھے کہ مسلمانوں میں اختلاف و پھوٹ ڈال کر اسلام کو نقصان پہنچائیں۔ چنانچہ اس مقصد کی تکمیل کے لئے جہاں ان بے ایمانوں نے دوسری بہت سی فتنہ سامانیاں برپا کر رکھی تھیں ان میں سے ایک واقعہ رجب ۹ ھ میں بھی رونما ہوا جو درحقیقت نہایت ہی خطرناک سازش تھی مگر

حضور اکرم ﷺ کو اللہ عزوجل نے منافقین کی اس خوفناک مہم سے بذریعہ وحی آگاہ فرمادیا اور دشمنان اسلام کی ساری سکیموں پر پانی پھر گیا۔

اس کا واقعہ یہ ہے کہ رجب ۹ھ میں حضور اقدس ﷺ کو یہ اطلاع ملی کہ ''تبوک'' کے میدان میں جو مدینہ منورہ سے چودہ منزل پر دمشق کے راستہ پر واقع ہے۔ ''ہرقل'' شاہ روم مسلمانوں کے مقابلہ کیلئے لشکر جمع کر رہا ہے آپ نے عرب میں سخت گرمی اور قحط کے باوجود جہاد کے لئے اعلان فرمادیا اور مسلمان جوق در جوق شوق جہاد میں مدینہ کے اندر جمع ہونے لگے۔

ابھی نبی اکرم ﷺ تیاریوں ہی میں مصروف تھے کہ منافقین نے وقت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے سوچا کہ مسجد ''قبا'' کے مقابلہ میں اس حیلہ سے ایک مسجد تیار کریں جو لوگ کسی عذر کی وجہ سے مسجد نبوی میں نہ جاسکیں وہ لوگ یہاں نماز پڑھ لیا کریں اور منافقوں کا خاص مقصد یہ تھا کہ اس مسجد کو اسلام کی تخریب گاری کے لئے اڈا بنا کر اور اس میں جمع ہو کر اسلام کے خلاف سازشیں کرتے اور سکیمیں بناتے رہیں اور شاہ روم کی خفیہ امداد اور اسلحہ وغیرہ کے ذخیروں کا اس مسجد کو مرکز بنائیں اور یہیں سے اسلام کے خلاف ریشہ دوانیوں کا جال پورے عالم اسلام میں بچھاتے رہیں۔ یہ سوچ کر منافقین خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور کہنے لگے کہ ہم لوگوں نے ضعیفوں اور کمزوروں کے لئے قریب ہی میں ایک مسجد بنائی ہے اب ہماری تمنا ہے کہ حضور وہاں چل کر اس میں نماز پڑھ دیں تو وہ مسجد عنداللہ مقبول ہو جائے گی۔ آپ نے فرمایا کہ اس وقت تو میں ایک بہت ہی اہم جہاد کے لئے مدینہ سے باہر جا رہا ہوں واپسی پر دیکھا جائے گا۔

مگر جب آپ بخریت اور فتح و کامرانی کے ساتھ مدینہ واپس تشریف لائے تو وحی الٰہی کے ذریعہ اس مسجد کی تعمیر کا حقیقی سبب آپ کو معلوم ہو چکا تھا اور منافقین کی خفیہ اور خطرناک سازش بے نقاب ہو چکی تھی چنانچہ آپ نے مدینہ منورہ پہنچتے ہی سب سے پہلے یہ

کام کیا کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان کی ایک جماعت کو یہ حکم دے کر وہاں بھیجا کہ وہ وہاں جائیں اور اس مسجد کو آگ لگا کر خاک سیاہ کر دیں۔

چونکہ اس مسجد کی بنیاد حقیقۃ تقویٰ اور للّٰہیت کی جگہ تفریق بین المسلمین اور تخریب اسلام پر رکھی گئی تھی اس لئے بلاشبہ وہ اس کی مستحق تھی کہ اس کو جلا کر برباد کر دیا جائے اور درحقیقت اس تخریب کاری کے اڈا کو مسجد کہنا حقیقت کے خلاف تھا اس لئے قرآن مجید نے اس حقیقت حال کو ظاہر کرتے ہوئے اعلان فرما دیا کہ یہ مسجد تقویٰ نہیں بلکہ ''مسجد ضرار'' کہلانے کی مستحق ہے۔

ملاحظہ فرمایئے اس مسجد کے بارے میں قرآن مجید کے غضب ناک تیور اور پر جلال الفاظ:

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّ كُفْرًا وَّتَفْرِيْقًام بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ مِنْ قَبْلُ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَا اِلَّا الْحُسْنٰى وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ o لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ o(پ ۱۱، التوبۃ:۱۰۷۔۱۰۸)

ترجمہ: :اور وہ جنہوں نے مسجد بنائی نقصان پہنچانے کو اور کفر کے سبب اور مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے کو اور اس کے انتظار میں جو پہلے سے اللہ اور اس کے رسول کا مخالف ہے اور وہ ضرور قسمیں کھائیں گے کہ ہم نے تو بھلائی چاہی اور اللہ گواہ ہے کہ وہ بیشک جھوٹے ہیں اس مسجد میں تم کبھی کھڑے نہ ہونا بیشک وہ مسجد کہ پہلے دن سے جس کی بنیاد پرہیز گاری پر رکھی گئی ہے وہ اس قابل ہے کہ تم اس میں کھڑے ہو۔ اس میں وہ لوگ ہیں کہ خوب ستھرا ہونا چاہتے ہیں اور ستھرے لوگ اللہ کو پیارے ہیں۔ (کنز الایمان)

# حضور ﷺ کی سواری کا پہلا دراز گوش

یہ بھی انبیاء اور رسولوں کی سواری ہے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ملکیت میں بھی دراز گوش تھے۔ ایک کا نام "عفیر" اور دوسرا کا نام "یعفور" تھا۔ روایت ہے کہ "یعفور" آپ کو خیبر میں ملا تھا اور اس نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کلام کیا تھا کہ یا رسول اللہ! میرا نام "زیدہ بن شہاب" ہے اور میرے باپ دادوں میں ساٹھ ایسے گدھے گزرے ہیں جن پر نبیوں نے سواری فرمائی ہے اور آپ بھی اللہ کے نبی ہیں لہٰذا میری تمنا ہوگئی کہ آپ کے بعد دوسرا کوئی میری پشت پر نہ بیٹھے چنانچہ اس چوپائے کی تمنا پوری ہوگئی کہ آپ کی وفات اقدس کے بعد "یعفور" شدت غم سے نڈھال ہو کر ایک کنویں میں گر پڑا اور فوراً ہی موت سے ہمکنار ہو گیا۔ یہ بھی روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام "یعفور" کو بھیجا کرتے تھے کہ فلاں صحابی کو بلا کر لاؤ تو یہ جاتا تھا اور صحابی کے دروازے کو اپنے سر سے کھٹکھٹاتا تھا تو وہ صحابی یعفور کو دیکھ کر سمجھ جاتے تھے کہ حضور نے مجھے بلایا ہے چنانچہ وہ فوراً ہی یعفور کے ساتھ دربار نبوی میں حاضر ہو جایا کرتے تھے۔ حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص اونی کپڑا پہنے گا اور بکری کا دودھ دوہے گا اور گدھے کی سواری کرے گا اس میں بالکل ہی تکبر نہیں ہوگا۔ (تفسیر روح البیان ج ۵، پ ۱۴، النحل: ۸)

# مدینہ منورہ میں پہلی سکونت

یہ مقدس شہر کب سے آباد ہوا؟ اس سلسلے میں علامہ سمہودی علیہ الرحمۃ کی تحقیق یہ ہے کہ نوح علیہ السلام کے طوفان کے بعد سب سے پہلے یہی بستی آباد ہوئی۔ (خلاصۃ الوفاء)

حدیث ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جب کشتی نوح علیہ السلام سے ۱۸۰ افراد اترے جہاں انہوں نے قیام کیا۔ وہ جگہ سوق الثمانین کہلائی، یہ لوگ وہاں بڑھے تو ۷۲ زبانوں میں منقسم

ہو گئے۔ ان میں سے ایک جماعت نے بذریعہ الہام عربی زبان وضع کی اور سرزمین مدینہ پاک میں سکونت اختیار کی۔ انہیں لوگوں نے سب سے پہلے یہاں زراعت کی اور کھجور کے درخت لگائے انہیں عمالقہ کہا جاتا ہے۔ (وفائالوفاء، خلاصۃ الوفاء، جذب القلوب)

سب سے پہلے عوض کا بیٹا عبیل یثرب میں آباد ہوا (اس سے معلوم ہوا کہ یثرب اس سے پہلے تھا) یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہاں سب سے پہلے یثرب بن فائتہ بن میلائل بن ارم بن عبیل بن عوص بن سام بن نوح علیہ السلام آباد ہوا۔ اسی وجہ سے یہ یثرب کہلایا۔ علامہ سمہودی کے اس بیان سے اس مقدس شہر کی تاریخ کا پتہ چلتا ہے۔ (خلاصۃ الوفاء)

حدیث: ابی منذر فرماتے ہیں انہیں سلیمان بن عبداللہ بن حنظلہ نے بیان کیا کہ جب سیدنا موسیٰ علیہ السلام حج بیت اللہ کے لیے آئے تو مدینہ منورہ سے گزر ہوا۔ اس مقام پر انہوں نے نبی کریم ﷺ کے شہر ہونے کے آثار پائے (خلاصۃ الوفاء)

علامہ سمہودی صاحب وفاء الوفاء نے دوسری روایت یہ بھی بیان کی ہے کہ جب حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام دونوں بھائی بیت اللہ کے لیے آئے تو دونوں نے مدینہ منورہ میں قیام فرمایا۔ ان دنوں یہ شہر یہود کا مرکز تھا۔ احتیاط کے طور پر دونوں بھائیوں نے احد شریف کی چوٹی پر قیام کا منصوبہ بنایا۔ احد شریف پر ہی سیدنا ہارون علیہ السلام کا انتقال ہوا۔ ابوالنصر علامہ منظور احمد شاہ صاحب فرماتے ہیں کہ الحمدللہ ۱۹۶۳ء کی حاضری میں مجھے سیدنا ہارون علیہ السلام کی قبر انور کی زیارت نصیب ہوئی۔

صاحب تفسیر مظہری قاضی ثناء اللہ پانی پتی زیر آیۃ **اذا اتو علی واد النمل** فرماتے ہیں کہ سیدنا سلیمان علیہ السلام کا لشکر مدینۃ الرسول ﷺ سے گزرا۔ اور فرمایا **ھذا دار ھجرۃ نبی اخر الزمان طوبی لمن ان بہ** ترجمہ: یہ نبی آخر الزمان کی ہجرت گاہ ہے۔ مبارک ہے وہ جوان پر ایمان لایا۔ یہ واقعہ بھی تاریخ مدینہ پر روشنی ڈال رہا ہے۔

**وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ سید الانبیاء محمد الہ و صحبہ وسلم**

# پہلی مہمان نوازی کا شرف

جب حضور نبی کریم ﷺ ہجرت کر کے مدینہ منورہ پہنچے تو وہاں ہر ایک کی دلی تمنا تھی کہ حضور ﷺ کی مہمان نوازی کا شرف مجھے حاصل ہو، یہ شرف بالاخر حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حصہ میں آیا، حضور ﷺ نے ان کے مکان کے نچلے حصے یں قیام پسند فرمایا، ایک دن اتفاقاً اوپر چھت پر پانی سے بھرا ہوا گھڑا ٹوٹ گیا، چھت چونکہ بختہ نہ تھی، حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خیال آیا مبادا چھت ٹپکنے لگے اور پانی نیچے جائے تو حضور ﷺ کو تکلیف ہوگی، دونوں میاں بیوی کے پاس ایک ہی لحاف تھا اسے بہتے ہوئے پانی میں ڈال دیا تاکہ پانی اس میں جذب ہو جائے اس کے بعد میاں بیوی نے کونوں میں دبک کر رات بسر کی صبح حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور رات کا قصہ بیان کیا اور پھر درخواست کی کہ حضور (ﷺ) اوپر کی منزل پر تشریف رکھیں، چنانچہ حضور ﷺ نے اوپر ٹھہرنا قبول فرمالیا۔

(روح البیان جلد ۵ پارہ ۸ صفحہ ۳۵۳)

# حضور کا (پہلا امتی)

حضور سید عالم ﷺ کی جلوہ گری سے ایک ہزار سال قبل تبع اول حمیری مدینہ منورہ سے گزرا ہے۔ تبع اول اور اہل مدینہ اوس اور خزرج کے درمیان شدید جنگ رہی۔ تبع اول نے مدینہ پر چڑھائی کی اور اسے برباد کرنے کی قسم اٹھائی۔ علماء یہود نے کہا کہ تو ایسا نہیں کر سکے گا کیونکہ ہم نے اس کا نام تورات میں پڑھا ہے۔ یہ نبی آخر الزمان ﷺ کی بستی ہے۔ جو نبی اسماعیل میں سے ہوں گے۔ ہم یہاں سے نہیں جائیں گے۔ ہوسکتا ہے ہم اس نبی محترم کی زیارت کرلیں۔ ورنہ ہماری قبروں پر تو کبھی نہ کبھی ان کے جوڑوں کا غبار

پڑھی جائے گا۔ جو ہمارے لیے کافی ہوگا۔ اس نے سبھی علماء کی رہائش کا اہتمام کر دیا اور ایک خط لکھ کر بڑے عالم کو دیا اور کہا جب حضور ﷺ تشریف لائیں تو پیش کر دینا۔

"الی محمد بن عبدالله و نبی الله رسوله و خاتم النبین ﷺ من تبع الاول الحمیری اما بعد. فانی امنت بک و کتابک الذی انزل علیک و انا علی دینک و سنتک و امنت بربک و بکل ما جآء من ربک من شرائع الایمانِ والاسلام فان ادر کتک فیها والافاشفع لی و لا تنستی یوم القیامة فانی من امتک الاولین و ملة ابیک ابراهیم". (ثمرات الاوراق، وفاء الوفاء، جذب القلوب، مقدمہ میزان الادیان، بالفاظ متقاربہ حجۃ اللہ علی العلمین، تاریخ ابن عساکر)

ترجمہ: محمد بن عبداللہ، اللہ کے، نبی انبیاء کے خاتم رب العالمین کے فرستادہ ﷺ کی طرف تبع اول حمیری کی طرف سے میں آپ پر اور جو کچھ آپ کے رب کی طرف سے ایمان اور اسلام کے سلسلہ میں آیا، اس پر ایمان لایا ہوں۔ اگر میں آپ کا زمانہ پالوں تو بہتر ورنہ قیامت میں میری شفاعت فرمانا اور بھول نہ جانا میں آپ کا پہلا امتی ہوں۔ آپ کی آمد سے پہلے آپ پر ایمان لایا ہوں اور بیعت کی ہے میں آپ کے اور آپ کے باپ ابراہیم علیہ السلام کے دین پر ہوں۔

پھر اس خط کو بند کیا۔ سنہری مہر لگا کر بڑے عالم ربانی کے سپرد کیا۔ اور وصیت کی کہ یہ خط حضور ﷺ کے سپرد کر دیا جائے۔ چنانچہ ایک ہزار سال بعد اس غلام کی نسل میں سیدنا ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے۔ جب حضور ﷺ کی جلوہ گری ہوئی۔

تو آپ نے یہ خط ابویعلیٰؓ کو دیا کہ حضور ﷺ کے سپرد کر دیں۔ حضور ﷺ نے ابویعلیٰؓ کو دیکھتے ہی فرمایا۔ حدیث: ابویعلیٰ تو ہے؟ عرض کی جی ہاں! فرمایا تبع اول کا خط جو

میرے نام ہے مجھے دے دو، ابویعلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ میں یہ سن کر حیران رہ گیا کہ اس سے قبل میں آپ ﷺ کو پہچانتا نہ تھا۔ میں نے عرض کیا آپ کی صورت مبارک کاہنوں جیسی نہیں پھر آپ نے مجھے کیسے پہچان لیا۔ فرمایا میں محمد رسول اللہ ہوں ''لاؤ وہ خط'' جب میں نے خط دیا تو پڑھ کر تین بار فرمایا ''مرحبا بالتبع ھو حبا بالاخ الصالح'' ترجمہ: تبع جی آیاں نوں۔ (مدینۃ الرسول صفحہ ۳۸)

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ سید الانبیاء محمد الہ و صحبہ وسلم

## قُبا میں پہلی مسجد

ہجرت مدینہ کے بعد سے پہلا کام جو وادی قبا میں حضور ﷺ نے کیا وہ اس مقدس مسجد کی تعمیر ہے۔ سید عالم ﷺ نے کلثوم بن ہدم سے یہ خطہ لیا۔ حضور ﷺ نے اہل قبا سے فرمایا پتھر اٹھا لاؤ۔ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا میرے پتھر کے ساتھ پتھر رکھو۔ پھر عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے فرمایا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پتھر کے ساتھ پتھر رکھو۔ پھر عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پتھر کے ساتھ پتھر رکھو۔ پھر اہل قبا سے فرمایا اس طرح ساتھ ساتھ پتھر جوڑتے چلو۔ آپ ﷺ نے اپنے عصا مبارک سے قبلہ کی سمت کا تعین فرمایا۔ اس طرح تعمیر مسجد میں حضور سید عالم ﷺ نے مکمل حصہ لیا۔ ستمبر ۶۲۲ء میں سنگ بنیاد رکھا گیا۔ شموس بنت نعمان فرماتی ہیں کہ انہوں نے حضور سید عالم ﷺ کو تعمیر مسجد قبا میں پتھر اٹھاتے دیکھا اور مٹی کے اثرات آپ کے جسم اطہر پر نمایاں تھے۔ (خلاصۃ الوفاء ص ۲۶۱)

تعمیر مسجد میں حضور سید عالم ﷺ خود بھی مزدوروں کی طرح بھاری بھاری پتھر اٹھا کر لاتے۔ خدام عرض کرتے حضور ہمارے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ ہم اٹھا لیں گے آپ چھوڑ دیں۔ آپ ان کی درخواست قبول فرماتے لیکن آپ پھر اسی وزن کا دوسرا پتھر اٹھا لیتے۔ (سیرۃ النبیؐ بحوالہ وفاء الوفاء)

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضور سید عالم ﷺ نے بنی عمر بن عوف کے ہاں تین دن قیام فرمایا پھر اس مکان کو مسجد میں بدل دیا۔

حدیث: ابن زبالہ لکھتے ہیں یہ جگہ کلثوم بن ہدم کی ملکیت تھی وہ یہاں کھجوریں خشک کیا کرتے تھے۔ تو حضور سید عالم ﷺ نے ان سے یہ جگہ لے کر مسجد تعمیر کروائی۔

(سنن نبویہ ابن ہشام، ج ۲ ص ۱۳۸)

اسی مسجد تقویٰ کے حق میں یہ آیہ کریمہ نازل ہوئی۔

آیت ۹: لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ٥

ترجمہ: جس مسجد کی بنیاد تقوی پر رکھی گئی ہے وہ مسجد پوری مستحق ہے کہ آپ اس میں جا کر کھڑے ہوں۔

آیت ۱۰: فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ٥

اس مسجد میں ایسے مرد ہیں جو ظاہری اور باطنی طہارت اور پاکی کو پسند کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ بھی ایسے پاک رہنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

## پہلی مسجد جمعہ

محلہ بنی سالم کی یہ مقدس مسجد جس میں سید الانبیاء ﷺ نے نماز جمعہ پڑھائی ہے مسجد عاتکہ کے نام سے مشہور تھی۔ حضور ﷺ کے نماز جمعہ پڑھانے پر مسجد جمعہ ہوئی۔

(خلاصۃ الوفاء ۲۶۷ اخبار مدینۃ الرسول ۶۸)

اس مسجد شریف کی دیوار پر یہ کندہ تھا امر بھناء هذا المسجد امیر المومنین ملک مظفر۔ اس مسجد کی جدید تعمیر ملک مظفر نے کرائی۔ خلاصۃ الوفاء کے اسی عنوان مسجد جمعہ کے پڑھنے اور تقدم و تاخر پر غور کرنے سے یہ بات واضح ہوتی ہے۔ یہ مسجد جمعہ وہی مسجد ہے جس کی امامت کے فرائض سیدنا عتبان بن مالکؓ انجام دیتے رہے۔

یہ وادی۔ وادی رانوناء کے نام سے مشہور تھی۔ اس وادی میں جو ٹیلے تھے وہ اطم عتبان بن مالک کے نام سے مشہور تھے۔ دور سے زیارت تو اس مسجد پاک کی بارہا نصیب ہوئی۔ مگر نوافل اور سجدہ ریزی کا شرف ۱۹۸۰ء کی حاضری میں غزالی وقت سیدی علامہ سید احمد سعید کاظمی کی معیت میں ملا۔ (از علامہ سید منظور احمد شاہ صاحب)

## مدینہ منورہ میں پہلا جمعہ

قباء شریف میں چند روز قیام کے بعد حضور سید عالم ﷺ جمعہ کے دن مدینہ منورہ کے لیے روانہ ہوئے جب آپ وادی بنی سالم میں پہنچے تو نماز جمعہ کا وقت ہو گیا۔ آپ نے وہیں نماز جمعہ ادا فرمائی۔ حضور سید عالم ﷺ نے مدینہ منورہ میں پہلا جمعہ ادا فرمایا ہے، ورنہ جمعہ کی فرضیت کا حکم پہلے نازل ہو چکا تھا۔

حدیث: سن ۱۲ھ نبوی میں اسعد بن زرارہؓ نے مدینہ منورہ میں جمعہ قائم کیا۔ یہ حضور ﷺ کے گرامی نامہ کی روشنی میں قائم کیا گیا جو آپ نے مصعب بن عمیر کے نام مکہ مکرمہ سے لکھا تھا۔ (سیرۃ المصطفٰے ج ۱ ص ۲۴۸)

## مدینہ منورہ میں پہلی مسجد کی تعمیر

حضور سید عالم ﷺ نے مدینہ منورہ میں قیام فرمانے کے بعد پہلا کام جو فرمایا وہ اس مقدس مسجد، مسجد نبوی شریف کی تعمیر ہے۔ زمین کا یہ قطعہ جہاں یہ مسجد شریف موجود ہے۔ یہ دو یتیم بچوں سہل اور سہیل کی ملکیت تھا۔ یہاں مشرکین کی قبریں تھیں۔ زمین ناہموار تھی۔ یہ دونوں بچے سیدنا السعد بن زرارہؓ کے زیر کفالت تھے۔ اس قطعہ میں کھجوریں خشک کی جایا کرتی تھیں۔ حضور سید عالم ﷺ نے بچوں سے فرمایا یہ قطعہ اراضی ہمیں فروخت کر دو، تاکہ یہاں مسجد تعمیر کی جا سکے۔ بچوں نے بصد ادب و نیاز عرض کی آقا یہ اراضی ہماری

طرف سے بطور نذرانہ قبول فرمائیے تو حضور سید عالم ﷺ نے ان کی اس پیش کش کو شرف قبولیت سے نہ نوازا۔ بالآخر قیمت ادا کر کے یہ قطعہ خرید لیا گیا۔ دس ہزار دینار سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ادا کیے اور ربیع الاول ۱ھ مطابق اکتوبر ۶۲۲ء میں مسجد کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔ (مدینۃ الرسول)

## مسجد نبوی شریف کی پہلی حد

حضور سید عالم ﷺ نے جو حد متعین فرمائی تھی ترک حکومت نے اس کا نشان قائم رکھا ہے۔ حرم شریف کے اندر کا سرخ حصہ ترکوں کا تعمیر کردہ ہے۔ سرخ ستونوں کی لائن کے اوپر کے حصہ پر جو جنوباً، شمالاً واقع ہے۔ سنہری قسم کا ہار بنا دیا گیا ہے۔ یہ لائن حد بندی کی نشاندہی کرتی ہے۔ حرم شریف کے اس درمیانی برآمدہ میں بیٹھیں جہاں سے گنبد خضریٰ کی زیارت نمایاں ہوتی ہے۔ ستونوں کے اوپر کے حصہ کو دیکھیں گے تو یہ نشان نمایاں نظر آئے گا۔ سفید ستونوں کی عمارت سعودی حکومت کی تیار کردہ ہے۔ (مدینۃ الرسول)

## پہلی درسگاہ

صفہ کے معنی، سائے بان، سایہ دار جگہ کے ہیں۔ یہی پہلی دینی درسگاہ ہے۔ یہی پہلی اسلامی یونیورسٹی ہے جس کے معلم اول خود حضور سید عالم ﷺ ہیں۔ جب تحویل قبلہ کا حکم نازل ہوا اور مسجد نبوی کا رخ بیت اللہ شریف کی طرف ہوا۔ تو بیت المقدس کی طرف کی دیوار اور اس سے ملحقہ جگہ ان فقراء و مساکین کے لیے مختص کر دی گئی جن کے پاس اپنا مکان نہ تھا یہی جگہ صفہ کے نام سے مشہور ہوئی۔ باب جبرئیل سے حرم انور میں داخل ہوں تو مقام تہجد کے مقابل دائیں طرف یہ جگہ واقع ہے اس کی پیمائش ۴۰×۴۰ ہے۔

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی یہ جماعت دینی تعلیم کے حصول۔ اصلاح احوال۔ تزکیہ نفوس۔ تطہیر قلوب کی خاطر صبح وشام اسی جگہ رہتی۔ دنیوی کاروبار۔ کھیتی باڑی، تجارت ایسے مشاغل قطعی نہ تھے۔ اصحاب صفہ کے فقر و فاقہ اور مسکنت کا ذکر ایک مقام پر سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس طرح فرمایا۔

حدیث: ان لوگوں کے پاس چادر تک نہ تھی فقط تہبند یا ایک کمبل پر انحصار تھا وہ بھی اس قدر چھوٹا کسی کی پنڈلی تک، کسی کی آدھی پنڈلیوں تک، چادر کے دونوں کونوں کو ہاتھ سے تھاما کرتے تھے کہ شرمگاہ نہ کھل جائے۔ (بخاری شریف ج۱ص۶۳)

آپ فرماتے ہیں یہ لوگ اسلام کے مہمان تھے نہ ان کا گھر تھا نہ ٹھکانہ۔ حضور سید عالم ﷺ کے پاس جب کہیں سے صدقہ پہنچتا تو آپ اصحاب صفہ کے ہاں بھجوا دیتے۔ اگر کہیں سے ہدیہ پہنچتا تو خود بھی کچھ تناول فرماتے اور اصحاب صفہ کو بھی شریک کر لیتے۔ (مدینۃ الرسول)

# پہلی محراب نبوی

پہلی محراب: تحویل قبلہ کا حکم نازل ہونے کے بعد متعدد ایام تک حضور سید عالم ﷺ ستون حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے سامنے کھڑے ہو کر امامت فرماتے رہے پھر ستون حنانہ کی جگہ کو شرف قیام سے نوازا۔ یہ محراب مقدس اسی جگہ پر بنی ہوئی ہے۔ اس کی ابتداء ولید بن عبدالملک کے زمانہ میں ہوئی۔ حضور ﷺ کے وصال کے بعد سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس طرح محفوظ فرمایا کہ آپ کے قدمین شریفین کی جگہ کے علاوہ باقی ساری جگہ دیوار میں دے دی تا کہ آپ کی سجدہ گاہ لوگوں کے قدموں سے محفوظ رہ سکے۔ اب اگر وہاں نماز پڑھنا نصیب ہو تو نمازی کا سر حضور ﷺ کے مقدس قدموں کی جگہ پر ہو گا۔

اس وقت اس محراب مقدس پر آب زر سے خوبصورت مینا کاری کی گئی ہے۔ بار بار دیکھنے سے بھی زائر کا جی نہیں بھرتا۔ دونوں طرف سرخ سنگ مرمر کے ستون ہیں پیشانی پر یہ آیت کندہ ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ. یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

اس محراب مقدس پر تاریخ تعمیر ۸۱۲ھ مرقوم ہے۔ یہ سلطان شرف ابو النصر کے دور کی تعمیر ہے۔ یہ مقدس محراب ''محراب نبوی'' کے نام سے متعارف ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو وہاں نماز کی سعادت نصیب فرمائے۔ امین۔ (مدینۃ الرسول)

## مسجد نبوی شریف میں پہلا حادثہ

یکم رمضان شریف ۶۵۴ھ میں مسجد نبوی شریف میں آگ لگ جانے کا سنگین حادثہ پیش آیا۔ یہ دردناک واقعہ ابو بکر بن اوحد فراش کے ہاتھوں پیش آیا۔ چراغ کا گل نیچے گرا جس سے آگ کے شعلے بھڑک اٹھے حتیٰ کہ چھت تک پہنچ گئے۔ اس حادثہ کی خبر سن کر مدینۃ الرسول کا امیر موقع پر پہنچ گیا۔ عوام بھی کثیر تعداد میں جمع ہو گئے مگر آگ پر قابو نہ پایا جا سکا۔ آگ نے ایسی تباہی مچائی کہ چھت، منبر نبوی، دروازے، صندوق، کتابیں، قرآن مجید کے متعدد نسخے، حجرہ مقدسہ کا غلاف سبھی جل گئے۔ علامہ قسطلانی فرماتے ہیں ان دنوں حجرہ شریف کے گیارہ غلاف تھے۔ یہ آگ قہر الٰہی کا عجیب نمونہ پیش کر رہی تھی۔ اگ بجھنے پر اہل مدینہ نے سجدہ شکر ادا کیا۔ وہ ڈر رہے تھے کہ اگر آگ کا زور اسی طرح رہا تو اہل مدینہ کس طرح محفوظ رہ سکیں گے۔ اہل مدینہ منورہ نے اپنے محفوظ رہنے کو حضور ﷺ کے پڑوس کی برکت فرمایا۔ پھر یہ واقعہ معتصم باللہ کو لکھا گیا تو اس نے ۶۵۵ھ کے اوائل میں پھر مسجد کی جدید تعمیر کروائی۔ (خلاصۃ الوفاء ص ۲۲۴)

# مسجد نبوی شریف میں پہلا چراغ

حدیث: قرطبی اپنی شہرہ آفاق تفسیر میں روایت کرتے ہیں کہ تمیم داری شام سے قندیلیں لائے اور جمعرات کو مدینہ منورہ پہنچے اپنے غلام ابو براده سے فرمایا کہ یہ قندیلیں مسجد شریف میں لٹکا دیں اوران میں تیل بتی ڈالیں چنانچہ غروب آفتاب کے بعد یہ تمام قنادیل روشن کردی گئیں۔ حضور سید عالم ﷺ تشریف لائے تو مسجد شریف جگمگارہی تھی فرمایا یہ کس نے کیا عرض کی گئی تمیم داری نے فرمایا اسلام روشن ہو گیا یا تو نے اسلام کو روشن کر دیا۔ (خلاصۃ الوفاء ص ۲۳۶)

# مسجد نبوی شریف کا پہلا فرش

اما تحصیب المسجد و فی سنن ابو داود عن ابی الولید قال سئالت ابن عمر عن الحصاد التی فی المسجد فقال مطر ناذات لیلة فاصبحت الارض سنبلة فجعل الرجل یاتی بالحصاء فی توبه فیبسطه تحته فلما قصیٰ رسول الله ﷺ قال ما احسن هذا. (خلاصة الوفاء ص ۲۳۶)

مسجد مبارک میں کنکریوں کے متعلق سنن ابوداؤد میں ابوالولید سے ہے۔ انہوں نے کہا میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کنکریوں کے متعلق دریافت کیا تو فرمایا ایک رات بارش کے سبب زمین بھیگ گئی تو جو آتا اپنے دامن میں کنکریاں لے آتا اور کپڑوں کے نیچے ڈال لیتا۔ حضور ﷺ نے نماز سے فارغ ہو کر فرمایا یہ کتنا اچھا ہو گیا۔ (مدینۃ الرسول)

وصی الله علی حبیبه سید الانبیاء محمد واله وصحبه وسلم

# مسجد الاجابہ شریف میں پہلی دعا

یہ مسجد مبارک معاویہ بن مالک نے تیار کی۔ اس مسجد مقدس کو بھی یہ شرف حاصل ہے کہ حضور سید عالم ﷺ نے یہاں نماز ادا فرمائی۔ صحیح مسلم شریف میں عامر بن سعد سے ہے۔

حدیث:ان رسول اللہ ﷺ اقبل ذات یوم من العالیۃ حتی اذمر بمسجد بنی معاویہ دخل فرکع رکعتین و صلینا معہ و دعا ربہ طویلا ثم انصرف الینا فقال سالت ربی ثلاثا ف عطالی ثنین و منعنی واحدا.

(الیٰ آخرالحدیث،خلاصۃ الوفاءص ۲۷۰)

ترجمہ: حضور سید عالم ﷺ ایک دن عالیہ کی طرف سے تشریف لائے جب مسجد بنی معاویہ سے گزرے تو آپ نے وہاں دو رکعت نماز ادا فرمائی۔ہم نے بھی اقتداء کی آپ نے اپنے رب کریم سے طویل دعا کی پھر ہماری طرف متوجہ ہو کر فرمایا: میں نے اپنے رب کریم سے تین دعائیں مانگیں،دو قبول فرمائیں،ایک سے روک دیا۔

نمبر۱: یا اللہ میری امت قحط سالی کے سبب ہلاک نہ ہو۔(قبول ہوئی)

نمبر۲: یا اللہ تعالیٰ میری امت غرق ہونے سے ہلاک نہ ہو۔(قبول ہوئی)

نمبر۳: یا اللہ میری امت آپس میں نہ لڑے۔(منع فرما دیا گیا)

حدیث: جابر بن عتیک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بنی معاویہ میں آئے اور فرمایا تمہیں معلوم ہے حضور ﷺ نے تمہاری اس مسجد میں نماز کس جگہ ادا فرمائی تھی۔میں نے اشارہ کر کے وہ جگہ بتا دی پھر فرمایا تمہیں معلوم ہے حضور ﷺ نے اس مقام پر کونسی تین دعائیں مانگی تھیں۔میں نے کہا جی ہاں معلوم ہیں۔

وصی اللہ علی حبیبہ سید الانبیاء محمد و الہ وصحبہ وسلم

حدیث: محمد بن طلحہؒ فرماتے ہیں حضور ﷺ نے مسجد نبی معاویہ میں محراب شریف کی دائیں جانب نماز ادا فرمائی تھی۔چونکہ اس مسجد میں دعاؤں کی قبولیت ہوتی ہے اس بنا پر اس کا نام (مسجد اجابہ) ہے۔(مدینۃ الرسول)

# مدینہ منورہ میں پہلی خندق

۵ھ میں ابوسفیان نے دس ہزار فوجیوں کو لے کر مسلمانوں کے استحصال وتباہ و برباد کرنے کے لیے مدینہ منورہ پر حملہ کی غرض سے روانہ ہوا۔ جب یہ خبر حضور سید عالم ﷺ تک پہنچی تو آپ نے صحابہ کرام سے اس مقابلہ کے سلسلہ میں مشورہ فرمایا سیدنا سلیمان فارسی رضی اللہ عنہ نے کھلے میدان میں لڑنے کی بجائے خندق کھودنے کا مشورہ دیا کہ خندق میں محفوظ رہ کر دشمن کا مقابلہ زیادہ اچھا ہوگا۔ (طبقات ابن سعد، ج ۲ص ۴۷)

اسی بنا پر ہی اس غزوہ کو غزوہ خندق کہا جاتا ہے۔ حضور سید عالم ﷺ نے خود خندق کھودنے کی حدود کا تعین فرمایا اور خط کھینچ کر دس دس آدمیوں پر دس دس گز زمین تقسیم فرمادی۔ (فتح الباری، ج ۷،ص ۳۰۰) (غزوہ الخندق) اس غزوہ کو غزوہ احزاب بھی کہ جاتا ہے۔ سورۃ الاحزاب میں اس کا ذکر موجود ہے۔

# قبلہ اول

مدینہ الرسول ﷺ میں سترہ ماہ تک بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی جاتی رہی۔ یہود نے طعنہ دیا کہ مسلمان ایسے ہی ہماری مخالفت کرتے ہیں مگر نماز ہمارے قبلہ کی طرف منہ کر کے پڑھتے ہیں۔ اگر ہم بُرے ہیں تو ہمارا قبلہ کیوں اختیار کیا گیا۔ حضور ﷺ چاہتے تھے کہ ہمارا قبلہ کعبہ ہو جائے۔ فروری ۶۲۴ء اور رجب شریف ۲ہجری کی پندرہ تاریخ پیر کے دن ظہر کے وقت جبریل امین دربار رسالت میں حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا جبریل میرا دل چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں کعبہ معظمہ کی جانب پھیر دے۔ جبریل علیہ السلام نے عرض کی حضور آپ اللہ تعالیٰ کے حضور بڑی عزت والے ہیں۔ آپ مستجاب الدعوات ہیں۔ دعا فرمائیں یہ کہہ کر جبریل امین علیہ السلام آسمانوں پر چلے گئے۔ آپ

آسمانوں کو بار بار دیکھ رہے تھے۔وحی کا انتظار ہے۔یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

آیت نمبر ۳۵:قد نریٰ تقلب وجهک فی السماء فلنولینک قبلت ترضها ہم دیکھ رہے ہیں ترا چہرہ (تحویل قبلہ کے لیے) بار بار وحی کے انتظار میں آسمانوں کی طرف اٹھتا ہے،ہم وہی قبلہ بنادیں گے جس سے تو راضی ہوگا۔

اس آیۃ کریمہ میں آپ کے انداز محبوبانہ کا ذکر فرمایا گیا ہے۔محبوب پاک کا یہ انداز اتنا پسند آیا ہے دوران نماز ہی تحویل قبلہ کا حکم اتار دیا۔تحویل قبلہ کی آیہ کریمہ سے واضح ہورہا ہے کہ رب قدوس جلد مجدہ رضائے مصطفیٰ کو نوازتا ہے۔

دوسری جگہ ارشاد ہورہا ہے ولسوف یعطیک ربک فترضی.

ترجمہ:اے حبیب کریم تجھے تیرا رب ایسا عطا کرے گا کہ تو راضی ہو جائے گا۔(مدینۃ الرسول)

## سب سے پہلے بشارت جنت

سیدنا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں میں دربانی کے فرائض انجام دے رہا تھا کہ اچانک کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا میں نے پوچھا کون؟ جواب ملا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔میں نے عرض کیا ٹھہریے میں حضور سید عالم ﷺ سے اجازت لے کر آتا ہوں۔میں نے بارگاہ رسالت میں عرض کی حضور صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ دروازہ پر حاضر ہیں۔اندر آنے کی اجازت چاہتے ہیں۔حضور ﷺ نے فرمایا۔اسے اندر بھی بلالو اور جنت کی بشارت بھی سنادو میں نے صدیق اکبر کو یہ خوشخبری سنائی تو آپ باغ کے اندر داخل ہوگئے اور حضور سید عالم ﷺ کی دائیں جانب کنوئیں میں پاؤں لٹکا کر بیٹھ گئے۔

(خلاصۃ الوفاء ص ۳۰۷ راحت القلوب ص ۱۵۹)

# جبل احد پر پہلی قبر

اس مقدس پہاڑ پر سیدنا ہارون علیہ السلام کا مزار پر انوار ہے۔ اس پہاڑ پر ایک غار بھی ہے جسے شعب ہارون کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ ابوالنصر سید منظور احمد شاہ فرماتے ہیں مجھے ۱۹۶۶ء میں اس مقدس پہاڑ کی مکمل تفصیلی زیارت کا موقعہ نصیب ہوا۔ ان دنوں وہاں جانے میں کوئی خاص رکاوٹ نہ تھی۔ سیدنا ہارون علیہ السلام کے مزار پاک پر حاضری دی۔ ابن نجار نے احد شریف پر ایک مسجد کا ذکر بھی کیا ہے جس میں حضور ﷺ نے نماز ادا فرمائی۔ احد شریف کے دامن میں ایک چھوٹی سی غار کی زیارت ہوئی جس کے اوپر والے پتھر میں انسانی سر کے برابر پتھر کے اندر گول نشان ہے۔ ہمیں بتایا گیا جنگ احد کی دوران حضور ﷺ آرام کرنے کے لیے بیٹھے تو سر مبارک کے اوپر کا پتھر نرم ہو گیا اور سر مبارک کا نشان پڑ گیا۔ (خلاصۃ الوفاء ص ۳۰۲)

# گنبد خضرا کی پہلی تعمیر

محبوب رب عرش ہے اس سبز قبہ میں
پہلو میں جلوہ گاہ عتیق و عمر کی ہے
چھائے ملائکہ ہیں لگا تار ہے درود
بدلے ہیں پہرے بدلی میں بارش در کی ہے

(اعلیٰ حضرتؒ)

☆ یہی وہ گنبد پاک ہے جو انوار و تجلیات کا عظیم مرکز ہے۔

☆ یہی وہ قبہ انور ہے جہاں صبح و شام ستر ہزار ملائکہ کا نزول ہوتا ہے۔

☆ یہی وہ مقدس خطہ ہے جس کی عظمت بیت اللہ شریف اور عرش الٰہی سے بھی زیادہ ہے۔

☆ یہی وہ پاک آستانہ ہے جس کے تصور کے ساتھ ہی مومن کی آنکھیں بہہ جاتی ہیں۔

☆ یہی وہ زیارت گاہ ہے جس کے شوق میں مومن ساری زندگی آہ وفغاں میں گزار دیتا ہے۔

☆ یہی وہ مقدس حصہ ہے جس کے ذکر پاک سے دل کی مرجھائی کلیاں کھل جاتی ہیں۔

☆ اس خطہ ارضی کے طفیل ہی سارا مدینہ، منورہ کہلایا، اسی کے صدقے ہی اس کی غبار خاک شفا بن گئی۔

☆ اسی حصہ ارضی کو حجرہ عائشہؓ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

☆ یہی وہ مقدس جگہ ہے جس کے متعلق کہا گیا ہے۔

ادب گاہیست زیر آسماں از عرش نازک تر
نفس گم کردہ می آید مسیحا و کلیم ایں جا

یہ گنبد پاک سیدہ عائشہ صدیقہؓ کے حجرہ مقدسہ پر ہے۔

# پہلا مرحلہ

واستمر ذالک الی سنه ثمان و سبعین فی ایام الملک المنصور قلادون الصالحی تدعملت تلک القبه وهی مربعة من اسفليها مثمنة من اعلاها باخشاب اقيمت علی روس السواری و من فوقها الواح الرصاص.

(وفاء الوفاء ص ۶۰۸ ج ۲)

سب سے پہلے تعمیر قبہ کی سعادت ملک منصور قلادون صالحی کو ملی۔ یہ ۶۷۸ھ میں ہوا۔ قبہ شریف نیچے سے مربع تھا اوپر سے آٹھ کونہ دیواروں پر لکڑی کے تختے قائم کیے گئے ان پر لکڑی کی تختیاں اوران پر سیسہ کی پلیٹیں لگائی گئیں۔ (مدینۃ الرسول)

# مدینۃ الرسول ﷺ میں رافضیوں کی پہلی شرارت

یہ بدترین ناپاک جسارت ۳۹۰ھ میں ہوئی۔ علامہ شیخ سمہودی نے وفاء الوفاء (ص ۱۷۴ ج ۱) شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ نے جذب القلوب کے صفحہ ۳۰ پر اس اندوہناک واقعہ کا ذکر فرمایا ہے۔ حرم نبی ﷺ کے رئیس الخدام شیخ شمس الدین فرماتے ہیں۔ ان کے ایک قریبی دوست کے مدینۃ الرسول ﷺ کے گورنر سے دوستانہ تعلقات تھے۔ شیخ کے دوست نے بتایا کہ ایک دفعہ حلب کے رافضیوں نے مدینہ منورہ کے گورنر کو بے پناہ تحائف اور نذرانے پیش کیے۔ ان کے پس پردہ سازش یہ تھی کہ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مقدس جسموں کو یہاں سے نکالا جائے۔ گورنر مدینہ نے ان سے متاثر ہو کر ایسا کرنے کی اجازت دے دی (معاذ اللہ) رئیس الخدام فرماتے ہیں مجھے یہ سن کر سکتہ طاری ہو گیا کہ دربار رسالت میں اتنی جسارت کا انجام کس قدر ہولناک ہو گا۔ میں اس سوچ بچار میں گم تھا کہ اچانک گورنر مدینہ کا مجھے پیغام ملا کہ آج رات زائرین کی ایک جماعت جو دور دراز کے سفر سے آئی ہے حرم نبوی میں داخل ہو گی، ان کی حاضری میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ کی جائے اور ان کی ہر طلب وضرورت کو پورا کیا جائے۔ مجھے یہ حکم سن کر مزید تکلیف ہوئی روتے روتے حالت بدل گئی۔ نہ معلوم یہ کون ہیں کیا کریں گے لمحہ بہ لمحہ درد بڑھ رہا تھا۔ نماز عشاء پڑھی گئی اور دروازے بند ہو چکے تھے کہ چالیس افراد کی ایک جماعت باب السلام کی طرف سے داخل ہونا شروع ہوئی۔ یہ لوگ کئی قسم کا سامان اپنے ساتھ لا رہے تھے۔ ٹوکریاں، کدالیں اور کھدائی کے دیگر آلات۔ یہ دیکھ کر اور زیادہ گھبراہٹ ہوئی یہ تو اپنی بدنیتی کی بنا پر آگے بڑھتے گئے۔ قدرت کی ایسی گرفت ہوئی کہ منبر شریف سے کچھ دور ہی تھے کہ ان فسادیوں کو زمین نے نگل لیا اور اس طرح وہ اپنے انجام کو پہنچ گئے۔ گورنر مدینہ منتظر تھا کہ وہ قافلہ کامیابی سے اس وقت واپس

ہوتا ہے۔ دیر ہو جانے پر گورنر نے سختی سے پوچھا سچ کہو میں نے پھر سے کہا وہ مجرم اپنے انجام کو پہنچ گئے نہیں اعتبار تو چلو دیکھو ان کے کپڑے سامان باہر ہی پڑا ہے۔ گورنر مدینہ نے مجھے سخت تنبیہ کی کہ کسی کو اطلاع نہ دی جائے۔

استغفر اللہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ.

(خلاصۃ الوفاء ص ۲۲۲، جذب القلوب ص ۱۲۰، راحت القلوب ص ۱۲۶، وفاء الوفاء شریف ص ۲۷۴ ج ۱، تاریخ المدینہ ص ۲۶۴)

## مسجد نبوی میں حضور علیہ السلام کا پہلا خطاب

حضور نبی رحمت ﷺ نے پہلے اللہ جل شانہ کی حمد و ثنا کی ایسی حمد و ثنا جس کا وہ اہل اس کے بعد فرمایا۔

لوگو! مرنے سے پہلے سامان سفر تیار کر لو۔ اللہ کی قسم ایک روز تم پر موت کی بے ہوشی ضرور طاری ہوگی اور پھر تم اپنی بھیڑوں کو بغیر کسی نگہبان کے چھوڑ کر چلے جاؤ گے پھر اللہ سوال کرے گا۔ وہ اللہ جس کو نہ کسی ترجمان کی ضرورت ہے اور نہ کسی دربان کی حاجت ہے۔ کہو کیا تمہارے پاس میرا رسول نہیں آیا تھا جس نے میرا پیغام تمہیں پہنچایا اور کیا میں نے تم کو مال و دولت سے نہیں نوازہ تھا؟ پس اب تم بتاؤ کہ تم نے اپنے فائدہ کے لیے کیا کچھ کیا ہے؟ اس وقت انسان حیران و پریشان دائیں بائیں دیکھے گا لیکن اسے کچھ بھی سجھائی نہ دے گا پھر وہ سامنے کی طرف نظر دوڑائے گا تو اسے دوزخ کے شعلوں کے سوا کچھ بھی نظر نہیں آئے گا جان لو جو شخص آگ سے بچنا چاہتا ہے اور وہ ایک کھجور کا ٹکڑا دینے کی قدرت رکھتا ہے تو کھجور کا ٹکڑا اللہ کی راہ میں دے کر اپنے آپ کو بچالے اور جو اس کی گنجائش نہ رکھتا ہو تو وہ لوگوں سے اچھی بات (نیکی کی بات) کہہ کر ہی اپنے آپ کو محفوظ کر لے۔ کیونکہ ایک نیکی کا بدلہ دس گناہ سے لے کر سات سو گنا تک دیا جائے گا۔

(ضیاء النبی جلد سوم صفحہ ۱۵۵ بحوالہ سیرت ابن ہشام جلد ۲ صفحہ ۱۱۸)

# گھوڑے پر پہلی سواری

مورخین کا کہنا ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام وہ پہلے شخص ہیں جو گھوڑے پر سوار ہوئے اس سے قبل گھوڑے وحشیوں کی طرح جنگلوں بیابانوں میں کھلے پھرتے تھے۔ آپ نے انہیں مانوس کیا اور ان پر سواری فرمائی۔ سعد بن یحییٰ اموی ''مغازی'' میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول خدا ﷺ نے فرمایا، گھوڑے پالو اور ان کی نسل بڑھاؤ کیونکہ یہ تمہارے باپ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی میراث ہیں۔ یہ خالص عربی گھوڑے وحشی تھے۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام نے اللہ کی عطا کردہ طاقت سے انہیں بلایا تو یہ دوڑتے ہوئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے

(قصص الانبیاء از امام ابن کثیر صفحہ ۲۷۳)

# پہلا معرکہ حق و باطل

خیر و شر کی قوتوں کے درمیان معرکہ آرائی اور حق و باطل میں آویزش کا سلسلہ ابتدائے آفرینش سے ہی جاری ہے۔ کفر ہمیشہ روپ بدل بدل کر حق کے مقابل آتا رہا ہے لیکن مجاہدین اسلام نے ہر دور میں بڑی جرات و پامردی سے شیطانی قوتوں کو سرنگوں کیا اور پرچم حق کو ہمیشہ سربلند رکھا۔ خالق کائنات نے اپنے بندوں کی عزت و توقیر بڑھانے کے لیے ہمیشہ انہیں آزمائش سے گزارا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کبھی ''آتش نمرود'' بھڑکائی گئی اور کبھی فرعونیت کو سرنگوں کرنے کے لیے ''شان کلیمی'' کے جوہر دکھائے گئے۔ میدان بدر میں کفر کو شرمندہ و خوار کرنا ہو یا یزیدیت کو ذلیل و رسوا کرنا مقصود ہو۔ یہ خدائے قدوس کی شان بے نیازی ہے کہ اپنے محبوب بندوں کو جس طرح چاہے، سرفراز کرے۔ بہرحال یہ حقیقت ہے کہ معرکہ حق و باطل میں فتح و کامرانی ہمیشہ حق پرستوں کو ہی نصیب ہوتی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ

خود اپنے بندوں کی مدد فرماتا ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہوتا ہے کہ

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ○ (آل عمران۔ سپارہ ۴)

ترجمہ: ''اور بے شک اللہ نے بدر میں تمہاری مدد کی جب تم بالکل بے سروسامان تھے اللہ سے ڈرو کہ ہو شکر گزار''۔ (کنز الایمان)

## غزوۂ بدر کا پس منظر

تاریخ اسلام میں غزوۂ بدر اسلام اور کفر کے درمیان پہلا فیصلہ کن معرکہ تھا۔ یہ معرکہ اپنی نوعیت کا منفرد اور طاغوتی طاقتوں کے خاتمہ کے لیے پہلا قدم تھا۔ اصل جھگڑا ظلم و بربریت، بے انصافیوں اور معاشرتی برائیوں کو ختم کر کے انسان دوستی کا پیغام عام کرنا اور خدائے وحدہ لاشریک پر ایمان کو مضبوط کرنا تھا۔ اسی پیغام کو ''ہادی برحق'' حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے جب مکہ کے بت پرستوں تک پہنچایا، انہیں کہا کہ جہالت اور شرک کی تاریک وادیوں سے نکل کر اخوت و بھائی چارہ کی فضا قائم کرو، نسل انسانی کی فلاح اور بہتری کے لیے امن و آشتی کا دامن تھام لو، بتوں کو چھوڑ کر ایک خدا کے سامنے جھک جاؤ، تو فسق و فجور کے ان متوالوں نے اسے اپنی توہین سمجھا اور اس عظیم الشان آفاقی پیغام کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے۔ وہ اس بلند اور باوقار پیغام وحدانیت کو اپنے خلاف سمجھ کر مسلمانوں کے خلاف سازشوں میں مصروف ہو گئے اور اپنی انا کو برقرار رکھنے کے لیے انہوں نے حضور اکرم ﷺ اور آپ کے جانثار صحابہ کرام پر ہر طرح کا ظلم ڈھایا، انہیں ہر ستم کا نشانہ بنایا۔ آپ ﷺ وعظ فرماتے تو مشرکین شور و غوغا کرتے لوگوں کو آپ ﷺ کی بات سننے سے روکتے، راستے میں کانٹے بچھاتے، سرور کائنات ﷺ پر گندگی پھینکتے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہما کو تپتی ریت پر لٹا کر اذیتوں کی انتہا کر دیتے، تین سال تک بائیکاٹ کر کے بھوکا پیاسا

رکھا، یہاں تک کہ جب مسلمانوں پر مکہ کی سرزمین تنگ ہوگئی تو حضور اکرم ﷺ نے مسلمانوں کو مدینہ منورہ ہجرت کر جانے کا حکم دیا اور بعد میں خود بھی تشریف لے گئے۔ کفار مکہ رحمۃ اللعالمین کے ''چراغ حیات'' کو گل کرنا چاہتے تھے مگر جب آپ بحفاظت مدینہ منورہ پہنچ گئے تو مشرکین نے اسے اپنی ذلت سمجھا اور وہ اس پر بڑے سیخ پا ہوئے۔ جب انہوں نے دیکھا کہ مسلمان ان کے ظلم وستم سے محفوظ ہو کر امن کی زندگی بسر کرنے لگے ہیں تو ان کا غصہ اور تیز ہو گیا۔ انہوں نے طے کیا کہ مسلمانوں کو ہر حال میں نیست و نابود کر کے رکھ دیں گے۔ صفحۂ ہستی سے ان کا نام مٹا دیں گے، جس کے لیے انہوں نے مدینہ کے یہود اور منافقین سے رابطہ کیا اور انہیں مسلمانوں کے خلاف اکسایا۔ مسلمان بھی ان چیزوں سے بے خبر نہیں تھے لہٰذا وہ بھی اپنی بقا اور اشاعت اسلام کے لیے منصوبہ بندی کرتے رہتے تھے۔

مسلمانوں سے فیصلہ کن جنگ کرنے کے لیے کفار مکہ نے آپس میں مشورہ کیا کہ جنگ کے لیے سامان کی اشد ضرورت ہے۔ جس کی صورت میں یہ تجویز کی گئی کہ ایک قافلہ شام بھیجا جائے۔ اس سے جو نفع حاصل ہو سامان جنگ کی خریداری اور تیاری میں خرچ کیا جائے۔ اس تجویز پر سب کا اتفاق ہوا اور مکہ کے تمام لوگوں نے اپنی اپنی استعداد کے مطابق اس میں حصہ لیا۔ ۷۰ افراد پر مشتمل یہ قافلہ ابوسفیان کی قیادت میں شام روانہ ہوا۔ ''علامہ زرقانی'' اس قافلہ کے متعلق ''شرح مواہب'' میں لکھتے ہیں کہ کاروان تجارت کے ساتھ پچاس ہزار دینار تھے اور کوئی قریشی مرد اور عورت جس کے پاس ایک دینار بھی تھا، ایسا نہیں تا کہ اس میں سرمایہ نہ لگایا ہو۔ غور کیا جائے تو یہ قافلہ تجارت نہیں تھا بلکہ مسلمانوں کو ختم کرنے کے لیے ایک بہت بڑے منصوبہ کا حصہ تھا۔ چنانچہ حضور اکرم ﷺ نے اس قافلہ کو روکنے کا فیصلہ فرمایا کیونکہ قافلہ کا بخیر و عافیت گزر جانا مسلمانوں کی ہلاکت و تباہی کا سبب بنتا تھا۔ لہٰذا اس قافلہ کو روکنے کی کوشش ہی غزوہ بدر کا سبب بنی۔ لہٰذا مسلمانوں نے پہلا باقاعدہ جہاد فرمایا۔ جس کا مقصد اسلام کی سربلندی اور شرک و جہالت کے اندھیروں میں شمع حق جلانا تھا۔

## اسباب وواقعات غزوۂ بدر

جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ ابوسفیان کی قیادت میں قریش کا ایک بہت بڑا تجارتی قافلہ شام کی طرف گیا تھا جس کا مقصد یہ تھا کہ اس کے منافع سے جو رقم حاصل ہو وہ اسلام کے خلاف جنگ میں صرف کی جائے۔ اس کے علاوہ یہ بات بھی تھی کہ حضور اکرم ﷺ نے قریش کے خفیہ منصوبوں کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لیے حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ کو بارہ آدمیوں کے ہمراہ مکہ کی طرف روانہ کیا تھا تا کہ دشمن کی منصوبہ بندی کا پتہ چلتا رہے۔ مسلمانوں کے آدمی مکے اور طائف کے درمیان ایک مقام ''بطن نخلہ'' چلے گئے۔ وہاں حضرت عبداللہ نے قریش کے چند آدمیوں پر حملہ کر دیا جو کہ شام سے تجارت کا مال لے کر آ رہے تھے۔ ان میں سے ایک آدمی گرفتار کر لیا اور ایک شخص عمر بن الحضرمی کو قتل کر دیا۔ نبی اکرم ﷺ کو جب اس واقعہ کا پتہ چلا تو ناراضگی کا اظہار فرمایا۔ مال غنیمت اور قیدیوں کا حکم موقوف رکھا اور پھر جب سورہ بقرہ کی آیت نازل ہوئی تو آپ نے مال غنیمت تقسیم فرمایا۔ کیونکہ قریش طعنہ زنی کرتے تھے کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے ماہ حرام کو حلال کر دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آیہ کریمہ میں ارشاد فرمایا کہ:

ترجمہ ''تجھ سے پوچھتے ہیں حرام کے مہینے کو اس میں لڑائی کرنے کو تو کہہ اس مہینے میں لڑائی میں پڑنا گناہ ہے اور روکنا اللہ تعالیٰ کی راہ سے زیادہ گناہ ہے۔ اللہ کے ہاں اور دین سے''۔ (انتہی)

اس واقعہ سے قریش میں اشتعال پیدا ہو گیا تھا۔ اور وہ شجر اسلام کو جڑ سے اکھاڑ دینا چاہتے تھے۔ اسی دوران جب ابوسفیان مسلمانوں کے علاقہ سے گزر رہا تھا تو وہ گھبرا گیا کہ کہیں مسلمان اس قافلہ کو لوٹ نہ لیں۔ اس نے ایک نمائندہ، ضمغم غفاری مکہ بھیجا کہ مسلمانوں سے سامان بچانے کا انتظام کیا جائے۔

## محبوب خدا کی مدینہ سے روانگی

حضور پاک ﷺ کو مشرکین مکہ کے اس منصوبہ کی خبر ہوئی تو آپ نے اپنے جانثاروں کا اجلاس بلایا اور مشورہ طلب کیا کہ اب وہ گھڑی آ پہنچی ہے کہ جب اسلام اور کفر کے درمیان فیصلہ کن معرکہ ہو جائے۔ کچھ لوگوں نے مشورہ دیا کہ کفار کو مدینہ کے نواح میں روکا جائے اور انہیں یہاں سے بھاگ جانے پر مجبور کر دیا جائے۔ نگاہ نبوت نے فوراً سب کے دلوں کی کیفیت کو بھانپا اور فرمایا کہ تم نے مدینہ سے بہت دور جا کر کفار سے جنگ کرنی ہے۔ مہاجرین میں سے حضرت مقداد بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کھڑے ہوئے اور کہا کہ جدھر آپ کا رب آپ کو حکم دے رہا ہے چلئے، ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ انصار کی طرف سے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اٹھے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ جو کچھ آپ نے ارادہ فرمایا ہے کر گزریئے۔ قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے اگر آپ ہمیں لے کر سمندر میں کودیں گے تو ہم میں سے ایک بھی پیچھے نہیں رہے گا۔ ہم جنگ میں ثابت قدم رہیں گے۔ چنانچہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جس نے جانا ہے تیار ہو جائے۔ جانثاران اسلام کا یہ پہلا قافلہ ۱۳ رمضان المبارک کو روانہ ہوا۔ بعض مقامات پر ۱۲ رمضان اور ۸ رمضان المبارک کی تاریخیں بھی ملتی ہیں۔ ابن ہشام کے مطابق جس دن آپ نے روانگی فرمائی پیر کا دن تھا۔ مدینہ میں آپ نے عمرو بن ام مکتوم کو امام الصلوٰۃ مقرر کیا۔ بعض کہتے ہیں کہ ان کا نام عبداللہ ابن مکتوم تھا۔ پھر آپ نے مقام ''روحا'' سے ابوالبابہ کو مدینہ کا حکم بنا کر بھیجا۔

### لشکر اسلام

پہلے معرکہ حق و باطل میں مسلمانوں کی تعداد ۳۱۳ تھی، جن میں ۷۷ مہاجرین اور ۲۳۶ انصار تھے مگر حضور ﷺ کے ساتھ صرف ۳۰۵ اصحاب تھے، بقیہ ۸ اصحاب وہ تھے جو کسی وجہ سے حاضر نہ ہو سکے تھے مگر غنیمت میں سے ان کو حصہ دیا گیا تھا۔ ان میں ایک تو حضرت

عثمان غنی تھے جو اپنی زوجہ سیدہ رقیہ بنت رسول اللہ کی علالت اور تیمار داری کے لیے حضور ﷺ کے حکم سے رکے تھے، دوسرے طلحہ اور تیسرے سعید بن زید رضی اللہ عنہما ہیں جو مشرکین کے قافلہ کی جستجو میں گئے ہوئے تھے۔ پانچ انصاری تھے جن کے نام سیرت کی کتابوں میں ملتے ہیں۔(مدارج النبوت) اس غزوہ میں مسلمانوں کے پاس ۳ گھوڑے، ستر اونٹ، ۶ زرہ اور آٹھ شمشیریں تھیں۔ ایک ایک اونٹ پر کئی کئی مسلمان سواری کرتے تھے۔

## مشرکین کی فوج

کفار مکہ کی تعداد ایک ہزار (۱۰۰۰) یا نوسو تھی۔ ایک قول کے مطابق ایک ہزار سے کم اور ۹ سو سے زیادہ تھی اور ان کے پاس ۱۰۰ گھوڑے اور ۷۰۰ اونٹ تھے۔ جو پورے ساز و سامان اور بڑے غرور و تکبر میں تھے۔ ان کے سوار بھی زرہ پوش تھے اور پیادہ بھی زرہ پوش تھے۔ ان کے ہمراہ گانے والی عورتیں اور ''آلات طرب'' بھی تھے۔ طوائفیں راستے میں گا گا کر اہل اسلام پر طعنہ زنی کر کے جوانوں کو جوش دلاتی تھیں۔ قریش کے سرداروں میں سے ہر روز کوئی نہ کوئی سب کو کھانا کھلاتا اور ہر روز گیارہ اونٹ ذبح کیے جاتے۔(مدارج النبوت)

## آنحضرت ﷺ ایک عظیم کمانڈر

جنگ کا پہلا اور بنیادی اصول ہے یہ کہ کامیابی کے لیے بہترین کمانڈر فوج کی کمان کر رہا ہو کیونکہ فوج کے دستوں کو کنٹرول کرنا اور ایک خاص مقصد کے حصول کی جدو جہد کرنا ایک طے شدہ منصوبہ کے بغیر نہیں ہوسکتا۔ میدان بدر میں چونکہ مسلمان اپنے دشمنوں سے تھوڑے تھے اس لیے اپنے سے تین گناہ زیادہ اور اسلحہ سے لیس دشمن کا مقابلہ بہترین منصوبہ بندی سے ہی کیا جا سکتا تھا۔ امام ترمذی کے مطابق اسلامی فوج کی تقسیم لڑائی سے پہلے کی رات ہی کو عمل میں آ چکی تھی۔ لڑائی کے دن سویرے ہی آنحضرت ﷺ نے مسلمانوں کو قطاروں میں تقسیم کیا اور صف بندی کا جنگ سے قبل تنقیدی جائزہ لیا۔

آپ ﷺ کے ہاتھ میں ایک چھڑی تھی۔ معائنہ میں کوئی سپاہی ذرا بھی آگے یا پیچھے نظر آتا تو آپ اسے فوراً درست کرتے۔ صف بندی کے بعد آپ نے فوج کے مختلف حصوں پر افسر مقرر کیے۔ واقدی نے لکھا ہے کہ مسلمانوں کی فوج کے تین مستقل حصے تھے۔ مہاجرین اوس اورخزرج۔ ہر ایک کا الگ الگ علمبردار تھا۔

## آنخضرت ﷺ کے لیے سائبان کی تیاری

عبداللہ بن ابی بکر کا بیان ہے کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ہماری رائے ہے کہ ہم آپ کے واسطے لشکر کے پیچھے ایک سائبان تیار کر دیتے ہیں۔ آپ ﷺ اس کے نیچے تشریف رکھیں اور آپ کی سواری بھی وہاں موجود رہے۔ ہم جنگ کرتے ہیں اگر اللہ نے ہم کو غالب کیا تو اس سے بہتر اور کیا ہے اور اگر خدانخواستہ معاملہ دوسرا ہوا تو آپ فوراً سوار ہو کر مدینہ تشریف لے جائیں۔ وہاں حضور ﷺ کے بہت سے جانثار ہیں جو ہم سے بھی زیادہ آپ کو چاہتے ہیں۔ آپ ﷺ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی یہ بات سن کر انہیں دعا دی اور ''عریشہ'' میں تشریف لے گئے صحابہ کرام کا ایک دستہ ''عریشہ'' کا پہرہ دیتا رہا۔

## رحمۃ اللعالمین کی دعا

عریشہ سے جب آنخضرت ﷺ نے لشکر کفار کو دیکھا اور اپنے جانثاروں کو دیکھا تو رب تعالیٰ سے دعا میں مشغول ہو گئے۔ عریشہ میں حضرت ابوبکر صدیق کے سوا دوسرا کوئی آپ کے پاس نہیں تھا آپ ﷺ نے یوں دعا فرمائی کہ ''اے خدایا یہ قریش اپنے سامان غرور کے ساتھ آئے ہیں تاکہ تیرے رسول کو جھوٹا ثابت کریں۔ خدایا اب تیری وہ مدد آئے جس کا تو نے مجھ سے وعدہ کیا تھا۔ اے خدا اگر آج یہ مٹھی بھر جماعت ہلاک ہو گئی تو روئے زمین پہ پھر تیری عبادت کرنے والا نہیں رہے گا''۔ یہاں تک کہ حضور نے آہ وزاری اتنی

شدت سے کی کہ آپ کی چادر مبارک، کندھا مبارک سے گر پڑی۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اس چادر اطہر کو اٹھا کر حضور کے دوش مبارک پر ڈال دیا اور عرض کیا کہ آقا اب بس کیجئے! جو آپ نے اپنے رب سے مانگا ہے بہت جلد ملے گا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ روز جنگ میں بار بار عریشہ میں جاتا تو دیکھتا کہ حضور اکرم ﷺ سجدے میں ہیں اور یہ دعا مانگ رہے ہیں: یا حی یا قیوم برحمتک استغیث۔ (مدارج النبوت)

## جنگ کا آغاز

قریش کی طرف سے عتبہ بن ربیعہ، اس کا بیٹا ولید بن عتبہ اور بھائی شیبہ بن ربیعہ میدان میں نکلے اور مسلمانوں کی طرف سے حضرت عبداللہ بن رواحہ، عوف بن حارث اور معوذ بن حارث رضی اللہ عنہما مقابل آئے تو قریش نے کہا کہ ہم انصار سے جنگ نہیں کریں گے بلکہ ہمارے رشتہ داروں کو ہمارے مقابل بھیجا جائے۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ نے عبیدہ، حضرت حمزہ اور حضرت علی رضوان اللہ علیہم کو بھیجا۔ حضرت حمزہ نے شیبہ اور حضرت علی نے ولید کو فوراً ہی قتل کر دیا۔ حضرت عبیدہ چونکہ ۸۰ سال کے تھے، اس لیے اپنے مقابل پر جلدی قابو نہ پا سکے اور پنڈلی پر وار پڑنے سے زخمی ہو گئے۔ حضرت حمزہ اور حضرت علی نے یہ حال دیکھا تو ان کی مدد کو آئے اور عتبہ کو قتل کر کے عبیدہ رضی اللہ عنہ کو واپس اپنے لشکر میں لے آئے۔ جو بعد ازاں واپسی پر مدینہ آتے ہوئے ”وادی روحا“ میں اس زخم سے شہید ہو گئے تھے...... اس کے بعد عام مقابلہ شروع ہو گیا اور مجاہدین اسلام نے کفار کی لاشوں کے ڈھیر لگا دیے۔

## ابوجہل کا انجام

ابوجہل مشرکین مکہ میں سے اسلام کا بدترین دشمن تھا اور جنگ بدر میں قریش کو مجبور کر کے لانے والا یہی ملعون تھا، جس کے بارے میں سرور کائنات ﷺ کا ارشاد ہے کہ یہ میری امت کا فرعون ہے۔ ابوجہل کفار مکہ کی فوج میں انتہائی حفاظت میں تھا۔ لشکر مشرکین

کے بالکل قلب میں ارد گرد فوجی دستوں کا کڑا پہرا تھا۔ کوئی آدمی تصور بھی نہیں کر سکتا تھا اس تک پہنچنے کا۔ حضرت معوذ اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہما دونوں بھائی اس کی تلاش میں تھے، کیونکہ وہ گھر سے آئے ہی اس کو قتل کرنے کی نیت سے تھے۔ حضرت عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ ابو جہل کہاں ہے۔ فرماتے ہیں کہ میں نے انہیں سمجھایا کہ تم اس تک نہیں پہنچ سکتے۔ مگر انہوں نے ضد کی۔ بقول شاعر کہنے لگے کہ

قسم کھائی ہے مر جائیں گے یا ماریں گے ناری کو
سنا ہے گالیاں دیتا ہے محبوب باری کو

جونہی انہیں معلوم ہوا، انہوں نے ''چرخ'' کی مانند اپنی جگہ سے زقند لگائی تلوار کا وار کیا اور اس ملعون کو زمین پر گرا لیا۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے اس کی پنڈلی جدا کر دی اور اس کے بیٹے عکرمہ نے مجھے زخمی کر دیا۔ جس سے میرا ہاتھ میرے کندھے سے کٹ گیا۔ چنانچہ وہ ہاتھ گوشت کے ساتھ ایک طرف لٹک گیا۔ میں جنگ کرتا رہا۔ یہاں تک کہ میں نے اپنے ہاتھ کو دونوں پاؤں کے نیچے دبا کر کھینچا اور تن سے جدا کر دیا۔ حضرت قاضی عیاض رحمۃ اللہ ابن وہب سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ کے پاس اس طرح آئے کہ ان کا ہاتھ کھال سے لٹک رہا تھا۔ پھر رحمۃ اللعالمین ﷺ نے اپنا لعاب دہن مبارک لگا کر بازو کو اس کی جگہ چسپاں کر دیا۔ اور پھر وہ ٹھیک ہو گیا۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے زمانہ تک زندہ رہے۔ آپ کے دوسرے بھائی معوذ رضی اللہ عنہ نے ابو جہل کو زمین پر گرا کر مارا مگر اس میں ابھی زندگی کی رمق باقی تھی۔ حضرت عبداللہ بن مسعود آقا کریم ﷺ کے حکم پر ابو جہل کی لاش کو تلاش کرنے نکلے دیکھا تو ابھی سانس باقی تھے۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اس کی گردن پر پاؤں رکھ دیا تو اس نے کہا کہ اے بکریاں چرانے والے چرواہے، تو آج اس جگہ چڑھ گیا ہے جہاں تجھے نہیں چڑھنا چاہیے تھا۔ ابن مسعود فرماتے

ہیں کہ پھر میں نے اس کا سر کاٹ لیا اور اپنے آقا ﷺ کے قدموں میں لا کر ڈال دیا۔ تو آپ ﷺ نے سر کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ تمام تعریفوں کا اللہ ہی مستحق ہے جس نے تجھے ذلیل ورسوا کیا ہے......

## حضرت عکاشہ بن محصن کی تلوار

ابن اسحاق بیان کرتے ہیں کہ دوران جنگ حضرت عکاشہ بن محصن کی تلوار ٹوٹ گئی۔ وہ آنحضرت ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے۔ حضور نے ان کو ایک لکڑی دی، جب حضرت عکاشہ نے ہاتھ میں لے کر ہلائی تو وہ سفید مضبوط لمبی تلوار بن گئی، جس سے وہ جنگ کرتے رہے۔ اس تلوار کا نام عون تھا۔ حضرت عکاشہ اس سے جہاد کرتے تھے اور پھر سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے عہد میں شہید ہوئے۔ (ابن ہشام)

## حضرت رفاعہ بن رافع کی آنکھ

حضرت رفاعہ بن رافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بدر کے دن میری آنکھ میں تیر لگا اور وہ پھوٹ گئی۔ رسول اللہ ﷺ نے اس میں اپنا مبارک لعاب دہن ڈال دیا اور دعا فرمائی۔ پس مجھے ذرا بھی تکلیف نہ ہوئی اور آنکھ درست ہو گئی۔ (سیرت ابن ہشام)

## فرشتوں کی آمد اور ان کی نصرت

غزوۂ بدر کے عظیم فضائل میں سے ملائکہ کی آمد اور مشرکوں سے قتال کرنا بھی ہے۔ صاحب مواہب لدنیہ فرماتے ہیں کہ غزوۂ بدر کے سوا کسی غزوہ میں فرشتوں نے قتال نہیں کیا۔ قرآن مجید میں فرشتون کی نصرت کا یوں ذکر ہوتا ہے کہ

ترجمہ: ''جب تم اپنے رب سے دعا کر رہے تھے تو اس نے تمہاری دعا قبول فرمائی۔ بیشک میں تمہاری مدد پے در پے ہزار فرشتوں سے کرنے والا ہوں''۔

سورہ آل عمران میں یوں ارشاد ہوتا ہے کہ

ترجمہ: ''یہ کافی نہیں کہ تمہارا رب تین ہزار فرشتوں کو اتار کر تمہاری مدد فرمائے''۔

سورہ آل عمران میں پھر ارشاد خداوندی ہوتا ہے کہ

ترجمہ: ''ہاں اگر قائم رہے اور خدا سے ڈرتے رہے تو تمہارے پاس یہ فوراً آئے گی تمہارا رب تمہاری مدد نشان زدہ پانچ ہزار فرشتوں سے کرے گا''۔

اس کا مطلب یہ لیا جاتا ہے کہ ان کی پیشانیاں اظہار علامت کے لیے چمکتی ہوں گی۔ مواہب لدنیہ میں ربیع بن انس سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پہلے مسلمانوں کی مدد ایک ہزار فرشتوں سے فرمائی۔ اس کے بعد تین ہزار کردیئے اور پھر پانچ ہزار کردیئے۔ حضرت ابوقتادہ روایت کرتے ہیں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے روز بدر پانچ ہزار فرشتوں سے مدد فرمائی۔ امیر المومنین سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ روز بدر ایسی تیز ہوا چلی کہ اس سے پہلے ایسی تیز ہوا کبھی نہ دیکھی تھی۔ اس کے بعد پھر دوبارہ ایسی ہوا چلی پھر تیسری مرتبہ بھی ایسی ہوا چلی۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا کہ پہلی مرتبہ جبریل علیہ السلام، دوسری مرتبہ میکائیل علیہ السلام اور تیسری مرتبہ اسرافیل علیہ السلام ہزار ہزار فرشتوں کے ساتھ آئے۔ (مدارج النبوت)

ابن عباس سے معتبر روایت ہے کہ جنگ بدر میں فرشتوں کے عمامے سفید تھے اور شملے پشت پر تھے اور جنگ حنین میں عمامے سرخ تھے۔

ابن ہشام کہتے ہیں کہ مجھ کو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت پہنچی ہے کہ عمامہ عرب کا تاج ہے۔ خاص کر فرشتوں کے عمامے جنگ بدر میں سفید تھے۔ جبریل کا عمامہ زرد تھا۔ (سیرت ابن ہشام)

## حضور اکرم ﷺ کا مقتولین بدر سے خطاب

بحکم حضور نبی مکرم ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہما نے مقتولین کفار کو ایک گڑھے میں ڈال دیا ماسوائے امیہ بن خلف کے کیونکہ اس کی لاش زرہ میں پھول گئی تھی لہٰذا اس پر وہیں مٹی ڈال دی گئی تھی۔ آپ کی عادت تھی کہ جب دشمن پر فتح پاتے تو تین دن تک میدان میں ٹھہرتے تھے۔ چنانچہ بدر میں بھی تیسرے روز سوار ہو کر مقتولین کی گڑھے پر تشریف لے گئے اور ان کے نام لے لے کر یوں مخاطب ہوئے کہ اے فلاں بن فلاں کیا اب تمہیں تمنا ہے کہ اللہ اور رسول کی اطاعت کرتے جو کچھ ہمارے پروردگار نے ہم سے وعدہ فرمایا تھا ہم نے اسے سچ پایا۔ کیا تم نے بھی اپنے پروردگار کا وعدہ سچ پایا ہے؟ یہ دیکھ کر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ یا رسول اللہ ﷺ کیا یہ آپ کی بات سنتے ہیں؟ اس پر آپ نے فرمایا کہ قسم ہے خدا کی جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے تم میری بات کو ان سے زیادہ نہیں سنتے۔

## حضور ﷺ کی بدر سے روانگی

پھر حضور ﷺ کل مال غنیمت اور قیدیوں کو لے کر مدینہ کی طرف روانہ ہوئے۔ مال غنیمت کی حفاظت کے لیے آپ نے عبداللہ بن کعب کو متعین فرمادیا۔ یہاں تک کہ آپ مقام نادیہ اور مفیق کے درمیان سیر نامی ایک ٹیلہ پر پہنچے۔ وہاں آپ نے مال غنیمت مسلمانوں میں برابر تقسیم فرمادیا۔ پھر یہاں سے روانہ ہو کر آپ مقام روحاء تک پہنچے تو مدینہ کے بہت سے مسلمان فتح کی مبارکباد دینے خدمت میں حاضر ہوئے اور مجاہدین کو خوب مبارک باد دی۔ (ابن ہشام)

## غزوۂ بدر کے نتائج

غزوۂ بدر میں مسلمانوں کی فتح اور کفار کی ذلت آمیز شکست نے نہ صرف یہ کہ وقتی

حالات کا رخ تبدیل کیا بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے شعور کی راہیں کھول دیں۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمان اس غزوہ کو"یوم فرقان" کے نام سے یاد کرتے ہیں کیونکہ اس دن کفر اور اسلام میں فرق ظاہر ہو گیا تھا۔ اللہ رب العزت نے مسلمانوں کو کمزوری کی بعد تقویت دی تھی۔ قرآن مجید میں واقعہ کا ذکر اللہ تعالیٰ نے بہت دل پسند انداز میں کیا ہے۔ اہل بدر کے فضائل میں اتنا کہہ دینا ہی کافی ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ"بے شک اللہ تعالیٰ اہل بدر سے واقف ہے کیونکہ اس نے فرمادیا کہ تم عمل کرو جو چاہو، البتہ تمہارے لیے جنت ثابت ہو چکی ہے۔(غزوات النبی)

اس غزوہ کے بعد دراصل اسلام کی ترقی کا آغاز ہوا۔ مکہ میں اسلام کے بڑے بڑے دشمن واصل جہنم ہو گئے۔ باقی ماندہ پر مسلمانوں کا رعب طاری ہو گیا۔ مدینہ کے ارد گرد یہوری آباد تھی جو اسلام کے خلاف سازشیں کرتے تھے۔ غزوہ بدر کے بعد وہ سبھی مسلمانوں سے ڈرنے لگے۔ پھر دیکھتے ہی دیکھتے مسلمانوں نے عرب میں چاروں طرف اسلام کی فتح و کامرانی کے جھنڈے گاڑ دیئے۔ لوگ جوق در جوق اسلام میں داخل ہونے لگے اور خدا کی واحدانیت کا ابدی پیغام ہر طرف پھیل گیا۔( گلہائے رنگارنگ)

## پہلے سبقت کرنے والی

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے صحت کے ساتھ مروی ہے کہ ایک دن رسول خدا ﷺ نے اپنی ازواج مطہرات سے فرمایا کہ تم میں سے جس کے ہاتھ دراز ہیں وہ مجھ سے ملنے میں تم سب سے پہلے سبقت کرنے والی ہے۔ مطلب یہ کہ اس دنیا سے میرے چلے جانے کے بعد تم سب سے پہلے وفات پائیگی۔

اس کے بعد ازواج مطہرات نے بانس کا ٹکڑا لیکر اپنے اپنے ہاتھوں کو ناپنا شروع کردیا تا کہ یہ جانیں کہ کس کے ہاتھ سب سے دراز ہیں۔ اُنہوں نے جانا کہ سیدہ سودہ بنت

زمعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاتھ زیادہ دراز ہیں اور جب حضور ﷺ کے وصال فرمانے کے بعد سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے وفات پائی تو اُنہوں نے جانا کہ درازی سے مراد صدقہ، خیرات کی کثرت تھی۔ اس لیے کہ سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے ہاتھ سے دستکاری کرتیں اور صدقہ دیتی تھیں۔

مروی ہے کہ اُن کی وفات کی خبر جب حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو پہنچی تو فرمایا پسندیدہ خصلت والی، فائدہ دینے والی، یتیموں اور بیواؤں کی خبر گیری کرنے والی دنیا سے چلی گئی۔

جب ان کی وفات ہوئی تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اُن کی نماز جنازہ پڑھائی اور اعلان کرایا کہ اے اہل مدینہ اپنی ماں کی ......نماز جنازہ میں حاضر ہوں اور انہیں جنت بقیع میں دفن کیا گیا۔ (مدارج النبوت، جلد دوم صفحہ ۸۲۲)

## حضور ﷺ کے پہلے بیٹے

حضرت قاسم حضور ﷺ کے سب سے پہلے فرزند ہیں جو قبل اعلان نبوت پیدا ہوئے اور انہیں سے حضور نبی کریم ﷺ کی کنیت ''ابوالقاسم'' مشہور ہوئی یہ پاؤں چلنے تک حیات رہے۔ بعض کہتے ہیں کہ سواری پر سوار ہونے کی عمر تک حیات رہے بعض کہتے ہیں دو سال کی عمر تک زندہ رہے۔ اور بعض نے سترہ مہینے کہا ہے۔

اور بعض اہل سیرت کہتے ہیں کہ یہی درست ہے۔ ان کی وفات بھی قبل اعلان نبوت ہوئی۔ یہ پہلے فرزند ہیں جس نے اولاد شریف میں سب سے پہلے ہی وفات پائی ہے۔ (مدارج النبوت جلد صفحہ ۷۷۳، از شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ)

## پہلی دختر رسول ﷺ

حضور نبی کریم ﷺ کی صاحبزادیوں میں بقول اکثر علماء سب سے بڑی دختر حضرت سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہیں اور یہی صحیح ہے۔ دختر رسول حضرت زینب رضی

اللہ تعالیٰ عنہا کی ولادت ۳۰ ہجری میں جو کہ واقعہ فیل سے بھی ہے۔ پیدا ہوئیں اور اسلام میں داخل ہوئیں۔ اور ہجرت کی اور ان کا نکاح اُن کی خالہ کے فرزند کے ساتھ کیا گیا۔ جس کا نام ابوالعاص بن الربیع بن عبدالعزیٰ بن عبدالشمس بن عبد مناف ہے۔ ابوالعاص کی ماں ہند بنت خویلد حضرت سیدہ خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بن خویلد کی بہن ایک ماں باپ سے تھیں۔ اور ابوالعاص اپنی کنیت کے ساتھ مشہور ہیں صحیح روایت کے مطابق اُن کا نام لفیظ ہے۔ ابوالعاص کے اسلام لانے سے پہلے سیدہ زینت رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ہجرت کی۔ اور اُن کو شرک میں مبتلا چھوڑ دیا۔ اور ابوالعاص مکہ اور مدینہ کے درمیان اسلام لائے۔ حضرت سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات حضور علیہ کے زمانے حیات ظاہری میں ۸ھ میں واقعہ ہوئی نماز جنازہ کے بعد حضور علیہ نے خود انہیں قبر میں اترا۔

(مدارج النبوت جلد دوم صفحہ ۷۸۱ از شیخ عبدالحق محدث دہلوی)

## مدت خلافت اور آغاز بادشاہت

امام احمد فرماتے ہیں کہ حدیث بیان کی ہم سے حماد بن سلمہ نے اور ان سے سعید بن جمیان نے اور ان سے سفینہ نے وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ علیہ کو فرماتے سُنا کہ خلافت تیس (۳۰) برس تک ہوگی۔ اس کے بعد ملک ہوگا۔ اس حدیث کو اصحاب صحاح ستہ نے روایت کیا ہے اور ابن حبان وغیرہ نے اسے صحیح کہا ہے۔

علماء لکھتے ہیں کہ حضور علیہ کے بعد تیس سال میں خلفاء اربعہ اور حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی خلیفہ ہوئے ہیں۔

بزاز محمد بن سکین سے روایت کرتے ہیں اور وہ یحییٰ بن حسان سے اور وہ یحییٰ بن حمزہ سے اور وہ مکحول سے اور وہ ابی ثعلبہ سے اور وہ عبیدہ بن جراح سے کہ رسول اللہ علیہ نے فرمایا ”تمہارے دین کی ابتداء نبوت اور رحمت سے شروع ہوئی ہے اور اس کے بعد

خلافت ورحمت ہو گی اور پھر بادشاہی اور جبر کا زمانہ آئے گا'' (یہ حدیث حسن ہے)

۴۱ ہجری میں جب حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تمام عالم اسلام کے فرماں روا ہو گئے تو انہوں نے اسلامی سلطنت کی توسیع کی طرف خاص توجہ دی۔ ان کے حکمران ہونے کے بعد بلخ، ھرات ور بازعنین وغیرہ میں زبردست بغاوت رونما ہوئی، حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حکم سے قیس بن ہیثم کو ان تمام بغاوتوں کے ختم کرنے کے لیے مقرر کیا گیا اور قیس نے بڑی بہادری اور ثابت قدمی سے ایک ایک بغاوت کو ختم کر کے سارے شہروں پر قبضہ کر لیا۔

اسی طرح قابل اور غور کے علاقوں کے لوگوں نے بھی ۴۷ ہجری میں علم بغاوت بلند کر دیا۔ مگر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جرنیلوں عبدالرحمٰن بن سمرہ اور حکم بن عمرو غفاری نے ان بغاوتوں کو بھی ٹھنڈا کر دیا اور ان علاقوں میں مکمل امن و آمان قائم ہو گیا۔

ان بغاوتوں کو ختم کرنے کے ساتھ ساتھ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے جرنیلوں کو ان علاقوں کو فتح کرنے کا حکم بھی دیا جو ابھی تک اسلامی سلطنت میں شامل نہیں ہوئے تھے۔ اور موقع ملنے پر ان علاقوں کے حکمران مسلمانوں پر چڑھائی کرتے رہتے تھے۔ زران غور، غزنہ، طنخارسان، رامنی، اور بیکند کے علاقے ایسے ہی حکمرنوں کے زیر تسلط تھے جن کی سرکوبی کی سخت ضرورت تھی۔ تاکہ مسلمان اُن کے شر سے محفوظ رہ جاسکیں۔

چنانچہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جرنیلوں نے ان علاقوں پر حملے کر کے انہیں بھی سلطنت اسلامی میں شامل کر لیا۔ ان فتوحات سے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جرنیلوں کے حوصلے بڑھ گئے اور انہوں نے ترکستان کا رخ کیا اور سمرقند بخارا نصف ترمذ اور اس کے مضافات پر حملے شروع کر دیئے۔ ان علاقوں کے لوگوں نے بڑی بہادری اور پانمردی سے مسلمانوں کا مقابلہ کیا۔ اور بعض جگہ بڑی خون ریز جنگیں ہوئیں۔

مگر وہاں بھی میدان حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جرنیلوں کے ہی ہاتھ رہا۔

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ زبردست انتظامی قابلیت کے مالک تے۔ حکمرانی کی صلاحیتیں ان میں بدرجہ کمال پائی جاتی تھیں انہوں نے بیس سال تک شام کی گورنری اور بیس سال تک ہی سارے عالم اسلامی پر حکمرانی کی۔

اپنے عہد حکمرانی میں انہوں نے فوج، سیاست اور دفتری نظام میں متعدد اصلاحات کیں۔ ان کی طبیعت میں اختراع کا بے حد مادہ تھا۔ اس لیے انہوں نے متعدد جدید شعبے قائم کیے اور حقیقت یہ ہے کہ ان شعبوں کے قیام سے ملکی انتظام نہایت بہتر ہو گیا۔

آپ نے فوج کی تنظیم کی طرف سب سے زیادہ توجہ دی، تمام سرحدی مقامات پر چھاؤنیاں قائم کیں اور تمام بڑے بڑے شہروں میں مستحکم قلعے بنوائے، شام، مدینہ مرقیہ طرطوس اور روڈس کے مضبوط قلعے جو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حفاظتی مقاصد کے لیے تعمیر کرائے تھے خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ اس کے علاوہ بہت سے قلعے جو ان کے پیش رو خلفاء نے بنوائے تھے اور کسی وجہ سے ویران یا مسمار ہو گئے تھے۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کی مرمت کرا کہ قابل استعمال بنایا۔

بعض نئے شہر بھی آپ نے آباد کرائے اور بعض مقبوضہ علاقوں میں مسلمانوں کو کثیر تعداد میں آباد کرایا۔ تاکہ وہاں کی مقامی آبادی شرانگیزی نہ کر سکے۔ آپ کے آباد کردہ شہروں میں مرغش اور قیروان کا نام خاص طور پر قابل ذکر ہے۔ (رسالت کی خوشبو از ترتیب و پیکش حلقہ چشتیہ صابریہ عارفیہ کراچی)

## خاندان نبوت کا پہلا شہید

ہجرت مدینہ منورہ کے بعد ۲ ھ میں مسلمانوں اور کفار مکہ کے درمیان میدان بدر کے مقام پر کفر اور اسلام کی پہلی جنگ ہوئی جس میں سب سے پہلے مرتبہ شہادت پر فائز

ہونے والے صحابی رسول حضرت عبیدہ بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔اسے جنگ بدر یا غزوہ بدر کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔جس میں حضرت حضور نبی رحمت ﷺ نے خود بنفس نفیس شرکت فرمائی۔ جب جنگ شروع ہوئی تو دونوں لشکروں نے سپاہ بدر پر صف آرا ہوکر اپنا اپنا علم بلند کیا تو کافروں کے جنگجو افراد کی تعداد ایک ہزار تھی اوران کے پاس ایک سو گھوڑے اورسات سو اونٹ تھے۔نیز یہ کہ کافروں کی کثیر تعداد مسلح تھی۔جبکہ لشکر اسلام تعداد میں ۳۱۳ تھے اُن میں اکثر کے پاس ہتھیار نہیں تھے بلکہ اس پورے لشکر کے پاس سترہ گھوڑے چھ زریں اور آٹھ شمشیریں تھیں۔ جب دونوں لشکر صف آرا ہوکر آمنے سامنے ہوئے تو کافروں میں سے تین جنگجو عتبہ بن ربیعہ، اس کا بھائی شیبہ اوراس کا بیٹا ولید بن عتبہ میدان کارزار میں نکلے اور مقابلے کے لیے للکارا ان کے مقابلے میں تین انصاری جوان میدان میں آئے تو عتبہ وغیرہ نے پوچھا تم کون لوگ ہو؟ انہوں نے کہا! ہم انصار ہیں عتبہ وغیرہ نے کہا ہمیں تم سے کوئی سروکار نہیں ہمارے مقابلے میں ہماری قوم کے لوگوں کو بھجیں۔

حضور رسالت ماب ﷺ نے اس کے جواب میں فرمایا اے عبیدہ اے حمزہ، اے علی آپ لوگ میدان میں جائیں بحکم مصطفیٰ ﷺ یہ تینوں بہادر اور مرد میدان، میدان کارزار میں کافروں کے مقابلے میں آگئے۔حضرت عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بڑی عمر کے تھے لہٰذا کافروں کے بڑی عمر والے عتبہ کے مقابل آگئے۔حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ درمیان عمر کے تھے آپ شیبہ کے سامنے آگئے۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نوخیز نوجوان تھے آپ ولید بن عتبہ کے سامنے آگئے۔جو کہ نوخیز نوجوان تھا مقابلہ ہوا تو حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے اپنے اپنے مد مقابل کو قتل جبکہ حضرت عبیدہ اور عتبہ نے ایک دوسرے کو زخمی کردیا عتبہ کا وار حضرت عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پنڈلی پر ہوا تھا جس سے پنڈی کی ہڈی کٹ گئی اور مغز باہر آگیا اور حضرت عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ زمین پر تشریف لے آئے

حضرت حمزہ اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے یہ صورت حال دیکھی تو عتبہ پر حملہ کر کے اسے قتل کر کے واصل جہنم کر دیا اور حضرت عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اٹھا کر حضور نبی رحمت ﷺ کی خدمت اقدس میں آ گئے۔ ان کی پنڈلی کی ہڈی کا مغز بہہ رہا تھا اور وہ بے ہوش ہو گئے تھے۔ جب انہیں ہوش آیا تو رسول خدا ﷺ کے جمال جہاں آرا کو دیکھتے ہی عرض کی یا رسول اللہ (ﷺ) کیا میں شہید ہوں؟

آپ نے فرمایا! آپ شہید ہیں اور اس سعادت کے حقدار ہیں حضرت عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا۔ آج اگر ابو طالب زندہ ہوتے تو تسلیم کرتے کہ میں اس دعویٰ کا مستحق ہوں جو انہوں نے اپنی نظم میں کہا تھا۔ جس کا مطب یہ ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی سلامتی اور حفاظت کے لیے تمام مصیبتوں کو برداشت کریں گے یہاں تک کہ اپنی عورتوں اور بچوں کو فراموش کر کے ان کے گرداگرد ہلاک ہو جائیں گے۔ یعنی آپ پر اپنے تمام گھر والوں کو قربان کر دیں گے۔ (ضیاء النبی از پیر محمد کر

## اصحاب صفہ کا پہلا چبوترا

وہ صحابہ کرام جنہوں نے دین اسلام کی خاطر کیا نہیں کیا۔ وطن کو خیر آباد کہا۔ اہل عیال، اعز و اقربا سے رشتہ توڑا، مال، جائداد سے ہاتھ دھوئے اور بالکل خالی ہاتھ ایک چادر میں اپنا ستر چھپائے صفہ میں آ کر اپنی زندگی دین مصطفیٰ ﷺ کے لیے وقف کر دی اللہ تعالیٰ نے اُن کے بارے میں قرآن حکیم میں ارشاد فرمایا

ترجمہ: خیرات ان فقیروں کے لیے ہے جو راہ خدا میں روکے گئے زمین پر چل نہیں سکتے نادان انہیں تونگر سمجھے بچے کے سبب تو انہیں ان کی صورت سے پہچان لے گا۔ یہ لوگوں سے سوال نہیں کرتے اور تم جو خیرات کرو اللہ اُسے جانتا ہے۔

علامہ سدی اور مجاہد وغیرہ بیان کرتے ہیں۔ یہاں قریش و دیگر قبائل کے فقراء

مہاجرین مراد ہیں اور خاص طور سے اُن کا ذکر اس لیے کیا گیا ہے کہ ان کے علاوہ تو فاقہ کی سختیاں جھیلنے والا کوئی اور تھا ہی نہیں یہی اصحاب صفہ تھے جو رسول خدا ﷺ کی خدمت میں بے مال اور بے اہل عیال آتے تھے، آپ نے ان کے قیام کے لیے صفہ تعمیر کرایا اس لیے ان کو صحابہ صفہ کہا جاتا ہے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اس اسلامی معاشرے کا کامل ترین نمونہ تھے، جہاں نہ کوئی چھوٹا تھا نہ بڑا ایک کا دکھ سب کا دکھ اور ایک کی خوشی سب کی خوشی تھی، اخلاص، ایثار کا جو سمندر ان کے سینوں میں موجزن تھا وہ کب کسی نے دیکھا ہوگا، اسی معاشرے کی ایک سچی تصویر پیش کرتے ہوئے محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

جب شام ہوتی تو رسول خدا ﷺ اصحاب صفہ کو صحابہ میں تقسیم فرما دیتے، کوئی ایک آدمی کو لے جاتا کوئی دو کو اور کوئی تین کو اسی طرح انہوں نے دس تک ذکر کیا ہے اور حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تو کمال ہی کرتے تھے روزانہ شام کو ۸۰ آدمیوں کو کھانا کھلاتے۔

اصحاب صفہ کا سارا وقت تحصیل علم دین اور اللہ کی عبادت میں گزرتا تھا حضور نبی رحمت ﷺ ان کے ساتھ بیٹھتے دین حق کی تعلیم دیتے اور اُن کے ساتھ لطف و محبت کا معاملہ فرماتے، ان کی ضروریات خود بھی پوری فرماتے اور صحابہ کو بھی تاکید فرماتے صحابہ کرام ان کو اپنے گھر میں لے جاتے اور اپنے ساتھ کھانا کھلاتے، لہٰذا کھجور کے خوشے مسجد کی چھت میں لٹکا جاتے اور یہ لوگ حسب ضرورت ان سے اپنا پیٹ بھرتے۔

اصحاب صفہ دیگر صحابہ کی طرح جہاد میں بھی شرکت کرتے تھے۔ حضور ﷺ ان کو دعوت و تبلیغ کے مشن پر بھی روانہ فرماتے اور جو لوگ صفہ میں مقیم رہتے وہ رسول اللہ ﷺ سے احادیث سن کر یاد کیا کرتے تھے، ان میں سب سے زیادہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حفظ حدیث میں شہرت تامہ حاصل ہوئی۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور ﷺ نے ایک حدیث بیان کرتے ہوئے فرمایا: جب تک میرا وعظ جاری ہے اس وقت تک جو شخص اپنا کپڑا پھیلائے رکھے گا اور وعظ ختم ہونے پر اس کپڑے کو سمیٹ کر اپنے سینے سے لگائے گا اس کو میری بات یاد رہے گی، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اپنی دھاری دار چادر کو پھیلا لیا تا کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنا وعظ پورا فرمایا تو میں نے اس چادر کو سمیٹ کر اپنے سینے سے لگایا بس اسی دن سے حضور ﷺ کا وہ وعظ میں آج تک نہیں بھولا۔

(مدینۃ الرسول، علامہ منظور احمد شاہ)

## غزالی زماں کی مدینۃ الرسول میں پہلی حاضری

علامہ پیر منظور احمد شاہ فرماتے ہیں ۱۹۸۰ء میں حاضری کے موقع پر میں نے سیدی علامہ سید احمد سعید کاظمی صاحب سے عرض کی کہ آپ اپنی کسی حاضری کا کوئی واقعہ سنائیں فرمایا ہاں ایک واقعہ یاد ہے۔ پہلی حاضری پر میرے پاؤں میں ایک کانٹا چبھ گیا جو سخت تکلف دے رہا تھا نکالنے لگا تو اعلیٰحضرت رحمۃ اللہ علیہ کی سرزمین حجاز کے کانٹوں سے محبت یاد آ گئی تو میں وہیں رک گیا اور پاؤں سے کانٹا نہ نکالا کئی دن کے بعد خود بخود درد رک گئی۔ اس واقعہ کے چند دن بعد آپ کو غسل خانہ کے دروازہ سے پھانس چبھ گئی اور مجھے نکالنے کو فرمایا۔ میں نے وہ پھانس نکال کر عرض کی حضرت کانٹا پاؤں میں رہنے دیا تھا تو اسے بھی ہاتھ میں رہنے دیتے۔ فرمایا ارے شاہ صاحب، وہ کانٹا کوئے حبیب کا ہی تھا اور یہ پھانس انڈونیشیا سے آئی ہوئی لکڑی کی ہے۔

## مدینہ منورہ کا پہلا قبرستان

اس شہر کے مرکز اسلامی بن جانے کے بعد تاریخ کا پہلا قبرستان جسے عربی میں بقیع غرقد کہتے ہیں بقیع اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں مختلف قسم کی جنگلی درخت اور جھاڑ جھنکاڑ

پائے جاتے ہوں یہاں ایک کانٹے دار غرقد نامی درخت کی کثرت تھی جس کی وجہ سے اس جگہ کا نام بقیع غرقد پڑ گیا۔

اس قبرستان کا محل وقوع اس طرح ہے کہ یہ قبرستان مدینہ منورہ کی آبادی سے باہر مسجد نبوی شریف کے مشرقی سمت میں واقعہ ہے اس کے اردگرد مکانات اور باغات تھے۔ مسجد نبوی شریف کے مشرقی سمت میں اب یہ بقیع قبرستان مسجد نبوی شریف کے خارجی صحن سے مل چکا ہے۔

حضور نبی رحمت ﷺ اور حضرات مہاجرین نے جب مدینہ منورہ کو ہجرت کر کے اس شہر کو اپنا مسکن بنایا تو اس شہر مبارک میں مزید تعمیری وتمدنی ترقی ہونے لگی اس وقت آپ ﷺ نے ارادہ فرمایا کہ کوئی مناسب جگہ مسلمانوں کی اموات کی تدفین کے لیے متعین ہو جائے اس مقصد کے پیش نظر آپ ﷺ اس بقیع کی جگہ تشریف لائے، تو ارشاد فرمایا، مجھے اس جگہ (یعنی بقیع) کا حکم قبرستان کے لیے دیا گیا ہے۔ (مستدرک امام حاکم)

اس روایت سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول ﷺ کو اس (بقیع کی) جگہ مسلمانوں کا قبرستان بنانے کا حکم فرمایا تھا، اور یہیں سے اس جگہ یعنی بقیع قبرستان کی فضیلت کی ابتدا ہوتی ہے۔

مدینہ منورہ میں انتقال کرنے والے کو روز قیامت حضور ﷺ کی شفاعت نصیب ہوگی۔ جیسا کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا تم میں سے جس سے ہو سکے تو وہ مدینہ میں مرنے کی سعی کرے اس لیے کہ جس کی مدینے میں وفات ہوگی میں اس کی شفاعت کروں گا۔ (اخرج الترمذی فی سننہ باب فضل المدینہ)

بقیع میں جس کی تدفین ہوا اس کو دس ہزار صحابہ کرام اور بے شمار تابعین، صالحین، اولیاء اللہ اور علماء ربانیین کا پڑوس نصیب ہوگا بقیع کی زیارت کی مشروعیت عام قبروں کی زیارت کی مشروعیت کے ذیل میں بھی آتی ہے کہ قبروں کی زیارت کرنا آخرت کی یاد دہانی

کراتی ہے۔ دلوں کو نرم کرتی ہے اور آنکھوں کو اشکبار کرتی ہے جیسا کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا! سمجھ لو میں نے تمہیں تین چیزوں سے منع کیا تھا اب ان چیزوں میں میری رائے یہ ہے۔ میں نے قبروں کی زیارت سے روکا تھا، پھر مجھے ظاہر ہوا کہ یہ (یعنی قبروں کی زیارت) دلوں کو نرم کرتی ہے اور (قبروں کو دیکھ کر) آنکھیں اشکبار ہوتی ہیں آخرت کی فکر پیدا ہوتی ہے چنانچہ قبروں کی زیارت کیا کرو۔

تمام مسلمانوں کا اس پر اتفاق ہے کہ جو شخص مدینہ منورہ کی زیارت کی لیے آئے اس کے لیے مسنون ہے کہ وہ بقیع قبرستان کی زیارت کرے مرحومین کو سلام کرے اور ان کے لیے دعا مغفرت کرے جیسا کہ حضور ﷺ نے ہمیں سکھایا ہے آپ ﷺ کا ارشاد ہے ''مجھے اس کا حکم دیا گیا کہ میں ان (اہل بقیع کے لیے دعا کروں)

اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کا خاتمہ ایمان پر فرمائے اور ہمیں بھی اہل مدینہ میں شمار فرما کر بقیع کا مدفن نصیب فرمائے آمین۔ (مدینۃ الرسول)

## جنت البقیع میں پہلی دفن ہونے والی شخصیت

حضرت عثمان بن مظعون بن حبیب قریشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت ابو السائب مشہور صحابی رسول ہیں آپ کا شمار اجلّہ صحابہ میں ہوتا ہے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایسے طبیعت کے نیک تھے کہ زمانہ جاہلیت یا زمانہ اسلام میں بھی آپ نے کبھی شراب کو ہاتھ نہیں لگایا، آپ سترہ افراد کے بعد اسلام میں داخل ہوئے اور دو ہجرتوں کے شرف سے مشرف ہوئے غزوہ بدر میں آپ نے حصہ لیا۔ اس کے چھ ماہ بعد آپ کی وفات کا سانحہ پیش آیا، مہاجرین میں سب سے پہلے مدینہ منورہ میں وفات پانے والے آپ ہی ہیں۔ آپ ہی کی وفات پر آنحضرت ﷺ روئے اور آپ ﷺ نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دونوں آنکھوں کے درمیانی جگہ کا بوسہ لیا اور فرمایا: ہمارے پیش رو میں عثمان بہت اچھے ہیں،

آپ کی قبر پر حضور نبی رحمت ﷺ نے پتھر کی نشانی رکھی تا کہ قبر کی زیارت کریں اور جو بھی حضور ﷺ کے اہلبیت میں سے وفات پائے۔ اس کو ان کی قبر کے نزدیک ہی دفن کریں۔

علماء مورخین کا اس میں اختلاف ہے کہ بقیع میں سب سے پہلے کس کی تدفین ہوئی جمہور علماء کا اتفاق ہے کہ حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مہاجرین میں سب سے پہلے دفن کیا گیا اور آپ کی تدفین کے بعد یہ مشہور ہوا کہ یہ مقبرہ مسلمانوں کے لیے ہے، جب کہ بعض علماء کا قول ہے کہ حضرت اسعد بن زرارہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پہلے صحابی رسول ہیں جو اس میں دفن ہوئے دونوں اقوان میں جمع تطبیق اسی طرح ممکن ہے کہ انصار میں سے حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پہلے دفن ہوئے، اور مہاجرین میں سے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ پہلے دفن ہوئے اور ظاہر یہ ہی ہے کہ قبرستان میں سب سے پہلے جن کو بقیع میں دفن کیا گیا حضرت اسعد بن زوارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ انصار ہیں، اس لیے کہ ان کی وفات ہجرت نبوی کے ۹ مہینہ بعد ہوئی ہے جبکہ حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات غزوہ بدر کے بعد ہونا مسلم ہے۔ (وفاء الوفاء علامہ سمہودی)

## رسالت مآب ﷺ کا پہلا غم

حضور رسالت مآب ﷺ پر جو سب سے پہلا غم آیا وہ یہ ہے کہ آپ کی تشریف آوری سے قبل ہی آپ کے والد گرامی کو اٹھالیا گیا تھا کہ آپ ناز نہ دیکھ سکیں اور باپ کی محبت بھری آغوش میں نہ بیٹھ سکیں۔

چنانچہ ابھی آپ والدہ ماجدہ کے بطن اطہر میں تھے کہ آپ کے والد بزگوار کا وصال ہو گیا اور یتیمی کا داغ آپ کے قلب مبارک پر لگ گیا۔

روایت میں آیا ہے ملائکہ آپ کو یتیم کہہ کر پکارتے اور آپ کی یتیمی پر آنسو بہاتے اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو خطاب فرمایا! اگرچہ میرا محبوب یتیم ہے مگر میں اس کا کار

ساز، مددگار اور محافظ و وکیل ہوں تم اس پر درود بھیجو اور اسے مبارک سمجھو (روضۃ الشہداء)

## حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو پہلا غسل کس نے دیا

روایت میں ہے کہ حضرت خاتون جنت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی پیدائش کے وقت اللہ تعالیٰ نے حضور رسالت مآب ﷺ کے حجرہ مبارکہ میں جنت کی دس حوروں کو بھیجا ان میں سے ہر ایک کے پاس ایک طشت اور چمکتی ہوئی چھاگل تھی اور ان چھاگلوں میں آب کوثر تھا۔

چنانچہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے لے کر کوثر کے پانی سے نہلایا اور ایک سفید کپڑا نکال کر اعلیٰ قسم کی خوشبوؤں میں بسا کر آپ کو پہنایا اور اسے ایک اور پاکیزہ خوشبوؤں میں بسا ہوا کپڑے کا رومال آپ کے خرق اطہر پر باندھ کر کہا اے خدیجہ اب اس پاک اور پاکیزہ کو لے لیں اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی اولاد پر برکت نازل فرمائے اور دوسری خواتین نے بھی جناب خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو مبارک پیش کی۔

حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے خوشی خوشی بیٹی کو گود میں لیا حضور رسالت مآب ﷺ نے آپ کا نام فاطمہ رکھا آپ کی کنیت ام محمد راضیہ مرضیہ میمونہ زکیہ بتول اور زہرا ہیں آپ کے فضائل و مناقب بے شمار ہیں۔ (روضۃ الشہداء جلد اول)

## حضرت علی کا پہلا غسل

حضرت علی کی پیدائش کے بعد آپ کو دیکھنے کے لیے اپنے چچا جناب ابوطالب کے گھر تشریف لائے اور حضور رسالت مآب ﷺ نے حضرت علی کو گہوارے سے باہر نکالا اور آغوش میں لے کر ان کے چہرے پر اپنا چہرا رکھا اور پھر اپنی زبان مباک ان کے منہ میں ڈال دی اور ایک عرصہ تک حضرت علی اس دہن مبارک سے لعاب چوستے رہے۔

بعدازاں حضور رسالت مآب ﷺ نے لوٹا اور تھال منگوایا اور جناب حضرت علی کو تھال میں بیٹھا کر اپنے دست مبارک سے پہلا غسل دیا۔ جب آپ نے انہیں سیدھے رخ سے غسل دے لیا تو حضرت علی بغیر کسی کے پھیرنے کے خود ہی تھال میں گھوم گئے حضور رسالت مآب ﷺ نے جب یہ حال دیکھا تو آپ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔

جناب فاطمہ بنت اسد نے رونے کی وجہ پوچھی تو آپ نے فرمایا! میں دیکھ رہا ہوں جب سے اس بچے کو میں غسل دے رہا ہوں اور بغیر پھیرنے کے خود ہی تھال میں گھوم رہا ہے اپنا رخ خود ہی تبدیل کر رہا ہے۔ پہلا غسل علی کو میں نے دیا ہے اور آخری غسل مجھ کو علی دے گا۔ اور یہ پیشگوئی اس وقت پوری ہوئی جب حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم حضور رسالت مآب ﷺ کو آخری غسل دینے لگے تو آپ حضرت علی کے پھیرائے بغیر خود رخ تبدیل فرما لیتے تھے۔ (روضۃ الشہداء جلد اول)

## میدان کربلا کا پہلا شہید

یزیدی فوج کا کمانڈر حر جب حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس نے عرض کی اے ابن رسول اللہ! میں نے رات کو خواب میں اپنے باپ کی زیارت کی تو اس نے میرے پاس آ کر کہا اے حر ان دنوں کہاں جا رہا ہے؟

میں نے کہا! امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے رستے کی ناکہ بندی کرنے کے لیے جا رہا ہوں، میرے باپ نے چیختے ہوئے کہا اے بیٹے! تجھ پر افسوس ہے تجھے رسول اللہ کے بیٹے سے کیا کام؟ اگر تو جہنم کی آگ برداشت کرنے کی طاقت رکھتا ہے تو جا اور ان کے ساتھ جنگ کر اور اگر رسول اللہ ﷺ کی شفاعت اور پروردگار عالم کی رضا کا خواہاں ہے اور جنت کے باغات اور محلات جاودانی کی طلب رکھتا ہے تو جا کر ان کے دشمنوں سے جنگ کر اب آپ مجھے اجازت عطا فرمائیں تاکہ میں آپ کے دشمنوں سے جنگ کرنے کے لیے جاؤں؟

حضرت سیدنا امام حسین عالی مقام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا! تو ہمارا مہمان ہے صبر کرتا کہ میرا آدمی میدان کارزار میں جائے۔

حضرت حر نے عرض کی اے ابن رسول پہلا شخص جو آپ کے ساتھ جھگڑنے آیا تھا میں تھا آپ مجھے اجازت فرمائیں تا کہ آپ کے دشمنوں کے ساتھ جنگ کرنے کی پہل بھی میرے حصے میں آئے۔

حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اجازت عطا فرمادی حر مرد دلیر اور بہادر شخص تھا میدان جنگ میں اسے ایک ہزار سوار کے برابر سمجھا جاتا تھا اور وہ ابن زیاد کا سپہ سالار تھا وہ اپنے گھوڑے کو برق رفتار سے دوڑاتا ہوا میدان میں آیا اور رجز کہتے ہوئے اپنے مقابلے کے لیے یزیدی فوج کو للکارا۔

جب ابن سعد نے حر کو میدان میں دیکھا تو اس کے دل پر لرزہ طاری ہو گیا پھر اس نے ایک مشہور عربی جوان صفوان بن حنظلہ کو بلا کر کہا۔ حر کے پاس جا کر نرمی اور نصیحت کے ساتھ اسے میری طرف واپس لے کر آ اگر وہ تیری بات نہ مانے تو شمشیر سے اس کا سر تن سے جدا کر دینا۔

صفوان تمام تیاری اور زیبائش کے ساتھ جناب حضرت حر کے سامنے آیا اور کہا! تو ایک عقلمند اور بہادر شخص ہے اور بہادر اور جنگجو آدمی کو مناسب نہیں کہ وہ یذید سے رخ موڑ کر حسین کی طرف کر لے۔

جناب حضرت حر نے کہا! اے صفوان تیری عقلمندی اور دانائی کے پیش نظر تیری یہ بات کتنی عجیب ہے یزید ناپاک اور ظالم و فاسق شخص ہے اور امام حسین پاک اور پاک زادے ہیں ان کی والدہ جنتی عورتوں کی سردار اور جبریل امین ان کا جھولا جھولاتے تھے اور حضور رسالت مآب ﷺ انہیں اپنے باغ کی خوشبو کہتے تھے۔

صفوان نے کہا! میں یہ سب کچھ جانتا ہوں بلکہ اس سے بھی زیادہ مانتا ہوں مگر مال و

دولت اور جاہ جلال یذید کے ساتھ ہے اور ہم سپاہی لوگ ہیں ہم مرتبہ و منصب چاہتے ہیں تقویٰ وطہارت ہمارے کس کام کا؟ جناب حضرت حر نے کہا! اے صفوان تو حق مانتے ہوئے اسے چھپاتا ہے اور بظاہر میٹھا مگر دھوکے کا جان لیوا شربت نوش کرتا ہے۔ صفوان نے عضب ناک ہو کر حضرت حر کے سینے پر نیزہ مارہ تو حضرت حر نے اس کے نیزے کے وار کو اپنے نیزے پر روکا اور بہادری کے ساتھ اس کے نیزے کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیے اور اسی غصے میں نیزے کی نوک اس کے سینے میں ماری تو نیزہ اس کی پشت سے ایک گز پار ہو گیا پھر اسی نیزے پر زور دیتے ہوئے اسے گھوڑے کی زین سے نیچے گرادیا اور اس کی ہڈی پسلی ایک کردی۔

جب دونوں لشکروں نے صفوان کو ریزہ ریزہ ہوتے دیکھا تو شور مچانے لگے۔

صفوان کے تین بھائی تھے اور وہ اپنے بھائی کے قتل ہونے پر غضبناک ہو گئے اور تینوں بیک وقت حضرت حر پر حملہ کر دیا۔

حضرت حر نے نعرہ لگایا اور اللہ تعالیٰ کی عظمت وقدرت کو یاد کرتے ہوئے ایک کو کمر سے پکڑا اور زین سے اٹھا کر زمین پر دے مارا جس سے اس کی گردن ٹوٹ گئی۔

دوسرے کے سر پر تلوار ماری جو اس کے سینہ تک اترتی چلی گئی تیسرا بھاگ نکلا تو حضرت حر نے اس کا پیچھا کر کے اس کی پشت پر نیزہ مارا جس کی نوک اس کے سینے کے پار نکل گئی۔

بعد ازاں! حضرت حر بارگاہ امام عالی مقام حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے۔ اور عرض کی اے ابن رسول اللہ کیا آپ نے مجھے معاف فرمادیا اور آپ مجھ سے خوش ہو گئے؟

حضرت حر سے حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا! ہاں تو حر ہے جیسا کہ تیرا نام تیری ماں نے رکھا میں تجھ سے خوش ہوں اور تو آزاد ہے یعنی کل قیامت کے دن تو آتش دوزخ سے آزاد ہو گا۔

جناب حر نے یہ بشارت سنی تو انتہائی خوشی کے ساتھ میدان کی طرف لوٹ گئے

اور یزیدی لشکر کے ساتھ جنگ شروع کردی جناب حر جس طرف حملہ کرتے کشتوں کے کشتے لگادیتے اور جس طرف رخ کرتے سواروں اور سواریوں کو گرادیتے اسی حال میں یزید کے پیادہ سپاہی حضرت حر کے سامنے آئے اور انہوں نے ان کے گھوڑے کی کونچیں کاٹ دیں۔ حضرت حر پاپیادہ جنگ کرنے لگے، ان کے جہاں سوز غصے کا شعلہ لپک رہا تھا اور قہر کی آتش مشتعل ہو چکی تھی۔ اور یزیدی لشکر نے حضرت حر کی جنگ کا یہ عالم دیکھا تو پیادہ سواران کے سامنے سے ہٹنے لگے جب حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیکھا کہ حر پاپیادہ جنگ کر رہے ہیں تو آپ نے ان کے لیے ایک بہترین گھوڑا بھیج دیا جس پر سوار ہو کر حضرت حر اس کی جولانیاں دکھانے لگے۔

حضرت حر نے چاہا کہ واپس جا کر حضرت امام حسین عالی مقام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارگاہ میں حاضری دیں کہ ہاتف غیبی کی آواز آئی اے حر واپس نہ جانا کیونکہ حوران بہشتی تیری آمد کی منتظر ہیں پس حضرت حر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف رخ کیا اور عرض کی اے ابن رسول اللہ میں آپ کے نانا جان کی خدمت اقدس میں جارہا ہوں اگر آپ کا کوئی پیغام ہو تو دے دیں؟

حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روتے ہوئے فرمایا! اے حر شاباش کہ ہم بھی تیرے پیچھے آرہے ہیں۔ (روضۃ الشہدا جلد دوم)

## میدان کربلا کا پہلا شہید جنت میں

حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لشکر میں شور مچ گیا اور حضرت حُر دشمن کے لشکر سے جنگ کرنے لگے، یہاں تک کہ ان کا نیزہ ٹوٹ گیا تو انہوں نے تیغ ابدار کھینچ لی۔ اور جس کمینے کے سر پر وار کرتے اسے سینے تک چیر دیتے اور جس کی کمر پر وار کرتے اسے دو ٹکڑوں میں بدل دیتے آپ کبھی میمنہ پر حملہ کر کے یزیدیوں کے لشکر میں

گھس جاتے اور کبھی میسرہ پر حملہ کر کے تتر بتر کر دیتے۔

اسی طرح آپ بہادری کے جوہر دیکھاتے ہوئے قلب لشکر میں گھس کر ابن سعد کے پرچم بردار تک پہنچ گئے تا کہ اسے پرچم سمیت دو ٹکڑے کر دیں کہ شمر نے اپنے لشکر کو آواز دی کہ انہیں چاروں طرف سے گھیر لو اور اپنے گھیرے سے نہ نکلنے دو چنانچہ یزیدی لشکر نے ان پر یکمشت حملہ کر دیا اور چاروں طرف سے وار کرنے لگے۔

حضرت حُر اس گروہ کے درمیان نہایت جوش خروش اور بہادری سے لڑ رہے تھے کہ اچانک قسوہ بن کنانہ نے ان کے سینے پر نیزہ مارا جوان کے جسم میں گھس گیا۔

جناب حر سرگرمی سے جنگ کر رہے تھے جب انہوں نے اپنا زخم دیکھا اور قسوہ کو دیکھا کہ اس نے نیزہ مارا ہے اور اس کے سر سے خود الگ ہو چکا ہے تو انہوں نے اس کے سر پر تلوار کا وار کیا جس نے قسوہ کو سینے تک چیر دیا اور وہ گھوڑے سے نیچے گر پڑا۔

حضرت حُر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی گھوڑے سے گر پڑے اور نعرہ لگایا یا ابن رسول اللہ ادرکنی۔

حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے گھوڑا دوڑایا اور حضرت حر کے پاس پہنچ گئے اور زمین پر بیٹھ کر حضرت حر کا سر اپنی آغوش میں لے لیا اور اپنے دامن سے ان کی رخساروں کو صاف کرنے لگے حضرت حر میں جان کی تھوڑی سی رمق باقی تھی انہوں نے آنکھیں کھول کر دیکھا کہ ان کا سر حضرت امام کی آغوش میں ہے تو مسکراتے ہوئے عرض کیا اے ابن رسول اللہ! آپ مجھ سے راضی ہو گئے؟

حضرت سیدنا امام حسین عالی مقام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میں تجھ سے خوش ہوں اللہ تعالیٰ تجھ سے راضی ہو حضرت حر نے یہ بشارت سنی تو جان جان آفریں کے سپرد کر دی۔

انا للہ و انا الیہ راجعون. (روضۃ الشہداء جلد دوم)

# پسران علی رضی اللہ عنہ سے پہلا شہید

حضرت علی شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شہزادوں میں حضرت فضل بن علی میدان کربلا میں اپنے والد گرامی کی طرح ان کی تلوار ذوالفقار حیدری کی طرح اوران کا نیزہ مار ارقم کی طرح جنگ میں جانوں کا شکار کرتے ہوئے مقابلہ کرنے والوں کو قتل کر رہے تھے کبھی آتش بار شعلہ سے بے دلوں کے سینہ سے جاں سوز دھواں باہر لے آتے اور کبھی تیغ حیدری کی طرح یزیدیوں کی صفوں میں رخنہ ڈال دیتے دو ہزار شامیوں کا یہ لشکر ایک شخص پر تیروں کی بارش کر رہا تھا۔ تیروں کی اس بارش میں شہزادہ علی حضرت فضل بن علی کا گھوڑا زمین پر گر پڑا اور آپ پا پیادہ ان لوگوں کے درمیان گھس گئے۔ اور بالآخر جنگ کرتے ہوئے اس بے اعتبار دنیا کی سرائے سے منازل دار القرار کی طرف متوجہ ہو گئے۔

حضرت امام حسین عالی مقام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے برادران گرامی میں سے سب سے پہلے جام شہادت نوش کرنے والے یہی حضرت فضل بن علی تھے جو تشنہ لب اور سوختہ جگر اپنے باپ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

انا للہ و انا الیہ راجعون. (روضۃ الشہداء جلد دوم)

# راہ اسلام کی پہلی شہیدہ خاتون

حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا شمار ان بلند پایہ صحابیات میں ہوتا ہے جنہوں نے اسلام کی راہ میں اور حضور نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کی غلامی میں سخت ترین اذیتوں کا سامنا کیا۔ حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے باوجود اس کے کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کمزور اور ضعیف تھیں سخت تکالیف برداشت کیں لیکن کلمہ حق کہنے سے کبھی باز نہ آئیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا شمار مکے کے ان سات افراد میں ہوتا ہے جنہوں نے انتہائی ابتدا ہی میں

اسلام قبول کر لیا تھا۔یعنی حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت خباب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت صہیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ (حضرت سمیہ کے بیٹے) حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حضرت یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے صرف سچے دل سے داعی اسلام حضرت محمد ﷺ کی آواز حق پر لبیک کہا بلکہ اسے عمل سے بھی ثابت کیا کہ ان کا جذبہ اور ایمان واقعی صادق ہے۔اس وقت جب قبائل عرب جہالت اور بے راہ روی کی اندھا دھند تقلید میں حق و باطل کے فرق کو فراموش کر چکے تھے ان افراد کا قبول اسلام کرنا کفار مکہ کو کھلی مخالفت کی دعوت دینا تھا لیکن اس چھوٹے سے خاندان (شوہر حضرت یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ،فرزند حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا) نے نتائج و مصائب سے بے پرواہ ہو کر پرچم توحید کو مضبوطی سے تھام لیا۔

مشرکین مکہ نے اہل حق کے ان پروانوں کو طرح طرح کی تکلیفیں دیں۔حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بحیثیت عورت وہ ایک صنف نازک تھیں لیکن کفار نے ان کے شوہر اور فرزند کے ہمراہ انہیں بھی سخت سزائیں دیں۔ان لوگوں نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو لوہے کی زرہ پہنا کر تپتی ہوئی دھوپ میں کھڑا کیا تا کہ مکہ کے چمکتے ہوئے سورج کی تپش سے یہ لوہا گرم ہو کر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے نازک جسم کو اذیت ناک طریقہ سے سزائیں دیں۔تا کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کلمہ حق سے باز آجائیں مگر عشق رسول ﷺ ان مقدس ہستیوں کے رگ و پے میں حد درجہ سرایت کر چکا تھا کہ کسی صورت بھی یہ واپس نہ شکری کی طرف لوٹنے والوں میں نہ ہوئے۔

رسول کریم ﷺ جب ان کو بنو مغیرہ بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم کی طرف سے دی گئی اذیتوں میں مبتلا مکہ کی گرم دوپہروں میں چلتا دیکھتے تو فرماتے ''اے آل یاسر ہمت نہ ہارنا اللہ نے تم سے جنت کا وعدہ کیا ہے''

غرضیکہ اسلام کی محبت میں سارا دن یہ عذاب جھیلتے گزر جاتا۔ ایک دن "رات کو ابو جہل حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس آیا اور ان پر سخت غصہ ہوا" کہنے لگا اے بڑھیا تو سٹھیا گئی ہے کہ اپنے ساتھ اپنے خاوند اور بیٹے کو بھی بد دین کر ڈالا۔

یہ کہتے اتنا غضب ناک ہوا کہ بے چاری بزرگ عورت حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو اس زور سے کھینچ کر برچھی ماری کہ اس صدمے اور تکلیف کی تاب نہ لاتے ہوئے وہ اسی وقت شہید ہو گئیں۔

اسلام کی پہلی شہیدہ خاتون حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پورا نام سمیہ بنت خباط تھا۔ قیاس یہ ہے کہ حضور ﷺ کی حیات اقدس کا یہ سارا دور (حضرت یاسر حضرت سمیہ) لحضرت عبداللہ اور حضرت عمار کے سامنے گزرا اور انہوں نے حضور ﷺ کی عظیم ترین شخصیت اور اعلیٰ سیرت کردار کا نہایت گہرا اثر قبول کیا۔ یہی وجہ ہے کہ بعثت کے بعد حضور ﷺ نے دعوت حق کا آغاز فرمایا تو اس سارے خاندان نے کسی قسم کا تردد یا تامل نہیں کیا بلکہ دعوت حق پر لبیک کہا۔ یہ اہل حق کے لیے بڑا پر آشوب زمانہ تھا۔ مکہ میں جو شخص بھی اسلام قبول کرتا مشرکین مکہ کے غیظ و غضب اور لرزہ خیز جور و تشدد کا نشانہ بن جاتا مشرکین اس معاملے میں اپنے عزیزوں کا بھی لحاظ نہیں کرتے تھے۔

حضرت یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے لڑکے غریب الوطن تھے اور حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ابھی بنو مخزوم نے آزاد نہیں کیا تھا۔ ان بے چاروں پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑنے میں مشرکین نے کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی حضرت یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا دونوں بے حد ضعیف تھے مگر ان کی قوت ایمانی انتہائی مستحکم تھی۔ استحکام کی یہ خوبی ان کے بیٹوں میں موجود تھی۔ ان مظلوموں کو لوہے کی زریں پہنا کر مکہ کی تپتی ریت پر لٹانا ان کی پشت کو آگ کے انگاروں سے داغنا اور پانی میں غوطے دینا کفار کا روزانہ کا معمول تھا۔

جب حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اسلام کی راہ میں سب سے پہلی شہید

ہونے والی عورت کا اعزاز پایا تو حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اپنی والدہ کی مرگ بے کسی کا سخت صدمہ ہوا۔ وہ حضور ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا ''یا رسول ﷺ اب تو ظلم کی حد ہو گئی ہے''۔

حضور ﷺ نے صبر کی تلقین فرمائی اور وعدہ کیا کہ ''اے اللہ! آل یاسر کو دوزخ سے بچا۔''

حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ تو بیٹا ہونے کی حیثیت سے اپنی ماں کی دردناک شہادت کو کبھی بھول نہیں سکتے تھے لیکن حقیقت تو یہ ہے کہ حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بے کسی اور تکلیف جب بھی اسلام کی تاریخ رقم ہوگی پورے دکھ اور کرب کے ساتھ محسوس کی جائے گی۔ یہی وجہ ہے کہ خود سرور کونین حضرت محمد رسول ﷺ کو بھی ابو جہل کا یہ ظلم اور حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی تکلیف یاد رہی چنانچہ رمضان ۲ ہجری میں جب معرکہ حق و باطل غزوہ بدر پیش آیا اور اس میں ابو جہل واصل جہنم ہوا تو حضور ﷺ نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو بلا کر ارشاد فرمایا ''اللہ نے تمہاری ماں کے قاتل سے بدلہ لے لیا'' حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شہادت ہجرت نبوی سے کئی سال قبل ہوئی اس لیے تمام اہل تاریخ نے انہیں سلام کی شہیدا اول قرار دیا ہے۔ (ماہنامہ عبقری فروری ۲۰۱۵ صفحہ ۵)

# درہم و دینار کا موجد کون؟

دینار (سونے کا سکہ) اور درہم (چاندی کا سکہ) سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام نے رائج کیے مگر اسلام میں سب سے پہلے عبدالملک بن مروان نے بنوا کر اس پر اپنا نام اور سن اجراء ۷۵ھ نقش کرایا۔ (یہ روایت بھی ملتی ہے کہ اس سکے کی ایک طرف **لا الہ الا اللہ** اور دوسری طرف محمد رسول اللہ اور سامنے **قل ھو اللہ احد** نقش تھا) سکے پر اپنا نام لکھوانے میں رشید اور منصور کا ذکر بھی ملتا ہے کہ سب سے پہلے انہوں نے لکھوایا۔ نوٹ: مغرب کے شہروں میں درہم سب سے پہلے عبدالرحمٰن بن الحکم نے رائج کیے۔ (تاریخ الخلفاء)

# پہلا منبر رسول ﷺ

زمانہ نبوی میں جب حضور ﷺ کا منبر تیار ہو گیا تو محراب کی طرف رکھا اس مسجد میں ایک کھجور کا ستون تھا۔ منبر کی تیاری سے پہلے حضور ﷺ اس کے ساتھ تکیہ لگایا کرتے تھے۔ اور وعظ فرمایا کرتے تھے۔ جمعہ کے دن حضور ﷺ ستون کے پاس سے گزرے اور منبر پر تشریف فرما ہوئے ستون نے حضور ﷺ کی آواز مبارک سنی لیکن حضور ﷺ کو اپنے نزدیک نہ دیکھا۔ نالہ وفریاد شروع کر دی اور ایک روایت کے مطابق اس اونٹ کی مانند فریاد کی جس کا بچہ گم ہو گیا ہو اور ایک روایت میں ہے کہ وہ ستون پھٹ گیا چونکہ حاضرین نے اُسے دیکھا متعجب ہوئے حضور ﷺ نے فرمایا اس لکڑی کے ٹکڑے کی حالت پر تعجب نہ کرو۔ صحابہ اس ستون کی طرف متوجہ ہوئے اس کے رونے کو سنا تو وہ بہت رویا وہ اسی طرح نالہ وفریاد کرتا رہا۔ حضور ﷺ منبر سے اترے اور اس ستون کے نزدیک گئے اور اسے اپنی گود میں لیا اور فرمایا کہ اگر تو چاہے تو تجھے تیسری اصلی جگہ پر پھر لگا دوں تاکہ پھر سرسبز ہو کر میوے پیدا کرے اور اگر تو چاہے تو بہشت کی زمین میں تجھے لگا دوں جن کے چشموں اور نہروں سے پانی پیئے۔ صالحین اور اولیاء اللہ تیرے میوے کھائیں۔ اس ستون نے آخرت کو اختیار کیا۔ اور کہتے ہیں کہ جس وقت حضور ﷺ سے پوچھا تو فرمایا کہ اس ستون نے اس بات کو اختیار کیا کہ میں اسے جنت میں لگا دوں تاکہ اولیاء میرے میوے کھائیں تاکہ میں کبھی بھی بوسیدہ نہ ہوں پھر حضور ﷺ منبر پر تشریف لائے اور لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا اگر میں اُسے تسلی نہ دیتا تو قیامت تک وہ جدائی سے روتا رہتا۔

(معارج النبوت از ملا معین واعظ الکاشفی)

# اہل عرب میں بت پرستی کا آغاز

عہد جاہلیت کے اہل عرب مورخین نے لکھا ہے کہ عمرو بن لحی الخزاعی سے پہلے یونانی اور قحطانی دونوں عرب قبائل خلیل الرحمٰن حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی شریعت کے پابند تھے۔

عمرو جب بالغ ہوا تو بنو اسماعیل کے ساتھ مل کر بنی جرہم کے ساتھ جنگ کی اُن کو شکست فاش دی اور انہیں مکہ مکرمہ سے جلاوطن کرایا۔ اور خود خانہ کعبہ کا متولی بن گیا۔ اسے کوئی سنگین نوعیت کا مرض لاحق ہوگیا۔ کسی نے اسے بتایا کہ ملک شام میں بلقاء کے مقام پر ایک گرم پانی کا چشمہ ہے۔ اگر تم وہاں جا کر اس پانی سے غسل کرو تو تم شفایاب ہو جاؤ گے۔ یہ بلقاء پہنچا اور اس پانی سے غسل کیا اور صحت یاب ہوگیا۔ وہاں کے رہنے والوں کو اس نے دیکھا کہ وہ بتوں کی پرستش کر رہے ہیں اس نے ان سے پوچھا کہ تم یہ کیا کر رہے ہو؟ انہوں ے بتایا کہ ہم ان کے ذریعے بارش طلب کرتے ہیں اور ان کے ذریعہ سے دشمن پر فتح حاصل کرتے ہیں۔ اس نے کہا مجھے بھی ان بتوں سے چند ایک بت دو۔ انہوں نے اس کو چند بت دیئے وہ ان کو لیکر مکہ مکرمہ آیا اور خانہ کعبہ کے اردگرد انہیں نصب کر دیا۔ اس روز سے اہل عرب میں بت پرستی کا آغاز ہوا۔ (ضیاء النبی جلد ۳۱۴)

# اسلامی بھائی چارہ کا مدینہ منورہ میں پہلا قدم

سرور دو عالم ﷺ نے جب مدینہ طیبہ میں ورود مسعود فرمایا تو یہاں کے مخصوص ماحول کے اپنے مسائل تھے۔ جن کا حکیمانہ اور بروقت حل ضروری تھا۔ یہاں ان حضرات نے اسلام قبول کیا تھا وہ کسی ایک قبیلہ کے فرد نہیں تھے۔ ان کا تعلق مختلف قبائل سے تھا۔ ایسے قبائل جو صدیوں سے ایک دوسرے کے ساتھ خونریز جنگیں لڑتے چلے آئے تھے بعض نا

تعلق بنوخزرج سے تھا اور کچھ بنو اوس کے افراد تھے۔ دونوں قبائل کی دیرینہ عداوت محتاج بیان نہیں ان کے علاوہ چند لوگ یہودیت کو چھوڑ کر مسلمان ہوئے تھے۔ مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے آنے والے فرزندان اسلام ایک ایسا انسانی جم غفیر تھا جن میں مختلف قسم کے اختلافات کے جراثیم موجود تھے کسی وقت بھی کوئی طالع آزما اسلامی وحدت کو پارہ پارہ کر سکتا تھا کیونکہ اسلام اللہ کا آخری دین تھا اس لیے ضروری تھا کہ اس فقید المثال انسانی معاشرہ کو ان عوامل کی غارت گری سے بچایا جائے جو اس کے شیرازہ کو پراگندہ کر سکتے ہیں لہٰذا ضروری تھا۔ کہ مغائرت منافرت کے امکانی اسباب وعلل کو قبل از وقت غیر موثر بنا دیا جائے تاکہ یہ امت کتاب الٰہی کی رسی کو مضبوطی سے پکڑے رکھے حالات کتنے ہی اشتعال انگیز ہوں یہ رسی ان سے چھوٹنے نہ پائے۔

اس کے لیے اسلامی معاشرہ جو متعدد مختلف النوع طبقات سے عبارت تھا اس میں ایک ایسی یک رنگی اور یگانگت پیدا کر دی جائے کہ طاغوتی قوت ان سے ٹکرائے مسلمانوں کی اتحادی چٹان سے ٹکرا کر پاش پاش ہو جائے۔

ایک اہم اور فوری وجہ یہ بھی تھی کہ مہاجرین اپنے وطن اپنے اہل وعیال اپنے حلقہ احباب اور اپنے اموال واسباب سب چھوڑ کر یہاں آئے تھے۔ یہاں کے رہنے والوں سے ان کی کوئی جان پہچان نہ تھی سوائے چند ایک کے ان میں باہم رشتہ بھی نہ تھا وہ یہاں آ کر اپنے آپ کو بے یار ومددگار خیال کرتے تھے۔ وطن کی جدائی اہل وعیال کا فراق اس پر بے یار ومددگار ہونے کا احساس ان کے لیے بڑا روح فرسا تھا۔

ان تمام مقاصد کے حصول کے لیے نبی کریم روف الرحیم ﷺ نے مہاجرین و انصار کے درمیان اسلامی مواخات (بھائی چارہ) کا نظام قائم فرمایا۔

تاکہ ان کے غریب الوطنی کے احساس کو دور کیا جائے اور اپنے اہل وعیال سے جدائی کے وقت ان کی دلجوئی کی جائے اور ایک دوسرے سے ان کو تقویت پہنچائی جائے۔

حضور نبی رحمت ﷺ نے فرمایا دو دو آپس میں بھائی ہو جاؤ۔ پھر سرکار دو عالم ﷺ نے سیدنا علی بن ابی طالب کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا یہ میرا بھائی ہے۔

(ضیاء النبی جلد سوئم از پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ)

## مدینہ منورہ میں پہلا روزہ

حضور نبی رحمت ﷺ جب ہجرت کر کے مدینہ پہنچے تو دیکھا یہاں کے یہودی محرم کی دسویں تاریخ کو روزہ رکھتے ہیں۔ سرور عالم ﷺ نے اس کی وجہ پوچھی تو اُنہوں نے بتایا کہ اس روز اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون سے نجات دی تھی اور "بحرہ احمر" سے بسلامت وہ ساحل پر پہنچے تھے۔ اس لیے ان کے نبی پر اللہ تعالیٰ نے جو یہ انعام فرمایا وہ ازراہ شکر اس دن یہ روزہ رکھتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا نحن اعق بموسی۔ "حضرت موسیٰ علیہ السلام کے انعام کا شکریہ ادا کرنے کے ہم تم سے زیادہ حقدار ہیں"۔

چنانچہ حضور نے خود بھی روزہ رکھا اور مسلمانوں کو بھی روزہ رکھنے کا حکم فرمایا۔

نوٹ: ہجرت کے دوسرے سال ماہ شعبان میں رمضان المبارک کے مہینہ میں روزہ رکھنے کا حکم نازل ہوا۔ (ضیاء النبی جلد سوئم صفحہ ۱۱۴ از پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ)

## فریضہ زکوٰۃ کی ابتدا

ہجرت کے دوسرے سال ملت اسلامیہ کے ذی استطاعت لوگوں پر زکوٰۃ فرض کی گئی۔ زکوٰۃ دین کے پانچ بنیادی اصولوں میں سے ایک ہے یہ اسلامی معاشرہ کے ان افراد کی معاشی خوشحالی کی ضمانت ہے جو مختلف وجوہات کی بنا پر اپنی روزی کمانے سے قاصر ہیں اور محرومی اور عسرت کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ایسے افراد کی کفالت کے لیے ہر خوشحال مسلمان کو زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم دیا۔ اور اس کے معارف بھی بڑی تفصیل ہے

سے خود ہی بیان کر دیئے تا کہ کوئی ان میں مداخلت کر کے اس فریضہ کے انقلاب آخرین اثرات کو غیر موثر نہ بنا دے۔

ارشاد الٰہی ہے ”صدقات تو صرف ان کے لیے ہیں جو فقیر، مسکین، زکوٰۃ کے کام پر جانے والے ہیں اور جن کی دلداری مقصود ہے۔ لہٰذا گردنوں کو آزاد کرانے اور مقروضوں کے لیے اور اللہ کی راہ میں مسافروں کے لیے یہ سب فرض ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا دانا ہے۔ (ضیاء النبی)

## زکوٰۃ کا پہلا مصرف

جس طرح زکوٰۃ ادا کرنے کا واضح حکم موجود ہے تا کہ غربا بھی خوشحال زندگی بسر کر سکیں اس لیے زکوٰۃ کا پہلا مصرف فقراء ہیں فقیر اسے کہتے ہیں جو تنگ دست ہو اگر چہ رزق کمانے پر قادر ہو لیکن اس کی کمائی اسے خوشحال زندگی بسر کرنے کے قابل بنا سکے۔ دوسرا مصرف مساکین تیسرا مصرف عاملین، چوتھا مصرف مؤلفت القلوب، پانچواں مصرف غلاموں کو آزاد کرنا ہے، چھٹا مصرف مقروض لوگ ہیں، ساتواں مصرف مسافر ہیں، آٹھواں مصرف اللہ کی راہ میں خرچ کرنا ہے۔

۲ ہجری میں نازل ہونے والے اور نفاذ پذیر ہونے والے ان مذکور احکام کا تعلق انفرادی اور اجتماعی اصلاح وفلاح کے ساتھ ہے۔

(ضیاء النبی جلد سوئم صفحہ ۴۱۸ از پیر محمد کرم شاہ الازہری)

## مدینہ منورہ کی ہجرت کرنے والے پہلے خوش نصیب

مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کرنے والے پہلے خوش نصیب مدینہ منورہ کی طرف سب سے پہلے ہجرت کرنے کی جس کو سعادت نصیب ہوئی۔ وہ حضرت ابوسلمہ مخزومی تھے

رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔انہوں نے یہ ہجرت بیت عقبہ کے انعقاد سے بھی ایک سال پہلے کی۔ان کا پورا نام ابوسلمہ عبداللہ بن عبدالاسد بن ہلال بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم ہے۔انہوں نے سب سے پیشتر اپنے کنبہ سمیت حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی۔کئی سال کی جلاوطنی کے بعد جب مکہ واپس آئے تو قریش نے ان پر دوبارہ مشق جوروستم شروع کردی ابوسلمہ کو پتہ چل گیا کہ یہاں سے کئی سومیل دور یثرب شہر میں مسلمانوں کی کافی تعداد آباد ہے۔اس لیے اہل مکہ کے مظالم سے بچنے کے لیے انہوں نے یثرب جانے کا پروگرام بنالیا۔

اس طرح آپ سب سے پہلے یثرب کی طرف ہجرت کرنے والے پہلے خوش نصیب بن گئے۔(ضیاءالنبی جلد سوم صفحہ ۲۷)

# دس محرم کے روزے کی ابتداء

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے" رسول اللہ ﷺ ایک مرتبہ یہودیوں کے ایک گروہ کے پاس سے گزرے تو وہ لوگ یوم عاشورہ کا روزہ رکھے ہوئے تھے۔حضور ﷺ نے پوچھا: یہ روزہ کیسا ہے" انہوں نے کہا کہ اس دن اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کو غرق ہونے سے بچایا تھا۔اور اس دن فرعون غرقاب ہوا تھا اسی روز حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی جودی پہاڑ پر جاکر کھڑی ہوئی تھی تو حضرت نوح علیہ السلام نے عاشورہ کا روزہ رکھا تھا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بھی شکریہ کے طور پر روزہ رکھا تھا۔حضور علیہ السلام نے فرمایا" میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پیروی کا زیادہ حقدار ہوں، میں اس دن روزہ رکھنے کا زیادہ حق رکھتا ہوں" حضور ﷺ نے صحابہ کرام سے فرمایا" جس شخص نے بغیر کھائے پیئے صبح کی ہے وہ اپنا روزہ مکمل کرے اور جس نے گھر والی سے قربت نہیں کی وہ باقی ماندہ دن اسی طرح پورہ کرے۔اس حدیث کی شہادت صحیح کی ایک اور حدیث میں بھی ملتی ہے۔(قصص الانبیاء از امام ابن کثیر صفحہ ۱۱۶)

# موت کی پہلی منزل

سید عالم نبی مکرم ﷺ نے فرمایا بڑھاپا موت کی پہلی منزل ہے، نیز فرمایا جو شخص اسلام میں بڑھاپے تک پہنچ جاتا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے اس بندے کا خیر مقدم کرو! یہ اس کی صفت ہے۔ جس کا ایک بال سفید ہوا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں نے تیرے نامہ اعمال کی سیاہی تیرے بڑھاپے کی سفیدی میں بدل دی۔ حضرت ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں یہ عظمت اس کے لیے ہے جو بحالت پیری فوت ہوا۔ پھر بھلا جو جوانی کے عالم میں فوت ہوا اس کی کیا شان ہوگی۔

سید عالم ﷺ نے فرمایا ملک الموت کی دہشت کے باعث میری امت قبروں سے باہر نکلے گی تو ان کے بال سفید ہو چکے ہوں گے۔

حضور ﷺ نے فرمایا اس کے لیے خوشخبری ہے جس کی نیکی میں عمر طویل ہوئی۔ نیز فرمایا تم میں وہ بہت اچھے ہیں جنھوں نے لمبی عمر پائی اور اچھے کام کیے حضور پر نور رحمت عالم ﷺ نے فرمایا ایماندار کی عمر کی کوئی قیمت ادا نہیں کر سکتا اگر وہ اپنی بداعمالیوں کی توبہ و استغفار سے اصلاح کرے۔ امام بن حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ شرح البخاری میں فرماتے ہیں کہ ایماندار کا راس المال اس کی عمر ہے اور اس کا نفع اعمال صالحہ ہیں۔

حضرت ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو میرا اُمتی اسی سال سے تجاوز کر گیا اسے کچھ نہیں کہا جائے گا اور بلا حساب و کتاب جنت کا مستحق ہوگا۔ (زینت المجالس ترجمہ نزہت المجالس صفحہ ۲۲۳)

# اسلام میں پہلے تیر چلانے والے

یہ مالک بن اہیب بن عبد مناف کے فرزند تھے والد کی کنیت ابو وقاص تھی، اس لیے ''سعید بن ابی وقاص'' رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مشہور ہوئے۔ اصحاب صفہ عشرہ مبشرہ۔ اور

اول اسلام لانے والوں میں شامل تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خلافت کے لیے جن چھ اکابر صحابہ کو مشہورہ کے لیے نامزد فرمایا تھا۔ ان میں ایک یہ بھی تھے۔ قادسیہ انہیں کے ہاتھوں فتح ہوا اور سلام کے غازی اور بڑے مستجاب الدعاء انسان تھے" اسلام کی خاطر سب سے پہلے تیر چلانے کا شرف انہی نے حاصل کیا۔ عہد فاروقی اور عہد عثمانی دنوں میں کوفہ کے گورنر رہے۔ حضرت عثمان کے زمانہ میں کوفہ سے مدینہ واپس آئے سنہ ۵۰ ہجری کے بعد وفات پائی اور جنت البقیع میں دفن ہوئے۔ (طبقات ابن سعد)

# روضہ رسول کے لیے نصرانیوں کی پہلی سازش؟

محقق علی الطلاق حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب جذب القلوب میں لکھتے ہیں کہ حضرت سلطان نور الدین سید محمود بن زنگی نے سید عالم ﷺ کو تین مرتبہ خواب میں دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ دو شخصوں کی طرف اشارہ کر کے فرماتے ہیں۔ جلد پہنچو۔ وہ دونوں شخص نور الدین کے خواب میں کھڑے تھے یعنی ان کی شکل وصورت میں دیکھایا جا رہا ہے کہ جلد پہنچو۔ اور ان چھوروں کو گرفتار کرو۔

حضرت سلطان نور الدین زنگی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ میں سمجھ گیا کہ ضرور کوئی مدینہ منورہ میں حارثہ رونما ہوا ہے۔ آپ نے راتوں رات چند سواروں کا انتظام کیا اور بہت سامال و دولت لیکر بیس (۲۰) آدمیوں کے ہمراہ مدینہ منورہ کی طرف چل پڑے۔ سولہ روز کے بعد رات کے وقت مدینہ منورہ پہنچ گئے۔ صبح ہوتے منادی کرادی کہ اہل شہر میں سے جو کوئی بھی ہمارے پاس آئے گا اسے بہت سا انعام دیا جائے گا۔ یہ اعلان سنتے ہی بہت لوگ آتے رہے اور انعام لیتے رہے۔ مگر وہ دو آدمی جو خواب میں دیکھے تھے نظر نہ آئے۔ سلطان نے پوچھا کہ کوئی باقی تو نہیں رہ گیا ہے جو میرے پاس نہ آیا ہو۔ لوگوں نے کہا کہ کوئی آدمی شہر میں ایسا نہیں رہ گیا ہے جو نہ آیا ہو مگر دو شخص مغربی جو پرہیز گار ہیں اور لوگوں

سے کنارہ کش رہتے ہیں صرف وہ نہیں آئے۔ بادشاہ نے حکم دیا کہ ان کو بھی بلاؤ۔ جب وہ دونوں بادشاہ کے سامنے حاضر ہوئے تو آپ نے اُن کو دیکھتے ہی پہچان لیا کہ یہ وہی دو شخص ہیں جن کی طرف سید عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا۔ بادشاہ نے پوچھا تم کہاں رہتے ہو اُنہوں نے کہا ہم ایک مہمان سرائے میں رہتے ہیں جو روضہ انور کے قریب ہی تھی۔ بادشاہ نے اُن کو وہیں چھوڑا اور خود اُن کی منزل میں چلے گئے۔ پہنچ کر دیکھا کہ وہاں ایک جامے میں قرآن مجید کا نسخہ موجود ہے اور ایک گوشہ میں چند کتابیں ہیں۔ جو وعظ و نصیحت کے متعلق تھیں رکھی ہوئی ہیں۔ اور بہت سا مال و زر بھی ایک جگہ پڑا ہوا ہے جس سے مدینہ منورہ کے فقیروں کو دیتے تھے۔ ان کی خوابگاہ پر ایک ٹاٹ بچھا ہوا تھا۔ بادشاہ نے اس ٹاٹ کو اُٹھایا تو دیکھا کہ اُس کے نیچے ایک خندق (سرنگ) ہے جو قبر انور کی طرف جا رہی ہے۔ اور بالکل قبر مبارک کے قریب پہنچی ہوئی ہے۔ یہ دیکھ کر بادشاہ بڑا غضبناک ہوا اور واپس آ کر ان دونوں کو ڈرایا اور پوچھا کہ تم کون ہو اور یہ سرنگ کیوں لگائی ہے؟ وہ ڈر گئے اور اقرار کیا کہ ہم دونوں نصرانی ہیں اور ہم کو نصرانیوں نے بہت سا مال و زر دے کر روانہ کیا ہے۔ کہ کسی طرح سے روضہ رسول سے سردار دو جہاں کا جسد اطہر نکال کر لے آؤ۔ کہتے ہیں جب اُن کی سرنگ قبر انور کے قریب پہنچی تھی اس رات بڑی گھٹا چھا گئی اور بڑی بجلی چمکی اور کڑکی۔ بہت بڑا زلزلہ آیا۔ اسی رات کے آخری حصہ میں سلطان مذکور مدینہ منورہ پہنچ جاتے ہیں۔ بادشاہ اُن نصرانیوں کا کلام سن کر بہت رویا اور حکم دیا کہ اسی جگہ میرے سامنے ان دونوں لعنتیوں کو قتل کر دو۔ چنانچہ ان دونوں کو قتل کر کے کیف و کردار تک پہنچایا گیا۔

پھر سلطان نور الدین زنگی نے روضہ اطہر کے چاروں طرف ایک خندق کھدوائی اور قلعی پگھلا کر خندق کو بھرا دیا اور چاروں طرف کی جگہ کو خوب مضبوط بنا دیا تا کہ کسی بے دین کو اس مقام تک پہنچنا آسان نہ رہے۔ (جواہر البحار جلد چہارم صفحہ ۶۰ جذب القلوب ۱۲۴)

# نماز تراویح کی با جماعت ابتدا

آقا کریم ﷺ نماز تراویح پڑھنے کی رغبت دلایا کرتے تھے لیکن حکماً نہیں فرماتے تھے۔ خلافت حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور خلافت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ابتدائی زمانہ تک یہی حال رہا کہ باجماعت تراویح نہ پڑھی گئی"۔ اس کے بعد حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خلافت میں رمضان المبارک ۱۴ھ بمطابق اکتوبر ۶۳۵ء میں تراویح با جماعت پڑھائی جانے لگی جس کا واقعہ یوں ہے کہ (حدیث) "میں (راوی) رمضان المبارک کی ایک رات حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ مسجد کی طرف نکلا تو دیکھا کہ لوگ مختلف گرہوں میں متفرق نماز (تراویح) پڑھتے ہیں، کوئی اکیلا نماز (تراویح) پڑھتا ہے اور کوئی ایسا تھا کہ ایک گروہ اس کے ساتھ نماز (تراویح) پڑھتا تھا" یہ دیکھ کر حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا "میرا خیال ہے کہ اگر میں ان کو ایک قاری کے پیچھے اکٹھا کر دوں تو زیادہ بہتر ہوگا" پھر آپ نے اس کا پختہ ارادہ فرمایا اور ان سب کو سیدنا ابیؓ کی امامت پر اکٹھا کر دیا، پھر ایک دوسری رات میں حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ نکلا تو لوگ اپنے امام کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے، یہ دیکھ کر حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا "نِعْمَ الْبِدْعَةُ هٰذِهٖ"، کیا ہی اچھی بدعت ہے" (۱)۔ اسی کی وضاحت میں (حدیث) حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک صحابی (سیدنا ابیؓ) کو رمضان کی راتوں میں تراویح پڑھانے کا حکم دیا تو انہوں نے لوگوں کو ۲۰ رکعت تراویح پڑھائیں" (۲)۔ اور پھر اسی پر استقرار ہو گیا یوں (حدیث) "كَانَ اُبَیُّ بْنُ بْنُ بْنُ كَعْبٍ يُصَلِّي بِالنَّاسِ فِيْ رَمَضَانَ بِالْمَدِيْنَةِ عِشْرِيْنَ رَكْعَةً وَيُوْتِرُ بِثَلَاثٍ" حضرت سیدنا ابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدینہ پاک میں لوگوں کو رمضان المبارک میں 20 رکعات (تراویح با جماعت) اور 3

رکعات وتر پڑھاتے تھے" (۳)۔ان احادیث سے ۲۰ رکعت تراویح کے ساتھ ساتھ اس بات کا ثبوت بھی میسر آ گیا کہ دین میں اچھے کام کا آغاز کرنا جائز ہے کیونکہ اس نماز با جماعت میں جلیل القدر صحابہ کرامؓ موجود ہوتے تھے مگر کسی ایک نے بھی یہ فتویٰ نہ دیا کہ یہ کام پیارے آقا کریم ورحیم ﷺ کے زمانہ میں تو نہ تھا آپ نے یہ بدعت کیوں شروع کر دی بلکہ نیک عمل سمجھ کر سب صحابہ کرامؓ اس پر عمل کرتے رہے جو آج بھی ہر سنی، دیوبندی اور وہابی کیے جا رہا ہے۔ پھر عین اسی نہج پر حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ چلے (حدیث) "دَعَا الْقُرَّاءَ فَاَمَرَ مِنْهُمْ رَجُلاً يُصَلِّي بِالنَّاسِ عِشْرِيْنَ رَكْعَةً" آپ (حضرت سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے رمضان شریف کے مہینہ میں قرآن کے قاریوں کو بلایا اور ان میں سے ایک کو ۲۰ رکعت نماز (تراویح) پڑھانے کا حکم دیا اور سیدنا علی المرتضیٰؓ خود نماز وتر پڑھاتے تھے" (۴)۔اور حضرت سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عمل مبارک دیکھتے ہوئے (حدیث) سیدنا شتیر بن شکل تابعی علیہ الرحمۃ (جو کہ حضرت سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اصحاب میں سے تھے) "وہ لوگوں کو رمضان المبارک میں 20 رکعات تراویح با جماعت پڑھاتے تھے اور 3 رکعت وتر۔ (قرۃ العین)

## مدینہ پاک میں پہلا جمعہ

فرضیت جمعہ سے پہلے جبکہ ابھی آقا کریم ﷺ نے ہجرت نہیں فرمائی تھی تو مدینہ پاک کے انصار صحابہ کرامؓ نے سوچا کہ یہودیوں اور عیسائیوں کی عبادت کا دن مقرر ہے تو ہم بھی کوئی دن کیوں نہ مقرر کر لیں چنانچہ انہوں نے انصار صحابہ کرامؓ کے بعض لوگوں کو جمع کیا اور وہ یاد الٰہی میں مصروف ہو گئے انہوں نے سیدنا ابو امامہؓ کو امام بنایا اور سب کے ساتھ مل کر 2 رکعت نماز با جماعت ادا کی، پھر مسلمانوں کی دعوت کے لیے حضرت سیدنا ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک بکری ذبح کی اور مسلمانوں کی دعوت کی، یہ دن "یوم عروبہ" تھا

جس کو بعد میں ''یوم الجمعہ'' کا اسلامی نام دے دیا گیا۔ یوں ھزم النبیت کے مقام پر پہلے نماز جمعہ قائم کی گئی جو ''تقیع الخضمات'' کے اندر بنی بیاضہ کی پتھریلی زمین میں ہے، جس میں ۴۰ افراد شامل تھے۔ (مدینۃ الرسول)

## پہلا کذّاب

(حدیث) پیارے آقا کریم ﷺ نے فرمایا ''قیامت قائم ہونے سے پہلے ۳۰ جھوٹے دجال آئیں گے ان میں ہر ایک یہ دعویٰ کرے گا کہ وہ اللہ کریم جل جلالہ کا نبی ہے حالانکہ میں آخری نبی ہوں۔ نیز ایسے لعینوں کا نام لے کر آگاہ فرمایا (حدیث) ''اس وقت تک قیامت قائم نہ ہوگی جب تک ۳۰ جھوٹے (کذاب) نہ آجائیں ان جھوٹوں میں مسیلمہ، عنسی اور مختار نام کے آدمی ہوں گے۔ یہ مذکورہ بدبخت نبوت کا جھوٹا دعویدار مسیلمہ کذاب قبیلہ بنی حنیفہ کا فرد اور یمامہ کا رہنے والا تھا۔ یمامہ ایک سرسبز شہر ہے جو مدینہ پاک سے 16 منزل (تقریباً 500 کلومیٹر) دور واقع ہے۔ یہ شہر ''یمامہ'' نامی عورت کے نام پر رکھا گیا تھا۔ (قرۃ العین)

## سن ہجری کی ابتداء

امور مملکت جلانے، کاروبار کرنے، لین دین کے معاملات طے کرنے کے لیے اسلام کے ظہور سے پہلے دینا میں مختلف سن محض واقعات و یادداشت کی بنا پر رائج تھے۔ اہل عرب اپنے تمام کاروباری معاملات کے سلسلے میں ''محض حافظے'' کو استعمال کرتے تھے۔ یا کسی ایک واقعے یا موسم کی تبدیلی کو سامنے رکھ کر سن کا تعین کرتے۔ اس طرح یہ کاروبار یادداشت کی بنیاد پر چلتا رہا۔ سن ہجری کی ابتداء زیادہ تر روایات کے مطابق حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تجویز اور صحابہ

کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں مکمل مشاورت کی روشنی میں ہوئی۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں جب امور حکومت اور دیگر ممالک سے روابط کا سلسلہ فروغ پانے لگا تو اس بات کی ضرورت کو محسوس کیا گیا۔ امور مملکت چلانے اور دیگر ممالک سے تجارت کا سلسلہ قائم کرنے کے لیے سرکاری طور پر ایک سن کا تعین کیا جائے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ پہلے ہی دن سے اس بات کی کوشش کررہے تھے کہ ''سال کا تعین ہو'' کیونکہ امور مملکت اور تجارت کے لیے سن کا تعین ضروری ہے۔ آپ نے بلاتاخیر صحابہ کرام کو مشاورت کے لیے جمع کیا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے تجویز دی کہ اسلامی تکویم یعنی مسلمانوں کے لیے سال کا آغاز واقعہ ہجرت مدینہ سے کیا جائے۔ یہ تجویز دیگر صحابہ کرام کی مشاورت سے اتفاق رائے سے منظور ہوئی۔ اس مشاورت کے بعد حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس تجویز کی منظوری کا اعلان کیا اور محرم الحرام کے مہینے سے اس کا باقائدہ آغاز کیا گیا۔

اسلامی تقویم کا آغاز محرم کے مبارک مہینے سے ہوتا ہے۔ محرم کا شمار چار حرمت والے مہینوں میں ہوتا ہے۔ ان چار مینوں کی عظمت پر خود قرآن کریم گواہی دے رہا ہے۔ انہیں اشہر الحرام یعنی حرمت والے مہینے کہا جاتا ہے۔

سورۃ توبہ میں فرمایا گیا کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں مہینوں کی تعداد اس کی کتاب یعنی لوح محفوظ میں بارہ ہے۔ ان میں سے چار مہینے ادب اور احترام کے لائق ہیں۔ ان چار مہینوں کی تفصیل کتب احادیث میں ملتی ہے۔ (ماہنامہ رضائے مصطفیٰ اکتوبر ۲۰۱۶ صفحہ ٦)

# باب ششم

# صحابہ کرام علیہم الرضوان

☆ سب سے پہلے خلیفۃ المسلمین
☆ راہ خدا میں پہلے تیر چلانے والے صحابی
☆ نماز کا اول کیسے؟
☆ کعبۃ اللہ کا بانی کون؟
☆ اولیّات سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ
☆ اولیّات حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ
☆ اولیّات امیر معاویہ رضی اللہ عنہ
☆ سلطنت بنو امیّہ کے بانی
☆ سلطنت بنو عباس کا بانی
☆ بحری بیڑے کا بانی
☆ قرآن مجید کے بعد پہلی معتبر کتاب
☆ خلافت سے دستبردار ہونے والا اُمت مسلمہ کا پہلا حکمران
☆ صدقہ کرنے میں سب سے آگے
☆ صدمہ اول کے ساتھ صبر کا مقام
☆ ماں کی گود پہلی درسگاہ

# سب سے پہلے خلیفۃ المسلمین

اسلام لانے سے پہلے آپ کا نام عبدالکعبہ تھا جب آپ شرف با اسلام ہوئے تو آپ کا اسم شریف عبداللہ رکھا گیا اور ابوبکر صدیق کنیت۔عتیق وصدیق آپ نے لقب پائے۔صدیق کا لقب حضور ﷺ نے آپ کو عطا فرمایا۔آپ نے کبھی بت کو سجدہ نہ کیا۔

آپ مردوں میں سب سے پہلے ایمان لائے اور ایمان لانے کے بعد ساری دولت رسول خدا ﷺ پر قربان کر دی یہی وجہ ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا مجھے کسی کے مال سے اتنا فائدہ نہ پہنچا جو فائدہ ابوبکر کے مال سے پہنچا حضرت بلال حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو امیہ بن خلف سے آپ نے خرید کر آزاد فرمایا۔

آپ کے فضائل حضور رسالت مآب ﷺ فرماتے ہیں یعنی اگر ابوبکر کے ایمان کو سارے عالم کے انسانوں اور جنوں کے ایمان کے ساتھ تولیں تو بے شک ابوبکر کا ایمان بھاری نکلے گا۔

حضرت ابوبکر صدیق کے خصائل میں یہ بھی ہے کہ آپ کی چار پشتیں شرف اسلام سے مشرف ہو کر حضور رسالت مآب ﷺ کی خدمت میں رہیں۔آپ کے والد جناب حضرت ابوقحافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، پھر حضرت ابوبکر صدیق، پھر آپ کے صاحبزادے حضرت عبدالرحمٰن، پھر ان کے صاحبزادے اور آپ کے پوتے ابوعتیق غار ثور میں حضور ﷺ کے جان نثار رفیق رہے۔جنگ بدر میں آخیر تک حضور ﷺ کے جان نثار رہے۔

سب سے بڑی بات یہ کہ اول سے زندگی بھر حضور ﷺ کا ساتھ نہ چھوڑا۔بعد انتقال بھی پہلوے حبیب میں ہی مدفون ہوئے آپ کی مہر پر نعم القادر اللہ کندہ تھا آپ کی نظر میں اہل اسلام، غریب، امیر، صغیر، کبیر اور آزاد اور رئیس مرد، عورت سب برابر تھے۔جب کچھ تقسیم فرماتے سب کو برابر دیتے۔(تاریخ الخلفاء)

جب آپ خلیفہ مقرر ہوئے تو ایک عورت جو بیوہ تھی آہ سرد بھری اور عرض کی اے

ابوبکر اب تم تو خلیفہ بن گئے ہو اب ہمیں دودھ کیونکر لا کر دیں گے۔ آپ نے فرمایا نیک بخت خلیفہ ہو جانے سے تیری خدمت مجھ پر فرض ہوگئی ہے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا جب تک آپ زندہ رہے سب خدمات بدستور کرتے رہے۔

مورخین کا اتفاق ہے کہ حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نہایت اعلیٰ حاکم منصف، متحمل، سادہ دل اور اپنے ذاتی نفع سے بے تعلق خلیفہ تھے۔ غرض کہ آپ کی تمام زندگی اتباع رسول ﷺ میں گزری آپ ۱۵ دن بیمار رہے اور گھر سے باہر تشریف نہ لا سکے۔ ان پندرہ دنوں میں آپ کی اجازت سے حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نماز کی امامت فرمائی۔

ایام مرض میں لوگوں نے عرض کیا اجازت ہو تو علاج کرایا جائے۔ آپ نے فرمایا میرے طبیب نے مجھے کہہ دیا ہے جو اللہ چاہتا ہے وہ ہوتا ہے اس جواب سے جو سمجھنا تھا سب نے سمجھ لیا اور خاموش ہو گئے۔ وقت انتقال آپ نے وصیت فرمائی کہ مجھے میری بیوی آسماء بنت عمیس غسل دیں اور میرے بیٹے عبدالرحمٰن ان کی مدد میں رہیں۔ ان کے سوا کوئی میرے بدن کو برہنہ نہ دیکھے۔ حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی اور حجرہ صدیقہ میں حضور سید عالم ﷺ کے پہلو میں آپ کو سلایا۔ آپ کا شب میں انتقال ہوا اور شب میں ہی مدفون ہوئے انا للہ و انا الیہ راجعون آپ کی مدت خلافت ۲ سال ۳ ماہ ۲۶ دن ہے اور ایک روایت میں ۲ سال ۳ ماہ ۱۰ دن ہے۔

آپ نے زمانہ خلافت میں منکرین ختم نبوت مسلیمہ کزاب اور منکرین زکوٰۃ سے آخری دم تک نبرد آزما رہے۔ (تاریخ الخلفاء، امام جلال الدین سیوطی)۔

## راہ خدا میں پہلے تیر چلانے والے صحابی

حضرت سعد بن مالک بن وہیب بن عبد مناف رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہ صحابی رسول ہیں جنہوں نے سب سے پہلے راہ خدا میں تیر چلایا۔ آپ کے والد کی کنیت ابو رقاص تھی اس

لیے سعد بن ابی وقاص سے مشہور ہوئے، اصحاب صفہ عشرہ مبشرہ اور اول اسلام لانے والوں میں شامل تھے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خلافت کے لیے جن چھ اکابر صحابہ کو مشورے کے لیے نامزد فرمایا تھا۔ ان میں ایک یہ بھی تھے۔ جن کے متعلق حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ شہادت دی کہ رسول اللہ ﷺ وفات کے وقت ان سے راضی تھے۔ بدر، احد، خندق اور تمام غزوات میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حاضر رہے۔ یہ وہ صحابی رسول ہیں جنہوں نے سب سے پہلے راہ خدا میں خون بہایا اور وہ صحابی ہیں جنہوں نے سب سے پہلے راہ خدا میں تیر چلایا۔

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں پہلا عرب ہوں جس نے راہ خدا میں تیر چلایا۔ بخدا ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جہاد میں جاتے تھے اور درختوں اور پتوں کے سوا ہمارے کھانے کے لیے کوئی چیز نہیں ہوتی تھی۔

ابن اسحاق بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے اصحاب نماز پڑھنے کے بعد پہاڑ کی گھاٹیوں میں اپنی قوم کے خوف سے چھپ جاتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک گھاٹی میں حضرت سعد چند صحابہ کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے۔ اچانک کچھ مشرکین مکہ آ گئے انہوں نے مسلمانوں کو برا کہا اور ان کے دین کی مذمت کی پھر ان سے لڑائی چھڑ گئی حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اونٹ کے جبڑے کی ہنڈی ایک مشرک کے مار کر اس کا سر پھاڑ دیا۔ اسلام کی راہ میں یہ پہلا خون بہایا گیا تھا۔ (تاریخ مدینہ)

## نماز کا اول کیسے؟

نماز کا افتتاح تکبیر تحریمہ "اللہ اکبر" سے ہوا اور اختتام "السلام علیکم" ورحمۃ اللہ سے ہوا۔ ذرا غور وفکر سے کام لیا جائے تو اس میں بھی یہ انداز حکمت سے خالی نہیں اس طرح کہ جب بندہ تمام مشاغل سے فارغ ہو کر دینوی معاملات سے قطع تعلق ہو کر پاک وصاف

ہو کر نماز میں داخل ہو تو انداز ایسا اختیار کرے کہ جیسے غلام بادشاہ کے دربار میں تعظیم و تکریم کے تمام تقاضے پورے کرتے ہوئے حاضر ہوتا ہے اس کے لیے عظمت والے الفاظ کا انتخاب کیا گیا یعنی ''اللہ اکبر''۔اسی طرح تحلیل صلوٰۃ (نماز سے خروج) کے لیے بھی لفظ سلام کا انتخاب ہوا اور ''سلام'' بھی اللہ تعالیٰ کا نام ہے تو ابتداء بھی اللہ تعالیٰ کے نام سے اور اختتام بھی اللہ تعالیٰ کے نام سے ہو اسی وجہ سے یہ انداز رکھا گیا۔ہاں یہ ہے کہ آخر آسماء الہیہ میں سے ''سلام'' کے اسم مبارک کا انتخاب کیوں ہوا؟ تو عرض ہے کہ پوری نماز کے اندر بندہ ایک محفوظ صورت میں ہے جب تک نماز میں ہے ہر طرح کی برائی سے حفاظت ہے تو جب مقام حفاظت سے نکلنے کا وقت آیا تو حکم ہوا کہ سلامتی مانگتے ہوئے خارج ہو جاؤ تو بندہ گویا کہ عرض کرتا ہے کہ میرے مالک آنے والی اگلی نماز تک مجھے ہر قسم کی مصیبت اور شیطان کے ہتھکنڈوں سے محفوظ رکھنا۔ہم سب کو اس بات پر یقین اور ایمان ہے کہ نیکی کرنے کی قوت اور شیطانی و برائی سے محفوظ رکھنے کی طاقت اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔(بحوالہ ملخص از ''بدائع الفوائد'' حافظ ابن قیم الجوزی جلد ۲ صفحہ نمبر ۳۴۱ دار الکتب العلمیہ۔بیروت)

## کعبۃ اللہ کا بانی کون؟

اللہ تعالیٰ کے واضح اور صریح فرمان کے مطابق یہ تو قطعی طور پر معلوم ہے کہ پہلے جو گھر بنا وہ کعبہ ہے لیکن بانی کون ہیں اس کے بارے میں روایات مختلف طریقوں سے ملتی ہیں۔اگر چہ بنا کی نسبت واضح طور پر اول بارے میں سیدنا حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام اور ان کے لخت جگر کے بارے میں ملتی ہے لیکن اس سے پہلے کس نے بنایا تفصیلی کلام اس پر مفسرین، مورخین کی کتب سے ملتا ہے جسے مشہور مفسر و مورخ حافظ عماد الدین ابن کثیر (متوفی ۷۷۴ھ) نے اپنی معرکۃ الآرا تصنیف ''البدایہ والنہایہ'' جلد اول صفحہ ۱۲ تا ۱۸ (عربی مطبوعہ حقانیہ پشاور میں روایات کو جمع کیا ہے اسی طرح امام قرطبی نے اس موضوع پر تفصیلی

کلام فرمایا ہے۔اسی طرح امام ابن سعود بغوی علیہ الرحمہ متوفی ۵۱۶ھ نے تفسیر بغوی (معالم التنزیل جلد ا صفحہ نمبر ۱۰۴ مکتبہ حقانیہ پشاور) میں کلام فرمایا ہے۔لیکن تمام روایات کو جمع کر کے جو نچوڑ اور خلاصہ ہے وہ شارح بخاری امام قسطلانی علیہ الرحمہ نے ''ارشاد الساری'' میں لکھا ہے اور اسے محقق عصر علامہ غلام رسول سعیدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے تفسیر تبیان القران جلد اول صفحہ ۵۴۶ مطبوعہ فرید بک سٹال لاہور میں نقل کیا ہے،ہم یہاں انہی کے الفاظ میں لکھتے ہیں آپ لکھتے ہیں کہ کعبہ کو دس مرتبہ بنایا گیا۔

۱۔ پہلی بار خانہ کعبہ کو فرشتوں نے بنایا۔

۲۔ دوسری مرتبہ حضرت آدم علیہ السلام نے بنایا۔

۳۔ تیسری بار حضرت شیث علیہ السلام نے بنایا۔

۴۔ چوتھی بار حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تعمیر فرمایا۔

۵۔ پانچویں بار قوم عمالقہ نے بنایا۔

۶۔ چھٹی بار قبیلہ جرہم نے بنایا۔

۷۔ ساتویں بار قصی بن کلاب نے بنایا۔

۸۔ آٹھویں بار قریش نے بنایا۔

۹۔ نویں بار حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے حسب منشاء خانہ کعبہ کو بنایا اس میں دو دروازے رکھے۔ایک داخل ہونے اور ایک خارج ہونے کا اور حطیم کو کعبہ میں داخل کیا اور یہی بناء ابراہیم علیہ السلام کی تھی۔قریش اپنے وسائل میں کمی کی وجہ سے اس کو مکمل بناء ابراہیم علیہ السلام پر نہیں بنا سکتے تھے اور آپ کی خواہش تھی کہ اس کو بناء ابراہیم علیہ السلام پر بنا دیا جائے لیکن فتنہ کے خدشہ سے آپ نے نہیں بنایا۔

۱۰۔ دسویں بار عبدالملک بن مروان کے حکم سے حجاج بن یوسف نے اس کو پھر منہدم کر کے قریش کی بناء کے مطابق بنایا۔واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

نوٹ: حافظ ابن کثیر علیہ الرحمہ نے لکھا ہے کہ خلیفہ مہدی بن منصور نے امام مالک سے مشورہ لیا کہ دوبارہ ابن زبید کی بنوائی ہوئی حالت پر لوٹا دیا جائے مگر امام مالک علیہ الرحمہ نے فرمایا! مجھے اندیشہ ہے کہ بادشاہ اسے اپنا کھیل بنالیں گے یعنی ہر آنے والا بادشاہ اپنے ارادے کے مطابق بناتا رہے گا (بعض روایات میں یہ بھی ہے کہ خلیفہ ہارون رشید کا ارادہ ہوا تو امام مالک نے ان سے فرمایا کہ اس طرح تو کعبہ کی جلالت اور ہیبت ہی ختم ہو جائے گی)۔ (البدایہ والنہایہ جلد اصفحہ نمبر ۱۸۵ پشاور)

## اولیات سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سب سے پہلے ایمان لائے۔

سب سے پہلے آپ نے ہی قرآن مجید جمع کیا۔

قرآن مجید کا نام مصحف سب سے پہلے آپ نے ہی رکھا۔

احمد ابوبکر بن ملیکہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کہا گیا۔ خلیفۃ اللہ! آپ نے فرمایا میں خلیفہ رسول اللہ ﷺ ہوں اور میں اس نام کو پسند کرتا ہوں۔

اپنے والد کی زندگی میں سب سے پہلے آپ ہی خلیفہ ہوئے ہیں آپ ہی سب سے پہلے خلیفہ ہیں جن کے لیے رعیب نے کچھ روزینہ مقرر کیا۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ ہوئے تو آپ نے فرمایا کہ لوگ جانتے ہیں کہ میرا نسب میرے عیال کے اخراجات کا متحمل ہوسکتا تھا۔ اب میں مسلمانوں کے امر میں مشغول ہوا ہوں تو اب ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اہل وعیال بیت المال سے گزارہ کرے گا اور اس مال کے عوض انہیں کما کر دے گا۔

ابن سعد عطار بن سائب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیعت کی گئی تو صبح کو آپ فروخت کے لیے چادریں کندھے پر ڈال کر بازار کی طرف نکلے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ملے اور کہا۔ آپ کہاں جاتے ہیں آپ نے کہا بازار میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ اب تو آپ مسلمانوں کے امیر ہوئے ہو اور اب بھی کسب کرتے رہو گے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا تو میں اپنے اہل وعیال کو کہاں سے کھلاؤں۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا میرے ساتھ چلئے۔ ابوعبیدہ آپ کے لیے کچھ روزنہ مقرر کر دیتے ہیں۔ یہ کہہ کر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ساتھ لیکر حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئے۔ ابوعبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ میں آپ کے لے مہاجرین میں سے ایک متوسط شخص کی سی خوراک مقرر کر دیتا ہوں۔

اور جاڑے اور گرمی کی پوشاک جب وہ پرانی ہو جائیں تو آپ انہیں واپس کر دیا کریں اور دوسری لے لیا کریں۔ پھر حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کے لیے آدھی بکری اور ایک پوشاک مقرر کی۔

ابن ابی الدنیا حضرت ابوبکر بن حفص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی وفات کے وقت حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو وصیت فرمائی کہ اے میری بیٹی! ہم مسلمانوں کے امر کے والی رہے ہیں اور کسی درہم و دینار کو بے فائدہ خرچ نہیں کیا بلکہ ہم دلیا کھا کر گزارہ کرتے رہے ہیں اور سخت اور موٹے کپڑے پہنتے رہے ہیں اور اب ہمارے پاس مسلمانوں کے مال سے سوائے اس حبشی غلام اور اب کچھ اونٹ اور ایک کہنہ چادر کے اور کوئی چیز نہیں رہی۔ جب میں مر جاؤ تو یہ چیزیں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بھیج دیں۔

سب سے پہلے بیت المال آپ ہی نے مقرر کیا۔ چنانچہ ابن سعد سہل بن ابو خثیمہ وغیرہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے موضع سخ میں بیت المال بنایا ہوا تھا۔ مگر اس کی پاسبانی کوئی نہیں کرتا تھا۔ آپ سے کہا گیا کہ آپ اس پر کوئی نگہبان کیوں نہیں مقرر فرماتے؟ آپ نے فرمایا کہ نگہبان کی کیا ضرورت ہے۔ وہاں قفل لگا ہوا ہے اور آپ کا قائدہ تھا کہ جو مال اس میں ہوتا لوگوں میں تقسیم کر دیا کرتے تھے۔ حتی کہ وہ خالی ہو جاتا آپ جب مدینہ منورہ میں آ رہے تو بیت المال کو بھی وہیں تحویل کر لیا۔ پس جو مال آپ کے پاس آتا تھا اسے غرباء میں تا تقسیم کر دیا کرتے تھے اور تقسیم کرنے میں ہر شخص کو برابر دیا کرتے تھے سب سے پہلے حضرت ابو عبیدہ بن جرح رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وقت بیت المال کے متولی تھے۔

حاکم رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ سب سے پہلے اسلام میں حضرت ابو بکر صدیایق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی ملقب ہوئے ہیں۔ چنانچہ آپ کا لقب عتیق تھا۔

(تاریخ الخلفاء از امام جلال الدین سیوطی)

## اولیّات حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

عسکری کہتے ہیں سب سے پہلے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ہی امیر المومنین کہا گیا ہے۔

اور سب سے پہلے آپ ہی نے ہجری تاریخ مقرر کی۔

اور بیت المال بھی سب سے پہلے آپ ہی نے مقرر کیا۔

اور قیام رمضان۔ یعنی نماز تراویح کو جماعت سے پڑھنا آپ ہی نے مقرر کیا۔

اور رات کو پاسبانوں کی طرح سب سے پہلے آپ ہی پھرے ہیں۔

اور سب سے پہلے حد آپ نے ہی مقرر کی۔ اور شراب نوشی پر اسی درّے لگائے۔

اور سب سے پہلے متعہ آپ نے ہی حرام کیا۔

اور آپ نے ہی سب سے پہلے ام الولد کی بیع کو منع فرمایا۔

جنازے میں چار تکبیریں کہنے پر لوگوں کو آپ نے ہی متفق کیا۔

دفتر پہلے آپ ہی نے مقرر کیے۔

اور زمین کی پیمائش کی اور مصر سے بحر ایلہ کے راستے سے مدینہ منورہ میں آپ ہی نے غلہ منگوایا اور مسئلہ عول میراث میں آپ نے ہی زائد کیا۔

اور گھوڑں کی زکوٰۃ سب سے پہلے آپ نے ہی لی۔

اور جملہ **اَلْحَال اللهُ بِقَاءَ کَ در اَجَدَ کَ الله**

جو آپ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کہے تھے وہ سب سے پہلے آپ نے ہی کہے تھے (یہاں تک عسکری کا بیان ہے)

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ تہذیب میں لکھتے ہیں کہ سب سے پہلے درہ آپ نے ہی ایجاد کیا اور اسی طرح ابن سعد نے طبقات میں ذکر کیا ہے کہ اور بیان کیا ہے کہ آپ کے بعد مثال کے طور پر لوگ کہا کرتے تھے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تمہاری تلواروں سے زیادہ مہیب تھا۔

سب سے پہلے شہروں میں قاضی آپ نے ہی مقرر کیئے۔

اور سب سے پہلے شہر آپ نے ہی بسائے۔ چنانچہ کوفہ، بصرہ، جزیرہ، شام اور موصل آپ ہی کے آباد کردہ ہیں۔

ابن عساکر، اسماعیل بن زیاد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ماہ رمضان میں مسجدوں کے پاس سے گزرے تو آپ نے ان میں روشنی اور قندیلوں کو جلتے ہوئے دیکھا تو فرمایا کہ جس طرح حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہماری مسجدوں کو روشن کیا ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ ان کی قبر کو روشن کرے۔

(تاریخ الخلفاء از امام جلال الدین سیوطی)

# اولیّات امیر معاویہ رضی اللہ عنہ

زہری کہتے ہیں کہ نماز عید سے پہلے خطبہ پڑھنا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہی ایجاد کیا۔ (امام عبدالرزاق نے اسے روایت کیا)

حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں سب سے پہلے عید کی اذان آپ ہی نے مقرر کی۔ (ابن ابی شیبہ نے اسے روایت کیا ہے)

حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ آپ نے ہی پہلے تکبیر میں کمی کی عسکری نے اوائل میں اسے روایت کیا ہے اور بیان کیا ہے۔

سب سے پہلے ہرکارے آپ نے ہی مقرر کیئے اور اپنی خدمت کے لیے خصیوں کو آپ نے ہی ملازم رکھا۔ سب سے پہلے اسلام علیک یا امیر المومنین رحمۃ اللہ وبرکتہ الصلوٰۃ یرحمک اللہ آپ کو ہی کہا گیا۔

مہر لگانے کا طریقہ سب سے پہلے آپ نے ہی ایجاد کیا اور یہ کام عبداللہ بن غسانی کے سپرد تھا۔ اور اس پر کندہ تھا۔ ''لِکُلِّ عَمَلٍ ثَوَاب ''یعنی ہر کام کا ثواب ہوتا ہے۔ اور یہ طریقہ خلفائے عباسین میں بھی آخر وقت تک رہا اور اس طریقہ ایجاد کی وجہ یہ ہوئی کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک شخص کو ایک لاکھ درہم انعام دینے کا لکھ دیا۔ اس نے اس کاغذ کو کھول کر ایک لاکھ کی جگہ دو لاکھ بنا لیے۔ جب حساب حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے روبرو پیش ہوا تو اُنہوں نے اس شخص کی خیانت کو معلوم کر کے مہر لگانے کا طریقہ ایجاد کیا۔

سب سے پہلے مسجد میں حجرہ آپ نے ہی بنوایا۔ اور سب سے پہلے کعبے کے غلاف اتارنے کا آپ نے ہی حکم دیا۔ اس سے پہلے غلام تو بدتو چڑھائے جاتے تھے۔

حضرت زبیر لکار موفقیات میں روایت کرتے ہیں کہ زید ہی سے ان کے بھائی

نے پوچھا کہ سب سے پہلے بیعت لیتے وقت قسم دینے کا طریقہ کس نے جاری کیا۔ انہوں نے کہا کہ امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وقت سے کہ انہوں نے بیعت لیتے وقت خدا کی قسم دلائی تھی اور جب عبدالملک بن مروان خلیفہ ہوا تو اس نے طلاق اور آزادی غلام کی قسم دلائی۔ (تاریخ الخلفاء از امام جلال الدین سیوطی)

## سلطنت بنو امیہ کے بانی

حضرت معاویہ بن ابوسفیان بن حرب بن اُمیہ بن عبدالشمسؓ بن عبد مناف بن قصی اُموی ابوعبدالرحمٰن، حضرت معاویہ اور اُن کے والد فتح مکہ کے دن ایمان لائے۔ جنگ حنین میں شامل ہوئے۔ مؤلفۃ القلوب میں سے تھے۔ مگر بعد میں نہایت پکے مسلمان ہو گئے تھے۔ رسول اللہ ﷺ کے ثاقب ولی ہونے کا شرف بھی حاصل ہوا۔ ایک سوتریسٹھ حدثیں آپ سے مروی ہیں، جن کو حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت ابن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت جریز بجلی، حضرت نعمان بن بشیر، حضرت ابن میسب، حمید بن عبدالرحمٰن وغیرہم نے روایت کیا ہے۔

آپ ہوشیاری اور حلم میں مشہور تھے۔ آپ کی فضیلت میں بہت سی حدیثیں وارد ہیں۔

ترمذی عبدالرحمٰن بن ابی عمیر صحابی رسول سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں فرمایا۔ اے اللہ اسے ہدایت کندہ اور ہدایت یافتہ بنادے۔

احمد اپنی مسند میں عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ اے اللہ معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کتاب وحساب سکھا اور اسے عذاب سے محفوظ رکھ۔

ابن ابی شیبہ مصنف میں اور طبرانی کبیر میں عبدالملک بن عمیر سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب سے مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

کہ اے معاویہ جب تو بادشاہ ہو تو لوگوں سے اچھی طرح سلوک کرنا۔اس وقت سے مجھے خلافت کا خیال رہا ہے۔

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قد کے لمبے خوبصورت اور مہیب شخص تھے اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہیں کسریٰ عرب کہا کرتے تھے۔(تاریخ الخلفاء)

## سلطنت بنو عباس کا بانی

ابو العباس سفاح عبداللہ بن محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس بن عباس عبدالمطلب بن ہاشم عباسیوں کا پہلا خلیفہ ہے ۱۰۸ ہجری یا ۱۰۴ ہجری میں بلقاء کے مقام حمیسمہ میں پیدا ہوا اور وہیں پرورش پائی۔کوفہ میں اس سے بیعت کی گئی۔اس کی والدہ رائطہ حارشیہ تھی۔ اپنے بھائی ابراھیم ن محمد سے روایت کرتے ہیں اور ان سے ان کے چچا عیسیٰ بن علی نے روایت کی ہے۔اپنے بھائی منصور سے چھوٹا تھا۔

امام احمد مسند میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب کہ آخر زمانہ میں فتنے ظاہر ہوں گئے میرے اہلبیت میں سے ایک شخص پیدا ہوگا جس کو سفاح کہیں گے۔وہ لوگوں کو مٹھیاں بھر بھر کر مال عطا کرے گا۔

عبیداللہ عیشی کہتے ہیں کہ میرے والد کہتے تھے کہ میں نے علماء سے سُنا ہے کہ وہ کہتے تھے کہ بخدا اب سلطنت بنی عباس کو مل گئی ہے اور زمین بھر میں ان سے بڑھ کر کوئی قاری قرآن اور عابد زاہد نہیں۔ابن جریر طبری کہتے ہیں کہ جس روز سے رسول خدا ﷺ نے اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ آخر خلافت تمہاری اولاد میں آ جائے گی۔اس وقت سے بنو عباس خلافت کے اُمیدوار چلے آتے تھے۔

رشید بن کریب کہتے ہیں کہ ابو ہاشم عبداللہ بن محمد بن حنیفہ شام کی طرف گئے تو راستے میں محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس ملے تو اُنہوں نے کہا کہ اے میرے چچیرے

بھائی مجھے ایک بات معلوم ہوئی ہے اور میں چاہتا ہوں کہ آپ کو بتلا دوں۔مگر وہ کسی اور کو
نہ بتلانا اور وہ یہ ہے کہ یہ سلطنت جس کی خواہش کر رہے ہیں۔آخر تمہیں ہی ملے گی۔محمد
بن علی نے کہا کہ یہ بات آپ نے مجھے تو بتلا دی مگر کسی اور کو نہ بتلائیے گا۔
(تاریخ الخلفاء از امام جلا الدین سیوطی)

# بحری بیڑے کا بانی

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے مسلمانوں کا بحری
بیڑہ قائم کیا۔اس بحری بیڑے کو ترقی دینے کے لیے اُنہوں نے جہاز سازی کے متعدد
کارخانے قائم کئے۔انہوں نے بحری بیڑے کو بری فوج سے علیحدہ کر کے ایک مستقل شعبہ
کی حیثیت دی۔اور اس کا الگ کمانڈر انچیف مقرر کیا جسے امیر البحر کے نام سے موسوم کیا
جاتا تھا۔سب سے پہلا امیر البحر جسے تاریخ اسلام کا سب سے پہلا امیر لبحر کہنا چاہیے۔
عبد بن قیس حارثی تھا۔(تاریخ الخلفاء از امام جلا الدین سیوطی)

# قرآن مجید کے بعد پہلی معتبر کتاب

امام محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف یوں تو بیس سے زیادہ ہیں۔لیکن
جو عظمت، شہرت اور مقبولیت ''صحیح بخاری'' کے حصہ میں آئی وہ اور کسی کتاب کو حاصل نہ ہوسکی۔
حق یہ ہے بلکہ کتب حدیث میں جو مقام صحیح بخاری کو حاصل ہوا وہ اور کسی کتاب نے نہیں پایا نیز
علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ کتاب اللہ کے بعد صحیح بخاری سے زیادہ کوئی صحیح کتاب روئے زمین پر
موجود نہیں۔اُس وقت تک حدیث کے موضوع پر جس قدر کتابیں موجود تھیں اُن میں سے کسی
کتاب میں بھی صرف احادیث صحیحہ لانے کا التزام نہیں کیا گیا۔بلکہ ان میں ہر قسم کی روایات
جمع کر دی گئی تھیں۔اس وقت اس بات کی ضرورت شدت سے محسوس کی جارہی تھی کہ ایک ایسی

مجموعہ احادیث ترتیب دیا جائے جس میں صرف احادیث صحیحہ کو جمع کیا جائے۔ اسی ضرورت کے پیش نظر امام بخاری کے استاد اسحاق بن راہویہ نے امام بخاری سے کہا کاش تم رسول اللہ ﷺ کی سنن کو اسانید صحیحہ کے ساتھ جمع کرو تاکہ صحیح مجرد کا مجموعہ تیار ہو جائے۔

اسی زمانہ میں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے خواب دیکھا کہ حضور ﷺ کے سامنے کھڑے پنکھا جھل کر مکھیاں اڑا رہے ہیں۔ اس خواب کی تعبیر یہ بتائی گئی کہ امام بخاری حضور ﷺ کی طرف منسوب جھوٹی باتوں کی دور کریں گے۔ اس تعبیر کے بعد امام بخاری نے احادیث صحیح جمع کرنے کا پختہ عزم کیا۔ اور عوام خواص میں یہ کتاب صحیح بخاری کے نام سے مشہور ہوئی امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح کا چھ لاکھ احادیث میں سے انتخاب کیا ہے۔ حدیث پاک کی کتاب میں درج کرنے سے پہلے آپ غسل کرتے اس کے بعد دو رکعت نفل پڑھتے پھر اس حدیث کی صحت کے بارے میں استخارہ کر کے اس کے بعد اس حدیث کو اپنی صحیح میں درج کرتے۔ امام بخاری فرماتے ہیں میں نے اس کتاب کو سولہ سال کی مدت میں مکمل کیا ہے۔ اور میں نے اس کتاب میں صرف صحیح احادیث شامل کی ہیں اور جن صحیح احادیث کو میں نے طوالت کی وجہ سے ترک کر دیا ہے ان کے تعداد بہت زیادہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے امام بخاری کی صحیح کو بے پناہ مقبولیت عطا فرمائی ہے۔ قرآن کریم کے بعد جس کتاب پر سب سے زیادہ اعتماد کیا جاتا ہے وہ صحیح بخاری ہے۔ امام بخاری کے زمانہ سے لے کر آج تمام دینی مدارس میں انتہائی اہتمام کے ساتھ صحیح بخاری کا درس دیا جاتا ہے۔

(تذکرۃ المحدثین از علامہ غلام رسول سعیدی صفحہ ۱۹۴ تا ۱۹۸)

## خلافت سے دستبردار ہونے والا اُمت مسلمہ کا پہلا حکمران

حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد ماجد حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے بعد از روئے بیعت اہل کوفہ پر خلیفہ ہوئے اور چھ مہینے اور چند روز تک خلیفہ

رہے۔ لیکن حکم خدا میں چارہ نہیں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کے پاس پہنچے تو آپ نے ان شراط پر خلافت انہیں سپرد کر دی کہ ان کے بعد خلافت آپ کو ملے اور اہل مدینہ وحجاز وعراق کے پاس جو کچھ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وقت سے چلا آتا ہے ان سے کچھ نہ لیا جائے گا۔ اور آپ کے قرض ادا کر دیئے جائیں گے۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ سب شرطیں مان لیں اور آپس میں صلح ہو گئی اور اس سے رسول اللہ ﷺ کی وہ پیشن گوئی ثابت ہو گئی کہ آپ نے فرمایا تھا کہ "میرا یہ بیٹا مسلمانوں کے دو گروہوں میں صلح کرے گا بلقینی نے آپ کے منصب خلافت کو جو سب منصبوں سے بڑا ہوتا ہے چھوڑ دینے سے یہ دلیل لی ہے کہ کسی خلیفہ اور منصب سے دستبردار ہو جانا جائز ہے۔ آپ نے ماہ ربیع الاول ۴۱ ہجری میں خلافت کو چھوڑا۔ اور بعض ربیع الآخر اور بعض جمادی الاولیٰ میں بتاتے ہیں۔

آپ کے دوست آپ کو عار المسلمین کہا کرتے تھے تو آپ جواب میں فرمایا کرتے تھے کہ عار آگ سے بہتر ہے۔

ایک مرتبہ ایک شخص نے آپ سے کہا۔ اے مسلمانوں کو اسلام کرنے والے آپ نے فرمایا میں نے مومنوں کو ذلیل تو نہیں کیا بلکہ مجھے یہ بات ناپسند ہوئی کہ ملک کی خاطر تمہیں قتل کراؤں۔ خلافت سے دستبردار ہونے کے بعد آپ مدینہ منورہ میں تشریف لے گئے اور وہیں اقامت اختیار کی۔ (تاریخ الخلفاء از امام جلال الدین سیوطی صفحہ ۲۲۹)

## صدقہ کرنے میں سب سے آگے

حضرت سیدنا زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے امیر المومنین حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام رضوان تعالیٰ علیہم اجمعین کی صدقہ دینے کا حکم دیا، اتفاق سے اس وقت میرے پاس مال موجود تھا، میں نے دل میں کہا "اگر میں کسی دن امیر المومنین

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بڑھ سکتا ہوں تو وہ آج کا دن ہے"۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔ "میں اپنا آدھا مال لے کر بارگاہ نبوت علیٰ صاحبھا الصلوٰۃ والسلام میں حاضر ہوگیا"۔ حضور نبی کریم ﷺ نے دریافت فرمایا: "گھر والوں کے لیے کیا چھوڑا ہے؟" میں نے عرض کی کہ آدھا مال گھر والوں کے لیے چھوڑ آیا ہوں۔ "اتنے میں امیر المومنین حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنا سارا مال لے کر حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاصر ہو گئے۔ آپ ﷺ نے ان سے دریافت فرمایا: گھر والوں کے لیے کیا چھوڑا ہے؟" انہوں نے عرض کی "ان کے لیے اللہ اور اس کا رسول ﷺ کافی ہیں۔"

پروانے کے لیے شمع اور بلبل کے لیے پھول بس
صدیق کے لیے خداا اور اس کا رسول بس

امیر المومنین حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: میں نے (دل میں کہا: "میں کبھی بھی کسی معاملے میں امیر المومنین حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے آگے نہیں بڑھ سکتا۔" (تاریخ الخلفاء، امام جلال الدین سیوطی)

# صدمہ اول کے ساتھ صبر کا مقام

حضور نبی کیرم ﷺ نے فرمایا

اِنَّمَا الصَّبْرُ عِنْدَا الصَّدْمَةَ الاوُلٰی (مشکوٰۃ شریف صفحہ ۱۵۰)

ایک شخص وہ ہے جس نے روکا ہے کہ جب کوئی فوت ہو جائے تو ماتم نہ کرو۔ اللہ سے شکوے نہ کرو اور بین نہ کرو۔ اس نے پہلے دن ہی صبر کر لیا اور اس پر وہ قائم ہو گیا وہ عورت ہے یا مرد ہے۔ اس نے اللہ تعالیٰ سے شکوے نہیں کیئے۔ حالانکہ جو فوت ہوا وہ بڑا قریبی تھا۔ لیکن پھر بھی اس نے بین اور ماتم کا سلسلہ نہیں کیا۔ اب رب ذوالجلال نے اس کو تو نیکی دی ہے اور دوسرا وہ ہے کہ جس نے پہلے تو دس دن رو رو کر گزارے ہیں اور صبر نہیں

کیا۔ پھر کیا ہوا رونے کی صلاحیت ہی نہ رہی، پھر رونے کی طاقت نہ رہی اور پھر کہنے لگا کہ میں صبر کر رہا ہوں تو نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں، صبر یہ نہیں ہے۔

اَصْبِرُ عِنْدَا صَدْ مَتِ لاوُلٰی

جب تکلیف سخت ہوتی ہے اس وقت صبر کی (ویلیو) ہوتی ہے، اس وقت صبر کے اجر ملتے ہیں۔ ایسے ہی شریعت کے ہر پہلو میں ہمارے سامنے اس حیثیت کو رکھا گیا کہ جب شیطانیت بندے کو اکسا رہی ہو اور اس کا خون جوش مار رہا ہو اور شعلے مار رہا ہو۔ اس وقت جو اپنے آپ کو نکیل ڈال کر مصلے پر کھڑا کر کے اللہ کے دربار میں سجدے کروائے تو اس بندے نے جو حق ادا کیا ہے، اتنا اس نے حق ادا نہیں کیا جو ساٹھ سالہ زندگی کو لے کر اللہ کے دربار میں آ گیا ہے اب فرماتا ہے۔

جب بدی کی قوتیں پوری طرح تیرے ساتھ تھیں اور تمہیں گمراہ کرنا چاہتی تھیں، اس وقت جو تو نے میرے اسلام کو ٹائم دیا ہے، اس پر جو اجر ملے گا وہ بعد میں کبھی بھی نہیں مل سکے گا۔ (اللہ والوں کی باتیں صفحہ ۹۰)

# ماں کی گود پہلی درسگاہ

اس حقیت کا کوئی انکار نہیں کرسکتا کہ ایک خاتون خانہ کی اصلاح سے پورے گھر کی اصلاح ہوتی ہے اور گھر کی اصلاح سے قوم کی اصلاح ہوتی ہے، بلکہ عرب کے ایک بہت بڑے مفکر کہتے ہیں:

ماں ایک مدرسہ ہے اور ماں ایک درسگاہ ہے۔

اذ مدیتھا

اگر آپ ماں کو مہذب بنادیں، ماں کی اصلاح کر دیں تو کیا ہوگا۔

اعدت شعبا طیب الاعراق

تو آپ ایک پاکیزہ قوم تیار کر لیں گے۔

اس واسطے یقیناً اس میں خواتین کا بڑا اہم کردار ہے اور اس کردار کی اسی، نج پر تعمیر کی ضرورت ہے جو رب ذوالجلال کو پسند ہے اور جس کی تعلیمات رسول اکرم ﷺ نے ہمارے لیے عام فرمائی ہیں۔

موجودہ حالات میں عورت کی تعلیم پر زور تو ہر طرف سے دیا جا رہا ہے مگر یہ بھی ایک لمحہ فکریہ ہے کہ وہ کونسی تعلیم ہے کہ جس سے عورت کا عورت ہونا محفوظ رہنا ہے۔ اور وہ کونسی تعلیم ہے کہ جس سے عورت اپنے نام سے ہی محروم ہو جاتی ہے۔

علامہ اقبال علیہ الرحمہ کہا کرتے تھے

جس علم کی تاثیر سے زن ہوتی ہے نازن
کہتے ہیں اس علم کو ارباب نظر موت

یعنی جو علم پڑھنے سے عورت عورت ہی نہ رہے تو اس علم کو علم نہیں کہا جاتا بلکہ اس کو موت کہا جاتا ہے۔ عورت کے لیے علم وہ علم ہے کہ جس کو پڑھ لینے کے بعد اس کا کردار محفوظ ہوتا ہے اور رب ذوالجلال کی طرف سے جو اس کو نام دیا گیا ہے۔ اس نام کے تقاضے پورے ہوتے ہیں۔ آج ہمارے لیے یہ سعادت افزاء لمحات ہیں کہ ہم قرآن مجید کی تعلیمات کی روشنی میں اور رسول اکرم ﷺ کے شائستہ اور شستہ افکار کی روشنی میں نسل نو کے لیے اس پیغام کی عام کر رہے ہیں کہ حقیقی کردار ایک خاتون کا کیا ہونا چاہیے اور اس کی رب ذوالجلال نے کتنی زیادہ عظمتیں عطا فرمائیں۔ (فہم دین جلد چہارم صفحہ ۳۰۱)

## باب ہفتم

# اکابرین اسلام

☆ سرکاری دستاویزات پر مہر لگانے کا موجد
☆ تاریخ عالم کی پہلی شہنشاہی
☆ عراق میں نور اسلام کی پہلی کرن
☆ سب سے پہلے قمار بازی (سٹہ) کس نے کھیلا؟
☆ پہلا کالا شخص؟
☆ فقہ کے پہلے امام
☆ شہادت حسین کے بعد پہلا ماتم
☆ زبان کا پہلا ادب

# سرکاری دستاویزات پر مہر لگانے کا موجد

حضرت امیر معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ صحابی رسول اور حضور نبی رحمت ﷺ نے آپ کو جنت کی بشارت دی۔ آپ فتح مکہ کے دن اپنے والد ابوسفیان کے ساتھ ایمان لائے۔ آپ کاتب وحی بھی تھے۔ آپ کی ہمشیرہ حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور ﷺ کی زوجیت میں آئیں۔ آپ ہوشیاری اور حلم میں مشہور تھے۔

ترمذی شریف میں حضرت عبدالرحمٰن بن ابی عمیر صحابی رسول سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں فرمایا۔ اے اللہ اسے ہدایت کندہ اور ہدایت یافتہ بنادے۔ مزید فرمایا اے اللہ معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کتاب وحساب سکھا اور اسے عذاب سے محفوظ فرما۔ آپ نے ایک لمبی عمر تک گورنری اور پھر حکومت و بادشاہی کی۔

آپ نے مہر لگانے کا طریقہ سب سے پہلے ایجاد کیا۔ اور یہ کام عبداللہ بن اوس غسانی کے سپرد تھا اور اس مہر پر کندہ تھا۔

''لِكُلِّ عَمَلٍ ثَوَاب ''یعنی ہر کام کا ثواب ہوتا ہے۔ اور یہ طریقہ خلفائے عباسین میں بھی آخر وقت تک رہا اور اس طریقہ ایجاد کی وجہ یہ ہوئی کہ حضرت امیر العاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک شخص کو ایک لاکھ درہم انعام دینے کا لکھ دیا۔ اس نے اس کاغذ کو کھول کر ایک لاکھ کی جگہ دولاکھ بنالیے۔ جب حساب حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے روبرو پیش ہوا تو اُنہوں نے اس شخص کی خیانت کو معلوم کر کے مہر لگانے کا طریقہ ایجاد کیا۔ اس طرح مہر لگانے کا موجودہ طریقہ رائج ہے اور دستاویز پر مہر لگائی جاتی ہے۔

(تاریخ الخلفاء صفحہ ۲۴۰)

# تاریخ عالم کی پہلی شہنشاہی

عراق میں دنیا کی پہلی شہنشاہی وجود میں آئی اور وہ آکدی شہنشاہت ہے۔ اکدی دور حکومت ۲۳۱۷ قبل مسیح شروع ہوئی کہ ۲۱۴۳ قبل مسیح میں اپنے انجام کو پہنچی۔ ان کی حکومت شام، ایران تک پھیلی ہوئی تھی۔ اکدی عہد حکومت کے تقریباً ایک صدی بعد سومریوں کا دور شروع ہوا ان کا سردار ''گودیا'' تھا جو ''لکش'' شہر کا حکمران تھا۔

پھر بابلیوں کا پہلا دور شروع ہوا جو ۲۰۰۴ قبل مسیح اور ۱۵۹۴ قبل مسیح کی درمیانی مدت پر محیط تھا۔ بابل میں اثار قدیمہ کی کھودائی کے دوران بہت کچھ دریافت ہوا۔ اس لیے عراقی حکومت نے بابل میں مستقل طور پر بابل عجائب گھر تعمیر کروایا۔ بابلیوں کی طویل حکومت کے بعد آشوریوں کا دور شروع ہوا۔ یہ بھی بلاشبہ ایک طویل ترین عہد حکومت تھا۔ آشوریوں کا مرکز شمالی عراق تھا۔ اسے تاریخ کی ایک عظیم ترین شہنشاہت کہا جا سکتا ہے۔ انہوں نے بہت سے شہر آباد کیے۔ عراق اور غیر ملکی عجائب گھر میں آشوری نینوی اور نمرود کے آثار اہمیت کے حامل ہیں۔ (رسائل میلاد النبی اور صلاح الدین سعیدی)

# عراق میں نور اسلام کی پہلی کرن

خلیفہ دوم حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد حکومت ۱۳، ۱۴ ہجری میں عراق فتح ہوا۔ سرزمین عراق کو فارسی مجوسیوں کی غلامی سے نجات ملی اور نور اسلام نے یہاں کے باشندگان کے قلب ونظر میں گھر کر لیا۔ حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور ہی میں عراق میں کوفہ اور بصریٰ جسے اہم شہر معرض وجود میں آئے۔ تسخیر عراق کے دوران معرکہ جسر، معرکہ، جنگ قادیہ اور جنگ جلولا ایسی عظیم الشان جنگیں لڑی گئیں۔ ان شاندار فتوحات میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک مرکزی کردار تھے۔ (رسائل میلاد النبی ﷺ از صلاح الدین سعیدی)

# سب سے پہلے قمار بازی (سٹہ) کس نے کھیلا؟

اسلام کی آمد سے پہلے زمانہ جاہلیت میں جس نے سب سے پہلے قمار بازی (سٹہ کھیلنا) حرام کیا وہ اقرع بن حابس ہیں (جاہلیت کے زمانے میں بھی اپنی قوم کے سردار تھے اور یہ دارمی اور تیمیمی تھے ایک وفد کی صورت میں بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں حاضر ہو کر اسلام قبول کیا اور مدینہ شریف میں ہی رہے غزوہ حنین اور فتح مکہ میں بھی حاضر تھے انکا نام فراس تھا اور لقب اقرع تھا سر پر بال نہ تھے۔ (قصص الانبیاء، امام ابن کثیر)

# پہلا کالا شخص؟

حضرت سعید بن سیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: حضرت نوح علیہ السلام کے تین بیٹے تھے "سام، یافث اور حام"

جب حضرت نوح علیہ السلام نے بحکم خدا کشتی بنائی اور طوفان نوح کا وقت آیا تو ہر جاندار کا جوڑا جوڑا اور آپ پر ایمان لانے والے اور آپ کے تینوں بیٹے کشتی میں داخل ہوئے کہا جاتا ہے کہ حام کشتی میں اپنی اہلیہ کے پاس گئے (یعنی مباشرت کی) تو حضرت نوح علیہ السلام نے انہیں بددعا دی کہ خدا کرے تمہارے اولاد قبیح صورت پیدا ہو، تو اس سے جب بچہ پیدا ہوا تو وہ سیاہ رنگت کا تھا جس کا نام کنعان رکھا گیا۔ ان تینوں بیٹوں سے تین تین بیٹے پیدا ہوئے۔

یافث سے یاجوج وماجوج، ترک اور سلادی کی نسل چلی۔

حام سے قبطی، بربری یعنی تاتاری اور سوڈانیوں کی نسل چلی۔

(قصص الانبیاء، امام ابن کثیر صفحہ ۱۱۴)

# فقہ کے پہلے امام

آپ کا نام نعمان بن ثابت، کنیت ابو حنیفہ ہے، لقب امام اعظم، والد کا نام ثابت اور دادا کا نام زوطی تھا۔ آپ کے والد ''زوطی'' ملک فارس کے رہنے والے تھے۔ اور مذہباً پارسی تے۔ اسلام جو بڑی تیزی سے پھیلتا جا رہا تھا۔ ملک فارس پر بھی اثر انداز ہوا۔ بہت سے خاندان اسلام کی برکتوں سے مستفیض ہوئے۔ زوطی جو بڑی گہری نظروں سے اسلام کا مطالعہ کر رہے تھے۔ مسلمان ہو گئے۔ اسلام لانے کے بعد آپ ترک وطن کے خیال سے ۳۷ ہجری میں مکہ مکرمہ کی طرف روانہ ہو گئے۔ راستہ میں بہت سے اسلامی شہروں سے گزرے اور اسلام اور خلفائے اسلام کے متعلق اپنی معلومات میں اضافہ کرتے رہے۔ کوفہ پہنچ کر عظمت اسلام کا پورہ نقشہ سامنے آ گیا۔ کیونکہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس وقت خلیفہ تھے اور کوفہ کو دار الخلافہ ہونے کا شرف حاصل تھا یہیں سکونت اختیار کر لی۔ اور گذر اوقات کے لیے کپڑے کی تجارت کا سلسلہ شروع کر دیا۔

آپ کے دادا زوطی کبھی کبھی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دربار میں حاضر ہوتے اور خلوص عقیدت کے ساتھ آداب بجالاتے۔

۴۰ کے اوائل میں زوطی کے یہاں ایک لڑکا پیدا ہوا۔ جس کا نام ثابت رکھا اور پھر ثابت کو حصول برکت کے لیے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں پیش کیا آپ نے دست شفقت پھیرا اور دعا خیر کے ساتھ رخصت کیا۔ چالیس سال کی عمر میں اللہ نے ثابت کو ایک فرزند عطا فرمایا۔ والدین نے نعمان نام رکھا آگے چل کر ابو حنیفہ کنیت اختیار کی اور امام اعظم کے لقب سے پکارہ گیا امام اعظم ابو حنیفہ نے کئی صحابہ سے ملاقات کی اور ان کی صحبت سے شرف یاب ہوئے۔

آپ نے ابتدائی تعلیم اپنے گھر ہی میں حاصل کی اور حصول درس کے لیے

حضرت حماد کے حلقہ درس میں شریک ہوے اور اپنی غیر معمول ذہانت طبع کے باعث تمام حلقہ درس میں ایک خاص مقام حاصل کرلیا آپ نے فقہ کی تعلیم کے ساتھ حدیث پڑھنے کا سلسلہ بھی شروع کر دیا تھا۔ کیونکہ آپ جانتے تھے کہ مسائل فقہ کی مجتہدانہ تحقیق حدیث کی تکمیل کے بغیر ناممکن ہے۔ (چارامام تحریر مولانا حاکم قادری احمد پھیلی پھنسی)

## شہادت حسین کے بعد پہلا ماتم

واقعہ کربلا کے بعد یزید کے حکم سے پہلے تو ان ستم رسیدہ افراد کو ایک الگ مکان میں رکھا گیا بعد میں یزید نے اہلیت کی عورتوں کو خاص اپنے گھر میں بلایا اور اپنے گھر کی عورتوں سے کہا کہ ان سے افسوس اور اظہار ہمدردی کرو۔ چنانچہ جب اہلبیت کی بیبیاں نہایت ابتر حالت میں یزید کے گھر آئیں تو یزید کے گھرانے کی کوئی عورت ایسی نہ تھی جو اُن سے ملنے نہ آئی ہو اور اُس نے اُن کی حالت زار پر ماتم نہ کیا ہو۔ چنانچہ تین دن تک یزید کے گھر میں نوحہ اور ماتم بپا رہا۔ (شام کربلا صفحہ ۲۳۵)

## زبان کا پہلا ادب

نبی کریم ﷺ نے جو آداب زبان ہمیں سکھائے ہیں ان میں سب سے پہلا ادب تو یہ ہے کہ اللہ کا حق پہچاننا اور اس کی ذات اور اس کی صفات اور اس کی تعلیمات کا ذکر کرتے ہوئے آدب سے بولنا، اس کا حکم ہو، ہم کہیں یہ بڑا سخت ہے۔ اس کی سزاؤں کے بارے میں کہیں کہ یہ انسانی حقوق کے خلاف ہیں۔ اس کے نظام کے بارے میں ہم کہہ دیں، معاذ اللہ یہ پرانا نظام ہے۔ یہ الفاظ بندے کو کفر کی وادی میں دھکیل دیں گے۔ وہ اپنی طرف سے براڈ مائنڈ بنا ہوا ہے اور نئی روشنی کی باتیں کر رہا ہے لیکن اس کو یہ خبر نہیں کہ وہ اپنے خالق کے بارے میں تنقید کر رہا ہے۔ اپنے مالک کے بارے میں بول رہا ہے۔ وہ رب

ذوالجلال کے بارے میں زبان کو جنبش دے رہا ہے تو اس سے ہلاکت آجائے گی۔

ایسے ہی اللہ تعالیٰ نے کتنا رسول اللہ ﷺ کا ادب سکھایا ہے جب صحابہ کرام کو فرما دیا تھا۔ لَا تَقُولُ رَاعِنَا وَقُولُوا انظُرنا

بولنے کو تو لفظ ہی تھا مگر اللہ تعالیٰ نے راعنا پر اس وعید کا اعلان فرما دیا۔ اس آیت کے نزول کے بعد اگر کوئی صحابی بھی کہتا تو وہ کافر ہو جاتا۔ (فہم دین جلد اول صفحہ ۲۸۹)

# حافظ امانت علی سعیدی
کی تصانیف و تالیفات کا حسین گلدستہ

- گلشنِ ابراہیمی علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حالاتِ زندگی اور مسائل قربانی و حج
- حیاتِ غزالئ زماں رحمۃ اللہ علیہ علامہ سیّد احمد سعید کاظمی کی شخصیت اور خدمات کا تذکرہ
- غزالئ زماں رحمۃ اللہ علیہ کا طرزِ استدلال اکابر علماء و مشائخ کا علامہ سیّد احمد سعید کاظمی کی علمی قابلیت کو سپاس عقیدت
- کراماتِ کاظمی رحمۃ اللہ علیہ۔ ضیغم اسلام علامہ سیّد احمد سعید کاظمی کی کرامات کا تذکرہ
- گلشنِ کاظمی رحمۃ اللہ علیہ۔ صاحبزادگانِ امام اہلسنت کے خطابات کا مجموعہ
- میلاد کی تقریریں میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اکابر علماء اہلسنت کے خطبات
- فکرِ آخرت۔ جگر گوشہ غزالئ زماں علامہ سیّد حامد سعید کاظمی کا خطاب
- عظمتِ والدین خطاب شیخ الحدیث صاحبزادہ سیّد ارشد سعید کاظمی
- مرض سے موت تک احکام و مسائل
- بسم اللہ شریف کی فضیلت
- خوشبوئے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم۔ سیّد المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس سے وابستہ مہکتے پھولوں کا خوبصورت گلدستہ
- سب سے پہلے کون؟ حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر اب تک.........سب سے پہلے کون؟
- کراماتِ عشرہ مبشرہ (زیر ترتیب) حالاتِ زندگی کے تذکرے